Mubarra Graphics

کبھی جو آشنا سے تھے ہم

ملائکہ رفیع

https://ezreaderschoice.com/

Readers Choice Novels

کبھی جو آشنا سے تھے

ہم

ملائکہ رفیع

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مکمل ناول

صوفے پہ وہ بیٹھا محویت سے اپنی کچھ دیر پہلے ہونے والی بیوی کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ جس سے محبت اس نے تب سے کی تھی جب وہ 16 سال کا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو محبت سے اس کی ضد بن چکا تھا۔۔۔۔۔ جو اس کے ہر درد کو اپنے وجود پہ سہہ چکی تھی ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس پہ اس نے اپنے ظلم کے ہر نشتر چلائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اس کے ظلم و ستم سے بھاگ کے کسی اور کی ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جب اسے احساس ہوا کہ وہ اس سے محبت کا مرتکب ہوا ہے تب وہ کسی اور کی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے پانے کی چاہ ہمیشہ سے اس کے وجود میں پل رہی تھی۔۔۔۔۔

اسے اپنی محبت باور کروانے کی بارہا کوشش کی لیکن وہ ہمیشہ اسے دھتکار دیتی۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس سے اپنے کیے ہر ظلم کے لئے معافی کا بھی طلبگار ہوا تھا لیکن وہ اسے ہر بار معاف کیے بنا ہی گزر کے چلی جاتی اور اب حلالہ کے طور پہ

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سہی وہ اس کی منکوحہ تھی۔۔۔۔۔۔اس کی ایک رات کی بیوی اور پھر سے وہ اس سے الگ ہو جاتی ہمیشہ کے لئے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور کو اکتاہٹ نے گھیر لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اسے طلاق دے کے پچھتانے لگا تھا اور اب دوبارہ سے زاہنور کو اپنی زندگی میں واپس لانا چاہتا تھا اور اس کے لئے زاہنور کا دوسرا نکاح ہونا ضروری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایک ہی رات کی تو بات ہے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔تم گزار لو اس کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔پھر طلاق دے دے گا وہ صبح تمہیں۔۔۔۔ "

شاہ ویز کی بات پہ زاہنور نے شاکی نظروں سے اسے دیکھا تھا

"اس نے کہا ہے وہ چھوڑ دے گا تمہیں۔۔۔۔۔۔ "

شاہ ویز اس سے زیادہ خود کو یقین دلانے کی کوشش کر رہا تھا لیکن پھر بھی اسے یہ رسک تو لینا ہی تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اعتبار کس پہ کرتا۔۔۔۔۔۔

"م۔۔۔۔میں اس کے ساتھ کیسے ؟ "

وہ رو ہی پڑی تھی۔۔۔۔۔۔

"پلیز زاہنور میرے لئے۔۔۔۔۔۔۔پلیز بہت چاہتا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔۔۔پلیز تم سے الگ نہیں رہ سکتا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔غصے میں طلاق دے دی تمہیں لیکن نہیں رہ سکتا تمہارے بن یار پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے سر اثبات میں ہلا تو دیا تھا لیکن وہ اس شخص کی قربت کیسے برداشت کرے گی کیسے ؟؟؟؟؟ سوچ سوچ کے اس کا ذہن مفلوج ہو رہا تھا۔۔۔۔۔اور اب یوں بیڈ پہ گھنٹوں سے بیٹھے اسے اکتاہٹ سی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔اس نے اکتا کے سامنے صوفے پہ بیٹھے حمین شاہ کو دیکھنے کے لئے اپنی پلکیں اٹھائی لیکن وہ تو اسے ہی دیکھ رہا تھا گھبرا کے اس نے جلدی سے نظریں جھکا دی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے دیکھ کے آج بھی اس کا دل زور سے دھڑکنے لگتا ۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں دیکھنا آج بھی اسے محال لگتا۔۔۔۔۔۔اتنے سال گزرنے کے بعد بھی ۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے کانپتے ہاتھوں کو آپس میں پھنسائے ان کی کپکپاہٹ کم کرنے کی کوشش کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل جیسے اس کے کانوں میں دھڑک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ اپنی جگہ سے اٹھا اور زاہنور نے اپنی آنکھیں میچ لیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے اپنے پاس حمین شاہ کے لباس سے اٹھتی مدھر خوشبو محسوس ہوئی تو وہ خود میں سمٹ سی گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں بند کیے وہ آنے والے وقت کے لئے خود کو تیار کر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ غور سے اس کی کیفیت کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ نہیں ڈرتی تھی اس سے اب لیکن آج بھی وہ اس کے قریب آنے پہ کانپنے ضرور لگتی۔۔۔۔۔۔وہ زیر لب مسکرا پڑا۔۔۔۔لیکن اس مسکراہٹ میں درد پنہاں تھا۔۔۔۔۔اس نے آہستگی سے اپنا ہاتھ زاہنور کی طرف بڑھایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور بدک کے پیچھے ہٹی اور خوفزدہ نظروں نے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تیزی سے سانس لے رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام علیکم!

ہمارے ادر گرد بہت سے کردار ہیں جن کو ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو بخوبی لکھ سکتے ہیں تو اٹھائے قلم اور لکھ دیجئے ایک ایسی کہانی جو دلوں کو چھو لے اور ان کرداروں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اپنی صلاحیت کو بھی اجاگر کریں۔ ریڈرز چوائس

https://ezreaderschoice.com/ آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے کہ جہاں آپ اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ آج ہی ہمیں اپنی تحریر ارسال کریں جس کو ہم ایک ہفتے کے اندر اپنی ویب سائیٹ اور دیگر سوشل میڈیا گروپ میں شامل کریں گے۔

مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

واٹس ایپ نمبر کے لیے ابھی میل کیجئے

Facebook ID: https://www.facebook.com/mubarra1

Email address: mobimalik83@gmail.com

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ نے نظر بھر کے اس کے روپ کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"پ۔۔۔۔پلیز حمین شاہ "

اتھل پتھل ہوتی سانسوں کے ساتھ اس نے گھبرائے لہجے میں بس اتنا کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے گہری سانس لے کے اس کے سراپے سے نظریں چرائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور ابھی تک اسے گھبرائی ہوئی سی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کیسے۔۔۔۔کیسے کرے گی سب ؟؟؟؟؟

حمین شاہ سر جھٹک کے اپنی جگہ سے اٹھا اور دو قدم چل کر بالکونی کا دروازہ کھول کے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھیں بند کر کے اس نے لمبی سانسیں لیں۔۔۔۔۔۔جبکہ اندر بیٹھی زاہنور کی نظریں بالکونی کے دروازے پہ تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کچھ دیر یونہی۔دیکھتی رہی پھر سیدھی ہو کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں چھلک پڑی تھی ۔۔۔۔۔کس موڑ پہ آ کے کھڑی تھی وہ اب کہ جس شخص سے وہ بھاگ رہی تھی آج اسی کے نکاح میں تھی وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کس موڑ پہ لے آئے ہو مجھے شاہ ویز۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اپنے لب کاٹنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رات یونہی گزرنی تھی اور یونہی گزرنے بھی لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ گھڑی گھڑی خود کو دلدل میں پھنستا محسوس کر رہی تھی

💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛

کلاسز آف ہونے پہ وہ ہمیشہ کی طرح گھر پہنچنے کے لئے جلدی جلدی قدم اٹھانے لگی۔۔۔۔۔۔کیونکہ گھر پہنچ کے وہ ہمیشہ کی طرح شاہ ویز کے ساتھ اکھٹا لنچ کرتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یونیورسٹی گیٹ پہ وہ ابھی پہنچی ہی تھی جب اچانک سے حمین شاہ اس کا سامنے آگیا تھا۔۔۔۔۔یہ تقریباً ہر دوسرے دن ہوتا کہ حمین شاہ اسے یونیورسٹی گیٹ پہ ٹھکرا جاتا۔۔۔۔۔زاہنور نے اکتاہٹ بھری نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

"کیوں آئے ہو حمین شاہ؟ "

اس کے پوچھنے پہ حمین شاہ مسکرانے لگا

"تم سے معافی مانگنے "

زاہنور اسے حیرت سے دیکھ رہی تھی کتنا اسٹیمنا ہے اس بندے کا۔۔۔۔۔۔۔

"تھکتے نہیں تم؟ "

"نہیں۔۔۔۔"

حمین شاہ نے اسے نظر بھر کے دیکھا جبکہ زاہنور کوفت زدہ سی اس کے پہلو سے گزر کے جانے لگی

"تم سے روز نئے سرے سے محبت کرنا مجھے تھکاتا نہیں ہے زاہنور "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کے گھمبیر لہجے میں کی ہوئی بات پہ زاہنور کے قدم رک گئے لیکن وہ مڑی نہیں۔۔۔۔

"اور تمہیں۔یوں دیکھ لینے سے میری تھکن اتر جاتی ہے۔۔۔۔ "

وہ مڑ کے اس کے سامنے آ کے کھڑا ہو گیا

"ورنہ ایسے لگتا جیسے میری روح میں صدیوں کی تھکن آن اتری ہو "

زاہنور نے اسے دیکھا لیکن زیادہ دیر دیکھ نہ پائی ان آنکھوں میں وہ نظریں چرا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں دیکھ کے زاہنور کو ہمیشہ یہی لگتا کہ عجیب ان کہی باتیں دفن ہیں وہاں۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں میر ڈھوں حمین شاہ۔۔۔یوں بار بار میرے راستے میں آ کے تم میری مشکلیں بڑھا رہے ہو "

"تو چھوڑ دو اسے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔ "

اس کی بات پہ زاہنور نے کڑے تیوروں سے اسے دیکھا جبکہ اس کی آنکھوں میں منت تھی

"کیوں آیا ہے وہ ہمارے بیچ؟؟؟؟میں اور تم ہی تھے وہ کہاں سے آ گیا بیچ میں۔۔۔۔۔۔۔۔ "

"وہ مجھے تم جیسے درندے سے بچانے آیا تھا "

زاہنور نے سخت لفظوں میں اسے جتاتے کہا

"اب نہیں۔رہا درندہ میں زاہنور۔۔۔۔اب۔۔۔اب میں سدھر گیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔پلیز زاہنور پلیز۔۔۔۔۔۔ اس سے الگ ہو جاؤ پلیز میں۔۔۔۔۔۔میں جو تم کہو گی وہیں کروں گا میں۔۔۔۔۔۔بس میرے نکاح میں آ جاؤ پلیز "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شٹ اپ حمین شاہ "

زاہنور ایکدم چلائی تھی۔۔۔۔۔وہ غصیلی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

"میرے راستے میں مت آنا آیندہ "

کہہ کے وہ آگے بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل کانپے جا رہا تھا۔۔۔چلتے ہوئے بھی اسے اپنے ہاتھوں کی کپکپاہٹ محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ حمین شاہ اب کی بار وہیں کھڑا اسے جاتا دیکھتا رہا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پہلے اس کی محبت میں جنون تھا اسے زاہنور کو درد دے کے۔۔۔اس کی آنکھوں میں خوف دیکھ کے سکون ملتا تھا اور اب وہ اس محبت کے ہاتھوں خود کو بار بار اذیت دے رہا تھا خود کو بار بار درد دے رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛

"اسلام علیکم "

خوشدلی سے کہتی وہ شاہ ویز کے پاس آئی تھی جو صوفے پہ نیم دراز اسے ہی جانچتی نظروں سے دیکھ رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کہاں سے آ رہی ہو؟ "

زاہنور چونکی تھی لیکن پھر نارمل ہو کے جواب دینے لگی

"یونیورسٹی سے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"حمین شاہ کیا کہہ رہا تھا؟ "

اسکی پشت تھی شاہ ویز کی طرف تبھی اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ کو وہ نہیں دیکھ پا رہا تھا۔۔۔۔زاہنور نے سنبھل کے اس کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا

"وہی حرکتیں اس کی۔۔۔۔معافی مانگ رہا تھا "

"معاف کیوں نہیں۔کر رہی تم اسے؟ "

زاہنور نے ایک نظر اسے دیکھا اس کی آنکھیں سرد تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور خاموش رہی۔۔۔۔بات ٹالنے کے لیے کہنے لگی

"بہت بھوک لگی ہے "

"اسلئے نہیں کر رہی معاف اسے کہ پھر کوئی بہانہ نہیں بچے گا تمہارے پاس اس سے بار بار سامنا ہونے کا "

شاہ ویز زہر خند مسکراہٹ چہرے پہ سجائے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ زاہنور کو اپنا دم گھٹتا محسوس ہوا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں اذیت دے رہے ہو خود کو اور مجھے شاہ ویز "

وہ تھکن زدہ لہجے میں پوچھ رہی تھی یہ روز کا معمول ہی بن چکا تھا گھر آ کے شاہ ویز کو حساب کتاب دینا۔۔۔۔۔

"اوہ سوری میں تو بھول ہی گیا تھا کہ میں تو جاب لیس ہو چکا ہوں اور میری بیگم صاحبہ ڈیلی تھکی ہوئی سی آتی ہے ۔۔۔آخر گھر جو اس کے پیسوں پہ چل رہا ہے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شاہ ویز کے اس رویے پہ زاہنور نے شاکی نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔۔

"کھانا کھاتے ہیں۔۔۔۔ "

وہ اپنے آنسو پیچھے دھکیلتی اٹھتے ہوئے بولی۔۔۔

"میں کھا چکا کھانا "

زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

"تمہارے انتظار میں بیٹھنے کے لئے دوسرے لوگ ہیں نا "

اس کے طنزیہ لہجے پہ زاہنور نے کچھ نہیں کہا۔۔۔خاموشی سے کچن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچن میں آ کے اسے لگا اس کی بھوک ہی مر چکی ہے کون سی بھوک؟؟ کون سا کھانا۔۔۔۔۔۔وہ وہیں ضبط کیے ہوئے آنسو بہانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کی جاب ختم ہوئی تھی اور کچھ حمین شاہ کا یوں زاہنور کے یونیورسٹی بار بار آنا۔۔۔۔۔۔اسے ذہنی مریض بنا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ روز ایسے ہی زاہنور سے لڑتا۔۔۔۔اس پہ طنز کے نشتر چلاتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور خاموشی سے اسے دیکھ کے رہ جاتی۔۔۔ویسے بھی اس نے لڑنا کب سیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔پہلے حمین شاہ کے ظلم چپ چاپ برداشت کرتی رہی تھی اور اپنے ہی شوہر کی زبان سے اپنی تذلیل خاموشی سے سنتی اور سر جھٹک کے آگے بڑھ جاتی ۔۔۔۔۔۔قصوروار نہ ہوتے ہوئے بھی وہ قصوروار تھی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ صوفے پہ ایک ٹانگ پہ دوسری ٹانگ رکھے بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے ایک ہاتھ سے وہ اپنی کنپٹی سہلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ کافی پیتے ہوئے کافی دیر سے اپنے پوتے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے ماں باپ کی دردناک موت کے بعد سے وہی اسے پال رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔اس کے کئی روپ کو دیکھا ہے انھوں نے اتنے سالوں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ابھی بھی وہ اسے پر سوچ نگاہوں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں جاتے ہو بار بار زاہنور کا راستہ روکنے؟"۔۔۔۔

آخر انھوں نے اپنا سوال پوچھ ہی لیا۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کے خستہ وجود میں حرکت ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے دادا کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں تھکن سی اتر آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے زاہنور چاہیئے اپنی زندگی میں ہر حال میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

اس کی بھاری آواز لاونج میں گونجی تھی۔۔۔

دلاور شاہ اسے دیکھ کے رہ گئے۔۔۔۔

"وہ میرڈ ہے اب حمین شاہ "

"تو چھوڑ دے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔میرے پاس آجائے میں اس سے نکاح کر لوں گا۔۔۔۔۔۔"

وہ کسی ضدی بچے کی طرح کہہ رہا تھا۔۔۔۔

"جب وہ تمہاری ہونے جا رہی تھی تب کیا کیا تھا اس بچی کے ساتھ؟ یاد ہے تمہیں؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دلاور شاہ نے اسے یاد دلانے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کے چہرے پہ کرب سا پھیلا تھا اس ذکر پہ

۔۔۔۔۔۔۔۔

"اب خود اذیت میں ہوں میں دادا ابو "

اس نے ٹوٹے لہجے میں کہا

"اسے اس کے حال پہ چھوڑ دو حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے لئے اس کی زندگی مشکل مت بناؤ۔۔۔۔بن ماں باپ کی بچی ہے اسے اذیت مت دو۔۔۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ نے اسے حتیٰ الامکان سمجھانے کی کوشش کی۔۔۔

"میں بھی تو بن ماں باپ کا ہوں۔۔۔۔ مجھ پہ رحم نہیں آتا آپ کو؟ "

حمین شاہ نے عجیب نظروں سے انھیں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

دلاور شاہ اسے دیکھنے لگے۔۔۔۔

"آتا ہے رحم۔۔۔۔ تبھی سمجھا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہ خود کو اذیت دو نہ اس کے لئے زندگی اذیت ناک بناؤ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ سر جھٹک کے اپنی کنپٹی سہلانے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ نہیں تھا کہ وہ کوشش نہ کر چکا ہو۔۔۔۔۔وہ بارہا کوشش کر چکا تھا کہ اسے بھول جائے۔۔۔۔۔۔ لیکن لڑکپن کی محبت کو کون بھول پایا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آپ نہیں۔ سمجھے گیں کبھی۔۔۔۔۔۔میں اذیت میں ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت بڑی اذیت میں "

وہ بھاری لہجے میں سرگوشی کر رہا تھا۔۔۔دلاور شاہ اسے ہی دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے اپنے دادا کی طرف دیکھا اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے زاہنور چاہئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔کسی بھی قیمت پہ میں اسے اپنانا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ لب بھینچے اپنے خوبرو پوتے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

"تم ضد کر رہے اب حمین شاہ۔۔۔یہ محبت نہیں۔ضد ہے تمہاری "

"ضد ہوتی تو اب تک یہاں اس شاہ مینشن میں میرے پاس ہوتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ عجیب ہنسی ہنستا بولا تھا۔۔۔۔۔

"محبت کرتا ہوں تو اسے اپنانا چاہتا ہوں "

وہ کہہ کے وہاں سے اٹھا اور لڑکھڑاتے قدموں کے ساتھ آگے بڑھ کے سیڑھیوں کی طرف جانے لگا جبکہ دلاور شاہ کو عجیب سوچوں میں ڈال گیا تھا وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا اگلا قدم کیا ہے۔۔۔۔۔۔زاہنور کو اب اور کتنے دکھ دیکھنے تھے یہ دلاور شاہ نہیں جان سکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور کافی سوچ بچار کے بعد دلاور شاہ نے زاہنور کو کال کرنے کا سوچا اور اسے گھر آنے کی دعوت دی تاکہ وہ اس سے اکیلے میں حمین شاہ کے بارے میں بات کر سکیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے بھی رضامندی ظاہر کی اور کال بند کر کے جیسے ہی مڑی شاہ ویز بیڈ پہ نیم دراز اسے کڑے تیوروں سے گھور رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"کہاں جا رہی ہو؟ "

"وہ۔۔۔دادا ابو کی کال تھی۔۔۔ان کی طبیعت ٹھیک نہیں۔تو گھر آنے کو کہہ رہے تھے "

زاہنور تفصیل سے بتا کے وہیں بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

"دادا ابو یا حمین شاہ؟ "

شاہ ویز کی آنکھوں میں شک دیکھ کے اسے افسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔لیکن بحث کرنا ضروری نہیں سمجھا اس نے ۔۔۔۔۔۔

"میرا بچپن گزرا ہے وہاں۔۔۔۔۔۔اور وہ اتنے عرصے بعد مجھ سے ملنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

اس نے اپنا لہجہ نرم رکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

شاہ ویز اچانک سے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔زاہنور کو کوفت ہونے لگی اس کی ہنسی سے۔۔۔۔۔

"اوہ سوری سوری مس زاہنور۔۔۔میم زاہنور ایکچوئیلی۔۔۔۔۔۔۔میری ہنسی ہی چھوٹ گئی "

اس کے انداز پہ زاہنور کو دکھ ہوا تھا۔۔۔۔۔لیکن خاموش رہی۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کچھ دیر اسے دیکھتا رہا وہ سر جھکائے ہوئے تھی۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کمرے سے نکل جاؤ زاہنور "

شاہ ویز کے عجیب انداز سے کہنے پہ زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

"میرے روم سے نکل جاؤ "

وہ پھر سے دوہرایا۔۔۔

"یہ میرا بھی روم ہے۔۔۔۔۔۔ "

اس نے سپاٹ لہجے میں کہا تھا۔۔ شاہ ویز ایکدم اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔اور لپک کے اس کا بازو دبوچا ۔۔۔۔۔

"میں نے کہا نکل جاو یہاں سے "

وہ اسے گھسیٹتا ہوا دروازے تک لے گیا

"شاہ ویز کیا ہو گیا ہے تمہیں۔۔۔۔۔۔ چھوڑو مجھے "

اسے دروازے سے باہر دھکیلتے ہوئے اس نے کہا

"یہ لو چھوڑ دیا۔۔۔۔۔۔"اور ڈھرام سے دروازہ بند کر دیا۔۔۔۔۔۔

زاہنور ڈھرکتے دل کے ساتھ بند دروازے کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔اسے رونا آیا ہوا تھا لیکن وہ رونا نہیں چاہتی تھی ۔۔۔۔۔۔ضبط کے بندھن خود پہ باندھے وہ وہیں دیوار سے ٹیک لگا کے بیٹھتی گئی لیکن اس کی آنکھوں کے کونے بھیگنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیا ہو گیا ہے شاہ ویز کو۔۔۔وہ ایسے نہیں تھا کیوں ایسے ہوا ہے؟ میں تو حمین شاہ سے دور رہتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ پھر بھی مجھ پہ شک کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ خاموش آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے لڑنا کیوں نہیں۔آتا۔۔۔۔میں لڑتی کیوں نہیں ہوں کیوں خاموش رہتی ہوں۔۔۔۔۔کیوں؟؟؟ مجھے کچھ تو کہنا چاہئے تھا۔۔۔اپنے لئے کچھ تو کہنا چاہئیے۔۔۔لڑنا چاہئیے خود کے لئے لیکن میں کیوں چپ ہو جاتی ہوں کیوں "

وہ خود سے باتیں کرتی خاموش آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ کس سے گلہ کرے۔۔۔کس سے شکایت کرے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تو بس اپنی قسمت کا رونا ہی تو سکتی تھی بس!!!!

💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛💛

صبح اسے ڈھونڈتا شاہ ویز کچن میں آیا جہاں وہ ناشتہ بنانے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنے رات والے رویے پہ پشیمانی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس نے دھیرے سے زاہنور کو پیچھے سے بازوؤں کے گھیرے میں لے لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور ایکدم سے چونکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایم سوری۔۔۔۔۔"

شاہ ویز اس کے کان میں سرگوشی کر رہا تھا وہ کچھ بھی جتائے بنا کہنے لگی

"ناشتہ بنا رہی۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شاہ ویز نے اس کا رخ اپنی طرف کیا۔۔۔۔۔۔اور اس کے صبیح چہرے کو دیکھنے لگا

"ناراض ہوا ابھی تک؟ "

وہ نفی میں سر ہلانے لگی

"نہیں تو۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ خود کو اس سے الگ کر کے ناشتہ ٹیبل پہ لگانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز بھی ٹیبل کے گرد لگی کرسیوں میں سے ایک پہ آ کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کا ناشتہ رکھ کے جانے لگی تو شاہ ویز نے اس کی کلائی پکڑ لی ۔۔۔۔۔۔۔زاہنور اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"ساتھ میں کرتے ہیں ناشتہ "

وہ اسے مسکرا کے دیکھتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔زاہنور بنا کچھ کہے وہیں اس کے پاس بیٹھ گئی اور اس کے ساتھ ناشتہ کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز ہمیشہ یہی کرتا اس سے لڑتا۔۔۔ باتیں سناتا۔۔۔۔۔۔اسے دھتکارتا اور پھر کچھ دیر بعد اس کے پاس آ کے بیٹھ جاتا اور اپنے رویے کی معافی مانگتا۔۔۔۔۔وہ عادی ہو چکی تھی اب۔۔۔۔۔اسے اب فرق نہیں پڑتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بس زندگی گزار رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ زندگی کو جینا بھول چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بس سانس لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اپنے وجود کو زندہ لاش کی طرح کھینچتی جا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کب۔۔۔۔۔ کس وقت شاہ ویز کیا کہہ دے کچھ پتہ نہیں چلتا تھا۔۔۔۔اس کے طنز کے نشتر

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سننا ان سب کی وہ عادی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔اسے شاہ ویز سے محبت کی طلب نہیں رہی تھی۔۔۔۔۔نہ پہلے کبھی تھی اس سے محبت کی طلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک عام سی زندگی گزر رہی تھی عام سے انسانوں کی طرح ۔۔۔۔۔۔۔ناشتہ ختم کر کے وہ اپنی جگہ سے اٹھی اور یونیورسٹی کے لئے تیار ہونے چلی گئی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ مینشن میں قدم رکھتے ہی اسکا دل زور سے ڈھڑکا تھا۔۔۔۔۔۔اسکا بچپن وہاں گزرا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی زندگی کی خوبصورت یادیں وابستہ تھی یہاں سے۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے اس کے ماں باپ کی موت کے بعد اسے بڑے لاڈ سے پالا پوسا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک سال بعد آج یوں پہلی بار یہاں قدم رکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ورنہ شاہ ویز سے شادی کے بعد اس نے یہاں آنا چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ اس کی تلخ یادیں بھی دفن تھی یہاں حمین شاہ کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور آج یوں یہاں آ کے اسے سب لمحے ایک ایک کر کے یاد آ رہے تھے کس طرح حمین شاہ اسے خوفزدہ کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیسے اسے درد دیتا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محبت کے نام پہ اس نے بھی زاہنور کو بہت سے درد دیے تھے جسے اس نے خاموشی سے سہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔وہ خوفزدہ سی رہتی حمین شاہ سے۔۔۔۔۔۔۔اس کے محبت کی شدت سے۔۔۔۔۔۔۔ اس اذیت سے جو وہ اسے دیتا رہتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کچھ دیر وہاں رکی اپنے سامنے کھڑی اونچی عمارت کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے بے دردی سے اپنے لب کچل ڈالے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گارڈز سر جھکائے احترام سے وہاں کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔وہ اب پہلے والی زاہنور نہیں رہی تھی جو حمین شاہ سے ڈر جاتی۔۔۔۔۔۔وہ سر جھٹک کے آگے بڑھی اور چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اندر کی طرف جانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔اندر آ کے اس نے نظر بھر کے چاروں طرف دیکھا۔۔۔۔سب ویسا ہی تھا۔۔۔۔۔۔کچھ نہیں۔بدلا تھا۔۔۔۔۔بدلی تو صرف وہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے گہری سانس کھینچی جب عبدل جو اس گھر کا پرانا نوکر تھا اس کے پاس آیا۔۔۔۔

"ارے چھوٹی بی بی جی "

زاہنور بھی اسے دیکھنے لگی

"کیسے ہیں آپ؟ "

"میں بلکل ٹھیک ہوں آپ کیسی ہے چھوٹی بی بی جی "

وہ مسکرا کے جواب دے رہا تھا خوشی اس کے چہرے پہ عیاں تھی۔۔۔۔۔

"آپ بیٹھیے میں بڑے صاحب کو بلا کے لاتا ہوں "

وہ اسے صوفے پہ بیٹھنے کا کہہ کے خود دلاور شاہ کے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔۔وہ کچھ دیر وہیں بیٹھی رہی اس کی نظر سیڑھیوں کی طرف اٹھی تو اس کا دل اپنا کمرہ دیکھنے کو مچلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن وہ دل کو تھپکی دے کے نظریں چرا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن آج یوں اتنے مہینوں بعد یہاں آئی تھی تو اس کا دل اپنا کمرہ دیکھنے کو مچلنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔کچھ سوچ کے وہ اپنی جگہ سے اٹھی اور دھڑکتے دل کے ساتھ سیڑھیوں کی طرف بڑھی۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور آہستہ آہستہ اوپر جانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے کمرے کے سامنے رک کے وہ کچھ دیر بند دروازے کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں بھیگنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے ہاتھ بڑھا کے دروازے کا ہینڈل گھمایا اور دروازہ کھلتا چلا گیا۔۔۔۔۔

کمرے میں قدم رکھتے ہی اس کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔اس کی ہر چیز اپنی جگہ پہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آنسو بھری آنکھوں سے ہر چیز کو چھو کے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا بیڈ۔۔۔۔اس کی رائٹنگ ٹیبل۔۔۔۔ اس کا لیپ ٹاپ۔۔۔۔۔۔۔اس کے فیورٹ چاکلیٹس جو ابھی تک اس کے بیڈ کے دراز میں پڑے ہوئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھیگی آنکھوں کے ساتھ اس کے لب مسکرا اٹھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پرانی یادیں دستک دینے لگی تو دل میں ہوک سی اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ تیار ہو کے اپنے کمرے سے نکلا تو نیچے کی طرف جانے کا سوچتے ہوئے اس کی نظر زاہنور کے کمرے پہ پڑی ۔۔۔۔جس کا دروازہ ادھ کھلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔غیر محسوس انداز میں وہ اسی طرف گیا اور ادھ کھلے دروازے سے زاہنور کے وجود پہ اس کی نظر پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے خوشگوار حیرت ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اتنے عرصے بعد زاہنور نے اس گھر میں قدم رکھا تھا اس کے لئے یہ بات کسی حیرت سے کم نہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ وہیں ٹیک لگائے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔وہ حمین شاہ سے بے خبر اپنی ہر چیز کو محبت سے چھو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کے لبوں پہ مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہاری ہر چیز ویسے ہی اپنی جگہ پہ آج بھی موجود ہے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ کی آواز پہ وہ گڑبڑا کے مڑی تھی اور حمین شاہ کو اپنی طرف محویت سے دیکھتا پا کے اس کے ماتھے پہ بل پڑ گئے تھے۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ اس کی بھیگی آنکھوں میں ہی ڈوب گیا تھا اس لمحے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور سر جھٹک کے آگے بڑھی۔۔۔۔ اس کے پہلو سے گزر کے جانا چاہ رہی تھی جب حمین شاہ اندر کمرے میں آ کے اس کا راستہ روک لیا۔۔۔۔

"اور میری محبت بھی آج وہیں اسی جگہ ٹھہری ہوئی ہے جہاں تم چھوڑ گئی تھی۔۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ کے گھمبیر لہجے پہ زاہنور کا دل ڈھر کا تھا لیکن کچھ بھی بنا جتائے وہ اسے سرد نگاہوں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"ویسی ہی محبت۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور سر جھٹک کے اس کے پہلو سے گزرنا چاہ رہی تھی لیکن وہ پھر سے سامنے آ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

"کیا بد تمیزی ہے؟ "

وہ اسے گھور رہی تھی۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ پھر بھی مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہاری آنکھیں مجھے دیکھ کے اب خوفزدہ نہیں ہوتی زاہنور بلکہ تمہاری آنکھوں کا غصہ دیکھ کے میرا دل اور بھی کھنچتا چلا جاتا۔۔۔۔۔۔ دل گستاخیاں کرنے کو چاہتا ہے لیکن۔۔۔۔۔۔ رک جاتا ہوں۔۔۔۔۔۔ ٹھہر جاتا ہوں ۔۔۔۔۔۔ صبر کے کڑے پہرے لگا لیتا ہوں خود پہ "

وہ اسے نظروں کے حصار میں لیے ہوئے تھا۔۔۔۔

" اذیت دینے کا دل کرتا ہو گا۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور سرد مہری سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے ہی دیکھ رہا تھا

تھوڑا سا اس کی طرف جھکا اور اس کی بھوری آنکھوں میں دیکھنے لگا

"محبت کرنے کو۔۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور پیچھے ہوئے تھی۔۔۔۔۔۔

"سامنے سے ہٹو مجھے دادا ابو کے پاس جانا ہے "

"نہ ہٹوں تو؟ "

وہ وہیں سینے پہ ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔۔۔۔

"تمہاری ملکیت نہیں میں۔۔۔۔۔۔۔ میں بیوی ہوں شاہ ویز کی "

وہ ایک ایک لفظ پہ زور دے کے بولی

حمین شاہ نے اس کا بازو دبوچ لیا۔۔۔۔۔۔ اور اسے اپنے قریب کر کے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور کا دل جیسے باہر آنے کو تھا۔۔۔۔۔۔ اس سے وہ کسی بھی بات کی امید کر سکتی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ کی سانسیں اس کے چہرے کو چھو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"جانتی ہو۔۔۔۔ آگ کے شعلوں میں جلتا ہوں میں دن رات جب تمہیں اس کے ساتھ سوچتا ہوں۔۔۔۔۔۔

جانتی ہو زاہنور کیا گزرتی ہے اس دل پہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیسے اپنے جنون۔۔۔۔۔ اپنے غصے کو تھپکی دے دے

کے سلاتا ہوں جانتی ہو؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے دیکھتا چلا یا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور ایکدم سے گھبرا گئی تھی وہ اب خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔اسے وہ پہلے والا حمین شاہ ہی لگا تھا لیکن حمین شاہ کو اس کی آنکھوں کا خوف پسند نہیں۔آیا تھا تبھی لب بھینچ گیا جبکہ دلاور شاہ دروازے پہ کھڑے انھیں دیکھ رہے تھے

"حمین شاہ "

دلاور شاہ کی اونچی آواز پہ دونوں نے دروازے کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے اسے چھوڑ دیا جبکہ زاہنور بھاگتی ہوئی ان کے پاس آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"اسلام علیکم دادا ابو "

وہ اپنی سانسیں بحال کرتی کہنے لگی۔۔۔۔

"وعلیکم السلام بیٹا۔۔۔۔۔ "

پھر تیز نظروں سے حمین شاہ کو گھورا تو وہ سر جھٹک کے کمرے سے نکل گیا۔۔۔۔۔جبکہ دلاور شاہ مسکرا کے اپنی پوتی کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔

"یہیں بیٹھتے ہیں تمہارے روم میں۔۔۔۔۔۔"پھر عبدل کی طرف مڑے

"ہمارا ناشتہ یہیں لے آؤ "

وہ سر ہلا کے چلا گیا جبکہ وہ زاہنور کو لیے صوفے پہ جا کے بیٹھ گئے۔۔۔۔۔۔۔زاہنور ابھی تک اس لمحے کی زیر اثر تھی تبھی سر جھکائے شرمندہ سی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ اسے محبت سے دیکھ رہے تھے۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آنا ہی چھوڑ دیا ہے میری بچی نے اپنے گھر "

زاہنور انھیں دیکھ کے رہ گئی بس۔۔۔۔

"جانتا ہوں حمین شاہ کی وجہ سے "

انھوں نے نرمی سے کہا زاہنور سر جھکا گئی۔۔۔۔۔۔

"یہ تمہارا بھی گھر ہے زاہنور بیٹا۔۔۔۔۔۔ تمہارے پیرنٹس میری اولاد تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پوتی ہو تم میری ۔۔۔۔۔۔ بس میرے دونوں بیٹے ہی میرا سب کچھ تھے لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی منظور تھا شاید جو میرے دونوں بیٹے اور بہویں چھن گئی مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔ اور اب تم بھی مجھ سے دور ہو رہی ہو۔۔۔۔۔ "

ان کی اواز بھیگ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور کی آنکھیں بھی بھیگی تھی۔۔۔۔ وہ کیسے بتاتی کہ شاہ ویزا سے یہاں آنے نہیں دیتا لیکن خاموش رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نظر اٹھا کے اس نے دلاور شاہ کو دیکھا اسے ترس آیا تھا ان پہ۔۔۔۔۔۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھ کے ان کے قدموں میں جا کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔ دلاور شاہ اسے اٹھانے لگے لیکن۔ وہ وہیں بیٹھی رہی

"بیٹھنے دے دادا ابو۔۔۔۔ پھر نہ جانے کب یوں ملاقات ہو آپ سے "

اس کے آنسو بھی بہہ نکلے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آجایا کرو میری بچی۔۔۔۔۔۔اکیلا ہی ہو گیا ہوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین کی فکر مت کرو وہ بس غصہ ہے ۔۔۔۔۔ناراض ہے خود سے۔۔۔۔۔وہ بدل گیا ہے اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔بس اذیت میں ہے۔۔۔۔۔۔اذیت دے رہا وہ خود کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دل کا نرم انسان ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ خاموش رہی۔۔۔۔

" کہاں سے آرہی ہو؟ "

دلاور شاہ کا ڈرائیور اسے چھوڑ گیا تھا۔۔۔۔۔۔گھر میں داخل ہوتے ہی شاہ ویز کی آواز پہ وہ رک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

"وہ۔۔۔۔۔میں "

اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کیا جواب دے جب شاہ ویز چلایا تھا

"کہاں سے آرہی ہو؟ "

وہ اس کے قریب آیا تھا

"دادا ابو کے۔۔۔۔۔۔"

چٹاخ کی آواز آئی تھی اور زاہنور کے گال پہ انگلیوں کے نشان چھوڑ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ آنسو بھری آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کہا تھا نا نہیں جانا وہاں "

وہ اس کا بازو دبوچے چلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"دادا ابو نے بلایا تھا "

وہ منمنائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"بکواس بند کرو۔۔۔۔ حمین شاہ کے بستر کی زینت بن کے آئی ہو اور اب میری آنکھوں میں دھول جھونک رہی ہو "

شاہ ویز نے اسے دوسرا تھپڑ مارا تھا اور وہ لڑکھڑا کے نیچے گری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔پتھرائی آنکھوں سے وہ شاہ ویز کو دیکھ رہی تھی یہ کیا کہہ رہا تھا وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اسے نہیں پتہ شاید تم بانجھ ہو۔۔۔۔۔۔۔تم سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ملنا "

وہ جو منہ میں آرہا تھا کہہ رہا تھا اور زاہنور شاکڈ کی کیفیت میں اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

" نفرت کرتا ہوں میں تم سے نفرت "

وہ چلایا تھا

"دفع ہو جاؤ میری زندگی سے۔۔۔۔۔۔۔۔ نفرت کرتا ہوں میں تم سے۔۔۔۔۔آج سے۔۔۔۔ابھی سے تم طلاق ہو میری طرف سے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ چلا رہا تھا۔۔۔۔۔لفظ طلاق پہ جیسے ہوش میں آئی تھی۔۔۔۔۔۔وہ اسے طلاق دے گا تو وہ کہاں جائے گی۔۔۔۔۔ اس کا کوئی ہے بھی تو نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"طلاق ہو تم میری طرف سے "

دوسری بار کہنے پہ زاہنور اس کی طرف لپکی تھی

"ن۔۔۔۔ نہیں شاہ ویز پلیز ایسا ظلم مت کرو مجھ پہ "

وہ اس کے پاؤں پکڑ کے منت کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"طلاق ہو تم میری طرف سے زاہنور "

وہ ایکدم ساکت ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے اسے دھکا دے کے اپنے پاؤں سے دور کیا اور وہیں فرش پہ تھوکتا وہ وہاں سے چلا گیا جبکہ زاہنور پتھرائی آنکھوں سے اپنی قسمت کا فیصلہ سن کے اب وہاں بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔وہ کہاں جائے گی۔۔۔۔ کس کے پاس جائے گی۔۔۔۔۔۔۔ کیا کرے گی وہ اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اس بات کی فکر نہیں ہو رہی تھی کہ اسے بد چلن کہہ دیا اس کے شوہر نے۔۔۔۔۔۔۔وہ تو اب اس بات کا ماتم کر رہی تھی کہ اپنی عزت کہاں بچاتی پھرے گی وہ۔۔۔۔۔اب کہاں جائے گی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے ڈھونڈ لے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن قسمت کے کھیل سے ہم بے خبر ہی ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز دوبارہ سے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔شام ہو چکی تھی اور اسے یونہی وہیں بیٹھا دیکھ کے وہ اس کے سامنے آ کے بیٹھ گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور۔۔۔ایم سوری مجھے معاف کر دو پلیز "

وہ شاید پچھتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔زاہنور اسے دیکھ بھی نہیں۔رہی تھی۔۔۔۔۔

"میں۔۔۔میں نہیں رہ سکتا تمہارے بن۔۔۔محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔۔یہ میں نے کیا کر دیا "

وہ سر پکڑ کے وہیں بیٹھ گیا۔۔۔۔زاہنور کے وجود میں پھر بھی کوئی حرکت نہیں ہوئی تھی۔۔۔۔

"ت۔۔۔۔تم۔۔۔۔تم حمین شاہ سے شادی کر لو "

زاہنور اسے دیکھنے لگی اس کی آنکھوں میں وحشت تھی یہ کیا کہہ رہا وہ۔۔۔۔جس شخص سے وہ بھاگ رہی اس کے ہی پلے باندھ رہا اسے۔۔۔

"ہاں نا۔۔۔۔حلالہ۔۔۔۔ہاں ہاں حلالہ۔۔۔۔تم دونوں کا نکاح ہو گا۔۔۔۔رات گزار لینا اس کے ساتھ ۔۔۔۔صبح طلاق دے دے گا وہ تمہیں "

وہ کیا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔کیسے کہہ سکتا وہ یہ سب۔۔۔۔۔اس کے کتنے امتحان باقی تھے۔۔۔۔۔۔وہ آنکھوں میں وحشت لیے اس شخص کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو مزید کہہ رہا تھا

"عدت پوری کر لو اپنی پھر۔۔۔۔پھر تمہارا نکاح ہو گا حمین شاہ سے "

وہ بس آنسو بہاتی رہی خاموشی سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ساری رات بالکونی میں گزار کے وہ اب اندر کمرے میں قدم رکھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظر بیڈ پہ پڑی جہاں زاہنور سو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بے خود سا اسے دیکھ رہا تھا اسے زاہنور کا رات کا رویہ یاد آیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہلکی سی مسکراہٹ نے اس کے لبوں کو چھوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

'سوچ بھی کیسے سکتی ہو زاہنور کہ میں تمہیں کبھی ہرٹ کرنے کی کوشش کروں گا '

کسی احساس کے تحت زاہنور کی آنکھ کھلی تو سامنے یوں حمین شاہ کو کھڑا دیکھ کے وہ ہڑ بڑا کے اٹھ بیٹھی۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ بھی نظریں چرا کے ڈریسنگ ٹیبل کے پاس آیا۔۔۔

زاہنور سیدھی ہو کے بیٹھ چکی تھی اور اب اس کی پشت دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ مخملی ڈبہ لیے وہ اس کے پاس آیا ۔۔۔۔۔زاہنور ہاتھوں کی انگلیوں کو آپس میں پھنسائے سر جھکا گئی تھی۔۔۔۔۔

"یہ تمہارے لئے "

یونہی کھڑے کھڑے اس نے وہ مخملی ڈبہ اس کی طرف بڑھایا تھا۔۔۔۔ لیکن وہ لینے کی بجائے پریشان نظروں سے اسے دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے بھی اس لمحے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

"رونمائی ہے۔۔۔۔۔۔دلھن بن کے آئی ہو اس گھر میں۔۔۔۔۔بیوی ہو میری چاہے کچھ ٹائم کے لئے سہی "

وہ سنجیدگی سے کہہ رہا تھا زاہنور نے نظریں جھکا کے اس کے ہاتھ سے لے لیا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اور یہ تمہارا حق مہر "

اس نے ایک فایل اور کچھ نوٹ اس کی طرف بڑھائے۔۔۔۔۔۔

وہ اب حیران نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کچھ دیر اس کے حیران سراپے کو دیکھتا رہا پھر فایل اور نوٹ وہیں بیڈ پہ اس کے پاس رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔

"یہ سب کیوں کر رہے ہو تم؟ "

وہ مڑنے والا تھا جب زاہنور کے پوچھنے پہ وہ رک کے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

"کیونکہ یہ سب تمہارا ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس فائل میں ڈاکومنٹس ہیں چاچو کی پراپرٹی اور اس شاہ مینشن میں جتنے کی تم حقدار ہو۔۔۔۔وہ سب تمہارا ہے اور تمہارے پاس رہیں پیپرز تو آئی تھنک زیادہ بیٹر ہیں اور۔۔۔۔۔ "

وہ کچھ دیر رکا اور زاہنور کی پریشان آنکھوں میں ایک کو پل کو دیکھا پھر نظریں چرا کے ادھر ادھر دیکھنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں نے اپنے حصے کی پراپرٹی میں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک حصہ تمہارے نام کر دیا ہے "

وہ اسے دیکھ رہا تھا اب۔۔۔۔۔

"لیکن کیوں؟ "

وہ اب بھی حیران تھی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

لیکن وہ کچھ نہیں بولا جواب میں۔۔۔۔۔۔۔خاموشی سے کچھ دیر اسے دیکھتا رہا۔۔۔۔زاہنور اس کی آنکھیں پڑھ کے نظریں جھکا گئی جبکہ حمین شاہ سر جھٹک کے واشروم کی طرف بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے موبائل کی بپ بجی۔۔۔۔۔۔اس نے دیکھنے کے لئے ہاتھ بڑھایا۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کی کال آرہی تھی۔۔۔۔۔ڈھڑکتے دل کے ساتھ اس نے موبائل کان سے لگایا۔۔۔۔۔

"کیا بنا؟ ہو گئی طلاق؟ "

وہ چھوٹتے ہی پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔زاہنور کو دکھ نے آن گھیرا۔۔۔۔وہ تو اس کا پوچھ ہی نہیں رہا تھا۔۔۔اسے غرض ہی نہیں تھا کہ وہ کس حال میں ہے؟ کیا بیتی ہے اس پہ؟

"بولو بھی۔۔۔۔۔ہو گئی طلاق؟ "

اس کی جھنجلاتی آواز پہ اس نے گہرا سانس لیا

"نہیں۔۔۔۔ "

اس نے مختصر جواب دیا۔۔۔

"کیا مطلب نہیں۔۔۔۔ "

وہ پوچھنے لگا

"میں سو رہی تھی "

اس نے نیچی آواز میں کہا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیا بکواس کی تھی میں نے تم سے زاہنور۔۔۔۔۔ "

وہ چلایا تھا

"ایک کام تک نہ ہوا تم سے۔۔۔۔۔۔۔۔ سونا ضروری تھا کیا۔۔۔۔۔۔۔ڈیم اٹ "

اس نے کال کاٹ دی۔۔۔۔۔زاہنور یونہی موبائل کان سے لگائے بیٹھی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا ذہن مفلوج ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اپنے گیلے بالوں میں انگلیاں چلاتا کمرے میں آیا اور زاہنور کو یوں بیٹھا دیکھ کے وہ اس کے قریب آیا

"زاہنور۔۔۔۔۔۔زاہنور "

"ہہ ؟؟ "

وہ چونک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں صدیوں کی تھکن اتر آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

موبائل اس کے ہاتھ سے چھوٹ کے گرا تھا وہ بس حمین شاہ کو غائب دماغی سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"آڑیو او کے ؟ "

وہ پوچھ رہا تھا وہ جو کب سے ضبط کیے ہوئے تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک طوفان سا تھا اس کے اندر۔۔۔۔۔۔۔ جسے بہنے کا بہانہ چاہیئے تھا بس۔۔۔۔۔۔۔۔ایکدم سے وہ رونے لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور۔۔۔۔۔۔"لیکن وہ رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔متواتر روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے جھجک کے اسے اپنے بازوؤں میں سمیٹ لیا اور وہ اس کے سینے سے لگی روئے رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی اسے رونے دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاید ایسے ہی سب غبار باہر نکل جائے۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔۔۔ "

اس نے سرگوشی سی کی تھی۔۔۔۔۔۔زاہنور جیسے ہوش میں آئی تھی بدک کے پیچھے ہٹی اور اسے بھیگی آنکھوں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں خوف بھی تھا۔۔۔وحشت تھی۔۔۔۔۔حمین شاہ اس کے چہرے سے نظریں چرا گیا اور اپنی جگہ سے اٹھ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔وہی ہو گا جو تم چاہو گی۔۔۔۔۔میں تمہیں کبھی بھی کسی بھی بات کے لئے فورس نہیں۔ کروں گا "

وہ اپنی بات کہہ کے مڑنے لگا تھا لیکن پھر رک کے اسکے جھکے سر کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"تم جب چاہو گی مجھے چھوڑ کے جا سکتی ہو زاہنور۔۔۔۔۔۔۔مجھے تمہاری خوشی عزیز ہے۔۔۔۔۔۔وعدے کے مطابق میں طلاق کے پیپرز ارینج کر لوں گا "

وہ پھر بھی سر جھکائے بیٹھی رہی۔۔۔۔۔۔ایک کرب سا گزرا تھا حمین شاہ کے چہرے پہ۔۔۔۔وہ سر جھٹک کے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ناشتے کی ٹیبل پہ جب وہ پہنچی تو دلاور شاہ اور حمین شاہ کو اپنا منتظر پایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور انھیں دیکھ کے شرمندہ سی ہو رہی تھی

"اسلام علیکم "

"وعلیکم السلام "

دلاور شاہ مسکراتے ہوئے اپنی جگہ سے اٹھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور بھی ان کے قریب آئی تھی۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہاری پسند کا ناشتہ بنا ہے آج "

وہ اسے اپنے ساتھ بٹھا کے کہنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"آپ کو یاد ہے ابھی تک ؟ "

وہ خوشگوار حیرت سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"میری بچی ہو تم۔۔۔مجھے تو یہ بھی یاد ہے "

دلاور شاہ کے یوں کہنے پہ زاہنور ہنس پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے نظر بھر کے اس کے مسکراتے چہرے کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ بنا کسی خوف ڈر کے مسکراہٹ سی پھیلی ہوئی تھی جسے حمین شاہ دیکھے گیا۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور کی چائے پیتے ہوئے نظر حمین شاہ پہ پڑی۔۔۔۔۔وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ نظریں۔چرا کے دلاور شاہ کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اس کی اس ادا کو مسکرا کے اپنی آنکھوں میں جذب کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلیں میں آفس جا رہا۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو چکا تھا دلاور شاہ نے حیرت سے اپنے پوتے کو دیکھا

"اپنی دلھن کو چھوڑ کے کہاں جا رہے ہو تم برخودار؟ "

وہ ناگواری اور حیرت سے کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔

وہ جو حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی اس کے نظر پڑتے ہی وہ گڑبڑا کے سر جھکا گئی۔۔۔۔۔

"مطلب تم نے سدھرنا ہے ہی نہیں "

"آپ کی پوتی سدھرنے نہیں دے رہی "

حمین شاہ کے شرارتی انداز میں کہنے پہ زاہنور نے لرزتی پلکیں اٹھا کے اسے دیکھا تھا وہ مسکرا رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"بیٹھو یہیں۔۔۔۔آفس کا کام رک نہیں جائے گا تمہارے نہ جانے سے۔۔۔۔۔زاہنور کو کمپنی دو "

دلاور شاہ نے اسے ڈپٹ کے دوبارہ بٹھا دیا۔۔۔۔وہ بھی بیٹھ ہی گیا

"جو حکم آپ کا دادا ابو "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ زاہنور نظریں جھکائے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو آپس میں پھنسائے تھی۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے نظر بھر کے اس کی جھکی پلکوں کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔اور اس کی نظر اس کے ہاتھوں کی نازک سی انگلیوں پہ گئی جنہیں پریشانی میں وہ ہمیشہ آپس میں پھنسا لیتی۔۔۔۔۔۔

"زاہنور بیٹا۔۔۔۔۔۔یہ نالائق تمہیں ذرا بھی تنگ کرے تو مجھے بتا دینا میں ہی اسے سیدھا کروں گا "

جبکہ دلاور شاہ اپنے دھن میں بول رہے تھے۔۔۔۔۔ حمین شاہ ہنس پڑا۔۔۔

"دادا ابو یو نو ڈیٹ میں چینج ہو چکا ہوں اب "

دلاور شاہ نے مسکرا کے زاہنور کے سر پہ ہاتھ پھیرا۔۔۔۔

"آئی نو۔۔۔۔ تبھی میں مطمئن ہوں اپنی بیٹی تمہیں سونپ کے "

زاہنور کی آنکھیں بھر آئی تھی اس کا دل ڈوب سا رہا تھا اس بات پہ۔۔۔۔۔۔

اور جب وہ طلاق لے کے چلی جائے گی یہاں سے دوبارہ سے تو؟؟؟؟

تب کیا ہو گا؟؟؟

وہ اپنے لب بے دردی سے کچلنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

"کر کیوں نہیں رہی تم کچھ زاہنور؟ "

وہ فون کے پیچھے سے جھنجلایا ہوا سا کہہ رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"م۔۔۔میں کیا کروں "

وہ روہانسی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کی قربت کا سوچ کے ہی اس کا دل کانپنے لگ جاتا۔۔۔۔۔۔

"اس کے قریب جاؤ بے وقوف عورت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

"ک۔۔۔کیسے؟ "

وہ کانپتے دل کے ساتھ پوچھ رہی تھی

"یہ بھی اب میں ہی تمہیں بتاؤں۔۔۔خود میں کچھ عقل نہیں ہے کیا؟ "

وہ غصہ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

زاہنور کی آنکھوں کے کونے بھیگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

"دیکھو زاہنور۔۔۔۔۔ایسے کیسے طلاق ہو گی جب تک تم اس کے قریب نہیں۔جاؤ گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے بات کرو۔۔۔۔اس کے قریب جاؤ۔۔۔۔۔میرے لئے۔۔۔میری خاطر "

وہ اسے سمجھا رہا تھا اور زاہنور کا دل جیسے سوکھے پتے کی طرح کانپ رہا تھا وہ بس سر ہلا رہی تھی اس سے بات تک نہیں ہو پا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فون بند کر کے وہ جیسے ہی مڑی دلاور شاہ اس کے پیچھے کھڑے تھے وہ خوفزدہ نظروں سے دیکھ رہی تھی انھیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام علیکم!

ہمارے ادر گرد بہت سے کردار ہیں جن کو ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو بخوبی لکھ سکتے ہیں تو اٹھائے قلم اور لکھ دیجئے ایک ایسی کہانی جو دلوں کو چھو لے اور ان کرداروں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اپنی صلاحیت کو بھی اجاگر کریں۔ ریڈرز چوائس

https://ezreaderschoice.com/ آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے کہ جہاں آپ اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ آج ہی ہمیں اپنی تحریر ارسال کریں جس کو ہم ایک ہفتے کے اندر اپنی ویب سائیٹ اور دیگر سوشل میڈیا گروپ میں شامل کریں گے۔

مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

واٹس ایپ نمبر کے لیے ابھی میل کیجئے

Facebook ID: https://www.facebook.com/mubarra1

Email address: mobimalik83@gmail.com

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کا جسم کانپ ہی رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک دم سے چکرا کے نیچے گری تھی۔۔۔۔۔۔۔اتنے دن کی ٹینشن اور ٹھیک سے کھانا نہ کھانے کی وجہ سے یہ تو ہونا ہی تھا۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"وہ گھبرا ہی گئے تھے۔۔۔۔

"حمین۔۔۔۔حمین شاہ "

وہ حمین شاہ کو آوازیں دیتے ہوئے زاہنور کے قریب بیٹھ گئے۔۔۔۔۔اس کا چہرہ تھپتھپانے لگے۔۔۔۔۔

حمین شاہ بھاگتا ہوا آیا تھا

"دادا ابو۔۔۔۔۔"

لیکن زاہنور کو یوں زمین پہ پڑا دیکھ کے وہ گھبرا ہی گیا وہ جلدی سے قریب آ کے اس کا چہرہ تھپتھپانے لگا

" زاہنور۔۔۔۔زاہنور"اس کی آواز لرز رہی تھی۔۔۔۔

"کیا ہوا ہے زاہنور کو۔۔۔۔ڈا۔۔۔۔ڈاکٹر کو کال کرے پلیز"

وہ گھبرائے انداز میں اسے بانہوں میں اٹھا کے کمرے کی طرف لے جانے لگا۔۔۔دلاور شاہ نے جلدی سے ڈاکٹر کا نمبر ملایا۔۔۔زاہنور کے لئے انھیں حمین شاہ کی پریشانی اچھی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر نے کمزوری ہے کہہ کے کچھ دوائیں لکھ کے دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور عبدل کے ساتھ چلے گئے جبکہ حمین شاہ پریشان سا زاہنور کے سوئے وجود کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اور دلاور شاہ اپنے پوتے کو دیکھ رہے تھے۔۔۔۔انھیں اب سکون سا تھا کہ حمین شاہ اب زاہنور کو کبھی کوئی دکھ نہیں دے گا۔۔۔۔۔۔پہلے کی طرح اسے اذیت نہیں دے گا نہ اسے کچھ بھی ہونے دے گا۔۔۔۔۔۔وہ مسکرا پڑے تھے لیکن لہجہ سخت رکھ کے وہ حمین شاہ کی کلاس لینے کا سوچتے ہوئے اسے باہر لے گئے۔۔۔۔

حمین شاہ نے ایک نظر زاہنور پہ ڈالی اور باہر نکل گیا کمرے سے۔۔۔

"جی دادا ابو؟ "

اس کی سوالیہ نظریں دلاور شاہ پہ تھی۔۔۔۔

"کیا کہا ہے تم نے زاہنور سے جو وہ یوں بے ہوش ہوئی ہے "

دلاور شاہ کی بات پہ حمین شاہ گڑبڑا ہی گیا۔۔۔

"میں نے کچھ نہیں کہا اسے دادا ابو۔۔۔میں کیوں اسے کچھ کہنے لگا "

اب وہ کیا بتاتا انھیں اس کے اندر کیا کچھ چل رہا۔۔۔۔۔۔

"اس کا ٹھیک سے خیال نہیں رکھتے ہو گے تبھی تو یہ حالت ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ابھی بھی سخت لہجے میں بات کر رہے تھے اس سے

"دادا ابو۔۔۔۔۔۔میں نے کچھ نہیں کیا "

حمین شاہ نے سنجیدگی سے جواب دیا۔۔۔۔۔۔

"زاہنور تمہاری بیوی ہے اب بیٹا۔۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ نے اس کے کندھے پہ اپنا ہاتھ رکھا

"پہلے کی بات اور تھی جس قدر اسے تنگ کرنا تھا تم نے کیا۔۔۔۔اب وہ بیوی ہے اس کا خیال رکھو۔۔۔اسے خود سے کبھی الگ مت ہونے دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور "

وہ مسکرانے لگے تھے جبکہ حمین شاہ انھیں سوالیہ نظروں سے دیکھ رہا تھا

"مجھے پڑپوتے کی خوشخبری بھی ملنی چاہیئے "

وہ مسکرا رہے تھے جبکہ حمین شاہ مسکرا بھی نہ سکا۔۔۔۔۔

"آئی سمجھ "

دلاور شاہ نے ہنستے ہوئے اس کا کندھا تھپتھپایا تو حمین شاہ نے بنا کچھ کہے سر اثبات میں ہلایا۔۔۔۔۔۔۔

وہ دوراہے پہ کھڑا تھا۔۔۔۔۔دلاور شاہ جا چکے تھے۔۔۔۔حمین شاہ بھی کمرے میں آ کے اب وہیں بیڈ پہ بیٹھا زاہنور کو دیکھنے لگا جو ابھی تک آنکھیں موندے ہوئے تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور کو یوں اپنے نکاح میں۔۔۔اپنے پاس دیکھ کے ایک سکون سا اپنے اندر اترتا محسوس کرتا وہ۔۔۔۔۔لیکن جب یہ خیال کہ وہ چلی جائے گی پھر سے۔۔۔۔۔اس کے اندر تھکن بسیرا کرنے لگ جاتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے اپنا ہاتھ بڑھا کے اپنی انگلی کی پور سے اس کے گال کو چھوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی گردن پہ اپنی انگلی چلاتے وہ اس کے قریب ہوا۔۔۔اور جھک کے اس کے پیشانی پہ لب رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔اسے زاہنور کا پرسوں رات کا وہ جارحانہ انداز یاد آیا۔۔۔۔جب ابھی اس نے چھوا بھی نہیں۔ تھا زاہنور کو اور وہ بدک کے پیچھے ہٹی تھی اور اسے خوفزدہ نظروں سے دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے زاہنور کی بند آنکھوں پہ اپنے لب رکھے ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ان کاجل بھری آنکھوں۔پہ مر مٹا تھا اور جب جب وہ ان آنکھوں میں دیکھتا وہ بار بار اس سے محبت کر بیٹھتا۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں زاہنور کے لبوں پہ ٹھہر گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاتھ بڑھا کے اس نے ان لبوں کو چھوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل گستاخی کرنے کو مچلنے لگا تھا وہ قریب ہوا تھا لیکن پھر رک گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس سے ہٹ کے وہ وہیں بیڈ پہ نیم دراز ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح اس کی آنکھ کھلی تو حمین شاہ کو یوں اپنے قریب سوتا دیکھ کے وہ ایکدم سے اپنی جگہ سے اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔ ادھر ادھر دیکھتی وہ خود کو نارمل کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ بھی اٹھ چکا تھا اور اب نیند بھری آنکھوں سے اسے یوں دیکھ رہا تھا

"کیسی طبعیت ہے اب؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ پوچھ رہا تھا۔۔۔

"مجھے کیا ہوا تھا؟ "

وہ حیرانی سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

"ڈونٹ ٹیل می کہ تمہیں کچھ یاد نہیں۔آ رہا "

وہ مصنوعی حیرت سے اسے دیکھتا کہہ رہا تھا زاہنور اپنے لب کاٹنے لگی۔۔۔۔۔۔

"ان پہ اتنا بھی ظلم مت کیا کرو۔۔۔۔۔ "

وہ نا سمجھی سے اسے دیکھنے لگی تو حمین شاہ نے مسکرا کے اس کے لبوں کی طرف اشارہ کیا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شرمندہ سی ہو کے نظریں جھکا گئی۔۔۔۔

"بے ہوش ہو گئی تھی تم کال پہ بات کرتے کرتے۔۔۔۔۔"وہ اب سنجیدگی سے کہہ رہا تھا

"کیا ہوا تھا؟ "

اس کے پوچھنے پہ زاہنور نفی میں سر ہلانے لگی

"ک۔۔۔۔۔کچھ نہیں۔ہوا تھا "

"شاہ ویز کی کال تھی؟ "

حمین شاہ اسے پر سوچ نگاہوں سے دیکھتا پوچھ رہا تھا تو اس نے نظریں جھکا کے اثبات میں سر ہلایا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں جانتا ہوں زاہنور کہ تم نے مجبوری میں یہ نکاح کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔میری ذات سے تمہیں کوئی دلچسپی نہیں اور نہ ہی مجھ سے ریلیٹیڈ کوئی خوبصورت یادیں وابستہ ہیں تمہاری جو۔۔۔۔۔۔۔۔دیکھو سب تمہاری مرضی سے ہو گا لیکن تھوڑا صبر سے کام لینا ہو گا۔۔۔میں نہیں چاہتا ہمارے کسی بھی ڈیسیژن سے دادا ابو کو کچھ ہو۔۔۔۔۔۔ اور تم بھی نہیں چاہتی ہو گی ایسا۔۔۔ "

وہ اسے دیکھتی نفی میں سر ہلانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ایک ڈر سا تھا اس کے اندر ایک عجیب احساس تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں کسی بھی چیز کے لئے تمہیں فورس نہیں کروں گا زاہنور۔۔۔۔۔ہاں محبت کرتا ہوں تم سے بے حد محبت ۔۔۔۔۔ تمہیں اس شخص کے ساتھ دیکھ کے سوچ کے جس اذیت سے گزرتا ہوں یہ بس میں ہی جانتا ہوں لیکن زاہنور آئی پرامس یو۔۔۔۔ تمہیں۔ہرٹ نہیں کروں گا جو چاہو گی جیسا چاہو گی۔۔۔ جس میں تمہاری خوشی ہو گی وہیں کروں گا "

زاہنور کی آنکھیں بھیگ گئی تھی۔۔۔۔دل پہ بھاری سا بوجھ آن گرا تھا نہ جانے کیوں!!!!وہ کیا چاہ رہی تھی خود بھی نہیں سمجھ پا رہی تھی بس خاموشی سے سب سنتی رہتی۔۔۔۔۔۔

وہ سر جھکائے ہوئے تھی۔۔۔۔

"دادا ابو کافی پریشان ہو رہے تھے تمہارے لئے۔۔۔۔۔ "

"میں تیار ہو کے جاتی ہوں ان کے پاس "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے آہستگی سے کہا۔۔۔تو حمین شاہ بھی مسکرا کے اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔زاہنور حیران تھی کہ حمین شاہ کا رویہ کیسے بدل گیا ہے اس کے ساتھ۔۔۔۔۔وہ اتنے نرمی سے پیش آتا ہے۔۔۔۔۔۔اتنی محبت سے ۔۔۔۔۔۔اس کا وہ پہلا روپ تو کہیں گم ہو کے رہ گیا ہو جیسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہمیشہ اس سے بات کرتا تو اس کے لہجے میں غرور ہوتا۔۔۔۔۔۔اور آج وہ یوں اتنے نرمی سے۔۔۔۔اتنا بدلاؤ وہ بس سوچتی ہی رہ گئی ۔۔۔۔۔۔

شاہ مینشن کے وسیع لان میں وہ دلاور شاہ کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔چائے پیتے ہوئے وہ اس سے باتیں بھی کر رہے تھے۔۔۔۔جب خیال آنے پہ زاہنور کہنے لگی

"دادا ابو ایک بات پوچھوں؟ "

"ضرور۔۔۔۔ "

وہ سر ہلا کے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

"حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔ "

کہہ کے وہ چپ ہو گئی۔۔۔۔۔جبکہ دلاور شاہ کی سوالیہ نظریں اس پہ تھی

"حمین شاہ اتنا چینج کیسے ہو گیا ہے۔۔۔۔۔آئی مین مجھے یاد نہیں اس نے کبھی سیدھے منہ بات کی ہو۔۔۔۔ "

دلاور شاہ مسکرا پڑے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جانتا ہوں زاہنور۔۔۔۔میں بھی دیکھ رہا ہوں اس کی شخصیت میں ایک ٹھہراؤ سا آ گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب غصہ نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ ٹھہراؤ۔۔۔۔یہ سنجیدگی میں کافی دنوں سے اس میں دیکھ رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔بن ماں باپ کا بچہ۔۔۔۔۔۔جب ناز و نعم سے بڑا ہوتا ہے تو اس میں غرور تو ضرور آتا ہے۔۔۔۔۔ پھر وہ دنیا کی ہر شے کو ٹھکرا چلا جائے یہی اس کی شخصیت کا حصہ بن جاتا ہے۔۔۔۔۔۔ تمہیں اس سے کافی تکلیف پہنچی زاہنور۔۔۔۔۔وہ بہت تنگ کرتا تھا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے لگتا باقی مادی چیزوں کی طرح تم بھی اس کی ملکیت ہی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ محبت کو ملکیت ہی سمجھتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن جب تم نے کسی اور سے شادی کر لی اور یہ گھر سب کچھ چھوڑ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔تب وہ خود کو اذیت دیتا۔۔۔۔پل پل وہ جس اذیت سے گزرتا میں نے ہی دیکھا ہے اسے۔۔۔۔۔۔۔تب اسے احساس ہونے لگا کہ تم اس کی ملکیت نہیں اسکی محبت ہو۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب مکمل بدل چکا ہے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک مکمل مرد بن چکا ہے اب۔۔۔۔۔۔وہ مرد جس کی محبت میں جنونیت اور دیوانگی نہیں بلکہ سنجیدگی آ چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔جو اب جانتا ہے کہ جس عورت سے وہ محبت کرتا ہے اسے کیسے اپنی محبت کا باور کرائے۔۔۔۔۔کیسے اسے اپنے حصے کی خوشیاں بخشے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیسے اسے اپنی ذات سے سکون پہنچائے۔۔۔۔۔۔ "

وہ اسے سنجیدگی سے دیکھ رہے تھے

"اسے کبھی دکھ مت دینا زاہنور۔۔۔۔۔اس نے بہت دکھ سہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔بہت درد جھیلے ہیں۔۔۔۔اس کے لئے کافی ہیں اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا حق ہے کہ اس سے محبت کی جائے۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے گھبرا کے نظریں جھکا دی۔۔۔۔اس کا دل اندر سے جیسے کوئی اپنی مٹھی میں دبوچ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جیسے منجدھار میں پھنس چکی تھی جہاں سے وہ نکلنے کا سوچتی تو خود کو تہی داماں ہی پاتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کے روز روز کی کالز سے تنگ آ گئی تھی وہ۔۔۔۔۔۔۔اسے بار بار وہ ذہنی طور پہ ٹارچر کر رہا تھا ۔۔۔۔۔ابھی وہ تیار ہو کے آئینے کے سامنے کھڑی خود کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔بلیک نائٹ میں اس کا حسن دمک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔خود کا عکس آئینے میں دیکھتے دیکھتے اس کی آنکھیں بھیگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک مرد کے کیے کا ازالہ ادا کرنے وہ دوسرے مرد کے لئے خود کو سجا سنوار کے ایک شو پیس ہی بن گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔آنسوؤں کو پیچھے دھکیلتی ایک آخری نظر خود کے عکس پہ ڈال کے وہ ڈریسنگ روم سے نکل کے کمرے میں آئی اور دھیرے دھیرے قدم اٹھاتی وہ حمین شاہ کے سامنے کھڑی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے موبائل سے نظر ہٹا کے اسے دیکھا اور پھر نظریں پلٹنا بھول گیا۔۔۔۔۔۔۔بلیک نائٹ میں اس کی دودھیا رنگت دھمک رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کندھے تک آتے بال اس نے کھلے چھوڑ رکھے تھے۔۔۔۔۔۔۔حنین شاہ کے نظر پڑتے ہی وہ اپنی جگہ سے ایک انچ بھی نہ ہل سکی وہ وہیں منجمد ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے دل کی دھڑکن بڑھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔اور حمین شاہ اسے دیکھ کے مبہوت سا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ساری سوچیں ایک طرف رکھ کے وہ زاہنور کے دھمکتے حسن کو

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دیکھے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کے لئے اتنا سنوری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ اپنی جگہ سے اٹھا اور اس کے قریب آنے لگا جیسے جیسے وہ اس کے قریب آ رہا تھا زاہنور خود میں سمٹ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا پورا وجود کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ قریب آ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے سامنے کھڑا وہ اس کی لرزتی پلکوں کو دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی کمر کے گرد اپنے بازو پھیلا کے اس نے زاہنور کو اپنے قریب کیا وہ اس کے سینے سے جا لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بے حد قریب سے اس کے حسن کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی تیز چلتی دھڑکنوں کا شور وہ سن رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دھیرے سے اپنی شہادت کی انگلی سے اس کے بال پیچھے ہٹاتے وہ اس کے کندھے پہ اپنے لب رکھ چکا تھا وہ جیسے مدہوش ہو رہا تھا۔۔۔۔۔لیکن وہ رو رہی تھی شاید !!!!!

حمین شاہ نے اچانک سے اس کے چہرے کو دیکھا وہ سچ میں رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور آنکھیں بند کیے نفی میں سر ہلا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔۔ "

اس نے ہلکی سی سرگوشی کی۔۔۔۔

"ن۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔۔ نہیں مجھ سے نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ اسے چھوڑ کے ایکدم سے پیچھے ہٹا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ رو رہی تھی سر جھکائے۔۔۔۔۔۔

"جب تم چاہو گی میں تب پورے حق سے تمہارے قریب آؤں گا زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے تمہاری چاہ ہے تمہارے جسم کی نہیں۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میں تم سے عشق کرتا ہوں زاہنور۔۔۔۔۔۔ تمہیں۔ تمہاری مرضی سے اپناؤں گا۔۔۔۔۔۔ "

وہ کہہ کے کمرے سے نکل گیا جبکہ زاہنور بھاگتی ہوئی واشروم میں جا کے بند ہو گئی۔۔۔۔ شاور کھول کے وہ وہیں نیچے بیٹھ کے رونے لگی۔۔۔۔ اسے اس لمحے اپنا آپ ایک بازاری عورت ہی لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اپنا جسم بیچنے کے لئے یوں نیم عریاں ہو کے حمین شاہ کے سامنے جا کے کھڑی ہو گئی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے اس وقت خود سے بے حد نفرت ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اس کا دل چاہ رہا تھا وہ خود کو ختم کر دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آنکھیں بند کر کے وہ کسی ایسی دنیا میں چلی جائے جہاں شاہ ویز کی آواز تک نہ پہنچ سکے ۔۔۔۔۔۔۔۔

" تمہیں پتہ ہے حلالہ کیا ہے؟ "

اس کے اندر سے ایک آواز ابھری تھی۔۔۔

" کسی بازاری عورت سے کم حیثیت نہیں ہے تمہاری اس وقت زاہنور شاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک مرد تمہیں طلاق دیتا ہے پھر دوسرے مرد کے حوالے کر دیتا ہے کہ اس کے پاس جاؤ وہ تمہیں چھوڑ دے گا۔۔۔ میں پھر سے اپنا لوں گا۔۔۔۔۔۔ ایک استعمال کیے ہوئے کھلونے سے زیادہ حیثیت نہیں۔ ہے تمہاری زاہنور شاہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ وہ تمہیں اپنا کے پھر سے نہیں چھوڑے گا۔۔۔۔۔۔ ہاہاہاہاہا "

اس کے اندر جیسے شور برپا تھا۔۔۔۔۔

" حلالہ کے نام پہ کھلونا بن چکی ہو تم بے وقوف عورت۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کے رونے میں تیزی آگئی تھی۔۔۔۔۔۔اس کے اندر گھبراہٹ سے پھیل گئی تھی۔۔۔۔۔۔

" طلاق کیوں نہیں دے رہے تم زاہنور کو؟ "

شاہ ویز اس کے آفس آیا تھا اور ابھی اس کے کمرے میں موجود وہ کڑے تیوروں سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے ناگواری سے اس کے انداز کو دیکھا لیکن اپنے اطمینان میں ذرا برابر بھی فرق نہ آنے دیا۔۔۔۔۔۔۔۔

"ڈیل کر چکے ہو تم آل ریڈی تو اب طلاق کی کیا جلدی ہے تمہیں "

"میں کینسل کر رہا وہ ڈیل۔۔۔۔ "

شاہ ویز نے زچ ہو کے کہا

"سوچ لو۔۔۔ کیا سچ میں تم وہ ڈیل کینسل کرنا چاہتے ہو مسٹر شاہ ویز؟ "

اس کا لہجہ اب بھی اطمینان لیے ہوئے تھا۔۔۔۔۔

شاہ ویز گڑبڑا کے ادھر ادھر دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"لیکن تم نے کہا تھا کہ تم زاہنور کو طلاق دے دو گے نکاح کے دوسرے دن ہی "

وہ نرمی سے کہنے لگا

"کیا پروف ہے تمہارے پاس کہ میں نے یہ بات کہی ہے تم سے؟ "

وہ آبرو اچکا کے اس سے پوچھ رہا تھا شاہ ویز نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تم نے خود کہی تھی یہ بات حمین شاہ؟ "

وہ ایکدم سے بپھرنے لگا تھا

"کب؟ "

اس کے اطمینان میں ذرہ برابر بھی فرق نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔۔

"اینی ڈاکیومنٹ؟؟اینی پروف؟؟اینی ویٹنس "

اس کے لبوں پہ تمسخرانہ مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز کو غصے نے اپنی لپیٹ میں لے لیا

"بے غیرت انسان دوسروں کی بیوی پہ زبردستی اپنا حق جماتے ہو "

حمین شاہ ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

"وہ تمہاری بیوی نہیں ہے مسٹر شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔۔شرعی طریقے سے وہ میری بیوی بن کے میرے گھر آئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ہمارا نکاح تم نے خود کروایا۔۔۔۔۔یاد دلاؤں؟ "

شاہ ویز ایکدم اپنی جگہ سے اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔حمین شاہ اسے ہی مسکرا کے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"ڈیل بھی یاد ہی ہو گی تمہیں مسٹر شاہ ویز۔۔۔۔تب تو خوشی خوشی نکاح کروایا تھا ہمارا۔۔۔۔۔۔تب تو طلاق کی بھی جلدی نہیں تھی تمہیں۔۔۔۔۔۔۔کس چیز کا حساب لینے آئے ہو یہاں تم؟ "

وہ اب سرد نگاہوں سے شاہ ویز کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تم سے کہا تھا کہ نکاح کے بعد اسے طلاق دو گے۔۔۔۔۔تم دونوں نے صحیح گیم کھیلا ہے میرے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ عورت بھی تمہارے ہی چکر میں یہاں آتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔بد چلن عورت دھوکا دے گئی مجھے۔۔۔۔بانجھ۔۔۔۔ "

حمین شاہ ایکدم سے اپنی جگہ سے اٹھا اور اسکے قریب آ کے اس کا منہ دبوچ لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا

"زاہنور میری بیوی ہے۔۔۔۔۔۔۔تم جیسا نیچ ذات کا انسان اسے ڈیزرو بھی نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک لفظ بھی مزید نکلا تمہارے منہ سے تو تمہارا منہ توڑ کے کتوں کے آگے ڈال دوں گا تمہیں۔۔۔۔۔زندہ ہی نوچ ڈالے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ "

کہہ کے اس نے دھکا دے کے شاہ ویز کو نیچے گرا دیا۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کے ہونٹ پھٹ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اٹھ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور آنکھوں میں نفرت لیے حمین شاہ کو دیکھنے لگا

"دیکھ لوں گا تم دونوں کو "

حمین شاہ پینٹ کے پاکٹس میں ہاتھ ڈالے کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے لبوں پہ فاتحانہ مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"یہاں پہنچ کے تم ہار گئے شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔تم ہار گئے۔۔۔۔۔۔تمہیں کیا لگا تھا اتنی آسانی سے۔۔۔۔۔۔میں زاہنور کو تمہارا ہو جانے دوں گا؟؟؟؟؟حمین شاہ اپنا کچھ بھی کسی کا ہونے نہیں دیتا۔۔۔۔۔چھین لیتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر چاہیے وہ پراپرٹی ہو۔۔۔۔۔۔۔بزنس ڈیل ہو۔۔۔۔۔۔یا پھر پرانی محبت ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"سوچ بھی کیسے لیا شاہ ویز کہ حمین شاہ بازی جیت لینے کے بعد پھر سے مات کھانے کے لئے اتنی آسانی سے تیار ہو جائے گا؟؟؟؟میں حمین شاہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔جو صرف جیتنا جانتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مات تو تم جیسے انسانوں کو ہی سوٹ کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ کچھ دیر رک کے اسے سر تا پا دیکھنے لگا۔۔۔۔

"تمہاری حالت قابل رحم لگ رہی ہے اس وقت مجھے مسٹر شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم ہار چکے ہو۔۔۔۔۔سب ہار چکے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔قابل رحم حالت تک پہنچ چکے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چلو ترس کھا کے ڈیل واپس نہیں لے رہا تم سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

"بکواس بند کرو"

شاہ ویز غرایا تھا۔۔۔۔۔

"آہ۔۔۔۔۔۔۔"حمین شاہ نے ایک سکون کی سانس خارج کی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جیت کا نشہ اس قدر چڑھا ہے مجھ پہ کہ تمہاری یہ باتیں بھی مجھے اچھی لگ رہی ہے "

وہ مسکرا رہا تھا لیکن پھر اس کے چہرے پہ سختی در آئی۔۔۔۔۔۔

"دفع ہو جاؤ اب یہاں سے۔۔۔۔ تمہارا یہ وجود نا قابل برداشت ہو رہا ہے میرے لئے اب۔۔۔۔۔ "

"تمہیں تمہارے سب کاموں کا حساب دینا ہو گا حمین شاہ اور تم ایک دن حساب ضرور دو گیں "

گارڈ اندر آ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ رخ موڑ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گارڈ شاہ ویز کو کھینچتا ہوا لے جانے لگا۔۔۔۔۔۔ جبکہ وہ جاتے ہوئے بھی چیخے جا رہا تھا

"تمہارے سب کرتوتوں کا حساب لوں گا میں تم سے حمین شاہ۔۔۔۔۔ اس عورت کے ساتھ تمہیں اتنی آسانی سے زندگی گزارنے نہیں دوں گا میں۔۔۔۔۔ "

وہ جا چکا تھا اب آوازیں نہیں آ رہی تھی اس کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"حلالہ کی کوئی حیثیت ہی نہیں اسلام میں بیٹا "

وہ کافی سوچ بچار کے بعد آج اپنے یونیورسٹی پروفیسر فرحان علی کے پاس آئی تھی اور ان کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اسلامک سنٹر بھی چلاتے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اسلام میں بس نکاح ہوتا ہے مکمل اسلامی شریعت کے مطابق ایک عورت اور ایک مرد کے بیچ نکاح کا رشتہ ہی ہوتا ہے۔۔۔۔ جو پاک اور مقدس رشتہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور جب تین طلاقیں ہو جاتی ہے تو پھر ان کے بیچ میاں بیوی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کا رشتہ ختم ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔وہ عورت آزاد ہے کہ اپنی عدت پوری ہونے کے بعد وہ کسی سے بھی اپنی مرضی سے نکاح کر سکتی ہے۔۔۔۔۔اور اپنی زندگی گزار سکتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ خاموشی سے سن رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"بعض علماء نے اپنے بیانات میں حلالہ کی اہمیت کو بڑھایا ہے کہ جس کی حقیقت میں کوئی اہمیت نہیں اسلام میں ۔۔۔۔۔۔اسلام بدکاری سے روکتا ہے تبھی نکاح جیسا مقدس رشتہ رکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور حلالہ کے نام پہ جو ہو رہا ہے یہ سب غلط باتیں ہیں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔ "

"تو۔۔۔۔تو کیا میں بدکار ہوں؟ کیا میرا نکاح باطل ہے؟ "

وہ آنسو بھری آنکھوں سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان کی ہر بات پہ زاہنور کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہو رہا تھا

"نہیں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔آپ ایسا مت سوچے اپنے بارے میں۔۔۔۔۔ایسے تفکرات اپنے ذہن میں لانا بھی گناہ ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپ ایک مسلمان بچی ہے اور اسلامی شریعت کے مطابق آپ کا شرعی نکاح ہوا ہے حمین شاہ سے ۔۔۔۔۔۔آپ کا نکاح باطل کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔میں تو حلالہ کا تذکرہ کر رہا کہ حلالہ کا کوئی کانسیپٹ ہی نہیں ہے اسلام میں۔۔۔۔۔۔۔۔کیا آپ چاہتی ہے کہ اپنے سابقہ شوہر کے پاس دوبارہ سے چلی جائے؟ "

وہ اس سے پوچھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے چہرے پہ کرب کے سائے لہرائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بغور اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اگر ایک مرد اپنی بیوی سے محبت کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چاہے ان کے بیچ جتنی بھی اونچ نیچ آئے وہ کبھی اپنی بیوی کے لئے طلاق کا کبھی سوچ ہی نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔طلاق جیسے فعل کو اللہ تعالیٰ نے ناپسندیدہ قرار دیا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔مرد کے لئے حکم دیا گیا ہے کہ بیوی سے نرم رویہ رکھو۔۔۔۔اس کی ضروریات کا خیال رکھو۔۔۔ اس سے محبت سے پیش آؤ۔۔۔اس پہ ہاتھ مت اٹھاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے اونچی آواز سے بات مت کرو بلکہ نرمی سے اور نیچی آواز میں بات کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور طلاق کا لفظ تو غصے کی حالت میں زبان سے ادا ہوتے ہیں۔۔۔۔ کیوں کہتے ہیں کہ غصے کی حالت میں بھی خود پہ کنٹرول رکھنا چاہئیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔مرد کو غصے میں بھی اپنی زبان پہ کنٹرول ہونا چاہئیے تاکہ اس کی زبان سے طلاق جیسا نازیبا لفظ ادا نہ ہو۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور کی آنکھوں کے سامنے شاہ ویز کا ہر دردناک رویہ گھوم گیا۔۔۔۔۔۔جس طرح سے وہ اسے اذیت پہنچانے کے لئے الفاظ کا چناؤ کرتا وہ سب اسے ایک ایک کر کے یاد آئے تھے لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ حمین شاہ کو بھی نہیں قبول کر پا رہی تھی وہ منجدھار میں پھنسی خود کو محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور بیٹا۔۔۔کیا سوچ رہی ہو؟ "

وہ نرمی سے پوچھ رہے تھے۔۔۔۔

زاہنور نے آنسو صاف کرتے ہوئے انھیں دیکھا۔۔۔۔۔۔

"بیچ منجدھار میں پھنس چکی ہوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔کوئی راستہ نظر نہیں آرہا۔۔۔۔۔خود کو قابل نفرت سمجھ رہی ہوں۔۔۔۔۔خود سے نفرت ہو رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔۔

"مطلب اللہ تعالیٰ کی رضا میں راضی نہیں ہو؟ "

وہ پوچھ رہے تھے۔۔۔۔زاہنور چونک کے انھیں دیکھنے لگی جبکہ وہ مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔

"ہمارے ساتھ جو بھی ہوتا ہے سب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے۔۔۔ہمارے حق میں کیا بہتر ہے یہ اللہ سے بہتر اور کون جا سکتا ہے بیٹی۔۔۔۔۔۔پس جب تم خود سے نفرت کا اظہار کر رہی ہو تو اس کا مطلب یہی ہوا کہ تم اللہ کی رضا میں راضی نہیں ہو۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ حمین شاہ کے نکاح میں ہو اب۔۔۔۔۔۔وہی آپ کا شوہر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اللہ کے احکامات سے سرکشی کرو گی آپ۔۔۔۔تو وہ رب ناراض ہو جائے گا۔۔۔۔۔اللہ کی رضا حاصل کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

"کیسے؟ کیسے کروں؟ "

زاہنور پوچھنے لگی۔۔۔۔۔جبکہ وہ مسکرا پڑے۔۔۔۔

"نماز پڑھا کرے بیٹا۔۔۔۔۔ہاتھ اٹھا کے دعا مانگا کرے۔۔۔۔۔۔۔۔آپ کے اندر سکون سا پھیلتا جائے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز آپ کے لئے اب ایک غیر مرد ہے۔۔۔۔نامحرم ہے۔۔۔۔۔۔۔اور جو حلالہ کا اس کے ذہن میں چل رہا ہے تو ایسے شخص پہ اللہ کی لعنت ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔حلالہ کا سوچنے والا مرد ایک بے غیرت ہی ہوتا ہے جس پہ اللہ کی لعنت ہے۔۔۔۔۔۔۔نکاح یا طلاق کوئی کھیل نہیں ہے کہ جب چاہے نکاح کا کھیل رچاؤ اور جب چاہو طلاق دے کے اپنا غصہ اتارو اور پھر اس عورت کو حلالہ کے لئے مجبور کرو اور پھر اس کے احساسات سے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کھیلو۔۔۔۔۔۔جو شخص ایک بار طلاق دے اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ وہ پھر سے اس نازیبا فعل کا مرتکب نہیں ہو گا۔۔۔۔اگر اسے اپنی بیوی سے محبت ہو۔۔۔اپنی بیوی کے لئے احترام ہو اس کے دل میں تو وہ طلاق کا سوچے بھی نا کبھی۔۔۔۔۔۔۔

آپ اب اللہ کے احکامات کے مطابق حمین شاہ کے نکاح میں ہے۔۔۔۔اللہ تعالیٰ سے مانگے آپ کے دل کا سکون ۔۔۔۔ذہنی سکون۔۔۔۔۔۔بیشک اللہ آپ کے دل میں حمین شاہ کی محبت بھی ڈال دے گا۔۔۔۔۔"وہ خاموش ہوئے تو زاہنور اپنے آنسو صاف کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

"اللہ آپ کے نصیب اچھے کرے۔۔۔۔۔اللہ خوشیاں نصیب فرمائے آپ کو۔۔۔۔۔ "

وہ زاہنور کو دعا دے رہے تھے۔۔۔جبکہ زاہنور انھیں ممنون نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔اسے ایسا لگ رہا تھا جیسے اس کے دل پہ جو بوجھ سا آن گرا تھا وہ اب ہلکا ہو رہا ہو جیسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوئی۔۔۔۔۔سیڑھیاں اترتے حمین شاہ کی نظر اس پہ پڑی۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

حمین شاہ کی آواز پہ وہ ایکدم اچھلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کہاں تھی تم۔۔۔۔۔۔؟" وہ اس کے قریب آتے ہوئے سوال کر رہا تھا جبکہ زاہنور جو پہلے ہی پریشان تھی اب خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں کافی دیر سے ویٹ کر رہا تھا تمہارا "

وہ نرم لہجے میں کہہ رہا تھا لیکن اسے لگا شاہ ویز کی طرح اب اس پہ ہاتھ اٹھائے گا وہ بھی۔۔۔۔۔۔

"اور گارڈز میں سے کسی کو بھی اپنے ساتھ لے کے نہیں گئی تھی تم "

دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں پھنسائے وہ کانپ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔ "

اس کی نظر زاہنور کے کانپتے ہاتھوں پہ پڑ چکی تھی تبھی انھیں تھامنے کے لئے اس نے ہاتھ آگے بڑھایا ہی تھا جب زاہنور ایکدم بدک کے پیچھے ہٹی۔۔۔

"م۔۔۔۔میں نے کچھ نہیں کیا۔۔۔۔م۔۔۔۔مت چھوؤم۔۔۔۔مجھے "

وہ پھولی ہوئی سانسوں کے ساتھ بولی تھی۔۔۔۔۔۔

"زاہنور ریلیکس۔۔۔۔۔میں کچھ نہیں کر رہا "

حمین شاہ کو حیرت ہو رہی تھی اس کی حالت دیکھ کے۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور خاموش رہی۔۔۔۔۔۔

اپنے لب کاٹتی وہ خود کو نارمل کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"کل سے تم میری گاڑی یوز کرو گی کہیں بھی آنے جانے کے لئے۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ کی بات پہ زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا

"کیوں؟ "

"کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ حمین شاہ کی بیوی ٹیکسی وغیرہ کے چکر کاٹے "

اس کی بات پہ وہ خاموش ہی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اور ہاں۔۔۔۔ "

وہ رک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

"اور ہاں رات کو ڈنر پہ جا رہے ہیں ہم "

وہ اسے مسکراتی آنکھوں سے دیکھتا کہہ رہا تھا

زاہنور اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی

"آج میں خوش ہوں اور بہت خوش ہوں اور چاہتا ہوں یہ خوشی تمہارے ساتھ سیلبریٹ کروں میں۔۔۔۔۔۔ "

اس کے چہرے پہ جیت کی خوشی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کرو گی نا؟ "

وہ اس کی طرف جھکا تھا تو زاہنور اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کے لبوں کو مسکراہٹ نے چھوا۔۔۔۔۔۔ وہ پھر سے سیدھا ہو کے اس کے جھکے سر کو دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لنچ کے بارے میں کیا خیال ہے۔۔۔مجھے تو بھوک لگی ہے بہت۔۔۔۔فریش ہو کے آجاؤ تب تک میں عبدل سے کہہ کے ٹیبل ارینج کرواتا ہوں۔۔۔ "

وہ خود ہی بولے جا رہا تھا زاہنور اثبات میں سر ہلاتی جلدی سے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔کمرے میں آ کے وہ دروازہ بند کر کے خود وہیں ٹیک لگا کے بیٹھ گئ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ابھی کچھ لمحوں کے لئے تنہائی چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنی سانسیں بحال کرتی وہ پروفیسر فرحان کی باتوں کو سوچ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے اب خود پہ غصہ آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیوں خاموش رہتی ہے وہ۔۔۔۔کیوں کچھ نہیں۔بولتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں ڈرتی ہو آپ زاہنور؟ "

پروفیسر فرحان کی آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی تھی۔۔۔۔۔

"کس بات کا ڈر ہے آپ کو زاہنور بیٹا؟ ڈر کو اپنے اندر کبھی پنپنے نہ دیں۔۔۔کبھی بھی نہیں۔۔۔۔۔کیوں ڈرے آپ کسی سے؟ کس لئے ڈرے آپ؟ کوئی آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔۔۔۔کوئی آپ کو تکلیف تک نہیں پہنچا سکتا ۔۔۔۔ڈر تو اس کے اندر ہوتا ہے جو آپ کو اپنی زبان سے۔۔۔۔اپنے کسی بھی حرکت سے ڈرائے۔۔۔۔وہ خوفزدہ انسان ہوتا ہے کیونکہ وہ آپ سے خوفزدہ ہیں تبھی وہ اپنے اس خوف کو ختم کرنے کے لئے آپ کو تکلیف پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے ڈر کو ختم کر دے۔۔۔کسی سے کسی بھی بات کے لئے مت ڈرے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے وہ باتیں یاد کرتے ہوئے ایک گہری سانس کھینچی۔۔۔۔۔۔اس کی کپکپاہٹ اب نارمل ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے وجود سے ڈر کو نکال باہر کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا لیکن انسان کوشش کرے تو سب ممکن ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے وہ تھپڑ یاد آیا جو شاہ ویز نے اسے مارا تھا کیونکہ وہ یونیورسٹی سے لیٹ گھر پہنچی تھی زیادہ ٹریفک کی وجہ سے اور شاہ ویز کو لگا تھا کہ وہ حمین شاہ سے ملنے گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنے لب بھینچ لیے۔۔۔۔۔

شک زندگی کو تباہ کر دیتا ہے۔۔۔۔۔انسان کو تباہ کر دیتا ہے۔۔۔۔

رشتوں کو تباہ کر دیتا ہے۔۔۔۔۔۔۔

عزتیں پامال ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

صرف ایک لفظ شک سے۔۔۔۔۔۔۔۔

شک نے شاہ ویز کے اندر کے انسان کو بھی مار دیا تھا اور وہ آہستہ آہستہ زاہنور کے عزت نفس کو کچلے جا رہا تھا۔۔۔ لیکن وہ خاموش تھی کیونکہ اس کے ماں باپ نہیں تھے۔۔۔۔۔بہن بھائی نہیں تھے جن کے بھروسے وہ اس گھر کو اور اس شخص کو چھوڑ کے نکل جاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بن ماں باپ کی پلی بیٹیاں اکثر دوسروں کی احسان مند ہی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔ساری زندگی خاموشی سے دوسروں کی سن سن کے گزار دیتی ہے۔۔۔۔۔کیونکہ وہی ان کا سہارا ہی ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

" بدکار۔۔۔بدچلن عورت۔۔۔۔دوسرے مرد کی چاہ اسے لے ڈوبی "

وہ اپنا غصہ پاس بیٹھی نیناں کے سامنے اتار رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے دھوکا دے گئی۔۔۔۔۔۔ "

"آرام سے شاہ ویز۔۔۔۔۔۔جو ہوا جانے بھی دو۔۔۔۔کیا اپنی جان جلائے جا رہے ہو "

نیناں جو کب سے اس کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔اکتا کے آخر بول ہی پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"چھوڑوں گا نہیں اسے میں۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے جس طرح سے مجھے اپنے آفس سے بے عزت کر کے نکالا ہے ۔۔۔۔۔۔ نہیں بھولوں گا میں۔۔۔۔۔بدلہ لے کے رہوں گا "

وہ اپنی دھن میں بولے جا رہا تھا لیکن پھر نیناں کے اکتاہٹ بھرے چہرے پہ نظر پڑی تو مزید کچھ بولنے کا ارادہ ترک کر کے اس نے نیناں کو اپنے قریب کیا۔۔۔۔

"لیکن تم تو میری جان ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ سیکھنا ہے اسے تو تم سے سیکھے۔۔۔۔۔ "

وہ اس کے کھلے بالوں میں چہرہ چھپائے مدہوش سا ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔نیناں جواب اس سے تنگ آ گئی تھی اور کئی دنوں سے اس سے چھٹکارے کا سوچ رہی تھی۔۔۔بے دلی سے اس کے پہلو میں گر گئی اور شاہ ویز اس کے وجود میں کھو کے اپنا غم و غصہ ختم کرنے کی کوشش کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور سے روز پیسے لے کے وہ یہاں فلیٹ پہ نیناں سے ملنے آتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اکثر یہاں اپنے رات کا آدھا حصہ گزار کر عیش و عشرت کرتا اور پھر گھر کی طرف چل پڑتا۔۔۔۔۔جبکہ نیناں جسے ہر مرد کا چسکہ لگا ہوا تھا وہ اب اس سے اکتانے لگی تھی۔۔۔۔اسے اب شاہ ویز میں کوئی دلچسپی محسوس نہیں۔ہوتی تھی۔۔۔۔۔کیونکہ آج کل اس کا وقت کسی اور کے ساتھ گزر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس کے پاس پیسہ بھی بہت تھا اور نیناں کو تحائف بھی دیتا رہتا یا شاپنگ پہ لے کے جاتا جبکہ شاہ ویز ایک کھنگال آدمی تھا جو اپنی بیوی کا پیسہ یہاں لٹا رہا تھا۔۔۔۔۔۔لیکن اب نیناں کو اس میں دلچسپی ذرہ برابر بھی نہیں رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی وہ تیار ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ اس کے لئے نیوی بلیو کلر کی ساڑھی لے کے آیا تھا۔۔۔۔۔۔جو اس کی دودھیا رنگت پہ جچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی وہ پیچھے سے بلاؤز کی زپ بند کرنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اس کا ہاتھ ٹھیک سے پہنچ ہی نہیں رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے بالوں کو ایک سائیڈ پہ ڈالے وہ سر جھکائے اسی کام میں مصروف تھی جب اسے اپنے ہاتھوں پہ کسی کے لمس کا احساس ہوا۔۔۔۔۔۔۔اس نے چونک کے اوپر دیکھا تو ڈریسنگ ٹیبل کے شیشے میں حمین شاہ کا عکس دیکھ کے اس کا دل زور سے ڈھڑکا تھا۔۔۔۔۔۔اس نے جلدی سے اپنے ہاتھ ہٹا دیئے جبکہ حمین شاہ نے آرام سے اس کے بلاؤز کی زپ بند کی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساڑھی کے پلو کو پیچھے اچھی طرح سیٹ کر کے اس نے دھیرے سے اس کے بال بھی پیچھے کر دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور سانس روکے بس اس کا عکس دیکھے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جارہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کی نظریں جیسے ہی اٹھی تو سامنے آئینے میں زاہنور کے نظر آتے عکس پہ پڑی۔۔۔۔ نظروں کا تصادم ہوا تو بے خودی میں اس کا رخ موڑ کے اس کی کمر پہ اپنے ہاتھ رکھ کے اسے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور گھبرائی ہوئی سی اس کے سینے سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ گھبرائی ہوئی سی حمین شاہ کو اپنے دل کے قریب محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بے خود سا اسے دیکھ رہا تھا جبکہ زاہنور اس کی نظروں کی تپش نہ سہہ پا رہی تھی۔۔۔۔۔ اس کی پلکیں لرز کے جھک چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اس کا جسم آہستہ آہستہ کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تم پہ ساڑھی بہت جچتی ہے زاہنور "

وہ سرگوشی میں کہہ رہا تھا اور زاہنور کے لئے سانس لینا محال لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

"ح۔۔۔ حمین پ۔۔۔ پلیز "

لڑکھڑاتی زبان کے ساتھ وہ بس اتنا ہی کہہ سکی۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ کچھ دیر اسے دیکھتا رہا پھر اسے چھوڑ کے دو قدم پیچھے ہو کے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔

زاہنور نے گھبرا کے اس کو دیکھا وہ اسے دیکھتا ہنس رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ لیکن زاہنور کی پریشان آنکھوں کو دیکھ کے وہ رک گیا

"سوسوری۔۔۔ مجھے خود پہ ہنسی آگئی۔۔۔۔۔ تمہیں دیکھ کے میں بے اختیار ہونے لگتا ہوں۔۔۔۔ تو مجھے ہنسی آرہی اپنی حالت پہ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔

"ڈونٹ وری تمہاری مرضی سے۔۔۔۔ تمہاری رضامندی سے ہی تمہارے قریب آؤں گا "

زاہنور نے ایک نظر اسے اٹھا کے دیکھا وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کے لب مسکرا پڑے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے نظروں کے حصار سے زاہنور گھبرا کے پھر سے نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلو تیار ہو جاؤ۔۔۔۔ میں ویٹ کر رہا باہر لاونج میں "

وہ کہہ کے نظر بھر اسے دیکھ کے کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ زاہنور سامنے آئینے میں اپنے عکس کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے وہ لمحہ یاد آیا جب شاہ ویز اس کے قریب ہو رہا تھا اور اس نے منع کر دیا تھا کیونکہ تھکی ہوئی تھی اور شاہ ویز نے اسے زور کا تھپڑ لگا دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہیں حمین شاہ کا چسکہ جو لگ چکا ہے "

شاہ ویز کی آواز اس کے کانوں میں گونجی تھی۔۔۔۔۔۔اس نے مٹھیاں سختی سے بند کر لی اور آنکھیں بند کر کے وہ اس لمحے کے قید سے خود کو باہر نکالنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہر لمحہ اسے اپنی تذلیل یاد آتی۔۔۔۔۔۔اس کی عزت نفس جیسے مجروح ہوئی ہمیشہ۔۔۔۔۔۔وہ ان لمحوں سے نکلنے کی کوشش کرتی جو اس کے لئے ہمیشہ اذیت کا باعث بنتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سر جھٹک کے اس لمحے کے اثر سے اس نے خود کو باہر نکالا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کا ہر عمل اسے ہمیشہ حیران کر دیتا۔۔۔۔۔وہ تیار ہونے لگی تھی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہر برے خیال کو جھٹک کے وہ اب تیار ہو رہی تھی اور جب وہ نیچے لاونج میں آئی تو پل بھر کے لئے حمین شاہ اس کے سراپے سے نظریں نہ چرا پایا۔۔۔۔وہ ایکدم اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا اور اب الجھی نظروں سے وہ زاہنور کے سجے روپ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور اس کے یوں دیکھنے سے بوکھلا ہی گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ماشاءاللہ میری بیٹی تو بہت پیاری لگ رہی ہے "

دلاور شاہ نے مسکراتے ہوئے اس کی تعریف کی تو زاہنور جو پہلے ہی حمین شاہ کی نظروں سے بوکھلا رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔شرمندہ سی ہو گئی

"تھینک یو دادا ابو۔۔۔۔۔۔ "

"اللہ تعالیٰ تم دونوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ نے آگے بڑھ کے حمین شاہ کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے ہوئے دونوں کو دعا دی تو وہ جیسے ہوش میں آیا تھا ۔۔۔۔دلاور شاہ اسے دیکھ کے مسکرا رہے تھے جبکہ حمین شاہ مسکراتا سر کھجانے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلیں؟؟ "

وہ زاہنور کو دیکھتے ہوئے کہنے لگا تو اس نے دھیرے سے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔جبکہ حمین شاہ ایک بھرپور نظر اس پہ ڈال کے اس کے ساتھ اب باہر کی طرف جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ کی آنکھوں کے کونے بھیگے تھے اور ان کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔

"اللہ میرے بچوں کی حفاظت فرما "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپنے بچوں کی دردناک موت کے بعد وہ آج پہلی بار اتنے خوش ہوئے تھے یوں زاہنور اور حمین شاہ کو ساتھ دیکھ کے

صبح ناشتے کی ٹیبل تینوں موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔جب ناشتہ کرتے ہوئے دلاور شاہ نے حمین کی طرف دیکھا

"گھومنے پھرنے کا کوئی پلان بھی ہیں تم دونوں کا یا نہیں۔"

حمین شاہ نے ایک نظر زاہنور کو دیکھا پھر دلاور شاہ کو دیکھنے لگا

"آپ کہہ رہے تو بنا لیتے ہیں پلان "

پھر کچھ سوچ کے کہنے لگا

"میری بزنس میٹنگ ہے نیویارک میں۔۔۔۔تو میں سوچ رہا تھا کہ زاہنور کو بھی لیے چلتا ہوں۔۔۔۔۔۔ "

وہ زاہنور کے جھکے سر کو دیکھتا کہہ رہا تھا جبکہ دلاور شاہ مسکرا رہے تھے

"یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔۔۔زاہنور بھی وہاں جا کے فریش فیل کرے گی اور تمہارا کام بھی ہو جائے گا۔۔۔ کیوں زاہنور بیٹا؟ "

زاہنور نے چونک کے انھیں دیکھا

"آپ کے ساتھ کون ہو گا یہاں۔۔۔۔میں یہیں رک جاتی ہوں آپ کے پاس "

وہ اتنی دور کا سوچ کے ہی پریشان ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں پہلے بھی اکیلا ہی ہوا کرتا تھا۔۔۔۔۔ حمین شاہ یونہی باہر آیا جایا کرتا ہے کوئی نئی بات نہیں میرے لئے ۔۔۔۔۔ تم بھی ساتھ میں جاؤ۔۔۔۔ اچھا محسوس کرو گی وہاں جا کے "

وہ اسے سمجھا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور پریشان سی سر ہلا کے رہ گئی بس۔۔۔۔۔

جبکہ اس کی حالت سے محفوظ ہوتا حمین شاہ زیر لب مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں وہاں جا کے کیا کروں گی۔۔۔۔ اتنی دور جگہ "

اس نے دوسرا بہانہ بنایا۔۔۔۔۔ دلاور شاہ ہنس پڑے

"اتنا بھی دور نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔ جتنا تم سوچ سوچ کے پریشان ہو رہی ہو۔۔۔۔ اور حمین۔ شاہ بھی تو ہو گا تمہارے ساتھ وہاں "

زاہنور سر جھکا گئی اب وہ کیا بتاتی انھیں کہ تبھی تو وہ جانے سے کترا رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کے ساتھ کا سوچ کے ہی اسے پریشانی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اوپر سے اجنبی جگہ۔۔۔۔۔۔۔ وہ تو ایسے پریشان ہو رہی تھی جیسے حمین شاہ وہاں لے جا کے اسے کھا ہی جائے گا۔۔۔۔۔۔۔

"میں کھا نہیں جاؤں گا وہاں تمہیں "

حمین شاہ سرگوشی میں بولا تھا۔۔۔۔ زاہنور اسے دیکھ کے رہ گئی بس۔۔۔۔۔۔۔

"میری بیٹی کو ذرا بھی شکایت ہوئی تم سے حمین شاہ تو بتا دوں پہلے سے یہاں آ کے تمہیں اچھی طرح سبق سکھاؤں گا "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دلاور شاہ مصنوعی غصے سے اسے دیکھ کے کہہ رہے تھے جبکہ حمین شاہ مسکرا رہا تھا

"اور اگر شکایتوں کی لسٹ میری طرف سے ہوئی تو؟؟؟تب آپ کیا کہے گیں؟ "

زاہنور نے اس کی طرف دیکھا اس کی آنکھوں میں واضح شرارت تھی۔۔۔۔دلاور شاہ بھی مسکرا پڑے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تب بھی میں اپنی بیٹی کا ہی ساتھ دوں گا "

زاہنور ان کی بات پہ مسکرا پڑی جبکہ حمین شاہ خفگی سے انھیں دیکھنے لگا۔

"ناٹ فئیر دادا ابو۔۔۔۔ "

"ایوری تھنگ از فئیر ان دادا پوتی لو "

وہ کہہ کے ہنس پڑے تھے۔۔۔۔

زاہنور کو بھی ہنسی آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔جبکہ حمین شاہ اسے محویت سے دیکھ رہا تھا

"اسی بہانے ہنسی تو سہی "

حمین شاہ کے یوں کہنے پہ زاہنور کے ہونٹ سکڑ گئے وہ سر ہی جھکا گئی۔۔۔۔۔۔وہ کبھی بھی کہیں بھی کچھ بھی کہہ دیتا ہے اتنا اندازہ ہو چکا تھا اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کب جا رہے ہو پھر؟ "

دلاور شاہ اس سے پوچھ رہے تھے۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"بس کچھ دنوں میں ہی۔۔۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ نے نیپکن سے منہ صاف کرتے کہا

"اچھی بات ہے مطلب زاہنور پیکنگ کر کے رکھ لو "

دلاور شاہ خوشدلی سے بولے جبکہ زاہنور کا دل ڈوب کے ابھرا تھا جانے کا سوچ کے ہی لیکن خاموش رہی اور سر اثبات میں ہلا کے چائے کا کپ اٹھالیا۔۔۔۔۔۔۔

'ڈر کو اپنے اندر سے ختم کر دو بیٹا '

ایک آواز اس کے کان سے ٹکرائی تھی وہ خود کو اندر ہی اندر نارمل کرنے کی کوشش کرتی رہی۔۔۔

شاہ ویز کی بار بار کال آرہی تھی پہلے تو وہ بار بار اگنور کرتی رہی پھر گھر کے نمبر پہ کال آنے لگی تو ریسیو کر کے اس نے فون کان سے لگایا۔۔۔

"کال کیوں نہیں ریسیو کر رہی یو بچ "

وہ چلایا تھا۔۔۔۔زاہنور نے لب بھینچ کے اس کی بات کو برداشت کیا۔۔۔۔

"بڑے چسکے پڑ چکے ہیں تمہیں حمین شاہ کے۔۔۔۔۔۔میں تو یاد بھی نہیں ہوں گا اب تمہیں "

وہ پھر سے طنز کے نشتر چلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ پھر بھی خاموش رہی۔۔۔۔

"ایسا کون سا جادو چلایا ہے اس پہ جو تمہیں چھوڑنے کو تیار ہی نہیں وہ اب۔۔۔۔۔۔ہو تو بانجھ ہی پھر بھی "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ پھر بک رہا تھا اور زاہنور خاموشی سے سن رہی تھی۔۔۔۔

"بکواس سن رہی ہو تم میری کہ نہیں۔۔۔۔۔۔ "

وہ زاہنور کی خاموشی سے اکتا کے پھر سے چلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

'کبھی ڈر کو اپنے اندر جگہ مت دو۔۔۔۔۔۔ تمہارا شوہر حمین شاہ ہے۔۔۔۔ شاہ ویز تمہارا کچھ نہیں۔۔۔۔۔۔اسے خود پہ کبھی حاوی مت ہونے دو '

پروفیسر فرحان کی آواز اس کے کان میں گونجی تھی۔۔۔۔ آنکھیں بند کر کے اس نے خود میں ہمت مجتمع کی ۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں کال کی ہے؟ "

وہ ایکدم سے بولی تھی۔۔۔۔۔

"ارے واہ۔۔۔۔ زبان چل پڑی تمہاری "

شاہ ویز کی آواز اس کے کان سے ٹکرائی تھی اس کا دل ایک پل کو لرزا تھا۔۔۔۔۔

"بھول گئی لگتا۔۔۔۔ سب بھول گئی ہو لگتا ہے۔۔۔۔۔ کیسے مارتا ہوں یاد تو ہو گا۔۔۔۔۔ "

وہ خاموش رہی۔۔۔۔۔۔ اسے ہر لمحہ یاد تھا اپنی تذلیل کا وہ کب بھول سکتی تھی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں بھر آئی تھی ۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"سیدھی طرح سے میری بات سنو تم۔۔۔۔۔۔۔۔جانتی ہو تم مجھے اچھی طرح سے کہ میں کیا کیا کر سکتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔۔۔تمہارے چہرے کا نقشہ تک بدل سکتا ہوں۔۔۔۔۔مجھے بھولنے کی بھی کوشش کی تو اس ذلیل انسان کے ساتھ تمہاری زندگی خراب کر کے رکھ دوں گا۔۔۔۔۔۔۔آنا تو میرے پاس ہی ہے تمہیں۔ایک دن۔۔۔۔۔۔۔۔مائی ڈیئر ایکس وائف۔۔۔۔۔حمین شاہ بھی تم سے اکتا کے ایک دن چھوڑ ہی دے گا تمہیں۔۔۔۔ایک بانجھ عورت کو مرد کب تک جھیلے "

آنسو اس کے گال بھگو رہے تھے وہ فون رکھ چکی تھی لیکن اس کا پورا وجود لرز رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آنسو اس کا چہرہ بھگو رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

"میری مدد فرمایئے میرے پروردگار۔۔۔۔میں اپنا ڈر ختم کر سکوں ہمیشہ کے لئے۔۔۔میری مدد فرمائے "

جبکہ نیچے لاونج میں کھڑا حمین شاہ دوسرے فون سے سب سن چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔مٹھیاں بھینچتا وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں نکلتا چلا گیا۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

دو بندے اسے کھینچتے ہوئے یہاں لائے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کوئی فارم ہاؤس تھا شاید۔۔۔۔۔۔شہر سے قدرے دور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ادھر ادھر دیکھتا چلا رہا تھا

"کیوں لائے ہو مجھے۔۔۔۔چھوڑو مجھے۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ان سنی کرتے گھسیٹتے ہوئے اسے اندر لے گئے اور لاونج میں لے جا کے اسے دھکا دیا تو وہ لڑکھڑاتا ہوا صوفے پہ بیٹھے شخص کے قدموں میں جا گرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے سر اٹھا کے دیکھنے کی کوشش کی سامنے صوفے پہ بیٹھا شخص حمین شاہ ہی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"اوہ تو یہ تمہارے آدمی ہیں "

اس نے تمسخرانہ انداز میں کہا تھا۔۔۔۔۔ حمین شاہ کی سپاٹ نظریں اس پہ تھی۔۔۔۔۔۔

"بس یہی اوقات ہے تمہاری۔۔۔۔ "

وہ ہنسنے لگا تھا

"اوقات تو میں تمہیں ابھی بتاؤں گا تمہاری۔۔۔۔۔ "

وہ بھاری آواز میں غرایا تھا۔۔۔۔۔

"جس صبر کا میں مظاہرہ ابھی کر رہا تمہارے سامنے۔۔۔۔۔۔یہ تمہیں ابھی کچھ لمحوں میں پتہ چل جائے گا "

کہہ کے اس نے اپنے بندوں کو اشارہ کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان میں سے ایک آگے بڑھا اس کے ہاتھ میں بیلٹ تھا ۔۔۔۔شاہ ویز گھبرا کے انھیں دیکھنے لگا

"یہ۔۔۔۔یہ ک۔۔۔۔کیا کر رہے ہو"

لیکن وہ آدمی بیلٹ سے اسے مارنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بس چلا رہا تھا۔۔۔۔۔ گڑگڑا رہا تھا۔۔۔۔ لیکن ہر مار پہ۔۔۔۔اس کی ہر چیخ پہ۔۔۔۔۔ہر گڑگڑاہٹ پہ حمین شاہ کی آنکھیں سرخ انگارہ ہوتی جا رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے کانوں میں شاہ ویز کی باتیں گونج رہی تھی جو وہ کل فون پہ زاہنور سے کر رہا تھا۔۔۔۔۔

اس کا دل جیسے پھٹ رہا تھا۔۔۔۔۔وہ شخص زاہنور پہ ہاتھ اٹھاتا تھا اس بات کا اندازہ نہیں تھا اسے۔۔۔۔۔وہ اسے گالی دیتا تھا۔۔۔۔حمین شاہ بس اسے ایک بے غیرت انسان ہی سمجھتا تھا۔۔۔۔

وہ اچانک اپنی جگہ سے اٹھا اور بیلٹ اس کے ہاتھ سے لے کے خود شاہ ویز کو مارنے لگا۔۔۔۔۔۔۔اس پہ جنون سا طاری تھا جیسے وہ ابھی ختم کر دے گا شاہ ویز کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ لہولہان ہو چکا تھا مار کھا کھا کے۔۔۔۔۔۔۔بیلٹ پھینک کے وہ اپنی ایک ٹانگ ٹیبل پہ رکھ کے اس پہ جھکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

"تجھے میں ایک بے غیرت انسان ہی سمجھتا تھا آج تک۔۔۔۔۔۔لیکن آج پتہ چلا کہ تو نامرد بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ میری بیوی کے چہرے کا نقش بدلے گا تو۔۔۔۔جا کے دیکھ اپنے چہرے کا نقشہ تو اب۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ اپنی سرخ آنکھوں سے اس کی آنکھوں میں دیکھتا غرا رہا تھا

"ہاتھ توڑ دوں اس کا جو زاہنور پہ ہاتھ اٹھانے کی کوشش کرے۔۔۔۔۔۔اس ہاتھ سے مارا تھا تو نے اسے۔۔۔۔ "

اس کا بازو دبوچ کے اس نے زور سے مروڑا۔۔۔۔وہ بس درد سے بلبلا کے رہ گیا۔۔۔۔۔۔۔

"اذیت میں تھی وہ تیری وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سوچ سوچ کے میرا ذہن مفلوج ہونے لگتا۔۔۔۔گالی دے گا تو اسے۔۔۔تیری اتنی اوقات "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے چلا کے اپنی ٹانگ اٹھا کے شاہ ویز کے سینے پہ ماری وہ نیچے گر گیا تھا حمین شاہ نے اپنے بھاری بوت اس کے ہاتھ کی ہتھیلی پہ رکھے

وہ درد سے چیخنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تیری اوقات بس یہی ہے شاہ ویز۔۔۔۔۔۔جوتی کے نوک جتنی اوقات نہیں تیری میری نظر میں۔۔۔اور تو میری بیوی کو گالی دے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔تیری آنکھیں نوچ لوں گا میں۔۔۔۔۔۔۔نیکسٹ میری بیوی کو تیری ایک کال بھی آئی تیعی زبان کھینچ کے نوچ لوں گا اور جو باہر کتے نظر آرہے ہیں ان کے سامنے پھینک دوں گا تجھے ۔۔۔۔۔۔تیری لاش بھی نہیں ملے گی کسی کو۔۔۔۔۔۔"

وہ اسے چھوڑ کے پیچھے ہٹا تھا اور رخ موڑ کے اپنا غصہ کم کرنے کی کوشش کرنے لگا جبکہ شاہ ویز اٹھنے کے قابل بھی نہیں رہا تھا۔۔۔اس کا چہرہ اور جسم زخموں سے چور ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

"لے جاؤ اسے یہاں سے پھینک آؤ کہیں باہر۔۔۔۔ورنہ جان لے لوں گا میں اس کی"

وہ چلایا تھا۔۔۔تو وہاں موجود اس کے آدمی شاہ ویز جو گھسیٹتے ہوئے باہر لے جانے لگے۔۔۔۔۔جبکہ حمین شاہ اپنی کنپٹی سہلانے لگا۔۔۔۔۔۔زاہنور اس کی وجہ سے اذیت میں تھی سوچ سوچ کے ہی اس کا اشتعال بڑھ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کو جتنے دکھ اس کی ذات سے ملے تھے اس کے لئے وہ خود کو اب تک معاف نہ کر سکا کہاں وہ کسی اور کو ایسا کچھ کرنے دیں۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ کمرے کے دروازے پہ کھڑا زاہنور کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی طرف زاہنور کی پشت تھی۔۔۔۔وہ بیڈ شیٹ ٹھیک کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کچھ دیر کھڑا اس کی پشت کو دیکھتا رہا پھر آگے بڑھ کے اس کے پاس آیا۔۔۔۔۔۔اس کا ہاتھ تھام کے اس کا رخ اپنی طرف کیا۔۔۔۔۔زاہنور بوکھلا کے اسے دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں درد ہلکورے لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور پریشان نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے اسے بیڈ پہ بٹھایا اور خود اس کے قدموں میں بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔اس نے گھبرا کے اپنے پاؤں پیچھے کر لیا۔۔۔۔۔۔۔

"تمہارے حق میں جتنے گناہ کیے۔۔۔۔۔جتنے دکھ دیے تمہیں۔۔۔۔۔۔محبت کے نام پہ جتنی اذیت دی تمہیں ۔۔۔۔۔۔۔میری ذات جتنا تمہاری آنکھوں میں آنسوؤں کا سبب بنی ان کا ازالہ ہونا بہت مشکل ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔میری وجہ سے تم اس شخص کی زندگی میں جانے پہ مجبور ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے ہر دیے ہوئے زخم کو تم چپ چاپ برداشت کرتی رہی۔۔۔۔۔۔اس کے ہر ظلم کو سہتی رہی۔۔۔۔۔ "

زاہنور کی آنکھیں بھر آئی تھی۔۔۔۔جبکہ وہ دھیمے لہجے میں کہہ رہا تھا

"تم مجبور ہوئی کہ وہاں اس شخص کے ساتھ رہو جو انسان کہلانے کے لائق بھی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔گناہ بڑھ گئے ہیں میرے۔۔۔۔آج احساس ہوا کہ میں ایک معصوم لڑکی کے ساتھ ہوئی ہر زیادتی میں برابر کا شریک ہوں ۔۔۔۔۔۔میرے گناہ بہت زیادہ ہے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارے ساتھ ہوئی ہر زیادتی۔۔۔۔ہر ظلم۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تمہارے وجود پہ پڑے ہر زخم کا گنہگار میں ہوں زاہنور۔۔۔۔اور سزاوار بھی میں ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں معافی کے قابل بھی نہیں۔زاہنور۔۔۔۔۔ "

اس کی آنکھ سے بھی آنسو پھسلا تھا۔۔۔۔زاہنور کے ہر دکھ۔۔۔ہر زخم کا سوچ کے اس کا دل بھی رو رہا تھا۔۔۔ جبکہ زاہنور خاموش آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے اپنی نم آنکھوں سے اسے دیکھا

"مجھے سزا دینا چاہو میں حاضر ہوں زاہنور۔۔۔۔میں تمہارا گنہگار ہوں اور مجھے ہر سزا قبول ہے۔۔۔۔۔ "

زاہنور خاموش رہی۔۔۔۔۔

"میں وعدہ کرتا ہوں تم سے۔۔۔۔۔۔۔آج کے بعد تمہاری مرضی کے بغیر کوئی بھی تمہاری زندگی کا کوئی بھی فیصلہ نہیں کرے گا۔۔۔۔۔۔۔تم مجھ سے الگ ہونا چاہو تو بھی میں نہیں روکوں گا تمہیں۔۔۔۔۔۔تمہیں اس گھر سے بھی کوئی نکلنے پہ مجبور نہیں کرے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کرو جو تمہارا دل کرے زاہنور۔۔۔۔۔۔اور وہ شیطان اس قابل نہیں رہا اب کہ تمہیں اذیت پہنچائے۔۔۔۔۔۔تم تک پہنچنے والی ہر اذیت کو۔۔۔ہر دکھ کو ۔۔۔میں اپنے وجود پہ سہہ لوں گا تم تک پہنچنے نہیں دوں گا۔۔۔۔۔یہ وعدہ ہے میرا۔۔۔آئی پرامس یو زاہنور "

READERS CHOICE

زاہنور کی ہچکیاں کمرے میں گونجی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں تمہیں۔ کبھی کسی بھی راہ میں اکیلا نہیں چھوڑوں گا زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔ کبھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اور اگر ۔۔۔۔۔۔ "

وہ خاموش ہوا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے نازک ہاتھ اس نے اپنے ہاتھوں میں لیے۔۔۔۔۔۔

"تم جو سزا دو گی۔۔۔۔میں ہر وہ سزا سہنے کے لئے تیار ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم چاہے میرے ساتھ رہو نہ رہو زاہنور۔۔۔۔۔۔میں تمہارے ساتھ ہوں ایک سائے کی طرح تمہارے ساتھ ہوں۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تو اس سے محبت کر بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شدت کی محبت کرتی تھی وہ اس شخص سے۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہ اسے ہر بار خود سے خوفزدہ کرنے کی کوشش کرتا۔۔۔۔۔اسے تنگ کرتا۔۔۔۔درد دیتا۔۔۔۔۔۔۔وہ اس سے بھاگی تھی۔۔۔۔۔وہ اپنی محبت سے بھاگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اور آج وہ یوں اس کے سامنے بیٹھا اس سے اپنے لئے سزا مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ محبتوں میں سزائیں نہیں۔سنائی جاتی۔۔۔۔۔۔۔بس راستے بدلنے کی کوشش کی جاتی ہے۔۔۔۔۔زاہنور بھی راستہ بدل گئی تھی ۔۔۔۔شاہ ویز سے شادی کر کے وہ اپنا ماضی بھول کے اس کے ساتھ نئی زندگی کی شروعات چاہتی تھی لیکن وہ شخص ہر بار اس کے سامنے اس کا ماضی کھڑا کر دیتا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی تذلیل کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کو مارتا۔۔۔۔۔۔۔

وہ حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔پروفیسر فرحان نے سچ کہا تھا سچے دل سے اپنی بہتری مانگو اپنے رب سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ رب بیشک تمہیں نواز دے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اس سے معافی مانگ رہا تھا اور زاہنور وہ تو کب کا اسے معاف کر چکی تھی۔۔۔۔۔وہ اسے کیا سزا دیتی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تو آج بھی اس سے محبت کرتی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کو دیکھ کے آج بھی اس کا دل ایک پل کو رک سا جاتا۔۔۔اس کی ڈھڑکنیں آج بھی شور مچاتی اور آج بھی حمین شاہ کی آنکھوں میں وہ زیادہ دیر دیکھ نہیں پاتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔ "

اس نے سرگوشی کی۔۔۔۔۔زاہنور چونک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

"میں تمہیں۔معاف کر چکی ہوں حمین شاہ۔۔۔۔بہت پہلے کا معاف کر چکی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم میرے لئے سزاوار نہ پہلے کبھی تھے اور نہ اب ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

اس نے آہستگی سے کہا حمین شاہ بس اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو کیا آج بھی زاہنور مجھ سے محبت کرتی ہے۔۔۔۔۔۔

آج بھی !!!!!!!

ایک خیال سا آیا تھا اس کے دل میں۔۔۔۔۔۔۔وہ پر سکون سا ہو گیا تھا۔۔۔۔

دلاور شاہ بیٹھے نیوز دیکھ رہے تھے جب زاہنور ان کے لئے چائے لے کے آئی۔۔۔۔۔۔۔

"دادا ابو چائے "

وہ آج بے حد پر سکون تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کے لب مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ نے چونک کے اسے دیکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ارے بیٹا۔۔۔۔کسی سے کہہ دیا ہوتا تم کیوں لے آئی چائے "

انھوں نے مسکرا کے کپ ٹرے سے اٹھایا۔۔۔

زاہنور بھی مسکرا کے ان کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"میرا دل کر رہا تھا آپ کے لئے چائے بنا کے لاؤں۔۔۔۔ "

دلاور شاہ مسکرا پڑے۔۔۔۔

"حمین شاہ کہاں ہے؟ "

وہ پوچھنے لگے

"شاید سو رہے ہیں "

مختصر سا جواب دے کے وہ بھی اب نیوز دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔

"تو آپ کیوں جاگ رہی ہے؟ آپ بھی سو جایئے جا کے "

وہ نرمی سے کہہ رہے تھے

"نیند نہیں آ رہی تھی دادا ابو۔۔۔۔۔ "

زاہنور نے مسکرا کے جواب دیا انھیں۔۔۔۔۔۔

"کوئی پریشانی ہے؟ "

ان کے لہجے میں تشویش تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"نہیں دادا ابو۔۔۔۔۔۔ "

وہ نفی میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔

"حمین شاہ تنگ تو نہیں کرتا؟ "

ان کے پوچھنے پہ زاہنور نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔

"خوش تو ہو نا بیٹا؟ "

زاہنور نے ان کے اس سوال پہ چونک کے انھیں دیکھا۔۔۔۔ پھر مسکرا پڑی

"جی دادا ابو۔۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ کے چہرے پہ سکون سا پھیل گیا تھا

"اب میں پر سکون ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اب میں اپنے بچوں کے سامنے شرمندہ نہیں ہوں گا "

زاہنور انھیں دیکھ کے ہی رہ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"بیٹا اونچ نیچ تو ہماری زندگی کا حصہ ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔ غم خوشی۔۔۔۔۔۔دکھ سکھ۔۔۔۔۔۔۔ برائی اچھائی سب ہماری زندگی کا حصہ ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری ہمیشہ سے خواہش تھی کہ میرے دونوں بچے ہمیشہ ساتھ رہیں خوش رہیں۔۔۔۔۔۔۔لیکن "

وہ خاموش ہو گئے۔۔۔ان کے چہرے پہ سایہ سا گزرا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں بہت خوش ہوں اب بیٹا بہت خوش۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم دونوں کو ساتھ خوش دیکھ کے میں بہت خوش ہوں "

وہ آبدیدہ ہی ہو گئے تھے

"ارے دادا ابو "

زاہنور ان کے سینے سے لگ گئی۔۔۔۔۔

"خوشی کے آنسو ہیں بیٹا۔۔۔اس گھر کے در و دیوار خوشیوں کے لئے ترسے ہیں اس ایک سال میں کیا کیا دکھ بیتے ہیں ہم پہ اس گھر کے در و دیوار پہ۔۔۔۔اب بس مجھے اپنے چھوٹے چھوٹے پڑپوتے پوتیاں دیکھنی ہیں۔۔۔۔۔۔ ان کی ہنسی اور شرارتوں سے اس گھر کی خوشیاں لوٹ آئے گی "

زاہنور کی آنکھوں میں درد ہلکورے لینے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایسی کوئی خوشی دینے کے قابل نہیں تھی۔۔۔ خاموش ہی رہی۔۔۔۔۔

"چلو اب جاؤ سو جاو۔۔۔۔میں بھی سونے لگا ہوں "

دلاور شاہ اسے محبت سے کہنے لگے تو زاہنور مسکرانے کی کوشش کرتی اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی

"شب بخیر دادا ابو "

"شب بخیر بیٹا "

زاہنور تھکے قدموں کے ساتھ سیڑھیوں کی طرف بڑھنے لگی۔۔۔۔۔اس کے دل پہ بوجھ آن گرا تھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کمرے میں آ کے اس نے حمین شاہ کی طرف دیکھا وہ بے خبر سو رہا تھا۔۔۔۔۔۔زاہنور بالکونی میں آ گئی۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں نے اس کے چہرے کو چھوا۔۔۔

"تم بانجھ ہو بانجھ۔۔۔۔۔۔ایک اجڑی زمین۔۔۔۔"

شاہویز کی آواز اس کے کانوں میں گونجی تھی۔۔۔۔۔درد کی لہر سے اٹھی تھی جو اس کے روح کو زخمی کر رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے آنکھیں۔زور سے بند کی اور خود کو اس لمحے کے اثر سے باہر نکالنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔جب اسکے کندھے پہ حمین شاہ نے اپنا ہاتھ رکھا۔۔وہ ایکدم مڑی تھی پیچھے۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اسے بازوؤں میں بھر کے اپنے قریب کیا ورنہ وہ گر جاتی بالکونی سے نیچے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ یوں اس کے قریب ہونے پہ بوکھلا ہی گئی تھی۔۔۔۔۔

"م۔۔۔میں وہ "

وہ کہنے کی کوشش کرنے لگی

"ششششششش۔۔۔۔میں نے کچھ پوچھا کیا؟ "

حمین شاہ نے اسے کچھ بھی کہنے سے منع کر دیا۔۔۔۔۔

"میں تو بس تمہیں دیکھنے آیا تھا۔۔۔۔۔ "

وہ گھمبیر لہجے میں کہتا اس کے دل کا حال بے حال کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں سونے لگی تھی "

اس نے آہستگی سے خود کو اسکے بازوؤں سے چھڑاتے کہا تھا۔۔۔ حمین شاہ نے بھی اپنی گرفت ڈھیلی کی اس کی کمر کے گرد۔۔۔۔۔۔

"یہاں بالکونی میں؟ "

وہ مصنوعی حیرت سے پوچھنے لگا۔۔۔۔ تو وہ گڑبڑا ہی گئی۔۔۔ ایک تو وہ اس کے اتنے قریب کھڑا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ بوکھلا رہی تھی۔۔۔

"ن۔۔۔ نہیں تو۔۔۔۔۔۔۔ وہاں کمرے میں "

نظر اٹھا کے حمین شاہ کو دیکھنے کی کوشش کی پھر اس کی نظروں سے گھبرا کے جلدی سے پلکیں ہی جھکا گئی۔۔۔ اس کی پلکیں لرز رہی تھی جبکہ حمین شاہ دلچسپی سے اس کے روپ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر اس کے قریب ہو کے اسکے کان میں سرگوشی کرنے لگا

"کل شام کی فلائٹ سے ہم نیویارک جا رہے ہیں "

"اتنی جلدی۔۔۔ "

اس نے اچانک سے اپنا جھکا سر اٹھایا اور حمین شاہ جو اس کے قریب کھڑا تھا۔۔۔۔ زاہنور کا سر اسکی ناک سے لگا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

وہ بوکھلا کے پیچھے ہٹی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ حمین شاہ ناک پکڑ کے رہ گیا بس۔۔۔۔۔۔۔

"زیادہ لگی ہے کیا؟ "

وہ پریشان نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی جبکہ وہ اپنی ناک کو پکڑے بات بھی نہیں کر رہا تھا۔۔۔۔اسے رونا ہی آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کے قریب آئی۔۔۔۔

"زیادہ لگ گئی؟؟؟ایم سوری "

حمین شاہ نے ایک دم سے اس کی کمر پہ اپنے ہاتھ رکھ کے اسے اپنے بے حد قریب کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور اسکے سینے سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔جبکہ حمین شاہ اس کی پریشان آنکھوں میں دیکھ رہا تھا

"تمہاری یہ آنکھیں۔۔۔۔۔۔ہر روز۔۔۔۔۔ہر لمحے مجھے یہ احساس دلاتی ہے کہ مجھے تم سے پھر سے محبت ہو رہی ہے۔۔۔۔اور بار بار ہو رہی ہے "

اس کی سرگوشی سی ابھری تھی اور زاہنور کی کان کی لویں تک سرخ ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس سے الگ ہونے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

"ہششششش۔۔۔۔۔زور آزمائی مت کیا کرو۔۔۔۔۔۔۔ہر بار میں اتنا نرم دل تو نہیں ہو سکتا نا "

وہ پھر سے سرگوشی کرنے لگا۔۔۔۔۔۔اور زاہنور کی سانسیں تیز تیز چلنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کے کان کی لو کو اپنے لبوں سے ہلکا سا چھو کے وہ اسے چھوڑ چکا تھا۔۔۔۔اور زاہنور اپنی بے ترتیب ہوتی ڈھڑکنوں کو سنبھالتی اسے دیکھنے سے گریز کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس کے لئے پلکیں اٹھا کے اسے دیکھنا تک محال لگ رہا تھا۔۔۔۔۔ حمین شاہ مسکرا پڑا۔۔۔۔اس کے گال دہک رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلیں سوتے ہیں اب "

وہ اسے راستہ دیتا کہہ رہا تھا اور زاہنور سر جھکائے جلدی سے کمرے میں چلی گئی تھی جبکہ حمین شاہ اس کی معصومیت پہ مسکرا پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاسپٹل بیڈ پہ پڑا وہ غم و غصہ کھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس سے پوچھا بھی گیا کہ یہ حالت کس نے کی ہے اس کی۔

۔۔۔۔اس نے بس یہی کہا ایکسیڈنٹ ہوا ہے اور کچھ غنڈے یہ حالت کر گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اس کا ہر پل سخت غم و غصے میں گزر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا پورا جسم زخموں سے چور تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈھر سے دروازہ کھلا اور نفیسہ اندر آئی تھی۔۔۔۔۔اپنے بیٹے کو اس حالت میں دیکھ کے ان کی آنکھیں بھر آئی

"یہ کیا ہوا ہے۔۔۔کس نے یہ حالت بنائی ہے میرے بیٹے کی"

وہ رونے ہی لگی تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز کو کوفت ہونے لگی تھی

"امی بس کیجئے۔۔۔۔۔۔کیا ہنگامہ مچایا ہوا ہے "

READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میرے بچے۔۔۔۔۔۔۔میرا دل پھٹ رہا تمہیں۔اس حالت میں دیکھ کے۔۔۔۔۔کس نے کیا یہ سب تمہارے ساتھ؟ "

وہ ابھی بھی رو رہی تھی

"کچھ غنڈے تھے "

اس نے بات ٹالنے کو کہا

"مجھ سے جھوٹ بولے گا۔۔۔اپنی ماں سے جھوٹ بولے گا۔۔۔۔۔۔۔مجھے پتہ ہے یہ سب اس منحوس کی وجہ سے ہوا ہے "

شاہ ویز نے لب بھینچ لیے

"ذلیل عورت۔۔۔۔۔بد چلن عورت۔۔۔۔۔میرا بیٹا کھا گئی وہ۔۔۔۔۔۔ "

وہ پھر سے رونا شروع ہو گئی تھی

"امی بس بھی کیجئیے۔۔۔رونے سے کیا ہو گا اب۔۔۔۔۔۔۔مجھے ٹھیک ہونے دیں پھر میں ہی حساب لوں گا سب سے "

وہ آنکھوں میں۔نفرت لیے کہہ رہا تھا جبکہ نفیسہ بھی اپنے بیٹے کو دیکھنے لگی۔۔۔زاہنور کے لئے اس کی آنکھوں میں بھی حقارت ہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اس بالشت بھر کی لڑکی کی یہ ہمت "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"وہ نہیں۔۔۔۔ حمین شاہ نے کیا ہے یہ سب۔۔۔۔۔۔ آپ بس ابھی خاموش رہیئے۔۔۔۔۔ میں ٹھیک ہو جاؤں اس لڑکی سے میں خود نمٹوں گا۔۔۔۔۔۔ "

وہ لہجے میں نفرت لیے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اندر دل میں وہ خائف بھی تھا حمین شاہ سے۔۔۔۔۔۔ اگلی بار سچ میں ہی وہ اسے کتوں کے آگے نہ ڈال دیں۔۔۔۔۔ اس سے کسی بھی بات کی امید رکھی جا سکتی تھی۔۔۔۔۔۔

جہاز جیسے ہی اڑنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور کو اپنی حالت خراب ہوتی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ جلدی سے آگے کی طرف جھکی تھی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے ہی دیکھ رہا تھا

"کیا ہوا ہے زاہنور؟ "

وہ پریشانی سے پوچھنے لگا تو یونہی جھکے جھکے اس نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔۔

"وومیٹنگ کرنے لگی ہو کیا؟ "

وہ پھر سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔ زاہنور نے اس کی طرف دیکھا اور پھر اپنے منہ پہ انگلی رکھ کے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور پھر سے اپنے کام میں لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ مسکرا پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاز کے اڑنے میں شدت آئی تو اس نے جلدی سے حمین شاہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔۔۔ اس نے چونک کے زاہنور کے جھکے سر کو دیکھا پھر اپنے ہاتھ میں اس کے ہاتھ کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مسکرا کے اس نے اپنا دوسرا ہاتھ بھی اس کے ہاتھ پہ رکھ دیا۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہاز کا توازن برقرار ہوا تو زاہنور بھی سیدھی ہو کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔ ایک دو گہرے سانس

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

لیے۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔اس کا ہاتھ ابھی تک حمین شاہ کے ہاتھوں میں تھا جسے اس نے مضبوطی سے تھام رکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور نے ایک نظر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دلچسپی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے سوالیہ نظروں کے جواب میں اس نے کندھے اچکائے اور سیدھا ہو کے سامنے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کی نظر اس کے چہرے سے ہوتی اپنے ہاتھ پہ پڑی جو اس کے ہاتھ کی گرفت میں تھی۔۔۔۔اس نے نرمی سے اپنا ہاتھ کھینچا اور اپنی گود میں رکھ کے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں پھنسائی بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کی نظریں خود پہ محسوس کرتے ہوئے بھی وہ حتیٰ الامکان کوشش کر رہی تھی کہ اس کی طرف دیکھنے سے گریز کرے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک تو اتنی دور نئی جگہ جانے سے اس کا دل بیٹھ رہا تھا اور اوپر سے حمین شاہ کی نظریں اسے بار بار کنفیوز کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نیویارک ائیرپورٹ پہ بھی وہ معصوم سی بنی اس کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے لیے اپنے فلیٹ میں آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے ایک ہی نظر میں پورے لاونج کا ایکسرے کیا۔۔۔۔

"تم ریسٹ کرو۔۔۔۔میں اپنی میٹنگ نپٹا کے آتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ اپنا موبائل چیک کرتے ہوئے کہہ رہا تھا جبکہ اس کی بات پہ زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا

"مجھے اکیلا چھوڑ کے جا رہے ہو "

اس کے انداز پہ حمین شاہ نے نظریں اٹھا کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔زاہنور گھبرا کے نظریں چرا گئی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"م۔۔۔میرا مطلب ہے کہ میں اکیلی یہاں۔۔۔۔۔۔ "

وہ اس کے قریب آگیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور پیچھے کی طرف جانے ہی لگی تھی جب حمین شاہ نے اسے کمر سے تھام کے اپنے قریب کیا۔۔۔

"تم چاہو تو میں میٹنگ کل کے لئے رکھ لیتا ہوں "

وہ اتنے گھمبیر لہجے میں سرگوشی کر رہا تھا کہ زاہنور کو اپنے کان گرم ہوتے محسوس ہوئے تھے

"ن۔۔۔نہیں۔۔۔۔م۔۔۔میں سو جاتی ہوں تب تک "

اس نے ہکلا کے کہا تو حمین شاہ کے چہرے میں مسکراہٹ بکھر گئی۔۔۔۔۔نرمی سے اپنے ہاتھ اس کی کمر سے ہٹائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور بے ساختہ سا قریب ہو کے اس کی پیشانی پہ اپنے لب رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور کو اپنی پیشانی جلتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ٹیک کیئر۔۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور کے لئے پلکیں اٹھانا مشکل کام ہی لگا۔۔۔۔وہ اسے بھرپور نظروں سے دیکھتا آگے بڑھ گیا اور فلیٹ سے نکل گیا۔۔۔جبکہ زاہنور نے ایک ٹھنڈی سانس خارج کی۔۔۔۔۔

حمین شاہ جب بھی اس کے قریب آتا زاہنور کو لگتا وہ اب سانس نہیں لے پائے گی۔۔۔۔۔۔۔ڈھڑکنیں سنبھالتی تو دل باہر آنے لگتا۔۔۔۔۔۔وہ اب فلیٹ کا جائزہ لینے لگی تھی۔۔۔۔۔۔تین کمروں کا خوبصورت سا فلیٹ تھا ۔۔۔۔۔۔۔وہ یونہی آرام سے چلتی ہر کمرے کا جائزہ لینے لگی۔۔۔۔۔پھر کچن میں آ کے اس نے فریج کا جائزہ لیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جہاں کھانے کی ہر چیز رکھی ہوئی تھی اس نے پانی کا بوتل اٹھایا اور فریج بند کر کے ٹیبل پہ پڑا گلاس اٹھا کے اس میں پانی انڈیلنے لگی۔۔۔۔۔اس کے لب مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔وہ خوش تھی اب۔۔۔۔۔اس کے اندر کا ڈر اگر ختم نہیں ہوا تھا کم ضرور ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میٹنگ سے اس کی واپسی رات گئے ہی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔تھکا تھکا سا وہ اندر آیا تو ہر طرف خاموشی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بیڈ روم کی طرف بڑھا۔۔۔۔۔زاہنور اس کے انتظار میں سو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کر کے اس نے ٹائی صوفے پہ پھینک دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بیڈ پہ آہستگی سے اس کے قریب آ کے وہ لیٹا تو یونہی بے اختیار سا ہو کے وہ اس کو دیکھے گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے نیم وا لبوں کو اس نے آہستگی سے اپنے انگوٹھے سے چھوا تو وہ تھوڑا سا کسمسائی تھی۔۔۔۔۔حمین شاہ کے لب دھیرے سے مسکرا پڑے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے سوتے میں رخ موڑ لیا تھا اب اس کی پشت تھی حمین شاہ کی طرف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے بال بکھرے پڑے تھے تکیے پہ وہ بے خود سا اس کے قریب ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے شرٹ کی زپ کو آہستگی سے نیچے کر کے حمین شاہ نے اپنے لب اس کی پشت پہ رکھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کی اچانک آنکھ کھلی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ دور ہونا چاہتی تھی لیکن حمین شاہ نے اس کے گرد اپنے بازو پھیلا کے اس کے کان میں سرگوشی کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

"یہیں رہو زاہنور میرے پاس پلیز "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

گھمبیر لہجے میں سرگوشی کرتا وہ اب اپنے لبوں سے اس کی پشت پہ گستاخیاں کرنے لگا اور زاہنور سانس روکے اس کے ہر لمس کو محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی گرم سانسیں اب زاہنور کی گردن کو چھو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے کان کی لو کو ہلکا سا دانتوں سے دبا کے اس کا رخ اپنی طرف کر چکا تھا وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور ڈھڑکتے دل کے ساتھ اس کی گستاخیاں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی شرٹ کندھوں سے تھوڑا نیچے کر کے وہ اب اس پہ جھکا اپنے محبت کے لمس چھوڑ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ح۔۔۔۔ حمین شاہ پلیز "

وہ اپنی بہکتی سانسوں کے بیچ بس اتنا ہی کہہ سکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور آج نہیں پلیز۔۔۔۔۔ آج تو تھوڑی سی گستاخیاں کرنے دو پلیز "

وہ سرگوشی میں کہتا اس کے لبوں پہ جھک چکا تھا اب اور زاہنور اب بنا مزاحمت کے اس کی محبت بھری مدہوشیوں میں خود بھی مدہوش ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محبت سے منہ موڑنا آخر کب تک۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ کی محبت تو بس اس کے لئے ہی تھی تو پھر اب منہ موڑنا کس بات کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح اس کی آنکھ کھلی تو یوں خود کو حمین شاہ کے بے حد قریب پا کے وہ ایکدم سے اٹھنے ہی لگی تھی جب حمین شاہ نے اسے تھام کے دوبارہ سے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بوکھلا کے اس کے چوڑے سینے سے جا لگی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"گڈ مارننگ مائی لو "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور تو اس سے آنکھ نہیں ملا پا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کی نیند بھری سرگوشی زاہنور کے کان میں ابھری تو وہ اس کے سینے میں اپنا چہرہ چھپانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ادھر میری طرف دیکھو "

حمین شاہ کا دل چاہ رہا تھا اس لمحے وہ زاہنور کا سرخ پڑتا چہرہ دیکھ لے جو وہ شرم سے اس کے بانہوں میں ہی چھپے جا رہی تھی۔۔۔۔

وہ نفی میں سر ہلاتی نظریں جھکائے ہوئی تھی۔۔۔۔۔

"اوہ کم آن زاہنور۔۔۔۔۔وائی سو شائی؟ "

وہ مسکرا رہا تھا جبکہ زاہنور کے گال ہی دہک اٹھے تھے اور اس کا پورا وجود اس کے بازوؤں میں جیسے کانپ رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی بے ترتیب ہوتی سانسیں حمین شاہ کو اپنے گردن پہ محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔

"سوچ لو میرے ارادے پھر سے رومینٹک ہو رہے ہیں "

زاہنور نے ایکدم گھبرا کے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس لمحے ان آنکھوں کی معصومیت میں حمین شاہ کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے گھبرا کے جلدی سے پلکیں جھکا دی جبکہ حمین شاہ نے اس کی آنکھوں پہ اپنے لب رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"مجھے تو اب یقین نہیں ہو رہا کہ جس کو میں نے اپنی زندگی کے ان تیرہ سالوں میں بے حد چاہا ہے وہ اب میرے پاس ہے۔۔۔اور صرف میری ہے۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں۔۔۔۔۔اس کا چہرہ۔۔۔۔۔ اس کا مکمل وجود صرف میرا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تم بہت خوبصورت ہو زاہنور۔۔۔۔۔ تم بے حد خوبصورت ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ نرم سی سرگوشی کر رہا تھا اور زاہنور پلکیں جھکائے مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ان تیرہ سالوں میں کوئی بھی لمحہ ایسا نہیں کہ جسمیں تمہاری چاہ نہ کی ہو میں نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہمیشہ یہ سوچتا جب تم پاس ہو گی میرے تو کیا حالت ہو گی میری تب۔۔۔۔۔۔۔۔ کیسے اپنی محبت کا یقین تمہیں دلا پاؤں گا ۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب "

وہ دھیرے سے ہنسا تھا

"اب جب تم اتنے قریب ہو کہ ہمارے بیچ ایک انچ کا بھی فاصلہ نہیں تو ایسے لگ رہا جیسے میں کوئی خواب جی رہا ہوں ۔۔۔۔۔ کوئی بہت خوبصورت خواب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کوئی بہت دلفریب لمحہ۔۔۔۔ پلک جھپکتے ہی سب ختم ہو جائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

اس نے زاہنور کی ٹھوڑی پہ اپنی انگلی رکھ کے اس کا چہرہ اوپر کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور نے اس کی آنکھوں میں دیکھا۔۔۔۔۔۔

"تم بہت خوبصورت ہو زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔ کوئی خوبصورت ساز۔۔۔۔ کوئی خوبصورت غزل ہو تم "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ دھیرے سے کہتا اس کے گال پہ اپنی محبت کے لمس چھوڑ گیا اور زاہنور نے پلکیں جھکا کے اس کی پناہوں میں خود کو دے دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سارا دن زاہنور کو گھما پھرا کے وہ لوگ ڈھیر ساری شاپنگ کر کے ابھی ابھی فلیٹ پہنچے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور آتے ہی کچن میں چلی گئی جبکہ حمین شاہ روم میں جا کے بیڈ پہ آنکھیں موندے لیٹ گیا۔۔۔۔۔۔کچھ دیر وہ زاہنور کا انتظار کرتا رہا پھر خود ہی اٹھ کے کچن میں آ گیا۔۔۔۔۔۔زاہنور ٹیبل پہ بیٹھی ہچکیاں لے رہی تھی جبکہ اس کے سامنے ٹیبل پہ تین کین رکھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"شٹ۔۔۔۔۔ "

دیکھ کے ہی سمجھ گیا کہ وہ جوس سمجھ کے کیا پی بیٹھی ہے۔۔۔۔اسے اپنے دوست پہ غصہ آیا تھا جو اس سے پوچھے بنا ہی اس کی غیر موجودگی میں اس کے فریج میں یہ مشروب رکھ گیا تھا۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔" وہ اس کے قریب آیا تو زاہنور اسے رونی صورت بنا کے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"مجھے ہچکی کیوں آ رہی ہے "

"چلو اٹھو روم میں جا کے ریسٹ کرو۔۔۔۔۔۔۔یو ول بی فائن "

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے اٹھانے لگا۔۔۔۔۔۔لیکن زاہنور نے کھڑے ہو کے اس کی گردن کے گرد اپنے بازو حائل کر دیئے۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیا ہر وقت سو جاؤ۔۔۔۔ سو جاؤ۔۔۔۔ مجھے نہیں سونا "

وہ خفگی سے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے دیکھ کے زیر لب مسکرا پڑا۔۔۔۔۔ جبکہ وہ کہہ رہی تھی

"تم مجھ سے بلکل بھی پیار نہیں کرتے "

وہ منہ بنا کے کہہ رہی تھی جبکہ حمین شاہ اسے دلچسپی سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"اچھا؟؟؟؟ وہ کیسے ؟ "

وہ بھی زاہنور کی کمر پہ اپنے ہاتھ رکھے اس سے پوچھنے لگا

"دیکھو نا۔۔۔۔۔ پیار ہی نہیں کرتے بس سو جاؤ۔۔۔ سو جاؤ "

وہ اس کے سینے مکے مارتے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

"لیکن میں تو تم سے بہت پیار کرتا ہوں ؟ "

اسے اس وقت زاہنور پہ پیار آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"ایسے ہوتا ہے پیار ؟ "

وہ اپنی نیند بھری آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ حمین شاہ اس کی آنکھوں کو ہی دیکھے گیا۔۔۔۔۔۔۔

"تو اور کیسے ہوتا ہے میری جان ؟ "

وہ اسے محبت پاش نظروں سے دیکھتا پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"مجھے کیا پتہ اب "

وہ کندھے اچکا کے بولی۔۔۔۔۔۔۔

تو حمین شاہ کو ہنسی آ گئی۔۔۔۔

"ہنسو مت۔۔۔۔۔۔۔ ہششششش "

وہ اس کے ہونٹوں پہ انگلی رکھ کے اسے ہنسنے سے روکنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔

"تم بھی پیو نا۔۔۔۔۔۔بہت مزے کی ہے "

وہ پیچھے دیکھنے کی کوشش کرتی بولی

"مجھے اور بھی پینی ہے "

وہ اس کی بانہوں سے نکلنے کی کوشش کرتی بولی تھی۔۔۔۔۔

"نہیں اور نہیں پینا۔۔۔۔ چلو سوتے ہیں اب "

وہ اسے اپنے ساتھ کچن سے باہر لے جاتے کہنے لگا

"مجھے نہیں سونا۔۔۔۔۔ "

وہ منہ بنا کے ضدی لہجے میں بولی۔۔۔۔۔

"مجھے تم سے باتیں کرنی ہے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اس کے قریب ہوتی اس کی آنکھوں میں دیکھتی کہنے لگی۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔۔اس کی یہ ادائیں حمین شاہ کے لئے بلکل نئی تھی۔۔۔۔۔

"تمہیں بہت سارا دیکھنا ہے میں نے۔۔۔۔۔۔اور "

"اور؟" وہ پوچھنے لگا تو زاہنور اس کی آنکھوں میں کھوئی کھوئی سی دیکھنے لگی۔۔۔۔

"تم سے محبت کرنی ہے حمین شاہ "

حمین شاہ کو اپنا دل ڈوبتا محسوس ہوا تھا

"پتہ ہے کیا حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔۔۔۔بہت سارا۔۔۔۔۔۔اتنا سارا۔۔۔۔ "

وہ ہاتھوں کے اشارے سے بتانے لگی۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اس کے اظہار پہ اسے دیکھے جا رہا تھا۔۔۔۔

"لیکن تم مجھے بہت تنگ کرتے ہو۔۔۔۔۔بہت بہت زیادہ رلاتے بھی ہو پھر کہتے ہو محبت کرتا ہوں تم سے زاہنور ۔۔۔۔۔۔ایسے کوئی کرتا ہے محبت کیا؟ "

وہ اس سے پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

"اب تو نہیں۔ تنگ کرتا۔۔۔۔اب تو نہیں رلاتا "

اسے عجیب احساسات نے گھیر لیا تھا۔۔۔۔وہ اس کے بالوں کو سنوارتے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

"اب۔۔۔۔۔بہت بہت اچھے ہو۔۔۔۔۔مجھے کچھ نہیں کہتے۔۔۔۔۔مجھے پیار کرتے ہو۔۔۔۔۔۔۔لیکن "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ رک کے اس کی آنکھوں کو اپنی ہاتھوں کی انگلیوں سے چھونے لگی۔۔۔۔۔۔ پھر اس کے چہرے پہ ہاتھ پھیر کے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں آنسو تھے

"میں ناں تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت ساری محبت۔۔۔۔۔مجھے پھر سے نہیں چھوڑ دو گے نا "

"نہیں کبھی نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔۔ "

اس کی آنسوؤں کو اپنے لبوں سے صاف کرتا وہ کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"مت چھوڑنا کبھی۔۔۔۔۔۔میں مع جاؤں گی "

"ہششششششش "اس کی آنکھوں میں دیکھتا وہ اسے کچھ بھی کہنے سے منع کرنے لگا۔۔۔۔۔

"تم سے بے حد محبت کرتا ہوں زاہنور۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں اپنی آخری سانس تک خود سے کبھی دور نہیں ہونے دوں گا۔۔۔آئی پرامس یو "

وہ مسکرانے لگی۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے نیند کیوں آرہی ہے۔۔۔۔ "

وہ اس کے سینے پہ سر رکھتے دھیرے سے بولی تھی۔۔۔۔ حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔وہ اس کے بانہوں میں جھول ہی گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ دھیرے سے مسکرا پڑا۔۔۔۔اسے بانہوں میں اٹھا کے وہ بیڈ روم کی طرف جانے لگا۔۔۔۔۔اسے بیڈ پہ لٹا کے اس پہ کمفرٹر اوڑھایا۔۔۔۔۔۔وہ بے حد معصوم لگ رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔اور اتنے معصوم انداز میں اظہار کے بعد تو وہ حمین شاہ کو اپنے دل کے بے حد قریب محسوس ہو رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میرا وجود مکمل تم سے ہوتا ہے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اتنا جان لو تم بس "

وہ دھیمے لہجے میں کہتا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بیل بجا کے وہ اب دروازہ کھلنے کا انتظار کرنے لگا۔۔۔۔ لیکن دروازہ نہیں کھلا تو اس نے دوبارہ بیل بجائی

۔۔۔۔۔۔کچھ دیر بعد دروازہ ایک لڑکے نے کھولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نیناں کی بجائے ایک لڑکے کو دیکھ

کے حیران رہ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کون ہے ڈارلنگ؟ "

پیچھے سے نیناں بھی آئی تھی اور زخمی حالت میں کھڑے شاہ ویز کو دیکھ کے وہ ٹھٹھک کے رک گئی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"یہ لڑکا کون ہے نیناں؟ "

وہ اس پہ ایک نظر ڈال کے اب نیناں سے پوچھ رہا تھا جبکہ وہ اسکی بانہوں میں جا کے شاہ ویز کو دیکھتی کہنے لگی۔

"مائی بوائے فرینڈ"

شاہ ویز حیرت سے انھیں دیکھ رہا تھا پھر ایکدم آگے بڑھا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تیری تو۔۔۔۔۔ "

لیکن اس لڑکے نے ایک ہی وار میں شاہ ویز کو نیچے جا گرایا۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھنے کی کوشش کرنے لگا لیکن نہ اٹھ پایا ایک تو پہلے سے وہ زخمی تھا اور اب اس لڑکے کے ایک ہی وار سے وہ گرا تو اٹھنے کے قابل ہی نہ رہا۔۔۔۔۔۔

"بڑی بدذات نکلی تم تو "

وہ نیناں کو دیکھتے کہہ رہا تھا

"جو اپنی بیوی کا نہ ہو سکا وہ میرا کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔ "

نیناں تنفر سے اسے دیکھتی کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"بکواس بند کر تیری جیسی عورتیں۔۔۔۔ "

وہ غصے سے کچھ کہنے والا تھا جب وہ لڑکا ایکدم آگے بڑھا اور اس کا گریبان پکڑ لیا

"زبان سنبھال کے بات کر۔۔۔۔۔۔اپنی غلاظت اٹھا کے چلتا بن ادھر سے۔۔۔۔۔۔۔ "

اسے پیچھے دھکیلتا وہ کہہ کے نیناں کو لیے اندر جانے لگا۔۔۔۔۔جب نیناں اسے رکنے کا کہہ کے خود شاہ ویز کے پاس آئی

"غلطی تیری بیوی میں نہیں تھی۔۔۔۔ غلطی تجھ میں ہے۔۔۔۔۔۔زاہنور لکی تھی جو اسے تجھ کمینے سے چھٹکارا مل گیا۔۔۔۔۔۔چل نکل اب ادھر سے "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے نفرت سے دیکھتی اندر کی طرف بڑھ گئی اور دروازہ بند کر دیا جبکہ شاہ ویز اس دروازے کو کچھ دیر دیکھتا رہا پھر اٹھنے کی کوشش کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔ لڑکھڑاتے قدموں وہاں سے جانے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا سب چھن چکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ بھی نہیں تھا اس کے پاس۔۔۔۔۔ نفرت اور بدلے کی آگ میں سلگ رہا تھا وہ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح اس کی آنکھ کھلی تو اسے اپنا سر بھاری سا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نیم وا آنکھوں سے سر تھامے اس نے اپنے دائیں طرف دیکھا تو بیڈ خالی تھا۔۔۔۔۔اس نے ادھر ادھر دیکھا حمین شاہ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اٹھ کے اسے ڈھونڈتی کمرے سے باہر نکلی۔۔۔۔ کچن سے مزے کی خوشبو آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ مسکراتی ہوئی کچن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"آرے اٹھ گئی میری بیگم "

حمین شاہ کی نظر اس پہ پڑی تو خوشدلی سے کہنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں بنا لیتی ناشتہ۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ کہتی اس کے پاس آئی تھی۔۔۔۔۔۔

" بلکل بھی نہیں۔۔۔ میری گیسٹ ہے آپ میری جان "

اس کے میری جان کہنے پہ وہ جھینپ ہی گئی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"طبیعت کیسی ہے؟ "

وہ مصروف سا اس سے پوچھ رہا تھا۔۔۔

"ٹھیک ہوں۔۔۔ "

اس نے بے دلی سے کہا۔۔۔۔ حمین شاہ نے غور سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

"لگ تو نہیں رہی۔۔۔۔۔ "

"میں اتنا زیادہ کیسے سوئی۔۔۔۔۔۔ابھی بھی سر بھاری سا ہے "

زاہنور اپنی دھن میں بول رہی تھی جبکہ حمین شاہ زیر لب مسکرا رہا تھا

"کیونکہ رات کو آپ کی ادائیں بھی بڑی دلکش دلکش سی تھی "

وہ مسکراتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔ زاہنور جھینپتی ہوئی اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

"یاد تو ہو گا نہیں کچھ میری بیگم کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مدہوش مدہوش سی جو تھی "

حمین شاہ کچھ یاد آنے پہ مسکرا پڑا۔۔۔

"ک۔۔۔ کیا مطلب؟ مجھے کیوں کچھ یاد نہیں "

حمین شاہ اس کے گھبرائے روپ کو دیکھنے لگا۔۔۔ پھر اسکے قریب آ کے اس کی ناک کو ہلکا سا اپنی ناک سے چھوا

۔۔۔۔۔

"کیونکہ تم ہوش میں جو نہیں تھی "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور گھبرا کے پیچھے ہٹی۔۔۔۔

"ک۔۔۔۔کیا ہے میں نے؟ "

"افففف مت پوچھو۔۔۔کیا کیا کچھ کیا ہے تم نے میری جان "

وہ مزے سے اسے تنگ کر رہا تھا اور وہ پریشان آنکھیں لیے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"ویسے کافی رومینٹک ہو تم تو۔۔۔۔۔ "

وہ آنکھ ونک کرتا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"اتنی رومینٹک۔۔۔۔۔۔سوچا بھی نہیں تھا کہ اتنی رومینٹک ہو گی تم۔۔۔۔۔۔۔۔بس تمہیں شرماتے ہی دیکھا تھا ہمیشہ لیکن کل رات تم تو افففف۔۔۔۔۔ "

وہ ایکدم وہیں بیٹھ کے رونے لگ گئی تھی۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اسے حیرت سے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"رو کیوں رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ اس کے پاس بیٹھ کے اس کے ہاتھ اس کے چہرے سے ہٹانے لگا

"اچھا بابا ایم سوری میں مذاق کر رہا تھا یار "

اس کے رونے میں شدت آگئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔پلیز یار مت رو۔۔۔۔۔۔۔ایسے کیوں رو رہی ہو۔۔۔ایم یور ہز بینڈ یار "

"م۔۔۔مجھے ک۔۔۔۔کیا ہوا تھا "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ روتے ہوئے پوچھ رہی تھی

"تمہیں چڑھ گئی تھی "

اس کی سوں سوں کرتی ناک دیکھ کے دل پھر سے شرارت پہ اکسانے لگا تھا اسے۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ وہ بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

"افففففف زاہنور اپنی ان آنکھوں سے کتنی بار قتل کرو گی میرا تم "

حمین شاہ اسے محبت پاش نظروں سے دیکھتا کہنے لگا جبکہ زاہنور گھبرا کے پلکیں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔۔

"تم نے جوانی جگہ کچھ اور پی لیا تھا۔۔۔ جس سے تم وہ۔۔۔۔۔۔ "

اس کی پریشان آنکھیں دیکھ کے وہ رک گیا۔۔۔۔

"تمہیں تھوڑا نشہ سا چڑھ گیا تھ۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ ابھی مکمل بول بھی نہیں پایا تھا جبکہ زاہنور پھر سے رونے لگ گئی۔۔۔۔۔۔

"گندی باتیں کی ہو گی میں نے۔۔۔۔۔۔۔ "

اس کی رونی صورت اور اس کی باتیں سن کے حمین شاہ کو ہنسی آ گئی تھی جبکہ زاہنور اسے شاکی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تو وہ ہنسی روک کے اسے دیکھنے لگا پھر اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔

"کوئی غلط باتیں نہیں کی تم نے۔۔۔۔ بہت اچھی باتیں کی ہیں تم نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ نرمی سے کہہ رہا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آئی لو یو زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

اس کی پیشانی پہ اپنی پیشانی ٹکا کے اس نے سرگوشی کی تھی۔۔۔۔۔

"اب اجازت ہے میں اپنی بیگم کے لئے ناشتہ بناؤں؟ "

وہ اس کے سوالیہ انداز پہ وہ اسے اچھی بھی شاکی نظروں سے دیکھ رہی تھی

"لاسٹ ٹائم کہہ رہا ایسے نہیں دیکھو مجھے۔۔۔۔۔مجھے کچھ کچھ ہو رہا ہے پھر نہ کہنا تنگ نہیں کرو مجھے حمین شاہ "

اس کی نقل اتارتے وہ کہہ رہا تھا زاہنور ایکدم پیچھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔ گھبرائی گھبرائی سی وہ حمین شاہ کو اپنے دل میں اترتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اسے تنگ کرنے کا ارادہ ترک کر کے وہ اٹھا۔۔۔

"چلو تم شاور لے کے فریش ہو جاؤ۔۔۔ مل کے ناشتہ کرتے ہیں اور پھر تمہیں اپنی فیورٹ جگہیں دکھانے لے جاؤں گا "

زاہنور بھی کھڑی ہو چکی تھی۔۔۔۔ حمین شاہ پہ ایک نظر ڈال کے وہ کچن سے باہر نکل گئی جبکہ حمین شاہ مسکراتا ہوا ناشتہ بنانے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

" کہاں ہے وہ منحوس۔۔۔۔جو میرے بیٹے کی خوشیاں کھا گئی "

نفیسہ شاہ مینشن میں قدم رکھتے ہی چلانے لگی۔۔۔۔۔ گارڈز اسے روکنے کے لئے آگے بڑھے جبکہ لان میں بیٹھے دلاور شاہ کی نظر ان پہ پڑی "عبدل کیا بات ہے؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عبدل جوان کی طرف آرہا تھا دلاور شاہ نے ان سے پوچھا

"بڑے صاحب وہ چھوٹی بی بی جی۔۔۔۔۔۔وہ "

اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیسے بتائے انھیں اب۔۔۔۔

"بھیجو میرے پاس "

دلاور شاہ کچھ نہ سمجھتے ہوئے بولے تو عبدل منہ موڑ کے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب واپس آیا تو نفیسہ بھی اس کے ساتھ تھی۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ اسے پہچان چکے تھے۔۔۔۔

"جی بیٹھیے"

انھوں نے نرمی سے کہا لیکن وہ ناگواری سے کہنے لگی

"بیٹھنے نہیں آئی میں یہاں۔۔۔۔۔۔۔اپنے بیٹے کے حق میں کیے گئے ناانصافی کا حساب لینے آئی ہوں "

"کیسی ناانصافی۔۔۔میں کچھ سمجھا نہیں۔۔۔۔۔۔اور ویسے بھی حساب تو مجھے آپ سے لینا چاہیئے کہ میری پوتی کے ساتھ آپ کا بیٹا جو کچھ کر چکا۔۔۔۔ "

وہ سپاٹ لہجے میں بولے تھے

"آپ کی پوتی "

اس نے نخوت سے سر جھٹکا

"آپ کی پوتی ڈائن ہے۔۔۔۔۔کھا گئی میرے بیٹے کو۔۔۔۔۔بد چلن بدذات۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"خاموش رہئے آپ "

دلاور شاہ طیش کے عالم میں اپنی جگہ سے اٹھے تھے اور شعلہ بار نگاہوں سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔

"میرے خاموش رہنے سے کیا ہو گا۔۔۔آپ کے پوتے نے پہلے وعدہ دیا کہ اس زاہنور سے نکاح کر کے وہ اسے طلاق دے دے گا۔۔۔۔۔تاکہ میرا بیٹا پھر سے اس سے نکاح کر سکے۔۔۔۔۔لیکن اب حمین شاہ نہ صرف مکر رہا ہے بلکہ اس نے میرے بیٹے کو مار مار کے لہولہان کر دیا۔۔۔۔۔۔زخمی حالت میں پڑا ہے بستر پہ وہ "

نفیسہ منہ پہ دوپٹہ رکھے اب رو رہی تھی جبکہ دلاور شاہ حیرت سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔

"یہ کیا بکواس ہے؟ "

ان کی آواز اونچی ہو گئی تھی۔۔۔۔نفیسہ ایکدم گھبرا کے دوپٹہ چھوڑ کے انھیں دیکھنے لگی

"لے آپ کو تو پتہ ہی نہیں کچھ۔۔۔۔کہ آپ ہی کے اس بڑے سے گھر میں کیا کچھڑی پک رہی ہے۔۔۔۔۔ ارے ایویں اس منحوس کو اس گھر میں رکھا ہوا ہے۔۔۔بانجھ ہے وہ بانجھ۔۔۔۔۔۔کوئی سکھ نہیں دے گی وہ آپ لوگوں کو۔۔۔۔۔۔بد چلن آوارہ میرا بیٹا۔۔۔۔ "

وہ کہہ رہی تھی جب دلاور شاہ چلائے

"بس۔۔۔۔۔۔۔۔"

گارڈز اپنے مالک کو یوں غصے میں دیکھ کے قریب آئے تو وہ سب کو دیکھ کے وہاں سے نکل جانا ہی مناسب سمجھی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"م۔۔۔میں چلتی ہوں پھر "

کہہ کے وہ تقریباً بھاگتی ہوئی وہاں سے نکلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ کا دل جیسے ڈوب رہا تھا انھیں درد کا احساس ہو رہا تھا۔۔۔ایکدم سے اپنے دل پہ ہاتھ رکھ کے وہ بیٹھتے چلے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عبدل اور گارڈز نے آگے بڑھ کے انھیں تھام لیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ تیار ہو رہی تھی۔۔۔۔انھیں حمین شاہ کے دوست کی پارٹی میں جانا تھا جبکہ حمین شاہ اسے بار بار تنگ کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

"حمین نہیں کرو پلیز۔۔۔ "

وہ بلش آن لگاتے بولی تو وہ پیچھے سے اس کے قریب ہو کے اس کے کندھے پہ اپنی ٹھوڑی ٹکا دی۔۔۔

"میں کیا کر رہا اب میری بیگم "

وہ اسے ناراضگی سے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

"اچھا ویسے ایک امپورٹنٹ بات تو بتانا بھول گیا میں "

حمین شاہ اسے دیکھتے کہنے لگا۔۔۔جبکہ زاہنور کی سوالیہ نظریں اس پہ تھی

"کون سی بات؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"وہاں جوس سمجھ کے کوئی ڈرنک ورنک نہ پی لینا۔۔۔۔۔۔۔اب یہاں تو میں اور تم ہی تھے وہاں سب کے بیچ تم رومینٹک ہو کے مجھ سے رومینس کرنے لگ گئی تو میں منع نہیں کر پاؤں گا۔۔۔سب ہمیں دیکھے گیں "

وہ مزے سے کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور تو سرخ ہی پڑ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایسی باتیں نہیں کرو "

"کیوں میری شرمیلی بیوی "

وہ دلچسپی سے اس کا عکس سامنے لگے آئینے میں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ وہ جھینپ ہی گئی تھی اس کی بات پہ۔۔۔۔

"ویسے مجھے لگتا دن میں ایک آدھ پی لینی چاہیئے تمہیں۔۔۔۔۔رومینٹک بہت زبردست ہوتی ہو تم۔۔۔۔۔ "

وہ شرارتی آنکھوں سے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ زاہنور سٹپٹا ہی گئی۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے اس کے گال کو اپنے لبوں سے چھوا۔۔۔۔۔

"تمہارا ہر روپ مجھے بہکا سا دیتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بن پیے بہک جاتا ہے آپ کا یہ بندہ آپ کو دیکھ دیکھ کے "

وہ ابھی اور بھی پھلجڑیاں جڑتا۔۔۔۔ لیکن اس کے موبائل پہ کال آئی تھی وہ دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔پرائیوٹ کال تھی ۔۔۔۔اس نے موبائل کان سے لگایا۔۔۔۔

"ہیلو۔۔۔۔ "

"چھوٹے مالک۔۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عبدل رو رہا تھا۔۔۔

حمین شاہ ایکدم سیدھا ہو گیا

"کیا ہوا ہے عبدل۔۔۔ "

"چھوٹے مالک۔۔۔۔۔۔ بڑے صاحب کو دل کا دورہ پڑا ہے۔۔۔۔ "

"وہاٹ۔۔۔۔" وہ ایکدم چلایا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کال ڈسکنیکٹ کر کے وہ جلدی سے دوسری کال ملانے لگا۔۔ زاہنور بھی پریشان نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

"کیا ہوا ہے حمین۔۔۔ سب ٹھیک تو ہے؟ "

"دادا ابو کو ہارٹ اٹیک ہوا ہے "

وہ پریشانی سے کہتا اب کال پہ ٹکٹ کنفرم کرنے کا کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور حیرت سے حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔

حمین شاہ کال ڈسکنیکٹ کر کے اسے دیکھنے لگا

"زاہنور۔۔۔۔ "

اسے کندھے سے تھام کے حمین شاہ نے آواز دی۔۔۔۔۔ وہ بھیگی آنکھوں سے حمین شاہ کو دیکھنے لگی

"ک۔۔۔ کیا ہوا ہے دادا ابو کو "

"ہم جا رہے ہیں پاکستان۔۔۔ ریلیکس "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے کہہ کے اب خود پریشان سا ادھر ادھر ٹہلنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور موبائل کان سے لگا کے وہ کسی ڈاکٹر سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔جہاں دلاور شاہ ایڈمٹ تھے۔۔۔۔وہاں کی انفارمیشن لے رہا تھا اس سے۔۔۔۔۔۔جبکہ زاہنور کو پل بھر میں یہی لگا جیسے وہ اپنا سب کھو چکی ہو۔۔۔۔۔۔

ائیر پورٹ پہنچتے ہی وہ دونوں ہاسپٹل کی طرف گئے تھے اور اب آئی سی یو کے باہر ڈاکٹر کے باہر آنے کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور بنچ پہ بیٹھی بار بار دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی جبکہ حمین شاہ تھوڑے فاصلے پہ عبدل کے ساتھ کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسے نفیسہ کے آنے کے بارے میں بتا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور حمین شاہ نے غصے سے اپنی مٹھیاں بھینچ لی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسی وقت ڈاکٹر باہر آیا تو حمین شاہ سر جھٹکتا اس کی طرف چلا گیا جبکہ زاہنور بھی اٹھ کے ان کے پاس آ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ہی از فائن ناؤ۔۔۔۔۔بٹ بہت کیئر کرنی ہے کیونکہ دوسرا اٹیک ڈینجر یس بھی ہو سکتا ہے "

ڈاکٹر انھیں بتا رہے تھے

"وہ اب بلکل ٹھیک تو ہے نا؟ "

زاہنور بھیگی آنکھوں سے انھیں دیکھتی پوچھ رہی تھی۔۔۔۔

"جی کہہ سکتے ہیں لیکن آپ کو ان کا اب سب سے زیادہ خیال رکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ہم روم میں شفٹ کر رہے ہیں۔۔۔۔۔آپ مل لیجئیے گا "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ڈاکٹر کہہ کے آگے بڑھ گیا جبکہ زاہنور آنسو بھری آنکھوں سے حمین شاہ کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اس کے گرد اپنے بازو پھیلائے

"ریلیکس۔۔۔۔ ٹھیک ہو جائے گیں انشااللہ "

اسے تسلی دے کے وہ خود اب آگے کی سوچ رہا تھا کہ اب دلاور شاہ کو وہ کیا جواب دے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ان کے سوالوں کا سوچ سوچ کے حمین شاہ کا سر پھٹنے لگا اور دوسری طرف سے اسے نفیسہ اور شاہ ویز پہ سخت غصہ آ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جن کی وجہ سے دلاور شاہ کی یہ حالت ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تم یہیں بیٹھو۔۔۔۔ میں آتا ہوں کچھ دیر میں "

وہ اسے تسلی دیتا وہاں بٹھا کے عبدل کی طرف مڑا

"یہاں سے کہیں نہیں جانا عبدل۔۔۔۔ ایک سیکنڈ کے لئے بھی نہیں۔۔۔۔ میں آتا ہوں "

عبدل سر ہلاتا وہیں کھڑا ہو گیا جبکہ حمین شاہ ایک نظر زاہنور پہ ڈال کے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے نکلتا چلا گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باہر آ کے اس نے اپنے بندوں کو کال کی اور انھیں سب سمجھا کے وہ اب وہیں بنچ پہ بیٹھ گیا اور کھلی فضا میں وہ اپنے درد سے پھٹتے سر کو پکڑ کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سوچ سوچ کے اس کا ذہن مفلوج ہو رہا تھا کہ اب اپنے دادا ابو کے سوالوں کا وہ کیا جواب دے گا۔۔۔۔۔۔۔ کیسے سمجھائے گا انھیں کہ ایسا کچھ نہیں ہے اب۔۔۔۔۔ سب ٹھیک ہے اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بیل بجنے پہ جیسے ہی نفیسہ نے دروازہ کھولا تو تین چار مسلح آدمی اندر گھستے آئے تھے۔۔۔۔نفیسہ چیختی رہ گئی

"ارے کون ہو تم لوگ "

"بکواس بند کرو۔۔۔۔ "

ان میں سے ایک غرایا تھا

شاہ ویز بھی لنگڑاتا ہوا آ گیا تھا۔۔۔دیکھتے ہی پہچان گیا تھا کہ وہ حمین۔شاہ کے آدمی ہیں

"کیوں آئے ہو یہاں؟ "

وہ اونچی آواز میں بولا تو ان میں سے ایک آگے بڑھ کے ریوالور اس کے سینے پہ رکھ دی

"بکواس بند کرو ورنہ ساری گولیاں تیرے سینے میں اتار دوں گا "

شاہ ویز اب خوفزدہ سا اس آدمی کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"کیا کہا تھا حمین شاہ نے؟؟؟ بھول گئے جو پھر سے شاہ مینشن آئے تھے "

وہ غرایا تھا جبکہ شاہ ویز حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا

"میں کب گیا شاہ مینشن؟ "

"بکواس بند کرو "

وہ اسے مکا مارتے بولا تو نفیسہ جلدی سے اپنے بیٹے کو بچانے آگے بڑھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"م۔۔۔میں۔۔۔۔میں گئی تھی۔۔۔۔۔۔میرے بیٹے کو مت مارو۔۔۔۔اسے نہیں پتہ "

"امی کیوں گئی تھی آپ وہاں؟ "

وہ حیران سا اپنی ماں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ آدمی اب نفیسہ کو خونخوار نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

" بڑی ہوشیار بن رہی ہو۔۔۔۔۔۔نکال دوں ساری ہوشیاری؟ "

وہ چلایا تو نفیسہ خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنے باقی ساتھیوں کو اشارہ کیا۔۔۔تو وہ سب آگے بڑھ کے پورا گھر الٹ پلٹ کرنے لگے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"یہ۔۔۔یہ کیا کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔اللہ کا خوف کرو۔۔۔"نفیسہ دہائی دینے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔

"اگر آئندہ شاہ مینشن کے مکینوں کے آس پاس بھی نظر آئے تو اس گھر کی طرح تمہارا حلیہ بھی بگاڑ دوں گا آئی سمجھ بڑھیا "

وہ کہہ کے مڑا۔۔۔

"چلو۔۔۔"اور اپنے ساتھیوں کو اشارہ کر کے باہر کی طرف نکلا۔۔۔تو باقی تین بھی باہر نکلے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ نفیسہ نے جلدی سے آگے بڑھ کے دروازہ بند کر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جیسے ہی مڑی تو شاہ ویزا سے شاکی نظروں سے دیکھ رہا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں گئی تھی وہاں؟ "

"مجھے اس منحوس پہ کافی غصہ تھا۔۔۔۔اس کا گھر اجاڑنے گئی تھی میں "

وہ پھولی سانسوں کے ساتھ بتانے لگی

"کیوں؟؟؟کس کی اجازت سے؟ "

وہ چلایا تھا

"کہا بھی تھا میں نے کہ مناسب وقت کا انتظار کر رہا ہیں۔۔۔۔پھر کیوں اپنی مرضی سے گئی آپ وہاں؟ "

"زیادہ چلانے کی ضرورت نہیں ہے شاہ ویز۔۔۔ماں ہوں میں تیری۔۔۔۔۔۔یہ حلیہ بنا کے آ گئے تم وہاں سے اپنا اور اب مناسب وقت کا انتظار کر رہے۔۔۔۔۔۔۔۔پھر سے یہی حشر کرے گیں وہ تیرا۔۔۔۔۔۔۔۔ "

نفیسہ اس کی باتوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے کہہ رہی تھی

"نہیں امی اب نہیں۔۔۔۔۔۔اب تو میں اس زاہنور کا وہ حشر کروں گا کہ حمین شاہ سر پیٹتا رہ جائے گا لیکن اسے ڈھونڈ نہیں پائے گا۔۔۔۔۔ "

اس کی آنکھوں میں نفرت تھی

"نفرت کرتا ہوں میں زاہنور سے۔۔۔۔۔اور اپنی نفرت دکھا کے رہوں گا اسے "

اس کے چہرے پہ زہر خند مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔جبکہ نفیسہ مسکراتی آنکھوں سے اپنے بیٹے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔زاہنور کو بے بس کرنے کا سوچ کی ہی دونوں کی آنکھیں چمک رہی تھی۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ کو ہوش آ چکا تھا۔۔۔۔۔۔زاہنور ان کے پاس بیٹھی نم آنکھوں سے انھیں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"دادا ابو۔۔۔۔۔۔کہا بھی تھا میں نے کہ میں آپ کے پاس ہی رک جاتی ہوں لیکن آپ نے منع کر دیا اگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو "

وہ رونے لگی تھی

"میں ٹھیک ہوں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کہاں ہے؟ "

وہ ابھی روم میں بیڈ پہ نیم دراز تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان کی آنکھیں حمین شاہ کو ڈھونڈ رہی تھی

"باہر ہو گیں۔۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور نے مختصر سا بتایا۔۔۔۔۔۔۔

"تو تم ہمیں چھوڑ کے چلی جاؤ گی زاہنور "

دلاور شاہ کی بات پہ زاہنور نے چونک کے انھیں دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ انکی آنکھیں آبدیدہ تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں چھپایا مجھ سے زاہنور تم دونوں نے؟ "

"کیا دادا ابو؟ "

زاہنور نظریں چراتے پوچھنے لگی۔۔۔۔

"یہ جو تم مجھ سے نظریں نہیں ملا پا رہی اس کا مطلب جو میں سنا سب سچ ہیں "

دلاور شاہ کے لہجے میں ان کا دکھ بول رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ زاہنور سر جھکا گئی۔۔۔۔۔ حمین شاہ بھی اندر آ چکا تھا

"دادا ابو کیسے ہیں اب آپ؟ "

وہ مسکراتا ہوا ان کی طرف بڑھا تھا لیکن دلاور شاہ نے ہاتھ اٹھا اسے آگے آنے سے روک دیا۔۔۔۔ حمین شاہ کے قدم وہیں منجمد ہو گئے جبکہ دلاور شاہ کی آنکھوں میں شکایت اور دکھ ہلکورے لے رہی تھی

"اپنے دادا ابو کو دھوکے میں رکھ کے شرم نہیں۔ آئی تمہیں حمین شاہ؟ "

حمین شاہ لب بھینچ گیا

"دادا ابو ایسی کوئی بات نہیں۔ "

"بس۔۔۔۔ "

دلاور شاہ اونچی آواز میں بولے

"اتنا بے غیرت کیسے ہو سکتا ہے میرا بیٹا کیسے کہ اس گھناونے فعل میں وہ شریک ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ نکاح کو کھیل سمجھا ہوا ہے تم نے؟ کیا ہوا ہے آج کی نسل کو؟ طلاق کو مذاق بنایا ہوا ہے۔۔۔۔ نکاح کو ایک کھیل سمجھ رکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہے۔۔۔۔۔۔عورت کھلونا بن کے رہ گئی ہے تم مردوں کے ہاتھوں۔۔۔ایک چھوڑتا ہے دوسرا اپناتا ہے پھر چھوڑ دیتا ہے پہلا والا اپناتا ہے۔۔۔۔اسلام کی کون سی کتاب میں اس بے غیرتی کا ذکر ہوا ہے۔۔۔کوئی مجھے بتائے گا "

زاہنور خاموشی سے آنسو بہا رہی تھی۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ کو کھانسی شروع ہوئی تو زاہنور اور حمین شاہ دونوں ان کے پاس آئے تھے۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے روک دیا۔۔۔

"دادا ابو پلیز "

زاہنور رونے لگ گئی تھی

"زاہنور۔۔۔۔تم بھی۔۔۔۔تم نے بھی اپنے دادا ابو کو دھوکے میں رکھا "

وہ شکایت آنکھوں میں لیے اسے دیکھ رہے تھے جبکہ زاہنور نفی میں سر ہلانے لگی

"مجھے معاف کر دے دادا ابو پلیز۔۔۔۔مجھ سے آپ کی ناراضگی نہیں برداشت ہوتی پلیز "

وہ روتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے ایک تیز نظر حمین شاہ پہ ڈالی۔۔۔۔۔۔تو وہ نظریں چرا گیا ۔۔۔۔۔

"مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی حمین شاہ کہ تم ایک عورت کو کھلونا بنا کے رکھ دو گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور کے رونے میں شدت آ گئی۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے اس کے جھکے سر کی طرف دیکھا

"ادھر آؤ زاہنور "

وہ ان کے پاس گئی تو دلاور شاہ نے اس کے سر پہ ہاتھ رکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"بس میری بچی۔۔۔۔"زاہنوران کے سینے سے جا لگی

"مجھے معاف کر دے دادا ابو پلیز۔۔۔۔۔۔۔ "

"تمہیں۔کچھ نہیں ہو گا زاہنور بیٹا۔۔۔۔۔۔۔تم میری بچی ہو میں کسی کو بھی تمہاری زندگی سے کھیلنے نہیں دوں گا ۔۔۔۔"

وہ ابھی بھی تیز نظروں سے حمین شاہ کو دیکھ رہے تھے

جبکہ وہ نظریں چرا کے لب بھینچے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسی لمحے سے وہ ڈرتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہی لمحہ اس کے سامنے آن کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ دلاور شاہ سے نظریں ملانے کے قابل بھی نہیں۔رہا تھا اب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس محبت کا دعویٰ کرتا تھا وہ۔۔۔۔۔۔جس محبت کو پانے کے لئے وہ ہر بار دلاور شاہ کے سامنے اپنی بے بسی کا اظہار کرتا اور آج اس کی وہ محبت یوں رسوا ہوئی تھی دلاور شاہ کے سامنے کہ وہ سر اٹھانے کے قابل بھی نہیں رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنی مٹھیاں بھینچے کمرے سے ہی باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

وہ اب گھر شفٹ ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنوران کو میڈیسنز دے کے وہیں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ اب بھی حمین شاہ سے بات نہیں۔کرتے تھے نہ اس کے کسی بات کا جواب دیتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کچھ دیر انھیں دیکھتی رہی۔۔۔۔۔

"دادا ابو ایک بات کہنا چاہ رہی تھی میں۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ہچکچا رہی تھی

"جی بیٹا کہئیے "

وہ نرمی سے بولے تھے

"دادا ابو۔۔۔ حمین شاہ کا کوئی قصور نہیں ہے "

زاہنور نے ابھی کہنا ہی شروع کیا تھا جب دلاور شاہ نے ہاتھ اٹھا کے اسے کچھ بھی کہنے سے روک دیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اس سے متعلق میں کچھ بھی نہیں سننا چاہوں گا زاہنور۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور پریشان نظروں سے انھیں دیکھنے لگی

"وہ کیسے تمہاری زندگی کو مذاق بنا سکتا ہے کیسے ؟۔۔۔۔ یہ طلاق۔۔۔۔ نکاح۔۔۔ شادی یہ کوئی کھیل تو نہیں۔ ہے جوان مردوں نے اسے مذاق ہی بنا کے رکھ دیا ہے۔۔۔۔۔۔ تم ایک لڑکی ہو۔۔۔۔ جیتی جاگتی انسان ہو کیسے دو مرد تمہارے احساسات سے کھیل سکتے ہیں۔ کیسے ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حلالہ کیا ہے ؟؟ اسلام میں حلالہ کی کوئی اہمیت ہے بھی کہ نہیں۔۔۔۔ کبھی اسٹڈی کیا ہے ؟؟؟ ایک مرد اپنی بیوی کو طلاق ہی کیوں دے کہ حلالہ کی نوبت آئے ۔۔۔۔۔ "

READERS CHOICE

وہ جذباتی ہی ہو گئے تھے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ایک مرد جب ایک بار اپنی بیوی کو طلاق دے تو وہ بار بار دے سکتا ہے۔۔۔تو کیا وہ بار بار اپنی بیوی سے حلالہ کرنے کو کہے گا۔۔۔۔۔۔۔بے غیرتی کی انتہا ہے یہ۔۔۔۔ "

زاہنور خاموشی سے سر جھکائے اپنے لب کاٹ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"میں خوش تھا۔۔۔۔مطمئن تھا کہ میری بچی کی اب زندگی سنورنے لگی ہے۔۔۔۔حمین شاہ کے ساتھ اچھی زندگی گزارے گی لیکن۔۔۔۔۔تم دونوں کی اس حرکت نے مجھے توڑ کے رکھ دیا۔۔۔۔۔۔میرے اپنے ہی بچوں نے مجھے دھوکے میں رکھا۔۔۔۔ "

ان کے لہجے میں دکھ تھا زاہنور آنسو بھری آنکھوں سے انھیں دیکھنے لگی

"مجھے معاف کر دے دادا ابو پلیز۔۔۔۔۔۔۔میں شرمندہ ہوں۔۔۔۔۔ "

دلاور شاہ تاسف سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے گھبرا کے نظریں ہی جھکا دی۔۔۔۔۔۔۔

"پلیز دادا ابو غصہ مت کیجئیے پلیز "

وہ نظریں جھکائے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے ایک ٹھنڈی سانس بھری

"نہیں ہوں میں غصہ۔۔۔۔بس دکھ ہو رہا ہے کہ میرے ہی بچے نکاح کا مذاق بنا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ کے کیے ہوئے فیصلوں کا مذاق بنا رہے۔۔۔۔۔۔۔ "

زاہنور شرمندہ ہو رہی تھی دلاور شاہ بھی خاموش ہو گئے

"چلیں میں سوتا ہوں۔۔۔۔تم بھی جا کے سو جاؤ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور اثبات میں سر ہلاتی اٹھی اور ان پہ کمفرٹر ٹھیک کر کے وہ کمرے سے باہر نکل گئی۔۔۔۔۔دل پہ بھاری سا بوجھ آن گرا تھا۔۔۔۔۔وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی سیڑھیاں چڑھنے لگی۔۔۔۔۔۔کمرے میں آ کے اس نے حمین شاہ کو دیکھا جو لیپ ٹاپ پہ مصروف تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور وہیں اس کے پاس جا کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے ایک نظر اسے دیکھا

"سو گئے دادا ابو؟ "

اس کے پوچھنے پہ زاہنور نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایم سوری حمین۔۔۔۔ "

زاہنور نے دھیمی آواز میں کہا۔۔۔۔حمین شاہ اسے حیرت سے دیکھنے لگا

"کیوں؟ "

زاہنور کی آنکھیں بھر آئی۔۔۔۔۔

"میری وجہ سے سب ہوا۔۔۔۔دادا ابو ناراض ہے تم سے "

"اررےےےے "

حمین شاہ نے لیپ ٹاپ سائیڈ پہ رکھا اور اسے اپنے قریب کر کے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہارا کوئی قصور نہیں۔ہے۔۔۔۔تم کس لئے معافی مانگ رہی ہو۔۔۔۔۔دادا ابو ناراض ہے لیکن ٹھیک ہو جائے گیں۔۔۔۔۔وقت کے ساتھ ان کا غصہ اتر جائے گا۔۔۔۔۔جب انھیں یہ پتہ چلے گا کہ میں ایسے کسی بھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

فیصلے میں انوالو نہیں رہا۔۔۔۔۔۔ہاں وقتی طور پہ مانا ضرور تھا لیکن میرا ارادہ تمہیں طلاق دینے کا کبھی بھی نہیں۔ تھا زاہنور۔۔۔۔۔۔۔۔

نہ میں نے اپنی محبت کو رسوا کیا نہ ہی میں نے تمہیں کبھی کھلونا سمجھا۔۔۔۔۔۔۔ایسا کچھ بھی ہوتا تو پہلی رات ہی اپنا مطلب نکال کے تمہیں نکال باہر کرتا۔۔۔۔۔۔۔لیکن میں نے ہمیشہ سے تمہاری خوشی تمہاری مرضی چاہی ہے ۔۔۔۔۔۔اور اب بھی سب ٹھیک ہو جائے گا "

وہ نرمی سے اسے سمجھا رہا تھا۔۔۔۔زاہنور نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔۔۔

"چلو سوتے ہیں اب۔۔۔۔ صبح آفس بھی جانا ہے مجھے "وہ کہتے ساتھ ہی اٹھ کھڑا ہوا تو زاہنور بھی مسکراتی ہوئی اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی لیکن اسے زور کا چکر آیا تھا وہ گرنے ہی والی تھی جب حمین شاہ نے اسے آگے بڑھ کے بانہوں میں تھام لیا۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔ "

وہ اس کی بند ہوتی آنکھوں کو دیکھتا پریشانی سے اسے پکارنے لگا۔۔۔۔۔۔لیکن وہ بے ہوش ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔

اسے بانہوں میں بھر کے وہ جلدی سے کمرے سے نکلا۔۔۔۔۔وہ جلد سے جلد ہاسپٹل پہنچنا چاہتا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مکمل چیک اپ کے بعد ڈاکٹر انھیں مسکرا کے دیکھنے لگی۔۔۔ جبکہ سامنے بیٹھے زاہنور اور حمین شاہ اسے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

"رپورٹ تو آچکی ہے۔۔۔ "

وہ کہنے لگی۔۔۔ زاہنور کا دل ڈوب کر ابھرا تھا جبکہ حمین شاہ نے اس کے ہاتھ کی پشت پہ اپنا ہاتھ رکھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مبارک ہو آپ کی مسز ماں بننے والی ہے مسٹر حمین شاہ "

اور یہ خبر سن کے زاہنور ساکت آنکھوں سے اپنے سامنے بیٹھی ڈاکٹر کو دیکھنے لگی اس کا دل زور زور سے ڈھڑک رہا تھا اس بات پہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے لگا جیسے اس کی سانس اٹک اٹک کے آرہی۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ خوشگوار حیرت سے ڈاکٹر کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"آپ دونوں اتنے حیران کیوں ہو رہے ؟؟؟؟ مبارک ہو۔۔۔۔۔۔ "

ڈاکٹر مسکرا رہی تھی جبکہ زاہنور بھیگی آنکھوں سے حمین شاہ کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

"ڈا۔۔۔ ڈاکٹر ک۔۔۔ کیا ک۔۔۔ کہ رہی ہے م۔۔۔۔ میں۔۔۔۔ پ۔۔۔۔ پریگننٹ "

وہ روتے ہوئے اٹک اٹک کے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔ اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ ماں بن رہی ہے ورنہ اس نے ہمیشہ یہی سنا تھا کہ وہ بانجھ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ اس کی کیفیت سمجھ رہا تھا تبھی۔ مسکرا اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ ڈاکٹر حیرت سے انھیں دیکھتی مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔

زاہنور ڈاکٹر کو دیکھنے لگی

"م۔۔۔ میں کیسے پریگننٹ۔۔۔۔۔۔ میں تو۔۔۔۔۔۔ بانجھ ہوں "

وہ ایکدم سے کہہ کے رونے لگ گئی تھی۔۔۔۔۔۔ ڈاکٹر کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے۔۔۔۔

"یہ کس نے کہا آپ سے مسز زاہنور۔۔۔ کہ آپ بانجھ ہے؟؟؟ آپ بلکل ٹھیک ہے۔۔۔۔ یہ رپورٹس آپ خود دیکھ لیں۔۔۔۔۔ "

وہ رپورٹس اس کے سامنے رکھ کے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اسے ابھی بھی یقین نہیں۔ آ رہا تھا۔۔۔۔

جبکہ زاہنور اپنا رکا سانس بحال کرتی روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔

"حمین۔۔۔۔ حمین۔۔۔۔ "

حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا

"ہششششش "

اس کی اپنی آنکھیں بھی بھیگ چکی تھی۔۔۔۔۔ جبکہ ڈاکٹر انھیں مسکراتی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تھینک یو ڈاکٹر۔۔۔۔ تھینک یو سو مچ۔۔۔۔۔۔ اتنی بڑی نیوز سنانے کے لئے۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ بھیگی آنکھوں سے ڈاکٹر کو دیکھتا کہہ رہا تھا جبکہ وہ مسکرانے لگی

"اپنی مسز کا زیادہ خیال رکھئیے۔۔۔۔۔۔۔اور چیک اپ کے لئے لاتے رہئیے گا "

ء اوکے۔۔۔ تھینک یو۔۔۔ "

وہ زاہنور کو لیے باہر نکلا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ابھی تک خوشگوار حیرت کے زیر اثر تھا۔۔۔۔گاڑی میں بیٹھ کے وہ اپنی آنکھیں صاف کرتا مسکراتے ہوئے زاہنور کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"سو مسز زاہنور حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔ہم تو اب پیرنٹس بن رہے ہیں۔ "

زاہنور نے اسے دیکھا اور پھر سے رونے لگی۔۔۔۔

"م۔۔۔۔۔مجھے یہی سننے کو ملا ک۔۔۔۔کہ میں ب۔۔۔۔بانجھ ہوں۔۔۔۔۔۔ "

"ہششششش کوئی پرانی بات نہیں ہو گی اب "

وہ اس کے گال چھوتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔

زاہنور روتے ہوئے اپنے پیٹ پہ ہاتھ پھیرنے لگی۔۔۔۔۔۔پھر حمین شاہ کو بھیگی آنکھوں سے دیکھ کے ہنس پڑی

"میں۔۔۔میں پریگننٹ ہوں "

رونے اور ہنسنے کا یہ خوبصورت عمل اسے نکھار بخش رہا تھا۔۔۔۔حمین شاہ نے آگے بڑھ کے اسے بانہوں میں بھر لیا

۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دلاور شاہ آج ناشتے کی ٹیبل پہ خود آئے تھے۔۔۔۔وہ اب خود کو بہتر محسوس کر رہے تھے۔۔۔۔۔

زاہنور خاموشی سے ان کے لئے چائے بنا رہی تھی۔۔۔۔۔۔جبکہ دلاور شاہ کے دائیں طرف بیٹھا حمین شاہ انھیں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"آہم آہم۔۔۔۔ "

وہ ہلکا سا کھنکھارا تھا۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ نے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔زاہنور بھی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

"اگر آپ کو ایک گڈ نیوز بھی دوں تب بھی آپ مجھ سے بات نہیں کرے گیں؟ "

وہ آنکھوں میں مسرت لیے ان سے پوچھ رہا تھا جبکہ دلاور شاہ خاموشی سے اسے دیکھ رہے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے مسکراتے ہوئے زاہنور کو دیکھا تو اس نے بوکھلا کے نظریں جھکا دی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر وہ دلاور شاہ کو دیکھنے لگی

"بہت جلد آپ پڑدادا بننے والے ہیں "

اس نے مسکرا کے بتایا جبکہ دلاور شاہ نے بے یقینی سے زاہنور کو دیکھا وہ گڑبڑا کے نظریں جھکا گئی۔۔۔۔پھر مڑ کے دوبارہ سے حمین شاہ کو دیکھنے لگے۔۔۔۔ان کی آنکھیں مسرت سے لبریز ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ایکدم اپنی جگہ سے کھڑے ہو گئے تھے۔۔۔۔حمین شاہ بھی کھڑا ہو چکا تھا۔۔۔۔دلاور شاہ نے اسے اپنے سینے سے لگایا

"یہ۔۔۔۔یہ بہت بڑی خوشخبری ہے میرے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم جیسے نالائق سے یہ امید تو نہیں تھی "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ رونے ہی لگ گئے تھے۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ انھیں شاکی نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو انھوں نے اس کا ماتھا چوم لیا

وہ زاہنور کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔۔۔

"ادھر آؤ بیٹا "

زاہنور سے جھکائے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی ان کی پاس آئی تو انھوں نے فرط مسرت سے دونوں کو بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔

"اللہ تعالیٰ تم دونوں کو لمبی عمر دیں۔۔۔۔۔اور ہمارے گھر کو خوشیوں سے بھر دیں "

وہ رو رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر شاہ مینشن میں جشن کا سماں تھا جیسے۔۔۔۔۔ پکوان بنائے گئے۔۔۔۔۔۔۔ غریبوں اور ناداروں کو کھانا کھلایا گیا۔۔۔۔۔۔ خیرات بانٹیں گئ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مہمانوں کو دعوت دی گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رات گئے تک جشن منانے کا سلسلہ جاری تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور تھکی تھکی سی اپنے کمرے میں آچکی تھی اور اب بیڈ پہ لیٹ چکی تھی جبکہ حمین شاہ ابھی تک مہمانوں کے بیچ پھنسا تھا وہ ابھی تک کمرے میں نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور رات کے دو بجے جب وہ کمرے میں آیا تو زاہنور سو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ مسکرا کے بیڈ کے قریب آیا۔۔۔۔ جھک کے اس پہ کمفرٹر ٹھیک کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی پیشانی پہ نرمی سے اپنے لب رکھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ دیر زاہنور کے معصوم چہرے کو دیکھتا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر ڈریسنگ روم میں جا کے اس نے اپنے کپڑے چینج کیے۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور کمرے میں دوبارہ سے آ کے وہ بیڈ پہ اس کے قریب لیٹ گیا اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کے وہ دیر تک زاہنور کو دیکھتا رہا جب تک اس کی آنکھیں بند نہ ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ بھی مطمئن سا نیند کی وادیوں میں چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ خوش تھا بے حد خوش۔۔۔۔۔۔۔انسان سوچتا کچھ ہے اور ہو کچھ اور جاتا ہے۔۔۔۔۔۔وہ یہی چاہتا تھا کہ زاہنور پھر سے زندگی کی طرف آئے۔۔۔۔۔۔زندگی کو نہ گزارے بلکہ وہ زندگی کو جیے۔۔۔۔۔۔لیکن اسے اس بات کا اندازہ بلکل بھی نہیں تھا کہ زاہنور کو زندگی بہترین انداز میں جینے کا اتنا خوبصورت بہانہ ہی مل جائے گا ۔۔۔۔۔اس کے لئے یہ احساس بہترین تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہ وہ باپ بن رہا ہے۔۔۔۔۔۔باپ بننے کا درجہ اللہ تعالیٰ نے اسے بخشا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ نے اسے بھی اس قابل سمجھا کہ وہ باپ بننے کا درجہ حاصل کر چکا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن وہ خود سے بھی زیادہ زاہنور کے لئے خوش ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا وہ رد عمل ۔۔۔۔۔اس کا رونا۔۔۔۔۔۔۔اسکی خوشی چھلکاتی آنکھیں۔۔۔۔۔۔۔وہ بے حد خوش ہے۔۔۔۔۔۔وہ ماں بن رہی ہے۔۔۔۔ماں بننے کا احساس اس کے اندر پنپ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اور زاہنور کی خوشی اس کے لئے ہر خوشی سے زیادہ عزیز ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ آئینے کے سامنے کھڑی اپنے عکس کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔اس کے لبوں پہ دھیمی سی مسکان تھی۔۔۔۔۔۔۔

اس کے وجود میں ایک ننھا سا وجود پنپ رہا تھا جو اس کے اپنے وجود کا حصہ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ ممتا کا نور سا پھیلا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں ماں بن رہی ہوں "

اس نے زیر لب خود سے کہا۔۔۔اس کی آنکھیں بھر آئی تھی۔۔۔۔۔۔

'تم کبھی ماں نہیں۔بن سکتی۔۔۔۔ بانجھ ہو بانجھ تم۔۔۔۔۔۔۔۔۔ '

شاہ ویز کی آواز کہیں دور سے اس کے کانوں میں گونجی تھی۔۔۔۔اس کی آنکھیں دھندلائی تھی۔۔۔۔جب دھیرے سے کسی نے اسے پیچھے سے تھام لیا۔۔۔۔پلکیں جھپک کے اس نے دیکھنے کی کوشش کی۔۔۔۔ حمین شاہ تھا وہ۔۔۔۔۔جو اپنی پوری محبت اس پہ نچھاوڑ کرتا اسے بانہوں میں لیے ہوئے تھا۔۔۔۔۔۔۔آنسو اس کی گال پہ ڈھلکے تھے اور اس کے لب مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔

"یہ آنسو کیوں میری بیگم کی آنکھوں میں ؟ "

وہ مسکرا کے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"میں ماں بن رہی ہوں حمین۔۔۔ماں "

اس نے بھرائی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔

"اور میں پاپا۔۔۔۔میں تو نہیں رو رہا "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ نے اسے چھیڑنے کی غرض سے کہا تھا

"تمہیں کبھی لفظ بانجھ سننے کو نہیں ملا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ ایکدم سے رونے لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی سسکیاں ابھر رہی تھی کمرے میں۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے اس کا رخ موڑ کے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔۔ایسے نہیں روتے میری جان "

لیکن وہ پھر بھی رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ حمین۔شاہ اسے لیے بیڈ پہ آ گیا اسے بٹھا کے خود بھی وہیں بیٹھ گیا

۔۔۔۔۔۔۔۔

"تم بانجھ نہیں ہو زاہنور۔۔۔۔ تم ماں بن رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔ایک بہت ہی خوبصورت بچے کی ماں ہو گی تم انشااللہ

۔۔۔۔۔۔اور اس بچے کو بے حد محبت سے چاہ سے ہم پہ گیں۔۔۔۔ پھر اس کی شادی کرے گیں۔۔۔۔۔ پھر تم

اپنی بہو پہ ظلم کرنا۔۔۔۔ایک ظالم ساس بن کے "

زاہنور رونا بھول کے منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"میں ظالم ساس کیوں بنوں؟ "

"کیونکہ مجھے ظالم ساس بیت ایٹریکٹ کرتی ہے"

وہ زیر لب مسکراتا بولا۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جب تم بہو پہ چلا چلا کے میرے پاس آؤ گی اپنے بیٹے اور بہو کی شکایت لے کر تو۔۔۔۔ میں تمہیں اپنی بانہوں میں بھر کے کہوں گا

جان چھوڑو نا انھیں آؤ رومینس کرتے ہیں "

زاہنور اسے شاکی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ تو وہ کندھے اچکا کے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔

"تمہیں۔ جیسے پتہ کہ بیٹا ہے؟ "

زاہنور اس سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔ تو وہ سوچنے لگ گیا۔۔۔۔۔

"کیونکہ مجھے تمہاری شکایتی کرنی ہے اپنے بیٹے سے۔۔۔۔ میرا یہاں ہے ہی کون؟ ایک دادا ابو ہے وہ بھی تمہاری سائیڈ ہی لیتے رہتے ہیں۔۔۔۔۔۔ "

وہ مسکین سی شکل بنا کے بولا تو زاہنور ہنسنے لگی

"ہاں تو تم ان کی پوتی کو تنگ جو کرتے ہو "

"سیریسلی؟؟؟؟ میں تمہیں۔ تنگ کرتا ہوں؟؟؟ آئی مین سیریسلی زاہنور "

وہ مصنوعی حیرت سے کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور اثبات میں سر ہلانے لگی

"بہت زیادہ تنگ۔۔۔۔۔ مجھ سے پیار ہی نہیں کرتے۔۔۔۔ "

وہ منہ بنا کے بولی۔۔۔۔

"ایم ریڈی چلو "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ ہاتھ جھاڑتا کہنے لگا جبکہ زاہنور حیرت سے اسے دیکھنے لگی

"کہاں؟ "

"پیار کرنے بیگم۔۔۔۔۔ "

وہ شرارت سے آنکھ ونک کرتے کہنے لگا تو زاہنور ایکدم پیچھے ہٹ گئی۔۔۔۔۔۔اور حمین شاہ کا قہقہہ بے ساختہ تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے دھیرے سے زاہنور کو بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔

"بہت معصوم ہو تم "

زاہنور نے بھی مسکرا کے آنکھیں موند لیں۔۔۔۔۔اس کا سب کچھ اب حمین شاہ ہی تو تھا۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ اپنے دونوں بیٹوں اور دونوں بہوؤں کے قبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کے دو خاص آدمی بھی ان سے فاصلے پہ کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ نے ان کی قبروں پہ پھول سجائے تھے۔۔۔۔۔اور اب یونہی بیٹھے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔ان کی آنکھیں نم تھی جبکہ ان کے لب لرز رہے تھے۔۔۔۔

"میں بہت خوش ہوں آج بہت خوش۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم لوگ بھی سنو گے تو تم لوگ بھی خوش ہو گیں ۔۔۔۔۔۔۔۔اب شاہ مینشن میں خوشیوں کی بارش ہو گی میرے بچوں۔۔۔۔۔ "

ان کی آواز کپکپا رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جن خوشیوں کو دیکھنے کے لئے میری آنکھیں ترس رہی تھی وہ اب مجھے جا کے ملی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔ میں پڑدادا بننے والا ہوں اور تم سب دادا دادی نانا نانی۔۔۔۔۔ "

ان کی آنکھیں ایکدم چھلک پڑی

"تمہارے اس بابا نے بہت دکھ جھیلے ہیں۔۔۔۔۔ان آنکھوں نے بہت آنسو بہائے ہیں۔۔۔۔۔۔۔شاہ مینشن کے خاموش در و دیوار اب خاموش نہیں۔رہے گیں وہاں میرے بچوں کی کھلکھاریاں گونجے گی اب۔۔۔۔۔۔ میں۔۔۔میں بہت خوش ہوں بہت خوش ہوں۔۔۔۔۔ حمین شاہ اور زاہنور کو ساتھ دیکھ کے بہت خوش ہوں "

وہ اچانک سے رو پڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میرے بچے بھی بہت خوش ہیں۔۔۔۔۔۔انھیں دیکھ دیکھ کے میں زندگی جی رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان کی خوشیاں مجھے خوشیاں دیتی ہے۔۔۔۔ان کی ہنسی مجھے ہنساتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور جب میرے پڑپوتے ہو گیں تو ۔۔۔۔ "

وہ روتے ہوئے ہنس پڑے تھے۔"جب میرے پڑپوتے اور پڑپوتیاں ہو گیں تو میں تو اپنی خوش قسمتی پہ ناز ہی کرتا پھروں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں لاؤں گا انھیں یہاں۔۔۔۔۔اور بتاؤں گا انھیں کہ یہ میرے بچے ہیں ۔۔۔۔میرے ناز و پلے بچے جو یہاں سو رہے ہیں۔۔۔۔آرام سے سو رہے ہیں "

کہتے کہتے وہ روئے جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔عبدل آگے بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ بھی ساتھ میں آیا تھا اپنے بڑے مالک کو وہ اکیلا نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔دلاور شاہ کے کندھے پہ اس نے اپنا ہاتھ رکھا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"بڑے مالک۔۔۔۔۔۔۔۔بس کیجئیے "

اس کی آنکھیں بھی آبدیدہ ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔

دلاور شاہ نے سر اٹھا کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔اور مسکرانے لگے۔۔۔۔

"عبدل۔۔۔۔۔میرے بچے۔۔۔۔۔۔میرے بچے یہاں سو رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔میں آتا ہوں اس امید پہ کہ وہ جاگ جائیں گے۔۔۔ کبھی تو جاگ جائیں گے لیکن وہ سو رہے ہوتے ہیں۔۔۔۔انھیں۔۔۔۔۔انھیں اپنے بوڑھے باپ پہ رحم بھی نہیں آتا "

عبدل جو دکھی ہو رہا تھا وہ بھی رونے لگا تھا۔۔۔۔ بچپن سے تو وہ یہاں ان کے بیچ پلا بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"بڑے مالک اٹھئیے۔۔۔۔۔چلتے ہیں گھر "

وہ انھیں اٹھانے میں مدد دینے لگے۔۔۔۔۔وہ اٹھے اور ایک آخری نظر ان قبروں پہ ڈال کے دل پہ بوجھ لیے وہ وہاں سے عبدل کا ہاتھ تھامے جانے لگیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان کے باقی دو خاص آدمی بھی ان کے ساتھ تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گاڑی تک پہنچ کے وہ رکے تھے۔۔۔۔۔۔۔عبدل انھیں ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"کیا ہوا بڑے مالک؟ "

"دل پہ بوجھ سا آن گرا ہے عبدل۔۔۔۔۔"

وہ اپنا دل تھامے کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔

عبدل گھبرا ہی گیا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں۔۔۔۔ "

وہ کہنے لگا تو دلاور شاہ نے منع کر دیا

"نہیں۔۔۔مجھے گھر لے چلو۔۔۔۔اپنی بیٹی کو دیکھ کے ہی سکون ملے گا اب مجھے "

"لیکن بڑے مالک۔۔۔۔۔ "

عبدل کچھ کہنا چاہ رہا تھا لیکن دلاور شاہ نے اسے کچھ بھی کہنے سے روک دیا۔۔۔۔۔۔۔تو وہ خاموشی سے انھیں گاڑی میں بیٹھنے میں مدد دی۔۔۔۔دوسری طرف سے خود بھی آ کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔اور گاڑی آگے بڑھ گئی ۔۔۔۔۔

گھر میں جیسے ہی عبدل کے ساتھ داخل ہوئے۔۔۔زاہنور پریشان سی صورت لیے ان کے پاس آئی۔۔۔

"کہاں تھے آپ؟؟؟بنا بتائے کہاں گئے تھے۔۔۔۔جانتے ہیں کتنا پریشان ہوئی میں "

دلاور شاہ مسکرا ہی پڑے۔۔۔عبدل نے انھیں صوفے پہ بٹھایا۔۔۔

"میں جوس لاتا ہوں "

کہہ کے کچن میں چلا گیا جبکہ زاہنور ان کے تھکے ماندہ چہرے پہ مسکراہٹ دیکھتی وہیں بیٹھ گئی۔۔۔

"دادا ابو آپ ٹھیک ہے نا؟ "

وہ پریشان ہو رہی تھی جبکہ دلاور شاہ مسکرا کے سر سے اثبات میں ہلانے لگیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ہاں میری بچی میں بلکل ٹھیک ہوں۔۔۔بس تھوڑا تھک گیا ہوں "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کہاں تھے آپ؟ "

وہ اب بھی پریشان تھی

"قبروں پہ گیا تھا اپنے بچوں کے "

وہ خود کو نارمل ظاہر کرتے بولے۔۔۔۔۔زاہنور اپنے لب کاٹ کے رہ گئی۔۔۔۔

"مجھے بھی لے چلتے دادا ابو "

اس کا دل بھی تڑپ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ مسکرا پڑے

"انھیں خوشخبری دینے گیا تھا میں کہ میں پڑدادا بننے لگا ہوں" وہ ہنستے ہوئے بولا تو زاہنور نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔

"میں۔۔۔میں بہت خوش ہوں۔۔۔۔۔۔اتنا خوش کہ مجھ سے رہا نہ گیا تبھی اپنے بچوں کو یہ خوشی کی خبر دینے چلا گیا۔۔۔۔۔۔ "

عبدل جوس لا چکا تھا۔۔۔۔۔زاہنور نے گلاس اٹھا کے دلاور شاہ کو دیا

"یہ لیں جوس پی لیں۔۔۔۔۔ "

انھوں نے گلاس ہونٹوں سے لگایا۔۔۔۔اپنے لبوں کو تر کر کے وہ مسکرا کے زاہنور کو دیکھنے لگے جس کی آنکھیں تشویش لیے ہوئے تھی

"میں ٹھیک ہوں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔بلکل ٹھیک ہوں "

زاہنور نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آئندہ یوں بنا بتائے کہیں نہیں۔جائیں گے آپ۔۔۔پرامس کرے "

زاہنور ہاتھ آگے کیے ان سے وعدہ لے رہی تھی تو انھوں نے بھی مسکرا کے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ پہ رکھا

"پرامس میرا بچہ "

"چلیئے اب جوس ختم کیجیئے اپنا آپ "

زاہنور انھیں جوس پینے کا کہہ کے اب خود بھی دوسرا گلاس اٹھا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔انھیں دلاور شاہ سے بے حد محبت تھی۔۔۔۔۔۔۔ہارٹ اٹیک کے بعد وہ بے حد خوفزدہ ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس گھر کے بزرگ تھے ۔۔۔۔اس کے دادا ابو تھے۔۔۔۔۔۔۔وہ ہمیشہ ان کا سایہ اس گر پہ رہنے کی دعا کرتی۔۔۔۔۔۔

وہ جب کمرے میں آیا تو زاہنور بیڈ پہ نیم دراز موبائل ہاتھ میں لیے ہوئے تھی۔۔۔۔۔۔وہ مسکراتا ہوا اس کے پاس آ کے لیٹ گیا اور اسے بانہوں میں لے کے اس کا سر اپنے کندھے پہ رکھا۔۔۔۔۔۔

"کیا کر رہی ہو بیگم ؟ء

وہ ہمیشہ اسے پیار سے بیگم ہی کہتا۔۔۔۔۔۔

زاہنور مسکرا کے موبائل اس کے سامنے کیا۔۔۔

حمین شاہ دیکھ کے مسکرا پڑا۔۔۔۔۔

"یہ کیا؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہمممم دیکھ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔کہ بے بی کس منتھ میں کیسا ہوتا ہے "

وہ مسکرا کے بتانے لگی جبکہ حمین شاہ اس کے چہرے کی خوشی دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"یہ چھوڑو سب مجھے دیکھا کرو۔۔۔۔۔ "

"کیوں؟ "

وہ یونہی موبائل پہ سرچ کرتی پوچھنے لگی

"کیونکہ میں چاہتا ہوں ہمارا بے بی میری طرح ہینڈسم ہو "

اس کے شرارتی انداز پہ زاہنور نے گھور کے اسے دیکھا تو وہ ہنسنے لگا

"سچ ہی تو کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔ "

جبکہ زاہنور نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے دلچسپی سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"اور بیٹی ہوئی تو تمہاری طرح ہونی چاہیئے۔۔۔۔ تمہارے جیسی آنکھیں۔۔۔۔۔ تمہارے جیسی مسکراہٹ ۔۔۔۔۔۔۔ تمہاری جیسی عادتیں۔۔۔۔ "

زاہنور کے مسکراتے لب ایکدم سکڑ گئے

"نہیں۔۔۔۔اس کی عادتیں میری جیسی نہیں ہونی چاہیئے "

"کیوں؟ "

حمین شاہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اسے اسٹرونگ ہونا چاہیئے۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنا ڈیفینڈ کرنا آتا ہو۔۔۔۔۔وہ اتنی بہادر ہو کہ وہ غلط کو غلط کہہ سکے ۔۔۔۔۔۔۔۔کسی کو وہ اجازت نہ دے کہ اس کی سیلف ریسپیکٹ کو روندتا چلا جائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ میری جیسی نہ ہو وہ اپنے جیسی ہو۔۔۔۔۔۔۔ایک مضبوط لڑکی ہو وہ۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ نے اس کے گال پہ پیار کرتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا

"اسے تم اسٹرونگ بناؤ گی زاہنور۔۔۔۔۔۔تم اسٹرونگ ہو۔۔۔۔۔۔تم بہت اچھی ہو۔۔۔۔۔۔۔تم بہترین ماں ہو گی۔۔۔۔ایک بیٹی اپنی ماں سے سب سیکھتی ہے اور تم اپنی بیٹی کو یہ سب سکھاؤ گی "

"میں کیسے ؟ "

وہ پریشان نظروں سے حمین شاہ کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

"جیسے مجھے سدھارا۔۔۔۔بلکل ویسے ہی "

حمین شاہ نے مسکراتے ہوئے کہا جبکہ زاہنور کچھ دیر اسے دیکھتی رہی پھر لب دانتوں تلے دبا کے رخ موڑ گئی

"تم کون سا سدھرے ہوئے ہو "

"وہاٹ۔۔۔۔ "

وہ حیرت سے اس کی پشت دیکھنے لگا۔۔۔۔جبکہ زاہنور کی ہنسی نکل گئی تو حمین شاہ نے اسے خود کے قریب کیا ۔۔۔۔۔۔

"تھینک یو۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے سر گوشی کی جبکہ زاہنور مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

"تھینک یو ٹو "

وہ بھی دھیرے سے بولی۔۔۔۔۔

"بس تھینک یو ہی کہتی رہو گی یا "...

اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔۔۔۔۔۔۔

"فی الحال بس تھینک یو سے کام چلا لو۔۔۔۔ "

زاہنور بھی مسکرا کے بولی تھی۔۔۔ حمین شاہ کی محبت نے اسے اعتماد بخشا تھا۔۔۔۔۔۔وہ اب کھل کے بات کرتی اس سے۔۔۔۔۔۔۔ کھل کے اپنے احساسات بیان کرتی اور حمین شاہ کے لئے یہی بہت تھا کہ وہ اپنا اعتماد پھر سے حاصل کر رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ آج شاپنگ پہ آئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ابھی وہ شاپنگ کر کے نکلی ہی تھی جب اس کا سامنا شاہ ویز سے ہوا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ہیلو مائی ڈیئر ایکس وائف "

زاہنور نے ناگواری سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

اور اس کے پہلو سے ہو کے گزرنے لگی لیکن وہ پھر سے سامنے آ گیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"رک جاؤ۔۔۔اتنی بھی کیا جلدی ہے اس حمین شاہ کے پاس جانے کی۔۔۔۔ "

"کیا مسلہ ہے تمہیں؟ "

وہ سرد لہجے میں پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"یاد آرہی تھی بہت۔۔۔۔۔۔ "

اس نے بے باک انداز میں اس کے سراپے کو دیکھتے کہا۔۔۔

"بکواس بند کرو "

"بڑی زبان چلنے لگی ہے۔۔۔ "

اس کا ہاتھ دبوچنے کے لئے شاہ ویز نے اپنا ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ زاہنور پیچھے ہٹی اور انگلی اٹھا کے اسے وارن والے انداز میں دیکھنے لگی

"ہاتھ مت لگانا۔۔۔۔۔۔۔ "

شاہ ویز نے حیرت سے اسے دیکھا پھر ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

"اتنا اترا رہی ہو اس حمین شاہ پہ "

"ہز بینڈ ہے وہ میرا تمیز سے بات کرو "

وہ تیز لہجے میں بولی تھی۔۔۔۔۔۔

"ہز بینڈ۔۔۔۔۔۔ہاہاہاہاہا "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ قہقہہ لگانے لگا

"پوچھو جا کے اپنے اس ہزبینڈ سے کہ کیا قیمت لگائی تھی اس نے تمہاری۔۔۔۔۔کتنے میں خریدا ہے اس نے تمہیں مجھ سے یا پھر یوں کہو کتنے میں بیچا ہے میں نے تمہیں "

وہ زہر اگل رہا تھا اور زاہنور دم سادھے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا ذہن جیسے مفلوج ہو رہا تھا

"آئی بڑی ہزبینڈ والی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ تمسخر اڑا رہا تھا جب دو گارڈ وہاں پہنچے

"میم آپ نے بلایا ہوتا۔۔۔۔ "

وہ اس کے ہاتھ سے شاپنگ بیگز لینے لگا۔۔۔جبکہ دوسرے گارڈ نے شاہ ویز کو ناگواری سے دیکھا

تو وہ سر کھجا کے پیچھے ہوا تھا

"میں جا ہی رہا تھا بس۔۔۔۔بائے مسز حمین شاہ "

وہ مسکراتا ہوا وہاں سے جانے لگا جبکہ زاہنور گارڈز کے ساتھ گاڑی میں آ کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔اس کا ذہن مفلوج ہو رہا تھا کچھ سوچنے کے قابل بھی نہیں۔رہی تھی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

سُن لے

دلدارم!!!!

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہے حِفظ مجھے تیری چُپ

رَٹا ہُوا ہے ہر اِک نَقش تیرا

میں نے پی رَکھی ہے آواز تیری

میری آنکھوں میں ہے فَقط عکس تیرا .....

وہ اپنے ہی خیالوں میں گم اسٹڈی روم میں بیٹھا کوئی فائل دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔جب زاہنور ڈھرام سے دروازہ کھول کے اندر آئی۔۔۔۔۔

"کتنے میں خریدا ہے مجھے تم نے؟ "

حمین شاہ حیرت سے اسے دیکھنے لگا

"کیا مطلب؟ "

"کیا قیمت لگائی تھی میری تم نے؟ "

وہ پھر سے چلائی تھی۔۔۔۔۔۔

"میں تمہاری قیمت کیوں لگاؤں گا زاہنور؟ "

وہ حیران سا اپنی جگہ سے کھڑا ہو چکا تھا۔۔۔۔جبکہ زاہنور اس کے سامنے آ کے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

"کیونکہ مجھے تم پراپرٹی ہی سمجھ رہے ہو۔۔۔۔۔ "

"کیا کہہ رہی ہو؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اس کی آنسو بھری آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔۔۔

"کیوں کیا سودا میرا شاہ ویز کے ساتھ؟؟ کیوں؟ "

"میں نے تمہارا سودا نہیں کیا زاہنور۔۔۔ تم غلط۔۔۔۔ "

وہ وضاحت دینے کی کوشش کرنے لگا

"جھوٹ مت بولو مجھ سے حمین شاہ۔۔۔۔۔ میں سمجھی محبت کرتے ہو مجھ سے۔۔۔۔۔۔ تبھی اپنا رہے مجھے ۔۔۔ لیکن تم تو میری بولی لگا کے۔۔۔ میرا سودا کر کے مجھے یہاں لائے ہو "

حمین شاہ اپنے لب بھینچ گیا۔۔۔۔۔۔۔

"یہی میری حیثیت ہے کیا؟؟ کہ تم مجھے خرید کے لائے ہو اس سے۔۔۔۔۔۔۔ میں۔۔۔ میں۔۔۔۔ "

اسکا سر چکرایا تھا وہ سر تھامے اپنے سامنے کھڑے حمین شاہ کے سینے سے جا لگی۔۔۔۔ حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ بے ہوش ہو چکی تھی جبکہ حمین شاہ گھبرایا ہوا سا اسے بازوؤں میں بھر کے صوفے پہ لٹایا اور اسے ہوش میں لانے کی کوشش کرنے لگا۔۔۔۔۔ وہ گھبرایا ہوا سا بار بار اس کا نام لے رہا تھا۔۔۔۔۔ اس کا چہرہ تھپتھپا رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں بند تھی۔۔۔۔ اس نے گھبرا کے اسے بانہوں میں بھرا اور باہر کی طرف لپکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے غصہ آ رہا تھا شاہ ویز کی اس حرکت پہ لیکن ابھی زاہنور کو یوں دیکھ کے وہ حواس باختہ باہر کی طرف بھاگا تھا تاکہ زاہنور کو جلد سے جلد اس کے ڈاکٹر کے پاس لے کے جائیں۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چیک اپ کے بعد زاہنور کی طرف ڈاکٹر مسکراتے ہوئے دیکھنے لگی

"اللہ تعالیٰ آپ کو ایک ساتھ دو بچوں سے نواز رہے ہیں۔۔۔۔ٹوینز ہیں ماشاءاللہ "

جبکہ زاہنور حیرت سے ڈاکٹر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے بھی قریب آ کے زاہنور کو خود سے لگایا۔۔۔

"زاہنور تو ٹھیک ہے نا۔۔۔۔ان کو تو کوئی مسلہ نہیں؟ "

وہ تشویش بھرے انداز میں پوچھ رہا تھا جبکہ زاہنور غصے سے منہ موڑے ہوئے تھی

"ارے نہیں۔۔۔۔ شی از فائن ماشاءاللہ اینڈ بے بیز کی گروتھ بھی اچھی جا رہی ہے۔۔۔۔ماشاءاللہ سے دو بیٹوں کی نعمت سے نواز رہے اللہ پاک آپ کو "

زاہنور کی آنکھوں میں شکر گزاری کے آنسو تھے جبکہ حمین شاہ اسے اٹھنے میں مدد دینے لگا۔۔۔

"تھینک یو ڈاکٹر "

اس نے مسکرا ڈاکٹر زینب کا شکریہ ادا کیا پھر زاہنور کو لیے کمرے سے باہر نکلا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے اپنا بازو اس سے چھڑایا

"میں خود چل سکتی ہوں "

حمین شاہ اسے دیکھ کے رہ گیا بس۔۔۔۔۔۔۔جبکہ زاہنور غصے سے قدم بڑھانے لگی جب اس کا سر دوبارہ سے چکرایا تھا وہ گرنے والی تھی جب حمین شاہ نے اسے بازوؤں میں سمیٹ لیا۔۔۔۔ایک پل کے لئے دونوں کی نظریں ملی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کی آنکھوں میں اس کے لئے محبت۔۔۔۔ تشویش۔۔۔۔ڈر۔۔۔۔پریشانی تھی ۔۔۔۔

زاہنور نے جلدی سے نظریں چرالیں۔۔۔۔۔۔اور سیدھی ہو کے اس کا ہاتھ تھامے چلنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے اسے گاڑی میں بٹھایا اور خود دوسری طرف سے آ کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔ایک گہری نظر زاہنور پہ ڈال کے اس نے گاڑی اسٹارٹ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ زاہنور منہ موڑے شیشے کے پار دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسے یقین تک نہیں آ رہا تھا کہ حمین شاہ اس کے حق میں ایسا بھی کر سکتا ہے۔۔۔کیسے قیمت لگا سکتا ہے وہ اپنی محبت کی ۔۔۔۔۔۔۔آنسو کی لکیر سی اس کے گال پہ بن گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ مینشن کے پورچ میں گاڑی رکی تو وہ تیزی سے گاڑی سے نکلی جب تک حمین شاہ گاڑی سے نکل کے اس کے پاس آتا وہ جلدی جلدی قدم اٹھاتی اندر کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔حمین شاہ لب بھینچتا اس کی پشت دیکھتا رہا پھر سر جھٹک کے وہ بھی گھر کے اندر چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ انہی۔کے انتظار میں ٹہل رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور پہ نظر پڑی تو مسکرا پڑے

"آ گئی میری بچی۔۔۔۔۔۔ "

"جی دادا ابو۔۔۔۔"وہ مسکرا کے جواب دینے لگی۔۔۔۔جب حمین شاہ بھی اس کے پیچھے پیچھے آیا تھا۔۔۔

"کیا کہا ڈاکٹر نے؟.سب ٹھیک تو ہے "

وہ حمین شاہ سے سوال کرنے لگے۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جی دادا ابو۔۔۔۔۔۔۔۔آپ ایک ساتھ دو پڑپوتوں کے پڑدادا بن رہے ہیں۔۔۔۔۔۔" حمین شاہ کے بتانے پہ دلاور شاہ خوشگوار حیرت سے دونوں کو دیکھنے لگیں۔۔۔۔

"اللہ نصیب اچھے کرے بس۔۔۔۔۔ جاؤ بیٹا تم کمرے میں جا کے آرام کرو۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ زاہنور کو کمرے میں لے جاؤ۔۔۔۔۔ "

وہ مسکرا کے بولے تو حمین شاہ نے آگے بڑھ کے اس کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔۔زاہنور نے کوئی مزاحمت نہیں کی لیکن آخری سیڑھی پہ جب اسے احساس ہوا کہ اب دلاور شاہ انھیں نہیں دیکھ رہے تو اپنا بازو زور سے کھینچ لیا۔۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔ "

"زاہنور پلیز۔۔۔۔" حمین شاہ نے ہاتھ بڑھایا ہی تھا جب وہ جھٹکے سے پیچھے ہٹی اور اچانک سے اس کا پاؤں پھسلا تھا ۔۔۔۔۔اگر حمین شاہ اسے نہ تھام لیتا تو وہ نیچی آخری سیڑھی تک یونہی لڑھکتی چلی جاتی۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔ "

حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔زاہنور بھی اس کے سینے سے لگی کانپ رہی تھی۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے لیے سیڑھیاں چڑھ گیا پھر اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں بھر کے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"ٹھیک ہو نا تم زاہنور "

"نہیں۔۔۔۔میں ٹھیک نہیں ہوں "

وہ نفی میں سر ہلانے لگی اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں کیا تم نے یہ سب میرے ساتھ کیوں "

حمین شاہ نے ایک ٹھنڈی سانس بھری۔۔۔۔۔۔اسے لیے وہ کمرے میں آیا۔۔۔۔۔اسے صوفے پہ بٹھایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔گلاس میں پانی ڈال کے اسے پلایا۔۔۔۔۔۔۔پھر اسکے پاس بیٹھ گیا۔۔۔۔

"تمہیں لگتا ہے زاہنور کہ میں ایسی گھٹیا حرکت کر سکتا ہوں؟ "

وہ آنسو بھری آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"اتنا بھی گر سکتا ہوں میں کہ تمہاری قیمت لگاؤں گا۔۔۔؟ "

وہ خاموش رہی

"شاہ ویز تمہیں طلاق دے کے میرے آفس آیا تھا۔۔۔۔۔مجھے یہ بتانے کہ وہ تمہیں طلاق دے چکا ہے ۔۔۔۔۔۔مجھے افسوس ہوا تھا واقع میں تمہارے لئے۔۔۔۔تمہاری کنڈیشن کا سوچ کے مجھے دکھ ہوا تھا بہت ۔۔۔۔۔۔۔پھر وہ مجھ سے کچھ پیسے مانگنے لگا۔۔۔۔۔میرے پوچھنے پہ بتایا کہ وہ شرمندہ ہے تمہیں طلاق دے کے وہ اب سمجھا ہے کہ غلطی کر بیٹھا ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ ازالہ کرنا چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے ڈیل کی بات کی مجھ سے۔۔۔۔۔۔کہ اگر میں اسے مدد کروں گا پیسے دینے میں تو وہ تمہیں صحیح سلامت ہمارے حوالے کر دے گا ورنہ ابھی جا کے وہ تم سمیت گھر کو آگ لگا دے گا۔۔۔۔اتنا تو میں جانتا تھا کہ اس میں اتنی ہمت نہیں کی وہ یہ حرکت کر پائے۔۔۔۔۔میں اسی وقت اپنے بندوں کو بھیج کے وہاں سے تمہیں نکلوا سکتا تھا لیکن میں خاموش رہا۔۔۔۔۔کچھ دن بعد دوبارہ سے آیا مجھے یہ بتانے کی ڈیل اپنی جگہ تم زاہنور سے نکاح کر کے۔۔۔۔۔۔۔اس کے ساتھ رات بتا کے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تم دوسرے دن طلاق دے کے میرے حوالے کر دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے شدید نفرت محسوس ہوئی تھی اس وقت اس سے لیکن جب اس نے یہ کہا کہ تم بھی یہی چاہتی ہو تو میں چپ کر گیا۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے لگا تم پھر سے شاہ ویز کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتی ہو گی۔۔۔۔۔۔میں کسی بات کے لئے تمہیں۔فورس کرنے کا قائل نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔تبھی میں نکاح کے لئے مان گیا۔۔۔۔۔۔۔کہ ایک بار زاہنور کو اس بے غیرت انسان سے نجات دلا دوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے بعد ہی کچھ کروں گا اس کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تبھی میں نے تم سے نکاح کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور میرا ارادہ اسٹارٹ سے تمہیں کبھی بھی چھوڑنے کا نہیں تھا۔۔۔۔کیونکہ میں اس انسان کا مقصد جان چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے لئے عورت ایک شو پیس ہی تھی جسے وہ جیسے چاہے استعمال کرے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور میں تمہیں۔اس کے ہاتھوں کھلونا نہیں بننے دے سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔میرا مقصد تم پہ زور زبردستی کرنا بھی نہیں تھا تبھی تمہارے حصے کی ساری جائیداد تمہیں پہلے دن ہی سونپ دی کہ اگر تم مجھ سے نفرت کرو اور میرے ساتھ نہ بھی رہنا چاہو پھر بھی تمہارے پاس سائبان تو ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں خوش تھا کہ تمہیں اس ذلیل انسان سے نجات دلائی ہے میں نے اور اب دنیا کی کوئی طاقت مجھے مجبور نہیں کر سکتی تمہیں میری مرضی کے خلاف طلاق دینے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔ "

وہ کچھ دیر کے لئے رکا۔۔۔۔تو زاہنور رونے لگی۔۔۔۔حمین شاہ نے بے چارگی سے اسے دیکھا

"زاہنور پلیز بات بات پہ مت رویا کرو مجھے دکھ ہوتا ہے "

زاہنور رک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ اس کی بھیگی آنکھوں کو دیکھ کے رہ گیا بس۔۔۔۔اس لڑکی کے بنا وہ کہاں جینے کا تصور بھی کر سکتا تھا

۔۔۔۔۔۔

"مجھے چھوڑ کے جانے کا مت سوچنا پلیز زاہنور۔۔۔۔۔۔سب کچھ سہہ لوں گا لیکن تم سے الگ نہیں رہ سکتا میں "

وہ بے چارگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔جبکہ زاہنور اس کے سینے سے لگ گئی۔۔۔حمین شاہ نے تڑپ کے اسے اپنی بانہوں میں سمیٹ لیا۔۔۔۔۔

"مجھے تم پہ کامل یقین ہے حمین۔۔۔۔۔۔۔اور اپنی خوش قسمتی پہ شکر گزار ہوں میں اپنے پروردگار کی۔۔۔۔ "

"تھینک یو زاہنور "

حمین شاہ نے سرگوشی کی تھی۔۔۔۔۔توزاہنور بھی سکون سے مسکرا پڑی

شاہ ویز نے دروازہ کھولا تو سامنے ایک آدمی ہاتھ میں کچھ پیپرز لیے کھڑا تھا۔۔۔

"جی؟ "

"آپ شاہ ویز ملک ہے؟ "

وہ پوچھنے لگا

"جی۔۔۔کہیئے؟ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا اس نے پیپرز شاہ ویز کے حوالے کیے۔۔۔۔

"یہ آپ کے لئے ہیں کورٹ کی طرف سے ہیں "

شاہ ویز حیرت سے پیپرز لیے دروازہ بند کر کے اندر آیا۔۔۔۔۔

نفیسہ اسے ہی دیکھ رہی تھی

"کیا ہے اس میں ؟ "

جبکہ شاہ ویز جیسے جیسے پیپر دیکھتا گیا اس کے چہرے کا رنگ بدلتا گیا

"کیا ہے اس میں شاہ ویز؟ "

نفیسہ پھر سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

"کورٹ سے نوٹس آیا ہے۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے کیس کروایا ہے کہ اپنے سارے پیسے جو میں لے چکا اس سے ۔۔۔وہ اسے ایک ہفتے کے اندر اندر واپس چاہئیے ورنہ وہ ہمارا گھر یہ لے لیں گا ہم سے۔۔۔۔ "

شاہ ویز پریشاں سا بتا رہا تھا نفیسہ اچانک اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔۔۔

"کیا؟ "

شاہ ویز نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔

"اب کیا کرے گیں شاہ ویز ہم ؟ "

شاہ ویز وہیں کرسی پہ ڈھے سا گیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں اتنے پیسے کہاں سے لاؤں گا اسے دینے کے لئے ؟؟ کوئی قرضہ بھی نہیں دے گا مجھے۔۔۔۔۔۔سب سے تو قرضہ لے چکا میں "

وہ سر تھامے وہیں بیٹھا تھا

"میں یہ گھر کسی قیمت بھی دینے کو تیار نہیں۔ہوں "

نفیسہ بھی اس کے پاس آ کے بیٹھ گئی۔۔۔۔شاہ ویز اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"تم نے جو کرنا ہے کر۔۔۔۔ کہیں سے بھی پیسہ لے کے اس کے منہ پہ مار۔۔۔۔میرا گھر میں کسی کو نہیں دوں گی "

وہ سر نفی میں ہلاتی کہہ رہی تھی۔

"بس بھی کرو امی۔۔۔۔۔ایک تو میں پریشان ہوں اوپر سے فضول باتیں کر کر کے میرا دماغ خراب کر رہی ہو "

وہ چلایا تھا۔۔۔۔۔۔نفیسہ سہم کے اپنے بیٹے کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

"یہ سب اس منحوس۔۔۔بد چلن۔۔۔بدذات کا کیا دھرا ہے۔۔۔۔۔کیا جادو کیا ہے اس عورت نے حمین شاہ پہ ۔۔۔۔جو اسے زاہنور کے علاوہ کچھ دکھائی نہیں دیتا "

وہ کن اکھیوں سے اپنے بیٹے کو دیکھتی اب کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز نے کوفت سے اپنی ماں کو دیکھا۔۔۔۔۔

"بس کر دیں۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ جھٹکے سے اٹھ کے وہاں سے اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔جبکہ نفیسہ ہاتھ جھاڑ کے اب کوئی پلان بنانے لگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کچھ کر نفیسہ۔۔۔کچھ کر ورنہ سب کچھ تیرے ہاتھ سے چلا جائے گا"

"آپ کا کام ہو گیا مسٹر حمین شاہ "

وکیل عدنان احمد اس کے آفس آیا تھا۔۔۔۔

حمین شاہ اسے دیکھ کے مسکرانے لگا۔۔۔۔

"ویری گڈ۔۔۔۔۔۔اب اس پہ اتنا پریشر لانا ہے کہ اللہ کی پناہ مانگے۔۔۔۔ "

حمین شاہ اس کی طرف دیکھتا کہنے لگا

"آپ بے فکر رہئے سر۔۔۔۔۔۔۔جیسا آپ چاہے گیں ویسا ہی ہو گا۔۔۔ابھی تک تو ایک کورٹ نوٹس سے ہی اس کی ہوا نکل چکی ہو گی "

عدنان بھی مسکرا رہا تھا

"یہی تو میں چاہتا ہوں۔۔۔۔کہ وہ اذیت میں رہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔پل پل اذیت میں گزرے اس کا

۔۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام علیکم!

ہمارے ادر گرد بہت سے کردار ہیں جن کو ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو بخوبی لکھ سکتے ہیں تو اٹھائے قلم اور لکھ دیجئے ایک ایسی کہانی جو دلوں کو چھو لے اور ان کرداروں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اپنی صلاحیت کو بھی اجاگر کریں۔ ریڈرز چوائس

https://ezreaderschoice.com/ آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے کہ جہاں آپ اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ آج ہی ہمیں اپنی تحریر ارسال کریں جس کو ہم ایک ہفتے کے اندر اپنی ویب سائیٹ اور دیگر سوشل میڈیا گروپ میں شامل کریں گے۔

مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

واٹس ایپ نمبر کے لیے ابھی میل کیجئے

Facebook ID: https://www.facebook.com/mubarra1

Email address: mobimalik83@gmail.com

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ کی آنکھیں چمک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ زاہنور کے ہر دکھ کا مداوا کرنا چاہتا تھا اب۔۔۔۔۔شاہ ویز کو اذیت دے دے کے۔۔۔۔۔۔۔

"چلیں میں چلتا ہوں پھر۔۔۔۔۔۔ "

عدنان اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا ہوا بولا تو حمین۔شاہ بھی اپنی جگہ سے کھڑا ہو کے اس سے ہاتھ ملانے لگا

"تھینک یو سو مچ مسٹر عدنان۔۔۔۔ "

"اللہ حافظ "

"اللہ حافظ "

حمین شاہ اپنی جگہ پہ بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔اس کی نظر اپنے موبائل پہ پڑی جہاں بار بار شاہ ویز کا نمبر آ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیل گئی۔۔۔۔

"ابھی نہیں شاہ ویز ملک۔۔۔۔ابھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے کچھ سوچ کے موبائل اٹھایا اور اس کی کال ڈسکنیکٹ کر کے اس نے زاہنور کا نمبر ملایا۔۔۔۔دو رنگز کے بعد ہی کال ریسیو ہوئی تھی۔۔۔۔

"ہیلو۔۔۔۔ "

"کیا کر رہی ہو بیگم ؟ "

وہ مسکراتے ہوئے پوچھنے لگا

"۔۔ تمہیں یاد کر رہی ہوں "

اس نے اپنی کھنکتی آواز میں کہا

"اوہ تو مطلب مجھے آجانا چاہئیے اب "

اس کی آنکھوں میں شرارت تھی۔۔۔۔۔اس کے لہجے کی شرارت پہ زاہنور ہنس پڑی تھی۔۔۔۔۔

" بلکل بھی نہیں۔۔۔۔۔ "

"کیوں ؟ "

وہ حیرت سے پوچھنے لگا

"کیونکہ میں مس کرنا چاہ رہی اور زیادہ تمہیں "

زاہنور نے مسکرا کے کہا۔۔۔۔۔

"میں تمہیں۔ابھی تصور کر رہا زاہنور "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ کھویا کھویا سا کہہ رہا تھا

"کیا تصور؟ "

وہ پوچھنے لگی۔۔۔۔

"یہی کہ تمہارے لبوں پہ پھیلی مسکراہٹ کتنی دلکش لگ رہی ہو گی اور تمہاری آنکھوں میں شرارت کتنی قاتل لگ رہی ہو گی۔۔۔۔ابھی پاس ہوتا تو ان آنکھوں پہ اپنے لب رکھ کے خود پر سکون سا ہوتا۔۔۔۔ "

اس کے گھمبیر لہجے پہ زاہنور کا دل زور سے ڈھڑکا تھا۔۔۔۔۔اس کے لبوں پہ دھیمی سی مسکان آن ٹھہری تھی۔

"حمین شاہ۔۔۔۔ "

"جی میری زاہنور "

"یاد آرہے ہو بہت۔۔۔۔۔۔ "

وہ دھیرے سے بولی تھی۔۔۔۔۔۔

"بہت یاد آرہے ہو۔۔۔۔۔اتنا کہ "

وہ کچھ لمحے رکی تھی جبکہ حمین شاہ اسے سننے کے لئے بے تاب تھا

"کہ دل چاہ رہا تم ابھی میرے پاس ہوتے "

"میں آرہا ہوں۔۔۔۔ "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہہ کے اس نے کال ڈسکنیکٹ کر دی اور جلدی سے آفس سے باہر نکلا اسے جلد سے جلد گھر پہنچنا تھا اپنی زاہنور کے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ زاہنور اوارڈروب کھول کے ڈریس ڈھونڈنے لگی۔۔۔۔۔ وہ حمین شاہ کی پسند کا ڈریس پہننا چاہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ریڈ کلر کا اسٹائلش ڈریس پہن کے اس نے ہلکا سا میک اپ کیا۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کو اس کے کانوں میں جھمکے پسند تھے۔۔۔۔۔ جھمکوں کو پہنتے ہوئے وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔ بالوں پہ برش پھیر کے اس نے سائیڈ پہ کھلے ہی چھوڑ دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ جب حمین شاہ دروازہ کھول کے کمرے میں آیا۔۔۔۔ زاہنور مسکرا کے اپنی جگہ سے اٹھی اور اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ مبہوت سا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ دھیرے دھیرے قدم اٹھاتا اس کے قریب آ رہا تھا اور زاہنور کی ڈھڑکنیں بے ترتیب ہو رہی تھی۔۔۔۔

اس نے مسکرا کے اپنی پلکیں جھکا دی۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے قریب آ کے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔ اس کی کاجل بھری آنکھوں کو دیکھتا اس نے اپنے لب اس کی پیشانی پہ رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ان آنکھوں کی ہر ادا مجھے قتل کر دیتی ہے۔۔۔۔۔ "

زاہنور نے مسکرا کے پلکیں جھکا دی

"زاہنور۔۔۔۔ "

اس نے سرگوشی سی کی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میری طرف دیکھو پلیز "

زاہنور نے نظریں اٹھا کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کی آنکھوں میں دیکھنا اس کے لئے محال تھا

"میں نہیں دیکھ سکتی "

اس نے دھیرے کہا

وہ مسکرانے لگا

"کیوں؟ "

"نہیں دیکھ پاتی۔۔۔۔ "

وہ مسکرانے نظریں جھکا گئی

"کیوں؟ "

وہ سرگوشی سا کر رہا تھا۔۔۔۔ وہ تو اس کی قربت میں پگھل سا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"وہ۔۔۔۔۔۔ تم۔۔۔۔۔ ایسے دیکھتے ہو مجھے۔۔۔۔۔ "

"کیسا دیکھتا ہوں میں تمہیں؟ "

وہ دلچسپی سے اس کی لرزتی پلکوں کو دیکھ رہا تھا

"ایسے۔۔۔۔۔ جیسے ابھی دیکھ رہے "

وہ

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلکوں جھالر اٹھا کے اسے دیکھتی کہہ رہی تھی۔۔۔۔ حمین شاہ دھیرے سے ہنس پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی آنکھوں پہ اپنے لب رکھ دیے۔۔۔۔۔۔۔ آنکھیں موندے وہ سکون اپنے اندر اترتا محسوس کر رہا تھا

۔۔۔۔۔۔

"تھینک یو زاہنور فار بینگ وڈ میں "

اس نے ہلکی سی سرگوشی کی۔۔۔۔۔۔۔ پھر اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔

"ایم سو لکی زاہنور کی تم میری ہو۔۔۔۔۔ "

وہ اسے بانہوں میں لیے محبت بھرے لہجے میں کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔ زاہنور مسکرا پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔

"اور تم میرے ہو حمین شاہ "

اسنے بھی دھیرے سے اقرار کیا اور حمین شاہ سرشار سا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

انٹرویو اس نے بہت زبردست دیا تھا۔۔۔۔۔ اسے پوری امید تھی کہ جاب اسے ہی ملے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیونکہ جیسا امپلائی انھیں چاہئیے تھا وہ اس معیار پہ پورا اتر رہا تھا۔۔۔۔۔ لیکن ذوالفقار احمد نے بہت تاسف سے اس کی طرف دیکھا

"ایم سوری مسٹر شاہ ویز آپ اس جاب کے لئے سوٹیبل نہیں ہے۔۔۔۔ "

شاہ ویز نے حیرت سے اسے دیکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"بٹ وائی سر؟ میں نے اچھا انٹرویو دیا تو ہے "

"یہ آپ سے کس نے کہہ دیا کہ آپ کا انٹرویو اچھا تھا؟ "

ذوالفقار احمد نے ابرو اچکائے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

"سر پلیز مجھے اس جاب کی ضرورت ہے "

شاہ ویز نے امید بھری نظروں سے اسے دیکھتے کہا جبکہ وہ نفی میں سر ہلا کے کندھے اچکا گئے۔

"آپ ہمارے معیار پہ پورا نہیں اتر پائے۔۔۔۔یو کین گو ناؤ "

وہ اسے جواب دے کے اب فائل دیکھنے لگے۔۔۔۔۔شاہ ویز لب کاٹتا کچھ دیر اسے دیکھتا رہا پھر اپنی جگہ سے اٹھا اور تھکے قدموں سے آفس سے نکلتا چلا گیا۔۔۔۔

آج کے دن یہ اس کا چوتھا انٹرویو تھا جاب کے لئے۔۔۔۔۔۔کہ جس میں اسے نفی میں ہی جواب مل رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے جاتے ہی ذوالفقار احمد نے فون اٹھا کے کال ملائی۔۔۔۔دوسری طرف حمین شاہ تھا

"آپ کو کام ہو گیا حمین شاہ "

اس کے لب مسکرا پڑے

"ویری گڈ۔۔۔۔۔۔"

فون رکھ کے وہ اب کھل کے مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز ملک تمہیں ٹکے ٹکے کا محتاج کر دوں گا۔۔۔جس طرح سے تم نے زندگی زاہنور پہ تنگ کر دی تھی ویسے ہی تمہاری بھی ہو گی۔۔۔اٹس یور ٹرن ناؤ "

اس کے ہر ایکٹیویٹی پہ حمین شاہ کی نظر تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ جہاں جاتا۔۔۔جو کرتا حمین شاہ کے آدمی اس پہ کڑی نظر رکھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے ہر اذیت کا بدلہ لینا چاہتا تھا وہ شاہ ویز سے اور وہ وہی کر رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ابھی بہت سے امتحان رہتے تھے شاہ ویز کے۔۔۔جو اسے وقتاً فوقتاً دینے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وقت وقت کی بات ہوتی ہے کل تک شاہ ویز خود کو قدرت مند سمجھ کے زاہنور کو ہر طرح سے اذیت دیتا ۔۔۔۔۔۔۔اور آج وہ خود پریشان سا پھر رہا ہے۔۔۔کل تک زاہنور کو بے سائبان کرنا چاہ رہا تھا آج وہ خود اپنے سائبان کو بچانے میں لگا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ پل پل اسے اذیت دینے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بازی اس کے ہاتھ میں تھی اور وہ بھرپور طریقے سے کھیل رہا تھا۔۔۔

تھکا تھکا سا وہ گھر میں داخل ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔نفیسہ اس کے پاس آئی

"آگیا میرا بیٹا۔۔۔کیسا رہا انٹرویو؟ "

شاہ ویز اسے نظر انداز کرتا صوفے پہ جا کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔نفیسہ بھی اس کے پاس آ کے بیٹھ گئی۔۔۔۔

"بتایا نہیں "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"سب نے مجھے جاب دینے سے انکار کر دیا۔۔۔۔پانچ جگہیں گیا۔۔۔۔پانچوں نے انکار کر دیا "

وہ تھکا تھکا سا بولا

"لیکن کیوں؟ "

نفیسہ حیران تھی۔۔۔۔

"میری بدبختی کے دن جو شروع ہو چکے ہیں "

صوفے کی پشت پہ سر رکھ کے وہ کہنے لگا۔۔۔۔

"یہ سب اسی زاہنور اور حمین شاہ کا کیا دھرا ہے مجھے اچھی طرح پتہ ہے۔۔۔۔میں ابھی جا کے اس کی طبیعت صاف کرتی ہوں "

نفیسہ ناگواری سے بول رہی تھی

"بس کر دے امی۔۔۔وہ اب آپ کی بہو نہیں ہے جو اس کی طبیعت صاف کرے گی۔۔۔۔وہ حمین شاہ کی بیوی ہے ۔۔۔۔حمین شاہ آپ کی طبیعت صاف کر دے گا "

شاہ ویز کے یوں کہنے پہ نفیسہ بھی سر جھٹک گئی۔۔۔۔۔پھر شاہ ویز کی تھکے چہرے کو دیکھنے لگی۔۔۔۔

اس کے سر پہ ہاتھ پھیرتی کہنے لگی

"اٹھ میرا بچہ۔۔۔۔میرا شہزادہ۔۔۔۔میں کھانا لگاتی ہوں۔۔۔۔کچھ کھا لے۔۔۔۔صبح کا بھوکا ہے تو "

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اپنے بیٹے کے ناز اٹھاتی بول رہی تھی۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے سر اثبات میں ہلایا۔۔۔۔۔۔۔اور اٹھ کے اپنے کمرے کی طرف جانے لگا

"میں چینج کر کے آتا ہوں"

"ایک ہفتہ کمپلیٹ ہو گیا چلیئے نکلیئے دونوں یہاں سے"

کورٹ سے نوٹس لیے حمین شاہ کے آدمی اور دو پولیس کانسٹیبل کھڑے تھے۔۔۔۔۔۔۔نفیسہ حیرت سے انھیں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔جبکہ شاہ ویز خاموش کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

"ہم کہاں جائیں گے۔۔۔یہ ظلم مت کیجیئے ہم پہ۔۔۔۔۔"

نفیسہ رونے ہی لگ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز کچھ تو بول بیٹا۔۔۔تھوڑا اور ٹائم مانگ لیں بیٹا"

شاہ ویز نظر بھی نہیں اٹھا پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

خاموشی سے اپنا بیگ اٹھائے آگے بڑھ گیا جب پولیس کانسٹیبل نے آگے بڑھ کے اسے روکا۔۔۔۔۔

"اس بیگ میں کیا ہے؟ یہاں کی کوئی چیز نہیں لے جا سکتے"

شاہ ویز نے اپنا بیگ ان کے سامنے رکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کپڑے ہیں بس"

اس نے آہستگی سے کہا۔۔۔۔۔۔

"ہممممم"

اس نے ہنکارا بھرا اور بیگ اسے واپس کر دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر نفیسہ کو دیکھنے لگا

"چلو ماں جی۔۔۔۔جلدی کرو ہمیں اور بھی کام کرنے ہیں"

نفیسہ اپنا بیگ اٹھائے وہاں کی ہر چیز پہ نظر ڈالتی باہر جانے لگی۔۔۔۔۔ان کے باہر جاتے ہی کانسٹیبل نے دروازہ لاک کیا اور چابی حمین شاہ کے بندوں کے حوالے کر دی۔۔۔

وہ ایک ایک کر کے جانے لگیں جبکہ شاہ ویز اور نفیسہ وہیں کھڑے سامنے بند دروازے کو دیکھتے رہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔جب اس کی ہمسائی زرینہ ان کے پاس آئی۔۔۔

"ارے نفیسہ۔۔۔یہ سب کیا ہے؟ یہ گھر پہ تالا کس نے لگا دیا؟؟ پولیس آئی تھی کیا ہوا ہے؟ کون لوگ تھے؟"

زرینہ کو دیکھ کے اسے اپنے درد بانٹنے کا موقع ہی مل گیا

"ارے زرینہ مت پوچھ۔۔۔بہو نہیں تھی وہ ڈائن تھی ڈائن۔۔۔۔۔پہلے میرا بیٹا کھا گئی۔۔۔۔۔۔اور اب اس شوہر کے ساتھ مل کے میرا گھر کھا گئی۔۔۔۔ہائے میں کہاں جاؤں گی اب۔۔۔اتنا بھی خیال نہیں آیا اسے"

زرینہ افسوس سے سر ہلانے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ارے بہن۔۔۔اللہ ایسی بہو کسی کو نہ دے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چل تو مت رو۔۔۔میرے گھر چل جب تک کوئی ٹھکانہ نہیں مل جاتا میرے گھر پہ رہ تو اور شاہ ویز تو میرا بھی بیٹا ہے۔۔۔۔آجاؤ دونوں"

شاہ ویز نے معذرت کرنا چاہی

"نہیں آنٹی ہم خود کہیں بندوبست کر لیں گے"

"میں کوئی پرائی تو نہیں ہوں۔۔۔۔۔بہن مانتی ہوں میں نفیسہ کو۔۔۔۔بیٹا ہے تو میرا۔۔۔۔۔"

زرینہ اسے پیار سے کہنے لگی

"چل آ دونوں میرے گھر۔۔۔۔ویسے بھی یہاں ہے ہی کون میرا"

شاہ ویز اپنی ماں کو دیکھ کے رہ گیا جو خوشی خوشی اس کے گھر جا رہی تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز کو بھی مجبوراً جانا پڑا ۔۔۔۔۔گھر میں داخل ہوتے ہی ان کا سامنا رباب سے ہوا جو زرینہ کی بہو تھی اور زاہنور کی دوست تھی ۔۔۔۔۔شاہ ویز پہ نظر پڑتے ہی اس کے ماتھے پہ بارہ بج گئے۔۔۔۔۔نفیسہ کو بھی اس نے سر سے پاؤں تک گھور کے دیکھا۔۔۔۔۔

"سلام کر بیٹی ان کو"

زرینہ اسے دیکھتی کہنے لگی۔۔۔۔

"مخملی قالین بھی نہ بچھاوں ان کے آگے۔۔۔پاؤں میلے نہ ہو جائیں ان کے"

شاہ ویز لب بھینچ گیا جبکہ نفیسہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جو جیسا کرتا ہے ویسا ہی اس کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔۔۔۔اللہ کی لاٹھی کبھی بے آواز نہیں ہوتی۔۔۔۔۔۔"

کہہ کے وہ اپنے کمرے میں چلتی بنی۔۔۔۔جبکہ زرینہ شرمندہ سی ہونے لگی

"زرینہ تیری بہو کی زبان تو قینچی کی طرح چلتی ہے"

نفیسہ منہ کھولے حیرت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

"ارے نہیں۔۔۔۔ماں بن رہی ہے تو موڈ اس کا ایسے ہی رہتا ہے۔۔۔ویسے بہت اچھی ہے دل کی۔۔۔تو آ بیٹھ ۔۔۔بیٹھ نا ادھر۔۔۔آ جا شاہ ویز تو بھی بیٹھ"

وہ انھیں لاونج میں لے جا کے بٹھانے لگی۔۔۔۔۔۔۔

"میری بہو ہوتی میں زبان کھینچ لیتی"

نفیسہ کو ابھی تک غصہ تھا جبکہ زرینہ ڈرتے ڈرتے پیچھے دیکھنے لگی کی کہیں سن نہ لیا ہو رباب نے

"ارے چھوڑ بچی ہے۔۔۔۔تو آرام سے بیٹھ۔۔۔۔"

شاہ ویز لب بھینچے بس سامنے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

وہ شاپنگ مال آئی ہوئی تھی۔۔۔۔یونہی شاپنگ کرتے ہوئے اس کی نظر نیو بورن بے بیز کے شاپ پہ پڑی تو وہ یونہی مسکراتی اندر چلی گئی اور وہاں موجود چیزوں کو محویت سے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔جب ایک جانی پہچانی آواز پہ اس کے قدم تک گئے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور"

مڑ کے دیکھا تو رباب تھی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں خوشی سے مسکرانے لگی

"ارے رباب تم یہاں۔۔۔۔"

وہ مسکرا کے اس کے گلے لگی۔۔۔۔تو رباب شکایتی لہجے میں کہنے لگی

"بڑے لوگ بن گئی ہو تسی۔۔۔۔۔"

زاہنور ہنسنے لگی

"ایسا کچھ نہیں۔۔۔۔۔بس بزی ہو گئی تھی تھوڑا"

پھر اس کے نظر رباب کے سراپے پہ پڑی

"ماشاءاللہ کون سا منتھ چل رہا ہے؟"

اس کے پوچھنے پہ رباب ہنسنے لگی

"سیونتھ۔۔۔۔۔۔یار بس راحیل کو پے ملی تھی آج تو سوچا بڑے مال سے شاپنگ کی جائے۔۔۔۔ورنہ کہاں روز روز ایسے مال میں جانے کو ملتا ہے"

زاہنور مسکرانے لگی

"ماشاءاللہ۔۔۔۔"

"تم یہاں کیا کر رہی ہو ویسے؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

رباب خیال آنے پہ پوچھنے لگی تو زاہنور کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیل گئی۔۔۔۔

"میں یہاں۔۔۔۔"

اس کی آنکھیں چمکنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔

"ایم پریگننٹ وڈ ٹوینز"

زاہنور کے بتانے پہ رباب ایک پل کو حیرت زدہ رہ گئی۔۔۔۔ پھر کھلکھلانے لگی۔۔۔۔

"اوہ مائی گاڈ۔۔۔۔ رئیلی۔۔۔۔ وہ بھی ٹوینز"

وہ خوشی سے اونچا اونچا بولنے لگی زاہنور نے سٹپٹا کے ادھر ادھر دیکھا

"رباب آرام سے۔۔۔۔"

"ارے کچھ نہیں ہوتا۔۔۔۔ دیکھنے دو سب کو۔۔۔۔ میں بہت خوش ہوں یار۔۔۔۔ اللہ مبارک کرے"

وہ ہنسے جا رہی تھی اپنی خوشی کا اظہار کر رہی تھی اور زاہنور کے چہرے پہ مختلف رنگ کھل رہے تھے۔۔۔۔۔۔

"ویسے نا۔۔۔۔ کل مجھے بہت ہنسی آئی تھی شاہ ویز اور اس کی ماں پہ۔۔۔۔ اچھا بدلہ لیا تو نے ان سے۔۔۔۔ انھیں بے گھر کر کے"

رباب کے بتانے وہ حیران رہ گئی

"کیا؟ کیا کہہ رہی ہو مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی"

زاہنور نا سمجھنے والے انداز میں اسے دیکھ رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لیں تجھے تو کچھ پتہ ہی نہیں۔۔۔ کل کورٹ والے آئے تھے۔۔۔اور پولیس بھی۔۔۔ حمین شاہ کی طرف سے نوٹس آیا تھا انھیں گھر خالی کرنے کا اور کل انھیں گھر سے نکال باہر کر کے اتنا بڑا تالا لگا دیا۔۔۔۔۔ ہمارے گھر آئے ہیں رہنے آج کل۔۔۔۔۔ میں نے تو منہ ہی نہیں لگایا"

وہ بولے جا رہی تھی اور زاہنور حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

پھر اس کی کیفیت دیکھ کے رباب نے بات بدل دی

"چل چھوڑ گولی مار۔۔۔۔۔ تجھے دیکھ کے اور بے حد خوش دیکھ کے میں بہت خوش ہوں یار۔۔۔۔۔"

زاہنور مسکرانے لگی۔۔۔

پھر اس کی ناں ناں کے باوجود بھی زاہنور نے اس کے لئے بہت سی چیزیں اپنی طرف سے لی تھی

"میں خالہ ہو اس کی۔۔۔ آئی سمجھ۔۔۔۔۔"

رباب مسکرانے لگی۔۔۔

"بہت لکی ہے تو زاہنور۔۔۔ حمین شاہ کو تو میں اکثر نیوز پیپرز میں دیکھتی رہتی ہوں بزنس کے حوالے سے۔۔۔ ماشاءاللہ جچتے ہو دونوں"

"تھینک یو رباب۔۔۔"

زاہنور بھی مسکرانے لگی۔۔۔۔۔ جب راحیل بھی وہیں آ گیا۔۔۔ زاہنور کو دیکھ کے اس نے ہمیشہ کی طرح اس سے بہت احترام سے ملا۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آیئے میں آپ دونوں کو چھوڑ آتی ہوں"

"ہاں چلو"

رباب مسکرا کے آگے بڑھنے لگی جب راحیل نے اسے روک لیا۔۔۔

"ارے نہیں ہم خود چلے جائیں گے۔۔۔۔۔۔۔ تم ناحق پریشان مت ہو"

"ارے پریشانی کیسی۔۔۔۔ کار تو ڈرائیور ہی ڈرائیو کرے گا۔۔۔۔"

زاہنور مسکرا کے بتانے لگی۔۔۔۔۔

"آیئے نا پلیز مجھے خوشی ہو گی۔۔۔۔"

راحیل اور رباب کو لیے وہ باہر نکلی ہی تھی جب گارڈ ان کے پاس آیا اور زاہنور کے ہاتھ سے پیکٹس لے لیے۔۔۔۔۔

"گڈ ایوننگ میم"

وہ احترام سے کھڑا ہو گیا جبکہ زاہنور ان دونوں کو لیے گاڑی تک آئی تو ڈرائیور نے ان کے لئے دروازہ کھولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب وہ تینوں بیٹھ چکے تو گارڈ اور ڈرائیور بھی اپنی جگہ پہ بیٹھ گئے۔۔۔۔۔ رباب پیار سے زاہنور کو دیکھ رہی تھی اور دل ہی دل میں اس کی خوشیوں کی دعا مانگنے لگی۔۔۔۔۔۔ وہ جانتی تھی کہ اس نے بہت دکھ جھیلے ہیں۔۔۔۔۔ شاہ ویز نے اسے بہت سے دکھ دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے ہمیشہ نفرت اور حقارت کا نشانہ بنایا ۔۔۔۔۔۔۔ اور وہ چپ چاپ سہتی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔ اور آج اسے یوں دیکھ کے۔۔۔۔ وہ بے حد ہو رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ساری شاپنگ پھیلائے بیٹھی وہ اپنی ساس کو دکھا رہی تھی۔۔۔۔۔

"یہ تو بہت قیمتی لگ رہی ہیں"

زرینہ حیرت سے وہ سب دیکھ کے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

نفیسہ بھی پاس ہی بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔ جبکہ شاہ ویز فاصلے پہ بیٹھا نیوز پیپر دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

جبکہ رباب مسکرا مسکرا کے اپنی شاپنگ دکھا رہی تھی

"یہ سب زاہنور نے لیا ہے۔۔۔۔"

زرینہ چونک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"زاہنور وہاں کیا کر رہی تھی؟"

زاہنور کے نام پہ شاہ ویز کے کان بھی کھڑے ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

"وہ شاپنگ کرنے آئی تھی۔۔۔ تو مجھے وہیں مل گئی"

رباب خوشی خوشی اپنی ساس کو بتا رہی تھی جبکہ نفیسہ ناگواری سے کہنے لگی

"وہ وہاں کیا شاپنگ کرنے آئی تھی۔۔۔۔ بچوں کی چیزوں میں اس کا کیا کام بلا۔۔۔۔ وہ تو بان۔۔۔۔۔۔"

وہ کہنے والی تھی جب رباب نے اسکی بات کاٹ لی

"وہ پریگننٹ ہے۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کاٹ دار نظروں سے نفیسہ کو گھورتی کہنے لگی جبکہ نفیسہ اور زرینہ ہکا بکا اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔نیوز پیپر شاہ ویز کے ہاتھ سے بھی چھوٹ کے گرا تھا۔۔۔۔۔۔جسے رباب دیکھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

"بانجھ پن کا ڈھونگ تو آپ لوگوں نے رچایا ہوا تھا۔۔۔۔زندگی تنگ کر دی تھی اس پہ آپ ماں بیٹے نے مل کے ۔۔۔۔اسے دیکھ کے آج یقین ہو گیا کہ بیشک صبر کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔گارڈز گھومتے ہیں اس کے آگے پیچھے ہاتھ باندھے۔۔۔۔۔۔حمین شاہ جیسا ہزبینڈ ملا ہے اسے۔۔۔۔خوشی اس کے چہرے سے چھلک رہی ہے۔۔۔۔۔۔اور ماشاءاللہ سے وہ ماں بھی بن رہی ہے۔۔۔۔وہ بھی ٹوینز"

رباب کا منہ کھلا تو بولتی ہی چلی گئی۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز لب بھینچے اس کی باتیں سن رہا تھا

"بڑی زبان دراز ہے تیری بہو تو زرینہ"

نفیسہ کو اس کی باتیں ایک آنکھ نہیں بھائی۔۔۔۔جبکہ زرینہ مسکین سی صورت بنا کے رباب کو دیکھنے لگی لیکن وہ کچھ بھی خاطر میں لائے بنا ہی نفیسہ کو کڑی تیوروں سے دیکھنے لگی

"حقیقت تلخ ہے نا۔۔۔۔۔کیا دیا تھا اسے آپ لوگوں نے؟؟سوائے مار اور گالم گلوج کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ اٹھاتا آپ کا یہ جوان سیدھا سادھا بیٹا اس پہ۔۔۔۔اور آپ اس کے کان بھرتی تھی۔۔۔۔۔۔جینا حرام کر دیا تھا اس یتیم لڑکی کا آپ لوگوں نے۔۔۔آہ لے ڈوبی ہے آپ دونوں کو اس یتیم کی۔۔۔۔۔جا کے دیکھ لیں اس کا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بنگلہ۔۔۔۔اس کی زندگی۔۔۔۔۔اس کی آسائشیں۔۔۔۔بے شک اللہ بڑا مہربان ہے۔۔۔۔جو آپ کے اس بیٹے سے نجات دلادی"

"بس۔۔۔۔"

شاہ ویز ایکدم اپنی جگہ سے اٹھ کے چلایا تھا۔۔۔لیکن اسکے مقابل رباب تھی۔۔۔۔۔بنا ڈرے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے کھڑی ہو گئی

"بس۔۔۔نکل گئی ہوا؟؟؟سچ سننے کی ہمت نہیں۔۔۔۔سچ کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں۔۔۔تف ہیں تم جیسے نامردوں پہ۔۔۔۔نامرد خود تھا۔۔۔بانجھ بانجھ کہہ کے اس کے کان پکا دیے۔۔۔۔۔۔۔لعنت ہے اللہ کی تم دونوں پہ"

کہہ کے وہ رکی نہیں تن فن کرتی اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔۔شاہ ویز تو جیسے سر اٹھانے کے قابل بھی نہ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔جبکہ نفیسہ منہ کھولے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔زرینہ نظریں چراتی کہنے لگی۔

"بچی ہے۔۔۔چل رہنے دو"

"بڑی ڈھیل دے رکھی ہے تو نے اپنی بہو کو"

نفیسہ تلخ لہجے میں بولی۔

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"رباب بھی میری بچی ہے۔۔۔۔۔ڈھیل کی کیا بات ہے اس میں۔۔۔وہ اس گھر کی بیٹی ہے۔۔۔۔میرے بیٹے کی بیوی ہے۔۔۔۔اسے پورا حق ہے اچھا برا کہنے کا۔۔۔۔۔۔نوکرانی تو لائی نہیں میں۔۔۔بہو لائی ہوں اور بہو جیسا ہی رکھوں گی اسے۔۔۔۔اللہ سب بیٹیوں کے نصیب اچھے کرے۔۔۔۔۔۔"

وہ کہہ رہی تھی جبکہ شاہ ویز زمین گڑ رہا تھا جیسے۔۔۔۔نفیسہ اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی

"تو رکھو اپنی بہو کو اپنے پاس۔۔۔ہم جا رہے ہیں"

"ارے نفیسہ۔۔۔بچی کی باتوں کا برا کیوں منا رہی۔۔۔۔"

زرینہ نے اسے روکنا چاہا جب کہ وہ ہاتھ جھٹک کے آگے بڑھ گئی۔

"مجھے نہیں رہنا یہاں۔۔۔چل شاہ ویز"

شاہ ویز کے ساتھ وہ باہر نکلتی چلی گئی جبکہ زرینہ وہیں سر تھام کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔رباب سے اسے بے حد پیار تھا۔۔۔۔نفیسہ کی باتیں اسے بری لگی تھی لیکن اسے دکھ ہو رہا تھا کہ اب وہ کہاں جائے گی۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"شاہ ویز کے گھر تم نے نوٹس بھجوایا تھا؟"

زاہنور کافی کا مگ حمین شاہ کو پکڑاتے خود بھی وہیں بیٹھ گئی۔۔۔۔حمین شاہ نے کافی کا ایک گھونٹ لیا اور پھر اسے دیکھنے لگا۔

"ہاں"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لیکن کیوں حمین؟ تمہیں تو ان پیسوں کی ضرورت بھی نہیں ہو گی۔۔۔۔۔۔۔تو یہ سب کیوں؟"

وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

"شاہ ویز کو اذیت دینا چاہتا ہوں"

اس نے سپاٹ لہجے میں کہا

"کیوں حمین؟اس سے کیا ہو گا؟"

اسے دکھ سا ہو رہا تھا۔۔۔۔

"تمہیں جتنی اذیت میں رکھا اس نے۔۔۔ان سب کے آگے یہ بہت کم ہیں۔۔۔۔"

حمین شاہ کی نگاہیں سرد تھی

"مجھے کسی سے بدلہ نہیں لینا حمین۔۔۔۔میں یہاں تمہارے ساتھ خوش ہوں۔۔۔۔اپنی زندگی سے راضی ہوں ۔۔۔۔۔۔۔میں کسی کو بے گھر کر کے اپنا بدلہ لے کے سکون سے نہیں رہ سکتی"

زاہنور کو افسوس ہو رہا تھا

"چھوڑو یہ سب باتیں۔۔۔تم یہ بتاؤ کیا کیا شاپنگ کی آج؟"

وہ بات کو ٹالتا اس سے شاپنگ کا پوچھنے لگا تو زاہنور کو اپنی شاپنگ یاد آئی۔۔۔

"کیوں بتاؤں؟"

"ارے کیوں نہیں بتاؤ گی بیگم؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ مصنوعی حیرت سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

"آج میری دوست رباب سے ملی میں۔۔۔۔۔۔"

وہ مسکرا کے بتانے لگی اس کے چہرے پہ خوشی کے رنگ بکھرے پڑے تھے۔۔۔۔۔

"وہ بھی شاپنگ پہ آئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔میں نے اسے گھر بھی دعوت دی۔۔۔ کہہ رہی تھی ضرور آؤں گی"

حمین شاہ اسکے چہرے پہ اطمینان کے رنگوں کو دیکھ کے خود بھی مطمئن تھا۔۔۔۔۔۔

"یہ تو بہت اچھی بات ہوئی ہے۔۔۔۔۔اسی لئے میری بیگم آج بے حد خوش دکھائی دے رہی ہے"

"میں تو ہمیشہ خوش ہوتی ہوں"

وہ منہ بنا کے بولی

"مجھے دیکھ کے تو منہ بن جاتا ہے تمہارا"

وہ شرارت آنکھوں میں لیے اسے کہہ رہا تھا

"کب بنا منہ؟"

وہ شاکی نظروں سے اسے دیکھنے لگی

"تو کیا پیار آتا ہے؟"

وہ اس کے قریب ہوتے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ویسے تمہارا وہ اظہار۔۔۔۔۔۔میں تو کہتا ہوں تمہیں ہفتے میں ایک آدھ پی لینی چاہیے وہی۔۔۔۔۔اسی بہانے تمہارا رومانی انداز دیکھنے کو ملتا ہے"

حمین شاہ کے یوں کہنے پہ زاہنور نے رونی صورت بنالی

"مذاق بنا رہے ہو میرا"

"بلکل بھی نہیں۔۔۔۔میں تو وہ شام یاد کر رہا۔۔۔۔۔تمہارا وہ معصوم سا اقرار محبت"

حمین شاہ اسے اپنے قریب کرتے بولا

"ایسے نہیں کرو"

زاہنور شا کی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی ابھی تک

"کیسے جانم؟؟؟؟میں نے تو ابھی کچھ کیا ہی نہیں۔۔۔۔کرنے ہی نہیں دیتی ہو کچھ"

حمین شاہ اسے چھیڑ رہا تھا جبکہ وہ منہ پھیر کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"تمہیں مزا آتا مجھے تنگ کرنے میں"

"نہیں۔۔۔۔رومانس میں زیادہ آتا"

اس نے اچانک سے کہا تو زاہنور اسے گھور کے رہ گئی

"حمین۔۔۔۔"

جبکہ حمین۔شاہ ہنسنے لگا اسے خود سے لگا کے پیار کیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ارے میری جانم مزاق کر رہا ہیں۔۔۔۔۔ تمہیں تنگ کرنا اچھا لگتا ہے۔۔۔ لیکن"

وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی تو حمین شاہ مسکرانے لگا

"سچ میں رومانس میں تم بہت دلکش لگتی ہو۔۔۔۔ مجھے تو بار بار

تم پہ پیار آتا رہتا ہے۔۔۔۔۔۔۔ تبھی تمہیں۔ دیکھ دیکھ کے میں اور رومینٹک ہونے لگ جاتا ہوں"

"حمین۔۔۔۔"

اس نے سٹپٹا کے نظریں ہی جھکا دی جبکہ حمین شاہ نے مسکرا کے اسے خود سے لگایا۔۔۔۔۔۔۔۔ سچ ہی تو تھا وہ زاہنور سے بے حد محبت کرتا تھا اور جب بھی وہ زاہنور کے قریب جاتا۔۔۔۔۔ اس سے محبت کرتا تو زاہنور اس کی قربت میں پگھلنے لگتی اور بوکھلا سی جاتی۔۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

شاہ ویز اس کے آفس آیا ہوا تھا۔۔۔۔ اس کی حالت دن بہ دن بد سے بدتر ہوتی جا رہی تھی

"کیوں کر رہے ہو یہ سب حمین شاہ؟ رحم نہیں آتا میری حالت پہ تمہیں؟"

حمین شاہ نے ایک نظر اس پہ ڈالی۔۔۔۔۔۔ کمزور ہو گیا تھا وہ پہلے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ پہلے والا تنتنا اس میں رہا ہی نہیں تھا۔۔۔۔

"تم رحم کی بھیک مانگ رہے مجھ سے؟ دوسروں پہ رحم نہ کھانے والا انسان مجھ سے رحم کی بھیک مانگ رہا ہے"

شاہ ویز نے بے بسی سے اسے دیکھا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"گھر لے لیا مجھے۔۔۔ سڑک پہ آ گئے ہم۔۔۔۔۔ جہاں جاتا ہوں جاب نہیں ملتی مجھے۔۔۔۔۔ بھکاری بن گیا یوں اور کیا چاہتے ہو تم مجھ سے"

"اس سے بھی بدتر حالت میں دیکھنا چاہتا ہوں تمہیں شاہ ویز ملک۔۔۔۔۔۔ رحم مانگتے ہوئے مجھے ایک آنکھ بھی نہیں بھا رہے تم ابھی۔۔۔۔۔۔ آئی مسٹ سے کافی قابل رحم حالت ہے تمہاری ابھی۔۔۔ مجھے تو سچ میں ترس آ رہا ہے تم پہ"

سیٹ کی پشت سے ٹیک لگائے وہ اطمینان سے طنزیہ مسکراہٹ چہرے پہ سجائے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ وہ بس لب بھینچے حمین شاہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"اور کون سے ظلم کرنے ہیں وہ بھی سب ایک ساتھ کر لو۔۔۔۔۔ تاکہ مجھے بھی اس سب کے بعد سکون ملے ۔۔۔۔"

"سکون کے لئے تو ترسو گے تم اب۔۔۔۔۔۔ خیر"

وہ کچھ دیر رک کے اسے دیکھنے لگا

"بار بار یہاں آ کے میرا قیمتی وقت ضائع مت کیا کرو مسٹر شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔ یو مے گو ناؤ"

اس نے کاٹ دار لہجے میں کہا تو شاہ ویز کچھ دیر وہیں کھڑا رہا پھر سر جھٹک کے وہ آفس سے نکل گیا۔۔۔۔

روڈ پہ چلتے ہوئے اسے اپنی کم مائیگی۔۔۔ اپنی بے بسی کا احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اللہ کی لاٹھی بے آواز ہی ہوتی ہے۔۔۔۔اس لڑکی پہ ظلم کے پہاڑ توڑ کے اسے کبھی بھی یہ خیال نہیں آیا تھا کہ وہ جرم کا مرتکب ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔بار بار اسے بانجھ کہنا۔۔۔۔۔بار بار اس کی عزت نفس مجروح کرنا۔۔۔بار بار اس پہ طنز کے نشتر چلانا۔۔۔۔اس پہ ہاتھ اٹھانا۔۔۔اور پھر اسے طلاق دے کے اسے کس بے غیرتی کے ساتھ وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے اسے کسی اور مرد کے حوالے کر دینا۔۔۔۔۔اس کے دل پہ کیا بیت رہی تھی اس لمحے۔۔۔اس نے جاننے کی کوشش نہیں کی وہ بس ایک کمزور لڑکی کو کچلتے ہوئے خود ایک طاقتور مرد ہونے کے نشے میں چور تھا۔۔۔۔۔لیکن نشہ ایسا ٹوٹا کہ وہ تو سنبھلنے کے قابل بھی نہ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب !!!!!

زاہنور کہیں نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے کھو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ہمیشہ کے لئے!!!!وہ وہیں فٹ پاتھ پہ گر سا گیا۔۔۔۔گھٹنوں کے بل بیٹھا وہ وہاں رو رہا تھا۔۔۔۔۔اپنی قسمت پہ رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کو کھو کے رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ کچھ نہیں تھا۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔ایک بھکاری سے بھی بدتر حالت تھی اس کی ۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

وہ اپنے وجود میں خوشگوار تبدیلیاں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کے وجود میں دو ننھے وجود پل رہے تھے۔۔۔۔وہ خوش تھی۔۔۔۔۔بے حد خوش تھی۔۔۔۔بار بار خود کو دیکھ کے اس کے چہرے پہ خوشی کے رنگ کھلنے لگ جاتے۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خوبصورت سا کمرا جو حمین شاہ اور زاہنور نے بہت چاہ سے اپنے دو ننھے بچوں کے لئے پہلے سے ہی سجایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔آف وائٹ اور بلیو کا بہیں شن کیا گیا تھا وہاں کی ہر چیز میں اور زاہنور وہاں کی ہر چیز دن میں کوئی دس بار آ کے دیکھتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے بس ان دو ننھے وجود کے اس دنیا میں آنے کا انتظار تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اس کی زندگی مکمل ہو جاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے پیچھے سے اسے کندھوں سے تھام کے خود سے لگایا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور مسکرا کے گردن خم کر کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"آ گئے آپ"

حمین شاہ نے اس کے گال پہ پیار کیا

"جی جناب ہم آ گئے"

زاہنور مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

"ابھی سے تم یہاں گھومتی رہتی ہو۔۔۔۔۔۔بعد میں تو شاید ڈھونڈنے سے بھی نہ ملو مجھے تم۔۔۔۔"

حمین شاہ اسے چھیڑ رہا تھا جبکہ زاہنور اس کی شرارت سمجھ گئی تھی تبھی کہنے لگی

"میں یہیں مل جاؤں گی تمہیں۔۔۔"

"اور میرا ٹرن کب آئے گا ان سب کے بیچ؟"

وہ اسے خود کے بے حد قریب کرتا پوچھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ڈیپینڈ کرتا ہے کہ بچے تم سے کتنی محبت کرتے ہیں"

"اور بچوں کی ماں؟ وہ کتنا کرتی ہے؟"

زاہنور خاموشی سے مسکراتی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ نے اس کا رخ اپنی طرف کیا۔۔۔۔۔۔

"کچھ تو بولئیے بیگم"

زاہنور اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"کیا میری آنکھیں کافی نہیں یہ محسوس کرانے کے لئے؟"

وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اس کی آنکھوں پہ اپنے لب رکھے۔۔۔۔۔۔

"ان آنکھوں کے ہر لفظ کو پہچانتا ہوں۔۔۔۔"

زاہنور اس کی گردن کے گرد اپنے بازو حائل کر کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

"کیا دیکھ رہی ہو بیگم؟"

حمین شاہ کی آنکھوں میں شرارت تھی جبکہ زاہنور اسے دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔۔

"تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ خود کو۔۔۔۔۔۔ اپنی محبت کو۔۔۔۔۔۔"

"آج پھر سے کچھ پی تو نہیں لیا"

وہ اسے مصنوعی حیرت سے دیکھتا پوچھنے لگا

"چپ۔۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور ناراضگی سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔تو وہ ہنسنے لگا

"اچھا سوری مذاق کر رہا۔۔۔۔"

"مسلمان بچی ہوں۔۔۔ایسی حرکتیں زیب دیتی ہے کیا مجھے؟"

وہ ابھی تک ناراض ہو رہی تھی۔۔۔

"اوہ میری جان۔۔۔میں بھی مسلمان بچہ ہوں۔۔۔مجھے تو آپ کی اس حرکت سے عشق ہو گیا ہے"

زاہنور اسے دیکھ کے رہ گئی۔۔۔۔پھر منہ موڑ گئی

"حمین تنگ نہیں کرو"

حمین شاہ ہنسنے لگا۔۔۔۔

"تو تم کر لو تنگ مجھے۔۔۔آئی ول انجوائے"

"میں جا رہی"

وہ غصے سے آگے بڑھی جب اس کا پاؤں صوفے سے ٹھکرایا وہ گرنے والی تھی جب حمین شاہ نے گھبرا کے اسے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔

"زاہنور ٹھیک ہو تم؟"

زاہنور بھی گھبرا گئی تھی۔۔۔۔خوفزدہ نظروں سے وہ حمین شاہ سے لگی کھڑی تھی۔۔۔حمین شاہ نے اسے صوفے پہ بٹھایا۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آرام سے چلا کرو۔۔۔۔اگر تم گر جاتی۔۔۔اگر تمہیں کچھ ہو جاتا"

وہ ابھی تک گھبرا رہا تھا۔۔۔۔

"تنگ نہیں کیا کرو"

زاہنور نے پھر سے ناراضگی کا اظہار کیا تو وہ مسکرا پڑا اسے خود سے لگا کے کہنے لگا

"نہیں کرتا تنگ۔۔۔بس تم خوش رہو"

زاہنور اس کی محبت پہ مسکرا پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔

"آج سے ہم نیچے والے روم میں شفٹ ہو رہے ہیں۔۔۔۔۔۔"

"کیوں؟"

زاہنور پوچھنے لگی۔۔۔۔۔

"کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ آفس میں میرا دھیان یہیں لگا رہے کہ سیڑھیاں چڑھتے تم احتیاط کر رہی کہ نہیں"

وہ اس کی نازک سی ناک کو چھو کے بتانے لگا تو زاہنور اسے دیکھ کے رہ گئی۔۔۔۔۔

"اتنا بھی دھیان رکھتا ہے کیا"

"بلکل۔۔۔۔جو محبت میں ڈوبکیاں مار رہے ہو وہی رکھتے ہیں دھیان"

زاہنور مسکرانے لگی

"اوکے مجنوں جی"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ مسکرا پڑا۔۔۔۔۔۔

"اپنا دھیان رکھو۔۔۔۔۔۔پلیز میرے لئے"

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا نرمی سے کہہ رہا تھا

"تم ہو ناں میرا دھیان رکھنے کے لئے"

زاہنور اترا کے بولی۔۔۔

"میں کچھ زیادہ دھیان رکھنے لگا تو خود ہی کہو گی حمین تنگ نہیں۔ کرو نا"

وہ اس کی نقل اتارنے لگا جبکہ زاہنور منہ بسور گئی۔۔۔

"چپ کرو تم"

حمین شاہ ہنسنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔

PDI ❤ LRI 💗💗💗💗💗💗💗💗💗💗💗💗💗💗 ❤ LRI

اسے گھبراہٹ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔بار بار اسے گھٹن ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے چینی سی پھیل چکی تھی اس کے اندر۔۔۔۔۔۔۔۔۔نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔۔۔۔۔۔جب گھٹن حد سے بڑھ گئی تو وہ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔۔۔۔۔اس کا ذہن مفلوج ہو رہا تھا اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا کرے۔۔۔۔۔

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کے باہر جانے لگا۔۔۔۔اس ایک کمرے کے تنگ و تاریک گھر میں۔۔۔۔۔۔وہ اور اس کی ماں ہی تھے۔۔۔۔۔نفیسہ نے آنکھیں کھول کے اسے باہر جاتے دیکھا تو اٹھ کے بیٹھ گئی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز کہاں جا رہے ہو اس وقت ؟"

"م۔۔۔۔۔مجھے زاہنور یاد آ رہی ہے۔۔۔۔م۔۔۔۔۔میں اس کے پاس جا رہا ہوں"

وہ بے خود سا کہہ رہا تھا جبکہ نفیسہ ایکدم سے اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔۔۔

"پاگل ہو گئے ہو کیا؟؟؟ حمین شاہ کے بندے تمہیں مار مار کے باہر سڑک پہ پھینک دے گیں۔۔۔"

"م۔۔۔۔میں کیا کروں۔۔۔۔مجھے گھٹن ہو رہی ہے یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے سکون نہیں آ رہا۔۔۔۔۔۔مجھے ز۔۔۔۔۔زاہنور کے پاس جانا ہے"

بے چینی اس کے لہجے سے عیاں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز اپنی جگہ پہ جا کے سو جاؤ۔۔۔۔۔۔پاگل پن مت کرو"

نفیسہ اسے ہاتھ سے پکڑ کے لے جانے لگی جب وہ ایکدم بپھرا تھا

"ہاں ہو گیا ہوں پاگل۔۔۔۔۔"

وہ چیخا تھا

"پاگل ہو گیا ہوں میں۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں پاگل ہو گیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے زاہنور یاد آ رہی ہے۔۔۔۔میں کیا کروں"

وہ وہیں بیٹھ کے چلانے لگ گیا

۔۔۔۔۔نفیسہ اس کے پاس آ کے بیٹھ گئی۔۔۔۔اس کے ماتھے پہ ہاتھ رکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز کیا ہو گیا ہے بیٹا۔۔۔اب اس لڑکی کے لئے تم یہ پاگل پن کرو گے"

وہ ایکدم بدک کے پیچھے ہٹا

"آپ کی وجہ ہوا یک سب.... آپ نے مجھ سے کروایا یہ سب۔۔۔۔۔۔۔۔میرے کان بھرتی رہی۔۔۔مجھے مجبور کرتی رہی کہ میں اس پہ ہاتھ اٹھاؤں۔۔۔۔۔۔میں نے اسے ایک پل بھی خوشی کا نہیں دیا۔۔۔۔میں نے کھو دیا زاہنور کو۔۔۔۔کھو دیا

اپنے انہی ہاتھوں سے اسے کسی اور کے حوالے کر دیا۔۔۔۔"

وہ چلا چلا کے رو رہا تھا۔۔۔۔۔

"کہاں سے ڈھونڈوں اب اسے میں۔۔۔۔اس کا چہرہ دیکھنے کو ترس گیا ہوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور۔۔۔۔ زاہنور کہوں ہو تم۔۔۔۔مجھے یاد آ رہی ہو تم بہت۔۔۔۔۔۔بہت یاد آ رہی ہو۔۔۔۔"

"بیٹا۔۔۔۔"نفیسہ نے پھر اس کے قریب آنے کی کوشش کی

"مت کہئیے مجھے بیٹا۔۔۔۔۔۔دشمن ہے آپ میری۔۔۔۔۔دشمن ہے میرے خوشیوں کی۔۔۔۔۔۔۔دور رہئیے مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ چلا رہا تھا۔۔۔۔جبکہ نفیسہ آنکھوں میں آنسو لیے اپنے بیٹے کے پاگل پن کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"دور رہئیے۔۔۔۔"

وہ ایکدم سے چلایا تھا۔۔۔۔نفیسہ اس سے ہٹ کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔جبکہ شاہ ویز سر پکڑے روئے جا رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں نے خود اپنے ہاتھوں سے اسے کسی اور کے حوالے کر دیا۔۔۔۔۔۔۔میں کتنا گر گیا تھا۔۔۔۔۔۔میں نے اسے بانجھ کہہ دیا۔۔۔خود کا گناہ اس پہ ڈالتا رہا۔۔۔۔اس پہ شک کیا۔۔۔۔اسے مارا۔۔۔۔۔۔اس پہ ہاتھ اٹھایا ۔۔۔۔اسے گالی دی۔۔۔۔یا اللہ مجھے معاف کر دے۔۔۔۔مجھے معاف کر دے۔۔۔۔"

وہ رو رہا تھا۔۔اللہ سے معافی مانگ رہا تھا۔۔۔اپنے گناہوں کو یاد یاد کر کے وہ اذیت دے رہا تھا خود کو۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔تمہیں دیکھنے کے لیے ترس گیا ہوں میں۔۔۔تمہارا معصوم چہرہ دیکھنے کو ترس گیا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔میں کہاں سے ڈھونڈ کے لاؤں تمہیں اب۔۔۔۔۔۔۔کہاں جاؤں میں"

رونے کا پچھتانے کا اب کوئی فایدہ نہیں۔ تھا وہ سب کھو چکا تھا۔۔۔سوائے پچھتاؤں کے اس کے پاس تھا بھی نہیں اب کچھ!!!!

❤️LRI❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️❤️PDI❤️❤️LRI❤️PDI

ریسٹورانٹ میں اسے جاب کیے ہوئے ایک مہینہ ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آج نائٹ ڈیوٹی تھی۔۔۔۔۔

جب آرڈر لینے وہ جیسے ہی آیا تو دور سے ہی وہ زاہنور اور حمین شاہ کو دیکھ چکا تھا۔۔۔۔حمین شاہ اسے کچھ بتا رہا تھا اور زاہنور مسکرا کے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ پرسکون مسکراہٹ تھی۔۔۔۔شاہ ویز وہیں کھڑا اسے دیکھتا رہا۔۔۔۔۔وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی اور بے حد خوش بھی تھی۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں تک

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مسکرا رہی تھی۔۔۔۔شاہ ویز کو اپنی آنکھوں میں نمی کا احساس ہوا تھا جب کسی نے اس کا کندھا ہلایا اس نے چونک کے دیکھا تو شہباز تھا جو اسکے ساتھ اس ریسٹورنٹ میں کام کرتا تھا۔۔۔۔۔

"جا کے آرڈر لو یہاں کیوں کھڑے ہو؟اور رو رہے ہو؟"

وہ پوچھ رہا تھا۔۔شاہ ویز نفی میں سر ہلانے لگا۔۔۔۔

"تم جا کے لو ان سے آرڈر پلیز"

وہ منت کرتے بولا تو شہباز اس کی کیفیت دیکھ کے اثبات میں سر ہلاتا آگے بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔جبکہ شاہ ویز وہیں کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔شہباز ان سے آرڈر لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور حمین شاہ اس سے پوچھ کے آرڈر لکھوا رہا تھا ۔۔۔۔۔

شاہ ویز کو سب دھندلا سا نظر آنے لگا۔۔۔اس نے بے دردی سے اپنی آنکھیں صاف کی۔۔۔

وہ جی بھر کے اسے دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔شہباز آرڈر لے کے آچکا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس نے دھیرے سے شاہ ویز کا کندھا تھپتھپایا۔۔۔۔۔شاہ ویز سر جھٹک کے دوسری ٹیبل سے آرڈر لینے کے لئے آگے بڑھا۔۔۔۔۔۔۔اس نے کیپ پہن رکھی تھی۔۔۔۔۔۔تاکہ اس کا چہرہ ٹھیک سے نظر نہ آسکے۔۔۔۔۔

زاہنور کسی بات پہ ہنس رہی تھی اور اس کی ہنسی کی کھنک وہ سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنے دل میں سکون اترتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔آرڈر لے کے وہ جیسے ہی اندر گیا تو اپنے امڈتے آنسو نہ روک سکا۔۔۔۔۔۔شہباز اسے ہی دیکھ رہا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز طبیعت ٹھیک ہے؟"

وہ سر اثبات میں ہلانے لگا۔۔۔

"بے چینی ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔"

"باہر جانا چاہو تو پرمیشن لے کے جا سکتے ہو"

شہباز اس کی حالت دیکھ کے کہہ رہا تھا جبکہ وہ اپنی آنکھیں بے دردی سے رگڑتا کہنے لگا

"میں ٹھیک ہوں۔۔۔۔"

لیکن انسو پھر سے امڈ کے آرہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ شہباز پریشانی سے اسے دیکھ رہا تھا

"کیا ہوا ہے تجھے؟"

"اپنا سب کھو چکا میں۔۔۔۔۔۔ بس اس لئے رونا آرہا۔۔۔۔"

وہ کہہ کے آگے بڑھ کے آرڈر لکھوانے لگا جبکہ شہباز حیرت سے اس کی پشت دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اور زاہنور کو دیکھ کے اسکی حالت کیوں خراب ہو رہی وہ حیران تھا اس بات پہ۔۔۔۔۔۔۔۔

پوری رات وہ روڈ پہ بھٹکتا رہا۔۔۔۔۔۔۔ اسے ایک پل چین نہیں۔ آرہا تھا۔۔۔ پہلے اسے بے چینی تھی وہ زاہنور کو دیکھ لینا چاہتا تھا ایک بار ہی سہی لیکن اسے دیکھ کے دل کو سکون پہنچانا چاہتا تھا اور اب جب اسے دیکھ چکا تو بے چینی اور بڑھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ باوجود کوشش کے خود کو اسے سوچنے سے روک نہیں پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ پچھتاوا بہت بری شے ہیں انسان کہیں کا نہیں رہتا۔۔۔۔ پچھتاؤں میں گر کے انسان خود کا نہیں رہتا۔۔۔۔۔۔۔ وہ ہر اس

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بات کے لئے پچھتاتا ہے جو پہلے اس کی دسترس میں تھا لیکن اب اس کی دسترس سے باہر ہوتی ہے ہمیشہ کے لئے ۔۔۔۔وہ اپنے ہاتھوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہیں فٹ پاتھ پہ بیٹھا وہ اپنے سینے کو مسلنے لگا۔۔۔۔۔اسے اپنا دم گھٹتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ گہری سانسیں لینے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے موبائل پہ نفیسہ کی کال آ رہی تھی ۔۔۔۔اس نے ڈسکنیکٹ کر دی اور موبائل سوئچ آف کر دیا۔۔۔۔۔۔وہ کسی سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ بس سوچنا چاہتا تھا زاہنور کو سوچنا چاہتا تھا اپنی سوچوں میں وہ کوئی خلل نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔۔گھٹنوں پہ ٹھوڑی ٹکائے وہ سڑک پہ گزرتی ہر گاڑی کو خالی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

PDI ❤ LRI 💕💕💕💕💕💕💕💕💕💕💕💕💕💕 PDI ❤ LRI

وہ اسے نہ ہی دیکھتا تو یہی اس کے لئے بہتر تھا کیونکہ اب اس کے دل میں زاہنور سے ملنے اور اس سے بات کرنے کی خواہش جاگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔وہ اس کے گھر بھی نہیں جا سکتا کیونکہ حمین شاہ کے آدمی اسے اندر گھسنے نہ دیتے کجا زاہنور سے بات کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سر منہ لپیٹے انہی سوچوں میں گم تھا جب اسے رباب کا خیال آیا وہ اچانک اپنی جگہ سے اٹھا اور باہر نکلتا چلا گیا۔۔۔۔ نفیسہ نے پیچھے سے آوازیں بھی دی لیکن وہ ان سنی کرتا چلا گیا اور اب رباب کے سامنے موجود تھا۔۔۔۔۔

"پلیز رباب مدد کر دو میری پلیز"

رباب اسے کڑے تیوروں سے گھور رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"میں اس سے ایک بار بات کرنا چاہتا ہوں۔۔۔معافی مانگنا چاہتا ہوں پلیز مدد کر دو پلیز"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ منت کر رہا تھا

"وہ میری دوست ہے شاہ ویز۔۔۔میں اسے دھوکہ نہیں دے سکتی"

وہ ابھی بھی منع کر رہی تھی اسے یہاں بلانے سے

"رباب میں اسے کچھ کر تو نہیں رہا نہ کچھ غلط کرنے کا ارادہ ہے پلیز مدد کر دو بس بات کرنا چاہتا ہوں۔۔۔اس سے معافی مانگنا چاہتا ہوں تاکہ سکوں ملے مجھے"

وہ منتیں کر رہا تھا جبکہ رباب اسے گھور رہی تھی۔۔۔

"اچھا ٹھیک ہے میں کرتی ہوں کچھ۔۔۔۔۔۔لیکن اسے ذرا بھی تکلیف پہنچی تمہارے رویے سے تو آئی سوئیر بہت برا ہو گا"

"آئی سویر۔۔۔پکا پرامس کچھ نہیں ہو گا۔۔۔ٹرسٹ می"

رباب نے اثبات میں سر ہلایا اور پھر زاہنور کو فون کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

اسے لنچ پہ انوائیٹ کر کے وہ اب شاہ ویز کو دیکھ رہی تھی

"آ رہی ہے"

شاہ ویز مسکرا ہی پڑا

"تھینک یو رباب۔۔۔۔تھینک یو سو مچ"

رباب نے اس کی طرف سے منہ موڑ لیا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں سعد کو دیکھ لوں"

اپنے بیٹے کا نام لے کے وہ کمرے سے نکل گئی۔۔۔۔۔۔

PDI ❤ LRI 💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞💞 PDI ❤ LRI

حمین شاہ کو بتا کے وہ ڈرائیور کے ساتھ رباب کے گھر آئی تھی اور اس کے بیٹے کے لئے کچھ گفٹس بھی لیے تھے اس نے۔۔۔ جنہیں دیکھ کے رباب شرمندہ ہو رہی تھی۔

"اتنا کرتی ہو تم میرے لئے۔۔۔ مجھے شرمندہ سی کر دیتی ہو"

زاہنور مسکرانے لگی

"کوئی ضرورت نہیں شرمندہ ہونے کی۔۔۔۔"

"تم بیٹھو میں آتی ہوں سعد کو لے کر"

وہ اسے بٹھا کے خود کمرے سے نکل گئی۔۔۔۔۔ زاہنور آرام دہ انداز میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ اور رباب کے انتظار میں وہ اپنا موبائل چیک کر رہی تھی جب دروازے پہ کھڑا شاہ ویز اسے محویت سے دیکھ رہا تھا اس کا جسم بھاری بھاری سا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ شاہ ویز سے بے خبر وہ اپنا موبائل دیکھ رہی تھی۔۔۔ جب چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا وہ اندر آیا۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جانی پہچانی آواز پہ اس نے چونک کے دیکھا تو شاہ ویز کو دیکھ کے وہ ایکدم اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔۔ جلدی کھڑے ہونے کی وجہ سے اسے اپنے وجود میں درد کا احساس ہوا تھا وہ کراہ کے رہ گئی۔۔۔۔۔۔

"آڑیو او کے زاہنور؟"

وہ اس کی طرف بڑھا تھا جب زاہنور نے ہاتھ اٹھا کے اسے قریب آنے سے روک دیا

"ڈونٹ۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ وہیں رک گیا۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ زاہنور آنکھیں بند کر کے اپنے درد کو کم کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔اسے یہاں آ کے اب پشیمانی ہو رہی تھی۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔۔"

اسے ایکدم ہوش آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔ آنکھیں کھول کے وہ وہاں سے نکلنے کے لئے آگے بڑھی جب شاہ ویز اس کے سامنے آیا۔۔۔

"پلیز ایسے مت جاؤ زاہنور"

وہ منت کر رہا تھا۔۔۔۔ زاہنور نے اسے کاٹ دار نگاہوں سے دیکھا

"ہٹو میرے سامنے سے"

بولی تو اس کا لہجہ بھی کاٹ دار تھا۔۔۔۔۔

"تمہیں دیکھنا چاہتا ہوں زاہنور پلیز۔۔۔۔ تم سے بات کرنا چاہتا ہوں پلیز"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے نظروں کے حصار میں لیے کہہ رہا تھا

"مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی"

وہ غصے سے کہہ رہی تھی

"تو میری بات سن تو سکتی ہو"

وہ وہیں اپنی جگہ پہ کھڑا اسے منت بھری نظروں سے دیکھتے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

زاہنور ایک کڑی نظر اس پہ ڈال کے اس کے پہلو سے ہو کے گزرنا چاہتی تھی جب شاہ ویز نے بے اختیار اس کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔۔زاہنور نے ایک جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑایا۔۔۔

"ہاؤ ڈیئر یو۔۔۔۔ چھوا بھی کیسے تم نے۔۔۔۔۔ہٹو میرے سامنے سے"

وہ چلائی تھی۔۔۔۔۔۔شاہ ویز ایک دم اس کے قریب گیا تھا اسے کندھوں سے تھام کے اپنے قریب کرتا اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔۔۔۔

"معاف کر دو پلیز مجھے۔۔۔میں نہیں رہ سکتا تمہارے بنا۔۔۔۔۔مجھے پل پل یاد آتی ہو۔۔۔تمہارا یہ خوبصورت چہرہ دیکھنے کو ترس گیا ہوں۔۔۔۔۔"

زاہنور کو اس سے۔۔۔اسکے الفاظ سے گھن آ رہی تھی۔۔۔۔اس کا دل چاہ رہا تھا کسی طرح اس کا منہ بند کر دے کہ اس کے منہ سے یہ الفاظ نہ نکلے۔۔۔۔

پوری قوت سے اسے دھکا دے کے خود سے دور کر دیا۔۔۔۔اس کا پورا وجود کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز ملک اپنی حدیں مت بھولو تم۔۔۔۔۔۔۔میں بیوی ہوں حمین شاہ کی کوئی کھلونا نہیں۔۔۔۔۔۔"

"م۔۔۔۔۔میں تو بس م۔۔۔معافی"

زاہنور کی اونچی آواز پہ رباب بھاگتی ہوئی آئی تھی۔۔۔۔

زاہنور کی ابتر ہوتی حالت دیکھ کے وہ پریشان ہو گئی۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔"

"قریب مت آنا میرے تم بھی رباب۔۔۔۔۔اچھا گیم رچایا میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔لعنت ہے مجھ پہ جو تمہاری باتوں میں آ کے میں یہاں آ گئی۔۔۔۔۔۔۔"

وہ اسے نفرت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

زاہنور غصے سے کھولتے دماغ کے ساتھ وہاں سے جانے لگی جب شاہ ویز اسے روکنے کے لئے آگے بڑھا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے پاؤں پکڑ کے وہ وہیں بیٹھ گیا

"مت جاؤ زاہنور پلیز مت جاؤ۔۔۔۔۔۔"

زاہنور اپنا توازن نہ سنبھالتی تو شاید گر ہی جاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے پاؤں چھڑانے کی کوشش کرنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔

"چھوڑو مجھے۔۔۔۔۔۔"

وہ چلائی تھی لیکن وہ اپنی جگہ سے ہل ہی نہیں رہا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

رباب گھبرائی سی آگے بڑھی اور شاہ ویز کو اس سے دور کرنے لگی۔۔۔۔ لیکن وہ کسی دماغی مریض کی طرح ایک ہی بات کو رٹے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مت جاؤ زاہنور۔۔۔ مت جاؤ۔۔۔۔ میں محبت کرتا ہوں تم سے۔۔۔۔۔۔ میں نہیں رہ سکتا تمہارے بنا۔۔۔۔" وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو کے اسے بازوؤں سے تھامے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔ زاہنور کو اپنی سانس دوہری ہوتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اسی وقت راحیل اندر آیا جو لنچ کا سامان لایا تھا۔۔۔۔۔ شور پہ ڈرائنگ روم کی طرف آیا تو ایک سیکنڈ کو اسے سمجھ نہیں آئی کہ ہو کیا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور شاہ ویز کی بانہوں سے نکلنے کے لئے مچل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایکدم سے آگے بڑھا اور ایک جھٹکے سے شاہ ویز کو اس سے الگ کر کے دور پھینک دیا۔۔۔۔

"یہ کیا جہالت ہے؟"

زاہنور کا پورا جسم کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ اس کی سانس اٹک اٹک کے آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رباب اسے وہاں سے نکال کے دوسرے کمرے میں لے گئی۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ راحیل دھکے دیتا شاہ ویز کو اپنے گھر سے نکالنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رباب نے زاہنور کو پانی پلایا تو اس کی حالت تھوڑی سنبھلی تھی۔۔۔۔۔ راحیل سخت تیور لیے اب رباب کے پاس آیا تھا اسے کھینچتا ہوا باہر لے گیا

"کیوں آیا تھا وہ یہاں؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"م۔۔۔میں۔۔۔۔۔وہ م۔۔۔۔۔معافی مانگنا۔۔۔۔"

وہ منمنائی تھی

"شٹ اپ۔۔۔۔۔۔"راحیل چلایا تھا

"مجھے تم سے اس بے وقوفی کی امید نہیں تھی رباب۔۔۔۔اگر زاہنور پہ ذرا بھی آنچ آجائے تو حمین شاہ ساری ہمدردیاں تمہاری نکال باہر کردے گا۔۔۔۔۔ تمہیں ضرورت کیا تھی ایک میرڈ عورت کو کسی غیر مرد سے ملوانے کی"

وہ کافی غصے میں تھا۔۔۔۔۔

"وہ۔۔۔۔وہ غیر مرد نہیں اس کا سابقہ شوہر۔۔۔۔۔"

وہ کہنے لگی تھی

"شٹ اپ رباب۔۔۔۔جسٹ شٹ اپ وہ اب زاہنور کے لئے غیر مرد ہے۔۔۔۔۔۔ بڑی بڑی باتیں کرنے والی رباب سے یہ امید نہ تھی مجھے۔۔۔۔۔زاہنور کو کچھ ہو جاتا تو میں ساری زندگی تمہیں معاف نہ کرتا"

وہ سختی سے کہہ رہا تھا اسے۔۔۔۔۔۔

زاہنور باہر آئی تو رباب سر جھکائے کھڑی تھی۔۔۔۔راحیل کی نظر اس پہ پڑی تو وہ شرمندہ سا ہو گیا۔

"ایم سوری زاہنور۔۔۔۔یہ سب میرے گھر پہ تمہارے ساتھ ہوا اس کے لئے میں بہت شرمندہ ہوں تم سے"

رباب بھی اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اٹس اوکے راحیل بھائی۔۔۔میں۔گھر جا رہی"

وہ کہہ کے آگے بڑھی جب رباب نے اسے تھامنا چاہا تو زاہنور نے جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑایا اور ایک تیز نظر رباب پہ ڈالی۔۔۔۔۔رباب سر جھکا گئی تو زاہنور بھی وہاں سے نکلتی چلی گئی۔۔۔۔۔راحیل افسوس سے سر ہلاتے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔وہ بھی گھر سے نکل کے چلا گیا۔۔۔رباب کو رونا آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ وہیں بیٹھ کے رونے لگی ۔۔۔

PDI LRI PDI LRI PDI LRI PDI LRI

شاور کے نیچے کھڑی وہ کب سے رو رہی تھی۔۔۔۔ کبھی اپنے ہاتھوں کو رگڑتی۔۔۔ کبھی اپنے کندھوں کو ۔۔۔۔۔ کبھی اپنے چہرے کو وہ رگڑ رگڑ کے دھو رہی تھی۔۔۔۔۔

"چھوا بھی کیسے مجھے اس نے"

وہ روئے جا رہی تھی۔۔۔آدھے گھنٹے سے وہ یونہی شاور کے نیچے تھی۔۔۔۔اسے اپنے وجود سے نفرت ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس کے کانوں میں شاہ ویز کی آواز گونجنے لگی تو اس نے اپنے کانوں پہ دونوں ہاتھ رکھ لیے

"خاموش ہو جاؤ۔۔۔چپ کرو۔۔۔۔۔۔۔مجھے نہیں سننا کچھ۔۔۔"

اس کا جسم کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اے اللہ چھوا بھی کیسے اس نے مجھے۔۔۔۔مجھے بخش دے میرے مالک۔۔۔۔۔میری عزت کی حفاظت فرما میرے پروردگار۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے خود سے نفرت ہو رہی۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ وہیں بھیگے کپڑوں کے ساتھ کھڑی رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب دروازے پہ دستک ہوئی۔۔۔۔اور ساتھ ہی حمین شاہ کی پریشان آواز سنائی دی

"زاہنور۔۔۔۔آڑیو اوکے"

زاہنور نے اپنے منہ پہ ہاتھ رکھ لیا۔۔۔اگر حمین شاہ کو پتہ چلا تو وہ اس سے نفرت کرے گا اسے اپنی زندگی سے نکال دے گا۔۔۔اس خیال کے آتے ہی اس نے اپنے منہ پہ ہاتھ رکھ لیا تاکہ اس کی سسکیوں کی آواز دب جائے

۔۔۔۔۔

"زاہنور اوپن دا ڈور"

وہ کہہ رہا تھا

"م۔۔۔میں ٹھیک ہوں حمین"

وہ اپنی سسکیاں دباتی کہہ رہی تھی۔۔۔

"پھر بھی دروازہ کھولو۔۔۔۔۔۔۔"

وہ بضد تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے پریشانی ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"ا۔۔۔اچھا" کہہ کے اس نے اپنی آنکھیں صاف کرنے کی کوشش کی پھر دروازہ کھول کے حمین شاہ کو دیکھنے لگی

۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ نے حیرت سے اس کے بھیگے کپڑوں کو دیکھا۔۔۔۔اس کی رونے کی شدت سے سرخ ہوتی آنکھوں کو دیکھ کے وہ اس کے قریب آیا

"زاہنور یہ کیا حالت بنائی ہوئی ہے؟"

زاہنور نے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولنا چاہا لیکن وہ کچھ بول ہی نہ پائی۔۔۔۔۔۔۔سرخ ہوتی خوفزدہ آنکھوں سے وہ حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔حمین شاہ نے آگے بڑھ کے اسے بانہوں میں بھر لیا

"کیا ہوا ہے میری جان۔۔۔۔۔۔۔کیا ہو گیا ہے تمہیں۔؟"

اور وہ اسکی محبت پہ پھر سے رونے لگ گئی تھی۔۔۔نہ چاہتے ہوئے بھی اس کے آنسو جاری ہو چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نرم پناہ ملتے ہی وہ جیسے پگھلنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کی بانہوں میں اس کی نرم خوشبو کو محسوس کرتے وہ پر سکون ہو گئی تھی۔۔۔۔اس کے بے قابو ہوتے دل کو سکون پہنچا تھا حمین شاہ کے محبت بھرے لمس سے ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب کانپ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ نے دیکھا اس کے ہونٹ نیلے پڑ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے لیے کمرے میں آیا۔۔۔۔صوفے پہ بٹھا کے اس پہ پاس پڑی اپنی شال اوڑھائی۔۔۔۔۔اس کی پیشانی پہ اپنی محبت کا مہر ثبت کر کے وہ وارڈروب کے پاس گیا اور اس کے کپڑے لیے وہ اس کے پاس آیا ۔۔۔۔۔۔زاہنور آنسو بھری آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اسے کپڑے چینج کرنے میں مدد دی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر مسکرا کے اسے دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اب کیسا فیل کر رہی ہو؟"

وہ اس سے نرمی سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔زاہنور بھیگی آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اثبات میں سر ہلا کے وہ نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔اگر حمین شاہ کو پتہ چلا تو؟؟؟؟

وہ کانپ ہی گئی۔۔۔۔مجھے اپنی زندگی سے نکال دے گا....

وہ بس یہی سوچے جا رہی تھی جبکہ حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا

"کیا سوچ رہی ہو؟"

"بہت محبت کرتی ہوں تم سے حمین شاہ۔۔۔۔بہت زیادہ"

وہ اس کے سینے لگی کہہ رہی تھی حمین شاہ مسکرا پڑا۔۔۔۔۔

"میں بھی تو کرتا ہوں اپنی بیگم سے بے حد محبت۔۔۔۔۔بس ڈرا دیا آج مجھے"

وہ کہنے لگا

"ایم سوری"

وہ دھیمے لہجے میں کہنے لگی تو حمین شاہ نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں بھر لیا

"ہششششششش۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے بھیگی پلکیں اٹھا کے اسے دیکھا پھر اس کے سینے پہ سر رکھ دیا۔۔۔۔۔ حمین شاہ کو اس کے لئے پریشانی ہو رہی تھی لیکن کچھ کہا نہیں۔۔۔۔۔ وہ پہلے سے ڈسٹرب تھی۔۔۔اس سے سوال پوچھ پوچھ کے وہ زاہنور کو مزید نہیں پریشان کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"مجھے ایسے کیوں لگتا ہے جیسے وہ شخص وہی ہے دل اس کی طرف کھنچتا چلا جاتا ہے"

پلوشہ خان جو ایک سائیکاٹرسٹ تھی اور کبھی کبھی ناولز بھی لکھتی تھی۔۔۔۔۔۔ ابھی وہ شہناز کے پاس بیٹھی کھڑکی سے باہر ہوتی بارش کو دیکھتی کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔ شہناز اسے دیکھ کے رہ گئی

"پلوشہ یہ ناول لکھنے کے یابی نے تمہیں کہیں کا نہیں چھوڑا۔۔۔۔۔ اب ناول لکھتے لکھتے تمہیں۔اپنے ہی ناول کے ہیرو سے عشق ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔ پھر تمہیں ویسا ہی ایک شخص سمندر کنارے بیٹھا نظر آتا ہے تو تمہیں لگتا ہے کہ یہ وہی ناول والا ہیرو ہے اور تمہیں اسے سوچنے کے علاوہ اور کچھ سمجھ ہی نہیں آتی"

پلوشہ پھر بھی یونہی باہر دیکھتی رہی۔۔۔۔۔ شہناز کی باتوں کا اس پہ اثر ہی نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

"کچھ کہہ رہی ہوں آپ سے میم پلوشہ"

شہناز کے طنزیہ انداز پہ اسے ہنسی آگئی۔۔۔۔۔ گردن موڑ کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"ہنس لو اب تم"

شہناز نے منہ بنا کے کہا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہر انسان کی زندگی میں کوئی نہ کوئی ایسا ضرور آتا ہے جو اسے سمجھ سکے۔۔۔اسے سن سکے۔۔۔۔۔۔۔اسے سنوار سکے۔۔۔۔وہ شخص مجھے نہ جانے کیوں ٹوٹا ہوا سا لگتا ہے۔۔۔خاموشی سے چپ چاپ۔۔۔۔گم صُم سا وہاں بیٹھا ہوتا ہے اور سامنے پانی کو گھور رہا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے تو اس بات کی بھی خبر نہیں ہوتی کہ میں اس لمحے اپنا لکھنا چھوڑ کے اسے ہی دیکھتی رہتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرا دل جیسے تھم سا جاتا ہے۔۔۔۔

ذہن بلینک ہو جاتا ہے۔۔۔۔الفاظ گڈمڈ ہونے لگتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔میری آنکھیں۔۔۔۔میرا مائنڈ۔۔۔۔۔میرا دل۔۔۔۔میرے الفاظ سب اس کی طرف متوجہ ہونے لگتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔یہ میرے بس میں نہیں ہے شہناز"

پلوشہ کے چہرے پہ سایہ سا گزرا تھا۔۔۔۔۔

شہناز اس کے چہرے پہ گزرتے ہر رنگ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"تو بات کر لو اس سے"

وہ دھیمے لہجے میں بولی

"کیا بات کروں اس سے میں۔۔۔۔۔بات بھی کرنا چاہے گا کہ نہیں۔۔۔۔۔"

وہ لب کاٹتے سامنے دیکھ رہی تھی جبکہ شہناز کچھ دیر اس کے چہرے کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔۔

"تم سے بات کرنے سے کون انکار کرنا چاہے گا پلوشہ۔۔۔۔۔۔"

پلوشہ چونک کے اسے دیکھنے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"یاد ہے نا۔۔۔۔۔۔تم سے بات کرنے کے لئے حیدر عباس کیسے تڑپتا تھا اور تم۔۔۔۔۔۔۔۔"وہ کچھ دیر رکی۔۔۔۔ پھر کہنے لگی

"وہ چلا گیا پھر۔۔۔ہمیشہ کے لئے یہاں سے چلا گیا۔۔۔۔میرے لئے بھی نہ رکا وہ"

وہ کچھ سوچ کے اپنے لب بھینچ گئی۔۔۔۔۔پلوشہ نے ایک گہری سانس لی۔۔۔۔۔۔

"سائیڈ پہ رکھو سب۔۔۔۔۔چلو پکوڑے بنا کے انجوائے کرتے ہیں بارش"

اس کی بات پہ شہناز کی بھی آنکھیں چمکی تھی۔۔۔۔منہ میں پانی آ گیا ہو جیسے۔۔۔۔

"چلو جلدی چلو۔۔۔۔۔۔۔"

پلوشہ اسے دیکھ کے ہنس پڑی۔۔۔۔۔۔اور پھر دونوں کا رخ اب کچن کی طرف تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

اہل عشق ہیں ہم عجب نفسیات رکھتے ہیں

کہ درد سر میں ہے اور ہم دل پہ ہاتھ رکھتے ہیں 🖤🖤

وہ آج پھر آیا تھا۔۔۔۔۔۔یونہی ہمیشہ کی طرح بیٹھا وہ پانی کی لہروں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسکے چہرے پہ درد رقم تھی۔۔۔۔۔۔پلوشہ اس کا چہرہ دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے ہتھیلیوں کو دیکھنے لگا اب ۔۔۔۔۔۔اور اچانک سے پلوشہ کو لگا وہ رو رہا ہے۔۔۔۔۔۔اور وہ سچ میں رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کی سوچیں اس کے اندر بسیرا کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ ان سے چھٹکارا نہیں حاصل کر پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے یوں ہراساں نہیں کرنا چاہتا تھا وہ بس اس سے معافی کا طلبگار تھا لیکن یوں اچانک زاہنور کو سامنے دیکھ کے وہ جیسے اپنے حواس کھو بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب پچھتاؤں میں گھرا وہ خود کو اذیت دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پلوشہ کچھ دیر اسے یونہی دیکھتی رہی پھر اٹھ کے اس کے پاس آئی۔۔۔۔

"اسلام علیکم۔۔۔۔۔"

شاہ ویز نے چونک کے اوپر دیکھا۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں مسکرا رہی تھی جبکہ شاہ ویز اجنبی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"جی؟"

وہ رونا بھول کے اب اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"میں پلوشہ خان ہوں۔۔۔۔سائیکیٹرسٹ ہوں اور کبھی ناولز بھی لکھتی ہوں"

اس نے اپنا تعارف کیا۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز پھر بھی اس کے آنے کا مقصد نہ سمجھتے ہوئے سامنے پانی کو دیکھنے لگا ۔۔۔۔

"میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں؟"

وہ شاہ ویز سے وہاں بیٹھنے کی اجازت مانگ رہی تھی۔۔۔۔۔

شاہ ویز نے ایک نظر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

"ویسے میں پھر بھی بیٹھنا چاہوں گی یہاں۔۔۔۔چاہے آپ پرمیشن دے یا نہ دے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ مسکراتی ہوئی اس سے فاصلے پہ بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

"آپ کا نام کیا ہے؟"

وہ اب اس کا چہرہ غور سے دیکھتی پوچھ رہی تھی

"شاہ ویز۔۔۔۔۔"

اس نے سامنے دیکھتے ہوئے آہستگی سے جواب دیا۔۔۔۔

"ڈیسینٹ نیم ہے آپ کا"

پلوشہ نے تعریف کی۔۔۔۔اس نے بس اثبات میں سر ہلایا۔۔۔۔۔

"میں دیکھتی رہتی ہوں اکثر آپ کو یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔" وہ پھر سے بات کرنے کے لئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

"آپ کے چہرے پہ ایک دکھ سا ہوتا ہے ہمیشہ۔۔۔۔۔۔اور آج آپ یوں رو رہے تھے مجھ سے رہا نہ گیا میں پوچھنے آگئی"

شاہ ویز نے سر جھکا لیا

"اپنا سب کھو کے انسان کے پاس رونے کے علاوہ رہ بھی کیا جاتا ہے"

"بہت کچھ رہ جاتا ہے آئی تھنک"

پلوشہ کی بات پہ شاہ ویز نے اسے دیکھا

"آپ یوں رو کے خود کو ہلکان کرنے کی بجائے سب ٹھیک بھی کر سکتے ہیں"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شاہ ویز کے لب مسکرائے تھے لیکن پلوشہ جانتی تھی کہ اس مسکراہٹ میں بھی ایک اذیت ہے

"آپ خود کو اذیت کیوں دے رہے ہیں؟"

"کیونکہ میں اسے بہت اذیت دے چکا ہوں۔۔۔اب ساری اذیت میرے لئے رہ گئی ہے"

"پچھتا رہے ہو؟"

پلوشہ کے سوال پہ وہ پھر سے مسکرایا تھا۔۔۔۔

"میرے پچھتانے سے کیا ہو گا؟ وہ دن۔۔۔وہ وقت۔۔۔وہ لمحے تو لوٹ کے نہیں آئے گیں"

"کون تھی؟؟؟"

"میری بیوی؟"

اس نے آہستگی سے جواب دیا۔۔۔

"جسے میں نے ہمیشہ اذیت میں رکھا اور اب اسے کھو کے ایسے لگ رہا جیسے میں اپنے ہی وجود کا حصہ کھو چکا ہوں

۔۔۔۔بہت اذیت میں ہوں"

اس کے لہجے سے اس کا درد عیاں۔ تھا۔۔۔۔

پلوشہ اسے دیکھ کے لب کاٹنے لگی۔۔۔

"اب کہاں ہے؟"

وہ پوچھنے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شادی ہو گئی اس کی کسی اور سے۔۔۔۔۔۔۔"

اس نے دھیمے لہجے میں کہا

"اوہ۔۔۔خوش ہے وہ اس کے ساتھ؟"

وہ سوال پہ سوال کر رہی تھی۔۔۔

"وہ تو خوش کے لیکن میں۔۔۔۔۔"

وہ رکا۔۔۔۔۔۔اپنی کنپٹی سہلانے لگا

"میں خوش نہیں۔ہوں۔۔۔میں بلکل بھی خوش نہیں ہوں"

"ہمممم"

پلوشہ اس کے چہرے پہ دکھ کے سائے کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔

"آج۔۔۔جب اس سے معافی مانگنے کا ارادہ کیا تو۔۔۔۔۔تو اسے اور بھی دکھ دے دیا میں نے۔۔۔۔۔۔اب کیا سوچ رہی ہو گی میرے بارے میں۔۔۔۔کتنی نفرت کرتی ہو گی مجھ سے۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔میں ہوں بھی نفرت کے قابل ہی۔۔۔لیکن"

وہ آنسو بھری آنکھوں سے پلوشہ کو دیکھنے لگا

"میں نہیں چاہتا وہ مجھ سے نفرت کرے"

پلوشہ اسے دیکھ رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"وہ میرڈ ہے۔۔۔وہ اب آپ سے کیوں محبت کرے گی"

روتے روتے وہ ہنسنے لگا

"یہ بھی ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔وہ اب کیوں مجھ سے محبت کرے۔۔۔۔۔۔میں محبت کے قابل نہیں۔ہوں۔۔۔۔۔

میں بہت برا ہوں۔۔۔۔۔بہت زیادہ برا ہوں"

وہ کہہ کے وہاں سے اٹھ کے جانے لگا پلوشہ بھی کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

"معافی مانگو اس سے پھر سے"

شاہ ویز کے قدم رکے۔۔۔۔وہ مڑا نہیں بس کھڑا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔

"وہ معاف نہیں کرے گی مجھے"

کہہ کے وہ آگے بڑھ گیا جبکہ پلوشہ وہیں کھڑی اسے جاتا دیکھتی رہی۔۔۔۔۔وہ کسی اور کے لئے رو رہا تھا۔۔۔پلوشہ کو عجیب احساسات نے گھیر لیا۔۔۔۔جس شخص کو وہ بار بار سوچتی ہے۔۔۔۔۔جو اس کے دل میں جگہ بناتا رہا اتنے دن۔۔۔وہ کسی اور کے لئے رو رہا ہے۔۔۔۔۔۔اسے برا لگا تھا

'وہ کوئی اور نہیں اس کی بیوی تھی'

اندر کہیں سے آواز آئی تھی تو وہ بھی سر جھٹک کے گھر جانے کا سوچنے لگی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کی نظریں سامنے ٹی وی تھی لیکن اس کا ذہن کہیں اور پہنچا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے ذہن کے پردے پہ وہ تمام لمحے ایک فلم کی طرح چل رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ جس طرح سے شاہ ویز نے اسے تھاما ہوا تھا اسے لگا اسی لمحے وہ بے ہوش ہو کے نیچے گر جائے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر حمین شاہ کو اس بات کا پتہ چلا تو وہ کیا کرے گا میرے ساتھ۔۔۔۔یہی باتیں سوچتی وہ خود کو ہلکان کر رہی تھی جب حمین شاہ نے دھیرے سے اس کے گال سے اپنے گال کو ٹچ کیا۔۔۔۔۔۔زاہنور ایکدم سے چیخ کے دور ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"مت چھوؤ مجھے"

حمین شاہ حیران و پریشاں اسے دیکھ رہا تھا جبکہ اس کی آنکھوں میں خوف ہلکورے لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کا دل تیزی سے ڈھرک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ تیزی سے سانس لینے لگی تھی۔۔۔۔۔اس کا جسم کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔

"زاہنور کیا ہوا ہے بے بی؟"

وہ اس کے قریب صوفے پہ بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔ساتھ ہی اس کے چہرے اور پیشانی کو چھوا۔۔۔۔۔

"ک۔۔۔۔کچھ نہیں"

وہ نظریں چراتی بولی تھی۔۔۔۔

"کیا مطلب کچھ نہیں۔۔۔۔میں کل سے تمہیں دیکھ رہا عجیب حرکتیں کر رہی ہو۔۔۔۔بات بات پہ ڈر جاتی ہو ۔۔۔۔۔چیختی ہو۔۔۔۔کوئی بات ہے تو بتا دو"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ خاموشی سے سر جھکائے اپنی انگلیاں مڑورنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین۔شاہ غور سے اس کا چہرہ پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔

"شاہ ویز سے سامنا ہوا ہے کیا؟"

حمین شاہ کی بات پہ اس نے اچانک سر اٹھایا اور نفی میں سر ہلانے لگی۔۔۔

"تو کیا مسلہ ہے؟؟؟ کیوں ڈرتی ہو تم؟"

وہ پوچھ رہا تھا لیکن زاہنور سر جھکائے اپنے ہاتھوں کی انگلیاں مڑورنے میں مصروف تھی۔۔۔

"زاہنور؟؟؟ کچھ پوچھ رہا ہوں تم سے"

وہ اس کے ہاتھوں کو تھام کے بولا۔۔۔۔

زاہنور نے اس کے ہاتھ پرے کیے۔۔۔

"پیچھے ہی پڑ گئے ہو میرے۔۔۔ کہا ناں کچھ نہیں ہوا"

وہ جھنجھلائی تھی۔۔۔ حمین شاہ لب بھینچے اسے دیکھ رہا تھا پھر اٹھ کے جانے لگا۔۔۔۔۔

"حمین شاہ۔۔۔"

زاہنور کی آواز پہ وہ ایکدم مڑا۔۔۔

"کیا مسلہ ہے زاہنور۔۔۔ نہیں چاہتی یہاں بیٹھوں تو جا ہی رہا ہوں"

وہ تھوڑا اونچا بولا تھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں رو رہی ہو اب؟"

وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا

"مجھ پہ چلا رہے ہو"

وہ پلکیں جھپکتی اپنے آنسوؤں کو پیچھے دھکیلتی کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

"میں چلا رہا ہوں؟ء"

"ابھی بھی چلا رہے ہو"

وہ پھر سے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ وہیں بیٹھ گیا اور ٹھوڑی ہاتھ پہ ٹکائے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ جبکہ اس کے رونے کا سلسلہ جاری ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔ زاہنور کو اپنے قریب کر کے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔ وہ اس کے سینے سے لگی رونے لگی۔۔۔۔۔ آنسو تھے کہ رک نہیں رہے تھے۔۔۔۔

"کیا ہوا ہے میری بیگم کو۔۔۔۔۔۔"

وہ نرمی سے پوچھنے لگا

"م۔۔۔۔۔ مجھے ڈر لگتا ہے"

وہ ہچکی لیتے ہوئے بولی

"کس سے ڈر لگتا ہے میری جان؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ پگھل رہا تھا اس کی معصومیت پہ۔۔۔

اور زاہنور کیسے بتائے اسے کہ وہ کیوں ڈرتی ہے۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔ کس سے ڈر لگتا ہے؟"

وہ پھر سے پوچھنے لگا۔۔۔ تو زاہنور نفی میں سر ہلانے لگی

"کسی سے نہیں"

"ابھی تو کہا کہ ڈر لگتا ہے"

وہ اب بھی نرم لہجے میں اس سے پوچھ رہا تھا۔۔۔ زاہنور اس کے سینے سے سر اٹھا کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

"تمہیں کھونے سے ڈر لگتا ہے حمین شاہ"

حمین شاہ مسکرا پڑا

"میں تو تمہارے پاس ہوں۔۔۔ کہیں نہیں جا رہا"

"پھر بھی ڈر لگ رہا"

اس کی شرٹ مٹھیوں میں بھینچے وہ اس کے قریب ہوئی تھی۔۔۔۔ حمین شاہ نے نرمی سے اسے بازوؤں میں سمیٹ لیا۔۔۔۔

"میں تمہارے پاس ہوں زاہنور"

سرگوشی کرتا وہ زاہنور کو اپنے دل میں اترتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"چھوڑ تو نہیں دو گے کبھی؟"

وہ دھیمی آواز میں پوچھ رہی تھی۔۔۔

"نہیں۔۔۔۔۔۔"

اس نے سرگوشی سی کی۔۔۔۔۔

"تو جلدی آیا کرو آفس سے"

وہ اس کی شرٹ پہ اپنی انگلی پھیرتی کہہ رہی تھی۔۔۔

"بدلے میں کیا ملے گا؟"

حمین شاہ محبت سے اس کے بال سنوارتا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔

"ہممم؟؟"

وہ خاموش رہی تو حمین شاہ نے پھر اسے متوجہ کیا۔۔۔۔

"میں۔۔۔۔۔۔"

زاہنور نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

"تم تو ہمیشہ سے میری ہی ہو۔۔۔۔۔۔میری بیگم"

حمین شاہ اس کی پیشانی چھوتا کہنے لگا

"میری محبت۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور اب پر سکون تھی۔۔۔۔۔

حمین شاہ مسکرا دیا۔۔۔۔

"اور؟؟"

"اور کیا؟"

زاہنور کو سمجھ نہیں آئی کہ کیا کہے۔۔۔۔

"ہماری محبت کے خوبصورت لمحے"

حمین شاہ نے پھر سے سرگوشی کی تھی۔۔۔۔۔زاہنور کے دل دھڑکن بڑھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ان لمحوں میں تمہاری خوبصورت مسکراہٹ۔۔۔۔۔۔۔۔اس مسکراہٹ میں چھپی تمہاری حیا۔۔۔۔۔۔۔اور تمہارے چہرے پہ کھلتے حیا کے خوبصورت رنگ۔۔۔۔۔"

حمین شاہ کہہ رہا تھا اور زاہنور یونہی اس کے سینے پہ سر رکھے مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"میں اب چینج کر لوں مائی ڈیئر وائف"

"نہیں۔۔۔۔ابھی میرے پاس رہو۔۔۔۔۔۔۔۔"

زاہنور نے دھیمے لہجے میں کہا

"خیریت بیگم۔۔۔۔۔اتنی محبت کے دلکش نظارے۔۔۔۔۔۔"

حمین شاہ کو واقع میں حیرت ہو رہی تھی جبکہ زاہنور زیر لب مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"مجھے باتیں سننی ہے تمہاری۔۔۔۔دور نہیں جاؤ مجھ سے۔۔۔۔۔"

"آہم۔۔۔۔۔۔آہم۔۔۔۔۔ایسا ہے"

حمین شاہ اسے اپنے بے حد قریب کرتا کہنے لگا۔۔۔۔۔۔۔تو زاہنور نے ایک گہرا سانس لیا۔۔۔۔اور حمین شاہ کی خوشبو کو اپنے اندر اتارا۔۔۔۔

"تم پہ پیار آرہا ہے نا"

زاہنور کے اظہار پہ وہ سرشار سا ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

"کتنا پیار؟"

"101٪"

زاہنور ہلکا سا مسکراتی بولی۔۔۔

"اتنا زیادہ۔۔۔۔۔۔۔تو چلیں؟"

"کہاں؟"

وہ بے خیالی میں پوچھنے لگی

"بیڈ روم میں۔۔۔۔۔۔مجھے بھی پیار آنے لگا ہے اب"

حمین شاہ کے کہنے پہ وہ جھینپ ہی گئی۔۔۔۔اس کے سینے پہ مکہ مارتے بولی

"بہت برے ہو تم"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آہ یہ برا انسان اپنی بیگم سے بے حد۔۔۔۔بے شمار محبت بھی کرتا ہے"

زاہنور مسکرا پڑی۔۔۔اس کا ڈر اب کم ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کا ساتھ اسے ہر ڈر سے۔۔۔۔ہر برے خیال سے دور

ہی رکھتا تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

ریسٹورانٹ میں وہ شہناز کے ساتھ آئی تھی جب آرڈر لینے ان کے پاس شاہ ویز آیا۔۔۔۔۔۔۔اسے دیکھ کے پلوشہ کی آنکھیں ہی چمک اٹھی تھی۔۔۔

"اوہ ہیلو مسٹر پریشان"

شاہ ویز نے چونک کے اسے دیکھا جبکہ وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"آرڈر لکھوایئے"

شاہ ویز سر جھٹک کے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔

"نہیں لکھوا رہی"

شاہ ویز اسے ہی دیکھ رہا تھا

"کیوں؟"

پلوشہ کی آنکھوں میں شرارت تھی۔۔۔۔۔۔جبکہ شہناز کے لب مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میری مرضی۔۔۔۔۔"

وہ کندھے اچکا گئی۔۔۔۔۔۔

"ہمیشہ پریشان اور گم صُم سے کیوں رہتے ہو؟ کوئی خاص وجہ؟"

وہ اس کے اداس چہرے کو دیکھتی پوچھنے لگی

"آپ کو معلوم تو ہے سب"

وہ اس کی طرف دیکھتا جتانے والے انداز میں کہہ رہا تھا

"آج آئے کیوں نہیں تھے بیچ پہ؟"

وہ پوچھ رہی تھی شاہ ویز اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔۔۔۔

"میں انتظار کر رہی تھی"

وہ اسے ہی مسکراتی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز زچ سا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

"پلوشہ مت تنگ کرو یار۔۔۔۔۔۔۔آرڈر لکھواؤ"

شہناز نے مداخلت کی۔۔۔۔۔شاہ ویز اسے ممنون نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"میرا دل نہیں۔آرڈر لکھوانے کا ابھی"

وہ بھی پلوشہ ہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسے نظروں کے حصار میں لیے وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔شاہ ویز لب بھینچے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"پہلے پرامس کرو کل آؤ گے بیچ پہ۔۔۔۔۔"

پلوشہ اس سے وعدہ لے رہی تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز کچھ دیر اسے دیکھتا رہا پھر اثبات میں سر ہلا کے وہ آرڈر لکھنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔وہ جا چکا تھا پلوشہ کی نظریں اس کے تعاقب میں تھی۔۔۔۔

"کیوں تنگ کر رہی ہو اسے"

شہناز اسے ڈانٹنے لگی

"پلوشہ خان کو اچھا لگنے لگا ہے یہ بندہ بس"

پلوشہ مسکرا کے کہنے لگی۔۔۔

"وہ خود پریشان ہے اور تم اسے مزید پریشان کر رہی"

شہناز اس کے چہرے پہ پھیلے رنگوں کو دیکھ کے بولی

"اس کی ساری پریشانیاں۔۔۔سارے دکھ سمیٹ لوں گی"

اس کی آنکھوں میں یقین تھا۔۔۔۔شہناز بس اسے دیکھ کے رہ گئی۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"کیا چاہتی ہے آپ مجھ سے؟"

وہ دونوں بیچ پہ بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔جب شاہ ویز اس سے پوچھنے لگا

"اگر کہوں آپ کو۔۔۔تو؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلوشہ نے بے ڈھرک اسے کہہ دیا۔۔۔شاہ ویز حیرت سے اسے دیکھنے لگا

"کیا جانتی ہے آپ میرے بارے میں؟"

"کچھ نہیں"

پلوشہ اسے نظروں کے حصار میں لیے کہہ رہی تھی۔۔۔۔وہ کوئی اوچھی حرکتیں کرنے والی لڑکی نہیں تھی۔۔۔۔۔ ایک خود مختار اور میچور لڑکی تھی۔۔۔۔۔لیکن نہ جانے کیوں شاہ ویز کے معاملے میں وہ خود کو روک نہیں پاتی تھی ۔۔۔۔شاید جلد سے جلد اپنے دل کی بات اسے پہنچانا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔

"میں ایک خود مختار انسان ہوں۔۔۔۔۔۔سائیکیٹرسٹ ہوں۔۔۔۔ناولز بھی لکھتی ہوں۔۔۔۔۔۔ تمہیں سن کے ہنسی آئے گی لیکن میرے لاسٹ ناول کے ہیرو کا کردار مجھے اس قدر بھا گیا کہ اب اس کردار کو میں آپ میں دیکھتی ہوں"

شاہ ویز سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

"ہنسی نہیں آئی آپ کو؟"

وہ پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔

"نہیں۔۔۔۔"

"کیوں؟"

وہ اچھنبے سے پوچھنے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"پتہ نہیں کیوں؟"

اس نے مختصر جواب دیا۔۔۔اور سامنے سمندر کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

"زاہنور بتایا تھا نا؟"

پلوشہ کے پوچھنے پہ اس نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

"اب بھی چاہتے ہو اسے؟"

شاہ ویز کچھ دیر خاموش رہا۔۔۔۔۔۔

"اسے میں نے کبھی کوئی سکھ نہیں دیا۔۔۔۔۔اس پہ ہاتھ اٹھایا۔۔۔۔۔اس پہ الزام لگائے۔۔۔۔۔اسے برا بھلا کہا۔۔۔دنیا کا ہر برا کام۔اس کے ساتھ کیا۔۔۔ہر برا رویہ رکھا اس کے ساتھ۔۔۔بے وفائی کی اس کے ساتھ۔۔۔۔۔۔"اس کے لہجے میں دکھ ہلکورے لے رہا تھا

"اسے طلاق دے کے کسی اور مرد کے حوالے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔اور اب"

وہ اپنی ہتھیلیوں کو دیکھنے لگا

"وہ مجھے بہت یاد آتی ہے۔۔۔۔اس سے معافی کیسے مانگوں۔۔۔۔کیسے اس کا سامنا کروں۔۔۔۔۔۔کیسے اسے مناؤں۔۔۔۔۔میں اس کی زندگی برباد نہیں۔کرنا چاہتا۔۔۔۔۔شی از پریگننٹ۔۔۔۔۔"

وہ رو دیا شاید۔۔۔

"میں اسے بانجھ کہتا تھا لیکن شی از پریگننٹ ناؤ۔۔۔۔۔کتنی خوش ہوئی ہو گی وہ جب"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ خاموش ہو کے لب بھینچ گیا

"وہ۔۔۔۔وہ مجھے معاف کر دے۔۔۔۔۔۔۔میں معافی کے قابل نہیں لیکن۔۔۔۔اس دل کو سکون نہیں مل پا رہا۔۔۔۔وہ بہت یاد آتی ہے۔۔۔۔۔بہت یاد آتی ہے"

"تو بات کرو اس سے۔۔۔۔۔۔آرام سے بات کرو۔۔۔۔۔۔"

پلوشہ کی آواز پہ وہ چونکا

"آپ کو میری باتیں بری نہیں لگی؟ میں برا انسان ہوں آپ کو مجھ سے بات تک نہیں کرنی چاہیئے"

وہ اسے حیرت سے دیکھ رہا تھا تو پلوشہ مسکرائی

"ہر انسان کا ماضی ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔میں آپ کو آپ کے آج کے حوالے سے جانتی ہوں۔۔۔۔آپ کے ماضی سے مجھے کوئی مطلب نہیں۔۔۔۔۔انسان اگر اپنے ماضی پہ شرمندہ ہے اور اچھا انسان بننے جا رہا ہے تو اسے اچھا انسان بننے دیا جائے تو بہتر ہے۔۔۔نا کہ اسے دھتکار دیا جائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ دھیمے لہجے میں کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"زاہنور سے معافی مانگ کے اگر آپ کو سکون ملتا ہے تو آپ کو اس سے معافی مانگ لینی چاہیئے۔۔۔۔۔۔"

شاہ ویز اپنے لب کاٹنے لگا

"وہ مجھ سے بات نہیں کرنا چاہتی۔۔۔۔۔مجھ سے دور بھاگتی ہے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیونکہ اس کے مائنڈ میں آپ کا ماضی ہے۔۔۔۔آپ کے پریزینٹ کو وہ نہیں جانتی تو کیسے وہ آپ کو سنے ۔۔۔۔۔۔۔۔اسے یہ یقین دلائے کہ آپ اپنے ماضی کو بہت پیچھے چھوڑ آئے ہیں۔۔۔۔۔"

پلوشہ نے اسے راہ حل بتایا۔۔۔

"کیسے؟"

وہ جھنجھلایا تھا

"اوپر والا آپ کو خود ہی راستہ دکھادے گا۔۔۔۔۔۔آپ اس سے سیدھا راستہ مانگ کر تو دیکھے"

پلوشہ کی بات پہ وہ خاموشی سے اسے دیکھ رہا تھا تو وہ مسکرا پڑی۔۔۔شاہ ویز پھر سے سامنے سمندر کو دیکھنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"کیوں جا رہے ہو اسلام آباد؟"

وہ منہ بسورے کہہ رہی تھی۔۔۔حمین شاہ ہنس پڑا

"میری پیاری سی۔۔۔کیوٹ سی بیگم۔۔۔میں جلدی آجاؤں گا بس دو دن کا کام ہیں اور پھر میں تمہارے پاس"

وہ پھر بھی اداس چہرہ لیے کھڑی تھی

"یار ایسے نہیں دیکھو مجھے۔۔۔۔اگر امپورٹنٹ نہ ہوتا تو بلکل نہ جاتا میں۔۔۔بٹ آئی پرامس۔۔۔میٹنگ کے فورا بعد یہیں ہوں گا تمہارے پاس۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ اس کے گال چھوتا کہہ رہا تھا۔۔۔

"مجھے مس کرو گے؟"

زاہنور اس کے کندھے سے لگی پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"نہیں"

زاہنور حیرت سے دیکھنے لگی تو وہ مسکرا دیا

"میں بھولتا ہی کب ہوں تمہیں جو یاد کرنے کی نوبت آئے"

زاہنور اسے شاکی نظروں سے دیکھنے لگی

"جاتے جاتے بھی تنگ کرنا ہے مطلب"

وہ ہنس پڑا۔۔۔

"میری جان۔۔۔۔ یہ بندہ آپ پہ دل و جان سے فدا ہے اور کیا چاہیئے آپ کو"

وہ اسے بازوؤں کے گھیرے میں لے کے بولا۔۔۔۔ تو وہ مسکرا پڑی

"جلدی آنا بس"

"جو حکم آپ کا۔۔۔۔ فی الحال تو میں جا رہا ہوں۔۔۔۔ کیونکہ ایم گیٹنگ لیٹ"

وہ اپنا سوٹ کیس لیے کہنے لگا۔۔۔۔ پھر اس کے لبوں پہ اپنے لب رکھ کے اس نے گہری سانس لی۔۔۔۔

"اپنا خیال رکھنا میری جان

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور میرے دو شیطانوں کا بھی۔۔۔۔۔"

وہ زاہنور کے سراپے کو نظر بھر کے دیکھتے ہوئے بولا تو زاہنور جھینپ کے مسکرا پڑی۔۔۔ویسے بھی اس کا جسم بھاری بھاری سا ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ اکثر شرمندہ سی ہو جاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ جا چکا تھا وہ باہر گاڑی تک اسے چھوڑنے آئی تھی۔۔۔۔۔۔پھر اندر جا کے وہ لاونج میں صوفے پہ جا کے بیٹھ گئی۔۔۔۔اور دیر تک یونہی بیٹھی وہ حمین شاہ کو سوچتی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب دلاور شاہ اس کے پاس آ کے بیٹھ گئے۔۔۔۔۔۔زاہنور کی نظر ان پہ پڑی تو سنبھل کے بیٹھتے ہوئے کہنے لگی

"دادا ابو۔۔۔۔۔۔چائے لاؤں آپ کے لئے؟"

"نہیں بیٹا۔۔۔۔۔کافی دن ہوئے ہیں نیوز نہیں دیکھی ہم نے ساتھ میں۔۔۔۔"

وہ مسکرا کے کہنے لگے تو زاہنور مسکرانے لگی

"ابھی دیکھ لیتے ہیں۔۔۔۔" وہ ریموٹ اٹھا کے ٹی وی آن کرنے لگی۔۔۔۔نیوز چینل لگا کے دونوں اب نیوز دیکھنے میں مصروف ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلاور شاہ کی عادت تھی اکثر زاہنور کے ساتھ نیوز دیکھ کے وہ پولیٹکس سے ریلیٹیڈ اس سے باتیں کرتے اور وہ مزے سے ان کی باتیں سنتی۔۔۔۔۔۔۔۔اور کبھی خود بھی اپنی محدود معلومات ان سے شئیر کرتی۔۔۔۔

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ریسٹورانٹ کا کام ختم کرتے اسے بارہ بج چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔ چینج کر کے وہ ریسٹورانٹ سے باہر نکلا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہلکی ہلکی ہوائیں چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس نے ایک گہری سانس کھینچی۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل گھر جانے کو نہیں تھا۔۔۔ سو یونہی سائیڈ پہ بنے بنچز میں سے ایک بنچ پہ جا کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔یونہی بے خیالی میں وہ پلوشہ کی باتوں کو سوچنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر وہ دل سے زاہنور سے معافی مانگے گا۔۔۔۔اسے اپنے اچھے ہونے کا ثبوت دے گا تو شاید زاہنور اسے معاف کر دے اور وہ پر سکون ہو جائے۔۔۔۔۔۔ لیکن کسی کو اپنے اچھے ہونے کا ثبوت دلانا بہت ہی مشکل کام ہے وہ بھی خاص طور سے ایسے شخص کو جسے آپ نے ہمیشہ اذیت میں رکھا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے موبائل پہ کال آ رہی تھی۔۔۔

اس نے سر جھٹک کے اسکرین پہ نمبر دیکھا تو نفیسہ کی کال تھی۔۔۔۔اس نے کال ڈسکنیکٹ کر دی۔۔۔۔وہ اس وقت نفیسہ سے بلکل بھی بات نہیں۔ کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔اولاد کی تربیت میں پہلا ہاتھ ماں کا ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔اولاد کے اچھے اور برے ہونے میں بھی ماں کا رول زیادہ ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔ لیکن نفیسہ شاید کبھی اچھی ماں بن ہی نہ سکی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے ساتھ کیے گئے ہر ظلم میں وہ بھی برابر کی شریک تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر مجرم شاہ ویز تھا تو مجرم وہ بھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔کیسے ؟؟ کیسے یقین دلاؤں تمہیں؟ کیسے صاف کروں تمہارا دل خود سے۔۔۔۔کیسے ؟ کوئی تو راستہ بتا دے اے اللہ۔۔۔۔ کوئی راہ۔۔۔۔ کہ میں زاہنور کے دل سے خود کے لئے نفرت ختم کر سکوں۔۔۔۔۔۔۔اس قابل بنا دے مجھے کہ وہ مجھے معاف کر سکے۔۔۔۔۔۔اے میرے رب مدد فرما میری"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ یونہی اللہ سے دعائیں مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ادھر ادھر دیکھتا وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور یونہی فٹ پاتھ پہ چلتا وہ گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔۔۔۔ جتنا بھی فرار کرتا جاتا تو اسے وہیں تھا۔۔۔۔۔اسی گھر۔۔۔۔!!!!!

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

اس کا دل صبح سے گھر پہ نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔

عجیب گھبراہٹ ہو رہی تھی اسے۔۔۔۔

حمین شاہ کو بھی کال کر چکی تھی وہ لیکن شاید وہ میٹنگ میں تھا تبھی اس کا دھیان نہیں گیا تھا۔۔۔۔۔ تبھی وہ ڈرائیور کے ساتھ شاپنگ مال آئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔ڈرائیور کو گاڑی میں بیٹھنے کا کہہ کے وہ اندر آئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سیکنڈ فلور پہ یونہی آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی ڈریسز کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔جب اچانک سے ایک شاپ سے نکلتے ہوئے اس کا سامنا شاہ ویز سے ہوا۔۔۔۔۔۔وہ بھی ٹھٹھک کے رک چکا تھا اور اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

زاہنور کی آنکھوں میں خوف ہلکورے لینے لگا۔۔۔۔

اتنے سارے لوگوں کے بیچ میں بھی اسے گھبراہٹ نے گھیر لیا۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

زیر لب اس کا نام دہراتا وہ اس کے پاس آنا چاہتا تھا جب زاہنور تیزی سے چلنے لگی۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اس سے بات کرنا چاہتا تھا تبھی اس کے پیچھے آیا تھا لیکن وہ تیزی سے سیڑھیاں اترنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز لب کاٹتا اوپر رک کے اسے جاتا دیکھتا رہا۔۔۔۔۔۔وہ اسے خوفزدہ نہیں کرنا چاہتا تھا تبھی اس کے پیچھے جانے کی بجائے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ وہیں رک گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے اترتے ہوئے جیسے ہی پیچھے مڑ کے اوپر دیکھنے کی کوشش کی تو اچانک سے اس کا پاؤں پھسلا اور وہ نیچے گرتی چلی گئی تھی۔۔۔۔

شاہ ویز دم بخود سا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

وہ جلدی جلدی سیڑھیاں اترنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نیچے گر کے کراہ رہی تھی اور ارد گرد کھڑے لوگ اس کی طرف آرہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تب تک شاہ ویز اس کے قریب پہنچ چکا تھا۔۔۔۔

اس کا سر اپنی گود میں رکھ کے وہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

اس کے گال تھپتھپانے لگا اور وہ درد سے کراہ رہی تھی۔۔۔۔۔

غنودگی میں جاتے ہوئے بھی وہ یہی کہہ رہی تھی۔۔۔

"م۔۔۔مت چ۔۔۔۔چھوؤ۔۔۔۔۔۔م۔۔۔۔

مجھے۔۔۔۔"

"زاہنور۔۔۔۔۔زاہنور تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔۔۔۔آئی پرامس یو کچھ نہیں ہونے دوں گا تمہیں"

وہ بھیگی آواز میں کہہ رہا تھا جبکہ وہ نیم غنودگی میں درد سے کراہنے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بے ہوش ہو چکی تھی اور شاہ ویز کا دل جیسے رک گیا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ڈرائیور اپنی چھوٹی بی بی کو شاہ ویز کے بازوؤں میں دیکھ کے گھبرا کے باہر نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز ادھر ادھر گاڑی کی تلاش میں نظریں ڈورا رہا تھا جب وہ اس کے قریب آیا

"کیا ہوا ہے چھوٹی بی بی جی کو؟"

وہ گھبرائے انداز میں پوچھ رہا تھا۔۔۔

"ہا۔۔۔ہاسپٹل چلنا ہے۔۔۔جلدی کرو"

شاہ ویز جلدی جلدی کہتا اس کے ساتھ چلنے لگا۔۔۔۔زاہنور کو گاڑی میں لٹا کے وہ خود بھی بیٹھ گیا۔۔۔اس کا سر اپنی گود میں رکھے وہ ڈرائیور کو دیکھ رہا تھا جس نے جلدی سے گاڑی اسٹارٹ کر دی تھی۔۔۔۔

"ج۔۔۔۔جلدی کرو"

شاہ ویز کی گھبرائی آواز پہ اس نے گاڑی کی اسپیڈ تیز کر دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خوفزدہ آنکھوں سے زاہنور کے چہرے کو دیکھ رہا تھا جس کے چہرے پہ درد رقم تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نیم بے ہوشی میں بھی کراہ رہی تھی۔۔۔۔

"ز۔۔۔۔زاہنور۔۔۔۔۔سب ٹھیک ہو جائے گا تھوڑا صبر کر لو پلیز۔۔۔۔۔"

وہ ڈرائیور کی طرف دیکھنے لگا

"گاڑی کیوں روکی ہوئی ہے؟"

وہ چلایا تھا

"ٹریفک جام ہے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے گھبرائے لہجے میں کہا

"وہاٹ؟"

اس نے باہر کی طرف دیکھا تو گاڑیوں کا ہجوم تھا اور اوپر سے ٹریفک جام بھی۔۔۔۔۔۔۔۔ جبکہ زاہنور کے کراہنے میں شدت آرہی تھی۔۔۔۔

وہ ہچکیوں کے ساتھ رو بھی رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ جلدی سے نیچے اتر کے ٹریفک پولیس کے پاس گیا۔۔۔۔

"پلیز کچھ کیجئیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میری کار میں پیشنٹ ہے ان کا ہاسپٹل جلدی جانا ضروری ہے پلیز سر پلیز"

وہ رونے والا ہو گیا تھا۔۔۔۔ اس سے زاہنور کی حالت نہیں دیکھی جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"آپ بیٹھیے میں کرتا ہوں کچھ"

ٹریفک پولیس نے اسے ٹالتے ہوئے کہا

تو شاہ ویز نے اس کا گریبان پکڑ لیا

"کیا مطلب کرتا ہوں کچھ۔۔۔۔ وہ موت اور زندگی کے بیچ میں ہے۔۔۔۔ پریگننٹ ہے وہ۔۔۔۔ جلدی کچھ کرے"

وہ چلایا تھا تو ٹریفک پولیس ادھر ادھر دیکھتا اپنی سی کوشش کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈرائیور بار بار حمین۔ شاہ کا نمبر ملا رہا تھا لیکن مل ہی نہیں رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے گاڑی سے اتر کے شاہ ویز کو آواز دی۔۔۔۔۔۔تو وہ بھاگتا ہوا گاڑی کے پاس آیا

"چھوٹی بی بی کی حالت خراب ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔کچھ کیجیئے پلیز"

ڈرائیور بھی رونے والا ہو گیا تھا۔۔۔شاہ ویز نے ایک نظر ٹریفک پولیس پہ ڈالی جو راستہ صاف کرنے میں لگا ہوا تھا پھر جلدی سے گاڑی میں آ کے بیٹھ گیا۔۔۔زاہنور کا سر اپنی گود میں رکھے وہ اسے درد سے چور ہوتے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔

اس کے ہاتھ پہ شاہ ویز کی نظر پڑی تو جھجکتے ہوئے اس نے زاہنور کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔تمہیں کچھ نہیں ہو گا آئی پرامس۔۔۔۔۔۔"

لیکن وہ روئے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"م۔۔۔۔مجھے درد ہو رہا ہے۔۔۔۔ب۔۔۔۔بہت د۔۔۔درد۔۔۔ہ ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ ہچکیوں کے بیچ بول رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز بے بس سا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"راستہ کھل گیا"

ڈرائیور نے کہہ کے گاڑی آگے بڑھا دی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"س۔۔۔سب ٹ۔۔۔ٹھیک ہو جائے گا"

شاہ ویز اسے تسلی دینے کی کوشش کرتا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کا اپنا دل سوکھے پتے کی طرح کانپنے جا رہا تھا۔۔۔۔زاہنور کو درد سے بے حال ہوتے دیکھ کے وہ بے بسی کی انتہا پہ تھا۔۔۔

ہاسپٹل کے سامنے گاڑی روک کے وہ نیچے اترا اور زاہنور کو بازوؤں میں بھر کے وہ اندر کی طرف جانے لگا۔۔۔۔ جلدی سے اسٹریچر لایا گیا۔۔۔۔اسے اسٹریچر پہ ڈالا گیا۔۔۔۔۔۔۔آکسیجن ماسک لگایا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اسے آئی سی یو کی طرف لے جانے لگیں۔۔۔۔شاہ ویز بھی ان کے ساتھ ساتھ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے اندر لے جایا جا چکا تھا اور ایک ایک کر کے سارے لمحے شاہ ویز کی آنکھوں کے سامنے گھوم گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس ایک سال کا ہر لمحہ۔۔۔۔جب وہ زاہنور کو دکھ دے کے خوش ہوتا تھا۔۔۔۔۔ ہنستا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے گالی دے کے سکون حاصل کرتا اور آج۔۔۔۔۔آج یوں زاہنور کو درد میں دیکھ کے اس کا دل جیسے ڈوب رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ وہیں زمین پہ دیوار سے ٹیک لگائے دھندلی آنکھوں سے سامنے دیکھ رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اے اللہ زاہنور کی مدد فرما۔۔۔۔۔۔۔"

اس نے بس اتنا ہی کہا۔۔۔۔۔۔۔اور خاموشی سے اس دروازے کی طرف دیکھنے لگا جس کے دوسری طرف زاہنور موت اور زندگی کی جنگ لڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے دو خوبصورت بچوں کو جنم دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو ننھے ننھے سے جان۔۔۔۔۔۔۔۔جو سوتے ہوئے بہت معصوم لگ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز انھیں بس دیکھے گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ان پر سے ہوتی ہوئی اسکی نظر زاہنور پہ گئی جو شاید نیم بے ہوش تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں بند تھی۔۔۔۔۔۔وہ اسے کچھ دیر دیکھتا رہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اس کے بیڈ کے قریب آیا۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔"

وہ کچھ دیر رک کے اس کی بند پلکوں کو دیکھتا رہا۔۔۔۔۔

"جانتا ہوں بہت نفرت کرتی ہو مجھ سے۔۔۔۔۔بہت اذیت میں رکھا تمہیں۔۔۔۔۔۔میری ذات سے بہت دکھ ملے ہیں تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔تم پہ ہاتھ اٹھایا ہے میں نے۔۔۔۔۔۔ تمہیں گالیاں دی ہے۔۔۔۔تمہاری سیلف ریسپیکٹ کو روندا ہے میں نے۔۔۔۔۔جب تم اپنی آنکھیں کھولو تو۔۔۔۔۔تو شاید میں پھر کبھی تمہارے سامنے نہ آ پاؤں۔۔۔۔۔۔۔کیونکہ میں۔۔۔۔میں صرف تمہاری خوشی چاہتا زاہنور۔۔۔۔۔۔۔اور تم۔۔۔۔۔تم بہت خوش ہو ۔۔۔۔۔۔۔میں بھی خوش ہوں تمہیں یوں خوش دیکھ کے۔۔۔۔۔۔۔اور اب تو تم دو ننھے فرشتوں کی مما بھی بن گئی ہو"

اس نے مسکراتے ہوئے پھر ان دو ننھے وجود کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے دل میں ہوک سی اٹھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ پھر سے زاہنور کو دیکھنے لگا

"مجھے معاف کر دو زاہنور"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے ہچکی لی۔۔۔۔۔۔۔

"اس۔۔۔اس دل کو کہیں سکون نہیں مل رہا۔۔۔۔۔۔۔ایک۔۔۔ایک بے چینی سی ہے جو اندر ہی اندر کھائے جا رہی ہے مجھے۔۔۔۔۔بہت۔۔۔۔۔بہت یاد آتی ہو تو۔۔۔۔۔تو دل کرتا ہے تمہیں دیکھنے کو۔۔۔۔۔ ترس گیا ہوں میں"

وہ رک گیا۔۔۔۔۔

"ایک تو روتا بہت ہوں آج کل میں"

وہ بے دردی سے اپنی آنکھیں صاف کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

"ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا زاہنور۔۔۔۔۔۔میں بے غیرت بن گیا تھا۔۔۔۔۔ صحیح غلط کی پہچان بھول گیا تھا لیکن۔۔۔۔اب۔۔۔۔۔اب زاہنور بہت یاد آتی ہو۔۔۔۔۔۔ہر لمحہ جو تمہیں اذیت دی ہے وہ سب یاد آتا ہے ۔۔۔۔بس ایک بار۔۔۔ایک بار مجھے معاف کر دو۔۔۔۔اس بے سکون دل کو تھوڑا سا سکون تو آ جائے۔۔۔ت۔۔۔۔تم تو نہیں ہو اب لیکن۔۔۔۔لیکن زاہنور میری بے چینی کو قرار آ جائے شاید۔۔۔۔۔پلیز معاف کر دو۔۔۔۔"

وہ کچھ دیر یونہی سر جھکائے کھڑا رہا۔۔۔۔زاہنور کو بنا دیکھے وہ مڑا اور ان دو معصوم فرشتوں کو وہ پھر سے دیکھنے لگا ۔۔۔۔۔محبت بھری نظر ان پہ ڈال کے وہ وہاں سے جانے کے لئے مڑا۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور کی آواز پہ وہ رک گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور مڑ کے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں بھی آنسو تھے

"میں تمہیں معاف کر چکی ہوں شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔۔۔ت۔۔۔۔تم نے مجھے نئی زندگی دی ہے۔۔۔۔۔م۔۔۔۔۔

میرے بچوں کو زندگی دی ہے۔۔۔۔۔ت۔۔۔۔تھینک یو سو مچ"

وہ رو رہی تھی جبکہ شاہ ویز بھیگی آنکھوں کے ساتھ مسکرانے لگا

"مجھ پہ احسان کیا ہے زاہنور تم نے۔۔۔۔۔نئی زندگی تو تم نے دی ہے مجھے معاف کر کے۔۔۔۔۔میں اتنا برا کر

گزرنے کے بعد بھی۔۔۔۔تم نے مجھے معاف کر دیا۔۔۔۔۔۔"

"پرانی باتیں یاد نہیں۔کی جاتی خوشی کے موقعوں پہ اور۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں خوش ہوں شاہ ویز۔۔۔۔۔۔

تمہاری وجہ سے یہ خوشی ملی ہے مجھے ورنہ شاید وہیں کہیں مر جاتی میں۔۔۔۔"

زاہنور نے روتے ہوئے کہا

"ہششششش ایسے نہیں بولو زاہنور۔۔۔۔اللہ تمہیں لمبی زندگی دے۔۔۔۔۔حمین شاہ کے ساتھ اور اپنے ان دو ننھے

فرشتوں کے ساتھ تم ہمیشہ خوش رہو ء

وہ اسے ایسا کہنے سے منع کرنے لگا تو زاہنور مسکرا کے اس کا شکریہ ادا کرنے لگی۔۔۔۔۔جب دلاور شاہ اندر آئے

۔۔۔۔۔۔شاہ ویز انھیں دیکھ کے سائیڈ پہ ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے ایک نظر دیکھ کے زاہنور کی طرف بڑھے

"میری بچی کیسی ہو"

"ٹھیک ہوں دادا ابو۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے مسکرا کے کہا

"ڈرا ہی دیا مجھے تم نے تو"

وہ کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔ پھر ان کی نظر ان دو فرشتوں پہ پڑی تو خوشی کے آنسو آ گئے ان کی آنکھوں میں

"اوہ۔۔۔ یا اللہ تیرا شکر۔۔۔ ہزار بار شکر"

وہ انھیں پیار کرنے لگے۔۔۔۔ جبکہ زاہنور مسکرا کے انھیں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ جب ان کی نظر شاہ ویز پہ پڑی۔۔۔۔ تو وہ نظریں جھکا گیا

"چلتا ہوں میں۔۔۔۔۔"

وہ جانے کے لئے مڑا جب دلاور شاہ کی آواز پہ وہ رک گیا

"رکو۔۔۔۔۔"

وہ مڑ کے انھیں دیکھنے لگا

"میری پوتی اور پڑپوتوں کی جان بچانے کے لئے شکریہ برخوردار۔۔۔۔۔ مجھے ڈرائیور نے بتایا۔۔۔۔۔ بہت بہت شکریہ"

وہ اسے دیکھ کے کہہ رہے تھے وہ نظریں جھکائے کھڑا تھا

"اللہ انھیں لمبی عمر دیں۔۔۔۔۔۔۔ اللہ آپ کا سایہ بھی ہمیشہ یونہی بنائے رکھے۔۔۔۔۔۔"

وہ دھیمے لہجے میں بولا پھر ان کی طرف دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میری وجہ سے آپ کو اور سب کو جو جو تکلیفیں پہنچی ان سب کے لئے میں آپ سب کا گنہگار ہوں اسپیشلی زاہنور کا ۔۔۔۔معافی کا طلبگار ہوں بس۔۔۔۔۔ہو سکے تو معاف کر دیجئیے گا"

اس کی آنکھیں بھیگی ہوئی تھی۔۔۔۔دلاور شاہ کچھ دیر اسے دیکھتے رہے۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ ہزاروں دکھ رقم تھے۔۔۔۔۔۔۔۔آگے بڑھ کے اس نے شاہ ویز کو گلے لگا لیا۔۔۔۔۔شاہ ویز حیران سا رہ گیا

"مجھے غصہ تھا تم پہ۔۔۔حمین شاہ پہ۔۔۔۔۔کہ تم دونوں کے ہاتھوں میں زاہنور ایک کھلونا ہی بن کے رہ گئی تھی ۔۔۔۔۔۔فٹ بال کی طرح ایکدوسرے کی طرف اچھالنے کا کھیل شروع کر رکھا تھا تم دونوں نے۔۔۔۔۔۔۔"

وہ اسے دیکھنے لگے

"عورت کو کھیل مت سمجھو۔۔۔۔۔عورت کوئی کھلونا بھی نہیں ہے۔۔۔۔یہ نکاح۔۔۔۔۔طلاق۔۔۔۔حلالہ ۔۔۔۔۔یہ سب کوئی کھیل نہیں ہے بیٹا۔۔۔۔۔۔نکاح بہت مقدس رشتہ ہے اور طلاق ایک ناپسندیدہ فعل۔۔۔۔ لعنت ہے اس شخص پہ جو حلالہ کا سوچتا بھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔مرد تبھی مرد کہلاتا ہے جب عورت اس کے کردار سے ۔۔۔۔اس کے اخلاق سے۔۔۔

اس کے ساتھ سے خوش ہو۔۔۔۔نا کہ غصے میں آ کے بیوی کو طلاق دے کے حلالہ کے نام پہ کسی اور مرد کے حوالے کر دے"

وہ سر جھکا گیا۔۔۔

دلاور شاہ نے اپنا سر جھٹکا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"یہ سب میں تمہیں شرمندہ ہونے کے لئے نہیں کہہ رہا شاہ ویز بیٹا۔۔۔۔غلطیاں سب سے ہوتی ہے ہر انسان غلطی کرتا ہے اور بہترین انسان وہی ہے جو اپنی غلطی کو سدھارے۔۔۔اور آج اپنی غلطی کو سدھار کے تم نے یہ ثابت کر دیا کہ تم بہترین انسان ہوں۔۔۔۔۔۔تھینک یو بیٹا تھینک یو سو مچ"

انھوں نے اس کا کندھا تھپتھپاتے کہا تو شاہ ویز بھی مسکرا دیا

"تھینک یو سو مچ مجھے معاف کر دینے کے لئے۔۔۔۔اب میں چلتا ہوں۔۔۔"

دلاور شاہ بھی مسکرائے

"اللہ حافظ بیٹا۔۔۔"اس کی طرف سے نظریں پھیر کے وہ اب اپنے پڑپوتوں کو دیکھ رہے تھے۔۔۔جاتے جاتے اس نے ایک آخری نظر زاہنور پہ ڈالی جو مسکرا کے دلاور شاہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس کی نظر بھی شاہ ویز پہ پڑ چکی تھی۔۔۔۔شاہ ویز ہلکا سا مسکرایا اور پھر سر جھکا کے کمرے سے نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔تھکے ماندہ قدموں کے ساتھ وہ یونہی چل رہا تھا۔۔۔ابھی وہ ہاسپٹل سے نکلا ہی تھا جب حمین۔شاہ نے اسے گریبان سے گھسیٹا

"ذلیل انسان۔۔۔تم پھر زاہنور کو نقصان پہنچانے آ گئے۔۔۔۔۔"

اس کے منہ پہ اس نے زور کا گھونسا مارا۔۔۔۔۔۔۔

"کیوں پیچھا نہیں چھوڑتے اس کا کیوں؟۔۔۔۔۔تمہیں منع کیا تھا نا کہ مت آنا میرے۔۔۔"

وہ دوبارہ سے اسے مکہ مارنا چاہتا تھا جب شاہ ویز نے روک لیا۔۔۔۔اور اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا

"زاہنور اور تمہارے دونوں بچے صحیح سلامت ہیں۔۔۔۔میں نے انھیں کوئی نقصان نہیں پہنچایا۔۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کا ہاتھ جھٹک کے اس نے اپنا گریبان اس کی گرفت سے آزاد کیا اور یونہی سر جھکائے وہ آگے بڑھ گیا۔۔۔

حمین شاہ جلدی سے ہاسپٹل کی طرف بڑھا تھا۔۔۔۔۔۔اسے جلد سے جلد زاہنور کے پاس پہنچنا تھا۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

پانی کی لہریں بار بار کنارے سے آ کے ٹکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خاموش بیٹھا اس عمل کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

پلوشہ بھی اس سے کچھ فاصلے پہ بیٹھی اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔نہ جانے کون سی ایسی کشش تھی جو اسے اس شخص میں محسوس ہوتی تھی۔۔۔وہ سمجھ نہیں پائی لیکن اس کا دل چاہتا کہ وہ اس سے باتیں کرے۔۔۔اسے سنا کرے۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کیا احساس تھا؟؟محبت تو نہیں۔۔۔۔؟اتنی جلدی کسے محبت ہو جاتی ہو گی۔۔۔۔تو پھر؟؟؟

اس نے گہری سانس لے کے اپنے سر کو جھٹکا

"کیسی ہے وہ اب؟"

وہ پوچھنے لگی۔۔۔۔۔شاہ ویز کی پوزیشن میں کوئی فرق نہیں آیا

"جب میں وہاں سے جا رہا تھا تب تو ٹھیک تھی وہ۔۔۔۔۔۔"

"اور بے بیز؟"

اس کے پوچھنے پہ وہ کچھ دیر خاموش رہا۔۔۔۔۔۔۔سر جھکا کے اپنے ہاتھوں کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔سر جھٹک کے پھر سے سامنے دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"دل میں کسک سی رہ گئی کہ میں ان ننھے فرشتوں کو ایک بار گود میں اٹھالیتا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک عجیب سی خلش"

"تو اٹھایا کیوں نہیں؟"

وہ اس کے چہرے پہ درد کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ خاموش تھا

"اٹھایا کیوں نہیں شاہ ویز؟"

اس نے دوبارہ سے اپنا سوال دہرایا۔۔۔۔

"پتہ نہیں۔۔۔۔شاید خود کو اس قابل نہیں۔ سمجھتا میں"

وہ اب اپنے لب کاٹنے لگا تھا۔۔۔۔

"اپنا سب کھو دیا تم نے۔۔۔۔۔بیوی۔۔۔۔گھر۔۔۔۔۔جاب۔۔۔۔۔اپنی زندگی۔۔۔۔اپنے آپ کو اور ۔۔۔۔۔۔۔"

وہ ایک لمحے کو رکی

"اپنی محبت۔۔۔۔۔۔۔پھر بھی خود کو کسی قابل نہیں۔ سمجھتے۔۔۔۔"۔وہ ہنسا تھا

"محبت۔۔۔۔۔کون سی محبت؟اسے نفرت کے سوا دیا ہی کیا ہے میں نے"

وہ خود پہ ہنس رہا تھا

"اب تو محبت کرنے لگے ہو اس سے"

یہ بات کہتے ہوئے پلوشہ کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز سر جھٹک کے اسے دیکھنے لگا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہم جیسے جواریوں کے نصیب میں محبتیں نہیں لکھ دی جاتی۔۔۔۔۔۔۔ہم صرف مات کھانا جانتے ہیں۔۔۔۔۔ محبت تو"

اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔۔۔۔

"وہ اب کسی اور کی بیوی ہے۔۔۔۔۔۔اس سے محبت کرتی ہے۔۔۔۔۔۔اب ماں بن گئی ہے وہ دو ننھے فرشتوں کی ۔۔۔۔۔۔اس سے محبت کرنا میرے لئے اب جرم ہے"

اس کی آواز میں نمی محسوس ہو رہی تھی پلوشہ کو۔۔۔۔

"محبت تو کبھی بھی کسی سے بھی ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔"

اسکے دھیمے لہجے سے کہنے پہ وہ خاموش رہا

"جیسے مجھے تم سے ہو گئی ہے"

شاہ ویز نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔وہ اچانک سے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔

"اس میں ہنسنے والی کون سی بات ہے شاہ ویز؟"

پلوشہ کو برا لگا تھا شاید۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نفی میں سر ہلانے لگا

"خود پہ ہنس رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں ترس آ رہا مجھ پہ۔۔۔۔اس بات پہ ہنس رہا ہوں۔۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لیکن۔۔۔۔۔میں تو تب سے تم سے محبت کر بیٹھی تھی جب میں تمہیں جانتی بھی نہیں تھی۔۔۔۔۔اور اب جان لینے کے بعد بھی تم سے محبت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ پر سکون لہجے میں کہہ رہی تھی۔۔۔

"پچھتاؤ گی پلوشہ"

وہ ایک نظر اسے دیکھ کے بولا

"فرق نہیں پڑتا"

اس نے پر سکون سا جواب دیا

"دکھ ہی ملے گیں تمہیں"

شاہ ویز کے چہرے پہ سایہ سا گزرا تھا

"سہہ لوں گی"

وہ پھر بھی پر سکون تھی۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اس کی آنکھوں کے سکون کو دیکھے گیا۔۔۔۔۔پھر سر جھٹک کے اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا

"مجھے جاب پہ بھی جانا ہے۔۔۔۔۔"

وہ کہہ کے چلا گیا اور پلوشہ اپنے لب کاٹتی اسے دور تک جاتا دیکھتی رہی۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ شاید وہاں سے بھاگنا چاہتا تھا۔۔۔پلوشہ کی آنکھوں کا سکون۔۔۔اس کا پر سکون لہجہ۔۔۔۔اسے بے سکون کر رہا تھا۔۔۔۔۔اس کی ذات سے پلوشہ کو کون سا سکون مل جانا تھا۔۔۔کون سی محبت مل جانی تھی ۔۔۔۔۔۔وہ تو محبت کے آداب بھی نہیں جانتا تھا۔۔۔۔تو کونسی محبت کرتا وہ۔۔۔۔۔کہاں کی محبت کرتا وہ ۔۔۔۔۔۔۔وہ ابھی خود کو اس اذیت سے نہیں نکال پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جس اذیت میں وہ لمحہ لمحہ بکھر رہا تھا۔۔۔۔۔۔کیسے ختم کرے اس اذیت کو۔۔۔۔۔جیسے سکون لائے اپنے وجود میں۔۔۔۔۔۔۔جب وہ خود سکون کی تلاش میں تھا تو وہ پلوشہ کو کیا سکون دیتا۔۔۔۔۔۔!!!!

پانی کی لہروں کو دیکھتے ہوئے وہ شاہ ویز کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کے دکھ بانٹنا چاہتی تھی۔۔۔۔اپنی محبت سے اسے ہر اذیت سے آزادی دلانے چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسے فرق نہیں پڑتا تھا اس بات سے کہ کتنے دن لگے اسے۔۔۔شاید مہینے۔۔۔شاید سال۔۔۔۔۔لیکن وہ شاہ ویز کے ہر زخم کو بھرنا چاہتی تھی۔۔۔اسے اذیت سے نکال کے زندگی کی طرف لانا چاہتی تھی۔۔۔۔۔۔۔یہی تو محبت ہوتی ہے۔۔۔۔!!!!!

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

وہ اب گھر شفٹ ہو چکی تھی۔۔۔۔حمین شاہ پر سکون بیٹھا اپنے دونوں شہزادوں کو محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انگلی کی پور سے ان کے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چہروں کو ہلکا سا چھوتا تو وہ بند آنکھوں کے ساتھ کسمسانے لگتے۔۔۔۔۔۔۔زاہنور محویت سے اس کے چہرے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔پھر جھجھک کے اسے آواز دی

"حمین۔۔۔۔"

"جی حمین شاہ کی بیگم"

وہ مسکرا کی اس کی طرف مڑا۔۔۔۔تو وہ پلکیں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ اسے غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔وہ کچھ کہنا چاہ رہی تھی لیکن شاید کہہ نہیں پا رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اس کے قریب ہو کے اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

"کیا بات بتانی ہے زاہنور۔۔۔۔بتاؤ؟"

وہ خشک لبوں پہ زبان پھیر کے اسے دیکھنے لگی

"شاہ ویز۔۔۔۔"

وہ رک گئی اور پلکیں جھکائے سوچنے لگی کیسے اپنی بات بتائے اسے۔۔۔۔۔۔پھر ہمت کر کے حمین۔شاہ کو دیکھنے لگی

۔۔۔

"شا۔۔۔۔شاہ ویز نے جس طرح سے مجھے اور ہمارے ان ننھے فرشتوں کو جس طرح نئی زندگی بخشی ہے۔۔۔۔میں چاہتی ہوں کہ تم بھی اس کی زندگی اسے لوٹا دو حمین"

اس نے ہمت کر کے بات کر ہی دی اپنے دل کی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"وہ شرمندہ ہے۔۔۔۔معافی مانگ چکا ہے۔۔۔۔۔لیکن۔۔۔۔لیکن یوں کسی کی زندگی ختم کر کے میں کبھی خوش نہیں رہ سکتی حمین۔۔۔۔۔۔۔۔یہ گناہ میں نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلیز تم بھی اسے معاف کر دو۔۔۔۔۔ بیشک اللہ بہترین معاف فرمانے والا ہے پھر ہماری کیا اوقات کہ ہم کسی کے لئے سزا سنائے۔۔۔۔۔پلیز حمین شاہ میں۔۔۔۔۔میں"

وہ خاموش ہو گئی۔۔۔۔حمین۔شاہ اسے پر سوچ نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔پھر ہلکا سا مسکرایا

"جیسا تم چاہو زاہنور۔۔۔۔۔۔"

اس کی پیشانی پہ لب رکھ کے وہ اب اپنے شہزادوں کی طرف متوجہ ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور بھی اپنے بچوں کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔دونوں ہی خوش تھے۔۔۔۔۔۔اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشی پا کے دونوں ہی خوش اور مگن تھے۔۔۔۔۔۔۔اور دلاور شاہ!!!!ان کی آنکھیں۔۔۔۔ان کا چہرہ فرطِ مسرت سے کھل رہا تھا۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

وہ آج جاب سے جلدی آ گیا تھا گھر۔۔۔۔تقریباً دس بجے ہی۔۔۔۔۔۔۔گھر میں داخل ہوتے ہی اس کی نظر نفیسہ پہ پڑی جو بیگ پیک کیے اس کے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔اسے دیکھ کے وہ جلدی سے اپنی جگہ سے اٹھی۔۔۔خوشی اس کے چہرے پہ درج تھی۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے سوالیہ نظروں سے بیگز کو اور پھر اپنی ماں کو دیکھا۔۔۔۔۔

جبکہ نفیسہ کچھ پیپرز اس کے سامنے کرتی بولی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہمیں ہمارا گھر مل گیا شاہ ویز۔۔۔۔یہ دیکھو حمین شاہ کے آدمی دے کے گئے ہیں یہ سب۔۔۔۔دیکھو"

وہ خوشی سے بتا رہی تھی۔۔۔۔شاہ ویز پیپرز کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔گھر کے پیپرز تھے اور ایک اپائنٹمنٹ لیٹر بھی تھا ۔۔۔۔۔ملک کی مشہور کمپنی کی طرف سے۔۔۔۔۔۔

"یہ کیا ہے بیٹا؟ء"

نفیسہ پوچھ رہی تھی

"اپائنٹمنٹ لیٹر ہے۔۔۔۔۔جاب کے لئے"

وہ دھیمے لہجے میں بولا تو نفیسہ کی خوشی سے باچھیں کھل گئی

"چلو بیٹا جلدی سے چلو۔۔۔۔۔۔۔مجھے ابھی کے ابھی اپنے گھر جانا ہے"

وہ جلدی جلدی اپنے بیگز اٹھانے لگی

"ہم کہیں نہیں جا رہے"

شاہ ویز کی سپاٹ آواز پہ وہ رک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔

"کیوں شاہ ویز؟"

"کیا کہہ کے جا رہی ہے آپ وہاں؟؟؟؟آپ کی وجہ سے ہوا تھا یہ سب۔۔۔۔۔صرف آپ کی وجہ سے ۔۔۔۔۔۔کبھی خیال آیا اس بات کا۔۔۔کبھی؟؟؟؟کہ زاہنور کے ساتھ کیا غلط کر چکی ہے آپ؟؟؟وہ آپ کو آپ کا سب لٹا کے آپ پہ احسان کر گئی ہے اور آپ؟؟؟آپ کیا کر رہی ہے بدلے میں؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شاہ ویز سرد لہجے میں کہہ رہا تھا جبکہ نفیسہ اسے دیکھ کے رہ گئی۔۔۔

"وہ ہمارا ہی گھر تھا"

"نہیں ہے وہ ہمارا گھر۔۔۔۔۔۔۔۔وہ لے چکے تھے ہمارا سب ہم سے اور اب احسان ہے ان کا جو لوٹا رہے ہیں پھر سے۔۔۔۔آپ کیا دے رہی ہے بدلے میں انھیں؟"

اس کی آواز اونچی ہو گئی تھی۔۔۔نفیسہ ڈھرکتے دل کے ساتھ اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔میں نے اپنی زندگی کے کٹھن دن گزارے ہیں یہاں۔۔۔۔اللہ سے دعا مانگی ہے کہ مجھے میرا گھر واپس مل جائے اب تم۔۔۔تم مجھے مایوس مت کرو"

وہ رو دینے والی ہو گئی تھی۔۔۔۔شاہ ویز اس کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کے نرم پڑ گیا

"نہیں۔کہہ رہا میں آپ کو کچھ۔۔۔جسٹ سمجھا رہا ہوں کہ ایٹ لیسٹ اتنا تو سوچے کہ زاہنور کے ساتھ ہم کتنا برا کر چکے۔۔۔ایک بار بس ایک بار اس سے معافی مانگنا ہمارا فرض بنتا ہے امی"

نفیسہ رو رہی تھی

"میں جاؤں گی اس کے پاس۔۔۔اس کے پاؤں پڑ کے اس سے معافی مانگ لوں گی لیکن ابھی تو۔۔۔ابھی تو مجھے میرے گھر لے چلو شاہ ویز"

وہ رو رہی تھی۔۔۔شاہ ویز نے ایک ٹھنڈی سانس بھری۔۔۔پھر اپنی ماں کو دیکھنے لگا

"چلیئے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نفیسہ رونا بھول کے اپنا سامان اٹھانے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر اپنے گھر آ کے اس نے سکون کا سانس لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے گھر کی ہر چیز کو چھو کے وہ رو رہی تھی

۔۔۔۔۔۔

"اب کیوں رو رہی ہے آپ؟"

شاہ ویز اسے روتا دیکھ کے پوچھنے لگا۔

"میرا گھر۔۔۔۔اس گھر کی ہر چیز کو چھو کے آنسو خود بخود ہی گر رہے ہیں"

شاہ ویز وہیں لاونج میں صوفے پہ نیم دراز ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔وہ کافی تھکا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔لیٹتے ہی اسے نیند آ گئی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور صبح جا کے اس کی آنکھ کھلی وہ بھی نفیسہ کے آواز دینے پہ۔۔۔۔وہ اپنی ماں کو دیکھنے لگا نیند

بھری آنکھوں سے۔۔۔۔۔۔۔۔

"اٹھو بیٹا۔۔۔تمہارا انٹرویو ہے آج"

اسے ایکدم سے اپائنٹمنٹ لیٹر کا خیال آیا۔۔۔

"ٹائم کیا ہوا ہے؟"

وہ پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔

"آٹھ بج رہے ہیں۔۔۔۔۔"

شاہ ویز اٹھ کے بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔اور کچھ سوچنے لگا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیا سوچ رہے ہو بیٹا؟؟"

وہ اپنے بیٹے کو گم صُم بیٹھا دیکھ کے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔

"یہی سوچ رہا ہوں کہ جاؤں یا نہیں۔"

وہ یونہی کھویا کھویا سا کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"یہی چانس ملا ہے تمہیں شاہ ویز۔۔۔اس چانس کو ہاتھ سے مت جانے دو بیٹا۔۔۔۔اٹھو میرے بچے اٹھو تیار ہو جاؤ"

نفیسہ اسے سمجھانے لگی تھی۔۔۔۔۔۔

وہ بھی اپنی جگہ سے اٹھ کے اپنے کمرے میں گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کمرے میں آتے ہی وہ اپنی ہر چیز کو غور سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھکا تھکا سا وہ وہیں صوفے پہ بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظر سامنے ڈریسنگ ٹیبل پہ گئی جہاں زاہنور کی کچھ چوڑیاں ابھی بھی رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔اسکی فیورٹ پرفیوم کی بوتل بھی پڑی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔وہ اٹھ کے ٹیبل کے قریب گیا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کی لپ اسٹک بھی ایک کونے میں رکھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔ان پہ اس کا دھیان کبھی نہیں گیا تھا اور اب جب وہ سب کھلی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا تو اسے ہر طرف زاہنور ہی نظر آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا بریسلیٹ بھی وہیں پڑا ہوا تھا جو اس نے شاید اتار دی تھی اور وہیں رکھ کے بھول گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظر وارڈروب پہ پڑی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا وہیں جا کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔الماری کے پٹ کھول کے وہ زاہنور کی رکھی ہر چیز کو دیکھنے لگا۔۔۔۔وہ یہاں

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سے کچھ بھی لے کے نہیں گئی تھی بس ایک دو جوڑے ہی شاید لے کے گئی ہو۔۔۔۔۔۔اس کے کچھ ڈریسز اب بھی تھے یہاں ہینگ کیے ہوئے۔۔۔۔۔

اس کا فیورٹ دوپٹہ بھی یونہی پڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔جو اسے بہت پسند تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے کچھ شوز بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ مسکرا کے رہ گیا۔۔۔۔۔۔۔

"تم یہاں سے مکمل کھبی گئی ہی نہیں تھی زاہنور۔۔۔۔میں ہی آنکھیں بند کیے رہا تھا۔۔۔۔"

نفیسہ کی آواز پہ وہ چونکا تھا اسے دیر ہو رہی تھی۔۔۔۔۔وہ جلدی سے اپنے کپڑے نکال کے وہیں بیڈ پہ رکھ کے واشروم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

LRI ❤️ PDI LRI ❤️ PDI LRI ❤️ PDI LRI ❤️ 🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤 PDI

"چھوٹی بی بی جی۔۔۔۔کوئی آپ سے ملنے آئی ہے"

زاہنور جو سامیہ کو ہدایات دے رہی تھی آیشان اور آیہان سے متعلق۔۔۔۔۔۔۔سامیہ کو اس نے کچھ دن پہلے ہی رکھا تھا بچوں کی کیئر کے لئے۔۔۔۔۔۔۔چونک کے عبدل کو دیکھنے لگی۔۔۔

"کون ہے؟"

"جی وہ۔۔۔۔۔"

وہ سر جھکا گیا۔۔۔۔اسے سمجھ نہیں آئی کیا کہے۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اچھا انھیں بٹھاؤ میں آتی ہوں"

عبدل سر اثبات میں ہلاتا چلا گیا۔۔۔زاہنور بھی بچوں کو پیار کر کے باہر نکلی۔۔۔۔۔۔ڈرائینگ روم تک وہ یہی سوچ رہی تھی کہ کون ہو سکتی ہے اور جیسے ہی ڈرائنگ روم میں داخل ہوئی تو سامنے نفیسہ کو دیکھ کے وہ وہیں رک گئی ۔۔۔۔۔۔حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی وہ جو پریشان سی صوفے پہ بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کو دیکھ کے ایکدم سے اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔۔

"زاہنور بیٹا۔۔۔۔۔۔"

"اسلام علیکم۔۔۔۔"وہ بھی قریب آتے انھیں سلام کرنے لگی۔۔۔۔

"وعلیکم السلام بیٹا"

اس نے نرمی سے جواب دیا۔۔۔زاہنور کو حیرت ہوئی تھی اس کا یہ نرم رویہ دیکھ کے۔۔۔

"بیٹھئے۔۔۔"

وہ اپنے حیرت پہ قابو پاتے بولی۔۔۔۔۔۔تو وہ جلدی سے بیٹھ گئی۔۔۔۔زاہنور بھی بیٹھ چکی تھی۔۔۔۔۔

"آپ کا بہت بہت شکریہ بیٹا جو شاہ ویز کی جاب لگوائی اور ہمارا گھر ہمیں واپس سونپ دیا"

اس کا مؤدبانہ لہجہ دیکھ کے زاہنور چونکی تھی۔۔۔۔اس نے غور سے نفیسہ کو دیکھا۔۔۔وہ کتنی کمزور ہو گئی تھی ۔۔۔۔۔۔اس کا دل پسیج گیا تھا اسے یوں دیکھ کے۔۔۔۔۔

"مجھے معاف کر دے زاہنور بیٹا۔۔۔آپ کے ساتھ میں بہت برا کر چکی ہوں لیکن"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ایکدم سے رونے لگ گئی۔۔۔۔

"لیکن ان دنوں مجھے محسوس ہوا کہ میں کتنے ظلم ڈھا چکی آپ پہ۔۔۔۔۔۔میں"

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کے زاہنور کے قدموں میں بیٹھنے لگی تھی جب زاہنور ایکدم سے کھڑی ہوئی اور اسے بازو سے تھام کے اپنے سامنے کھڑا کیا۔

"یہ آپ کیا کر رہی ہے امی۔۔۔۔۔"

زاہنور نے گھبرا کے اسے دیکھتے کہا تھا۔۔۔۔

"میں بہت گنہگار ہوں میری بچی"

نفیسہ آنسو بھری آنکھوں سے اسے دیکھ کے کہہ رہی تھی۔

"مجھے اب احساس ہوا ہے کہ میں نے ہیرا کھویا ہے"

زاہنور کی آنکھیں بھی بھیگی تھی۔۔۔۔

"ایسے مت کہیئے۔۔۔۔۔۔آپ میرے لئے آج بھی قابل احترام ہے۔۔۔پلیز یوں کر کے مجھے شرمندہ مت کیجیئے۔۔۔۔۔۔۔بڑی ہے آپ میری۔۔۔۔۔ماں جی سمجھا ہے آپ کو ہمیشہ پلیز یوں کہہ کر مجھے شرمندہ مت کیجئے۔۔۔۔۔"

READERS CHOICE

زاہنور اس کے آنسو صاف کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔نفیسہ نے اس کا ماتھا چوما۔۔۔۔

"اللہ تمہارے نصیب اچھے کرے۔۔۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے ان کے ہاتھ تھام کے انھیں بٹھایا

"آپ بیٹھیے۔۔۔۔میں چائے کا کہہ کے آتی ہوں۔۔۔"

"نہیں بیٹا میں جا رہی ہوں بس۔۔۔۔"

نفیسہ اٹھتے بولی۔۔۔

"بلکل بھی نہیں۔۔۔۔لنچ پہ بھی آپ یہیں ہے۔۔۔۔رکیئے میں آتی ہوں"

اسے بٹھا کے وہ باہر نکلی۔۔۔۔۔۔نفیسہ اس کی شاہانہ زندگی دیکھ کے مرعوب ہی ہو چکی تھی۔۔۔۔زاہنور مسکراتی ہوئی اندر آئی۔۔۔۔۔۔اور صوفے پہ بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز نے بتایا تمہارے ٹوینز ہوئے ہیں۔۔۔مبارک ہو"

نفیسہ کہنے لگی تو وہ مسکرا دی۔۔۔

"تھینک یو۔۔۔۔۔۔"

وہ بھی جواباً بولی تھی۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز کہہ رہا تھا بہت پیارے بچے ہیں ماشاءاللہ"

نفیسہ مسکرا کے بتا رہی تھی جب عبدل چائے کی ٹرالی لیے آیا۔۔۔۔زاہنور نے ٹرالی اپنی طرف کھینچی۔۔۔

"میں بنا دوں گی آپ سامیہ سے کہے کہ دونوں بچوں کو یہاں لے آئے میرے پاس"

"جو حکم۔۔۔"کہہ کے عبدل احترام سے سر جھکائے وہاں سے نکل گیا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور چائے بنانے لگی جبکہ نفیسہ حیرت سے اس کے ٹھاٹھ باٹ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔چائے رکھ کے وہ باقی لوازم بھی میز پہ رکھ چکی تو سامیہ بھی بچوں کو لے کے یہیں آ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور نے مسکرا کے نفیسہ کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"یہ آیشان ہے اور یہ آیہان"

نفیسہ جھجک کے انھیں دیکھنے لگی۔۔۔

"ماشاءاللہ بہت پیارے ہیں"

وہ دور سے ہی انھیں پیار سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔زاہنور نے اس کے چہرے پہ پھیلے سائے کو دیکھا تو مسکرا کے آیہان کو ان کی گود میں دے دیا۔۔۔۔۔۔۔۔

نفیسہ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"اللہ نصیب اچھے کرے۔۔۔۔ماشاءاللہ"

نفیسہ نے بے اختیار اس چھوٹے سے آیہان کو پیار کیا۔۔۔۔۔۔۔

"اللہ تمہیں خوشیاں نصیب کرے بیٹا"

وہ زاہنور کو دیکھ کے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

"اللہ آپ کو بھی ہمیشہ خوشیاں دیں امی۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ رونے لگا تھا تو زاہنور نے آگے بڑھ کے اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسے پیار سے چپ کرانے لگی ۔۔۔۔۔

نفیسہ کی آنکھوں کے سامنے شاہ ویز کا چہرہ گھوم گیا۔۔۔۔اس کے دل پہ جیسے گھونسہ سا پڑا تھا۔۔اس کا بیٹا اس خوشی سے محروم ہی تھا۔۔۔۔

زاہنور نے دونوں بچوں کو سامیہ کے حوالے کیا تو وہ انھیں لیے وہاں سے نکل گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ زاہنور نفیسہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

"کاش میرا بیٹا بھی اتنا خوش نصیب ہوتا"

اس نے اچانک سے کہا تھا زاہنور خاموشی سے نظریں چرا گئی۔۔۔۔۔۔۔تو نفیسہ کو بھی احساس ہوا تبھی چپ کر گئی اور چائے کے گھونٹ لینے لگی۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

اس کی جاب لگ چکی تھی۔۔۔۔اور اب کافی مصروف رہنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔ابھی بھی وہ بیڈ پہ بیٹھا لیپ ٹاپ لیے کام کر رہا تھا جب اس کے موبائل پہ کال آئی۔۔۔اس نے مصروف انداز میں کان سے لگایا

"ہیلو۔۔۔۔"

"ہیلو شاہ ویز"

دوسری طرف پلوشہ تھی۔۔۔۔۔۔اسنے حیرت سے گھور کے موبائل کو دیکھا پھر کان سے لگا لیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جی کہیئے؟"

"کیسے ہیں آپ؟"

وہ پوچھنے لگی۔۔۔

"جی ٹھیک ہوں۔۔۔آپ کیسی ہے؟"

وہ بھی کام کرتے ہوئے ساتھ ساتھ میں پوچھ رہا تھا۔۔۔

"آپ کو یاد کر رہی تھی میں"

اس نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔۔شاہ ویز لب بھینچ کے لیپ ٹاپ سائیڈ پہ رکھ کے اپنی کنپٹی سہلانے لگا

"کیوں؟"

"آپ کو معلوم تو ہے سب"

پلوشہ نے بنا ہچکچاہٹ کے کہا۔۔۔۔

"پلوشہ۔۔۔۔میں اپنا جواب بھی دے چکا ہوں"

شاہ ویز نے اسے دوٹوک انداز میں جواب دیا۔۔۔۔۔

"میں پھر بھی آپ کا ساتھ ہی چاہوں گی"

اس کے دھیمے لیکن مضبوط لہجے میں کہنے پہ وہ حیران ہی ہوا تھا۔۔۔۔

"میں آپ کا ساتھ نہیں۔دے سکتا پلوشہ"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں؟"

وہ خاموش رہا۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔"

اس نے دھیرے سے اس کا نام لیا

"جی؟"

"مل سکتے ہیں ابھی مجھ سے؟"

شاہ ویز نے گھڑی کی طرف دیکھا رات کے نو بج رہے تھے۔۔۔

"اس وقت؟"

اسے عجیب ہی لگا تھا۔۔۔

"پلیز شاہ ویز۔۔۔"

وہ کچھ دیر خاموش رہا پھر اپنی رضامندی ظاہر کر کے اس نے کال ڈسکنیکٹ کر دی۔۔۔۔۔کچھ دیر وہ موبائل کو گھورتا رہا پھر اپنی آنکھیں مسل کے اس نے خود کو فریش کیا۔۔۔۔۔۔بیڈ سے اتر کے بائیک کی چابی لے کے باہر کی طرف نکل گیا۔۔۔۔

سمندر کنارے وہ اس کی منتظر تھی۔۔۔۔۔شاہ ویز اسے دیکھ چکا تھا۔۔۔۔ایک گہرا سانس لے کے وہ اس کے پاس آیا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جی کہئے؟"۔

پلوشہ چونک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔اس کی آنکھوں میں محبت کے ہزاروں رنگ تھے۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے اپنی آنکھیں چرائی۔۔۔

"شادی کروگے مجھ سے؟"

پلوشہ نے اچانک پوچھا تھا۔۔۔شاہ ویز حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

"یہ کیا کہہ رہی ہے آپ؟"

"وہی جو آپ سن رہے ہیں۔۔۔شادی کرنا چاہتی ہوں آپ سے۔۔۔کیا آپ بھی کرنا چاہے گیں؟ سمپل سا سوال ہے"

اس کی لب بھی مسکرا رہے تھے۔۔۔۔محبت بھری نظروں سے وہ شاہ ویز کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

"لیکن میں آپ سے شادی نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔"

وہ نظریں چراتے بولا

"کیوں؟"

پلوشہ کے لہجے میں بیچینی پنہان تھی۔۔۔

شاہ ویز نے بے چارگی سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں۔۔۔۔میں زاہنور کو نہیں بھول پا رہا۔۔۔۔"

پلوشہ کے چہرے پہ درد بھری مسکراہٹ پھیل گئی۔۔۔

"تو کون کہہ رہا اسے بھولنے کو؟"

شاہ ویز اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔۔۔

"جب اسے بھول ہی نہیں پا رہا تو اس کی جگہ کیسے کسی اور کو دوں پلوشہ"

"مجھے اس کی جگہ نہیں اپنی جگہ چاہیئے بس۔۔۔جو میں آپ کی زندگی میں بنا کے رہوں گی"

پلوشہ راہ حل بتا رہی تھی۔۔۔۔جبکہ شاہ ویز لب بھینچ گیا۔۔۔۔

"پھر بھی پلوشہ۔۔۔۔میری ذات سے تمہیں کوئی خوشی۔۔۔کوئی سکھ نہیں مل سکتا"

"کیوں؟؟؟کیسے کہہ سکتے ہو آپ یہ؟"

وہ بے چینی سے اس کے چہرے پہ کچھ ڈھونڈ رہی تھی۔۔۔۔شاہ ویز کچھ پل اس کی آنکھوں میں دیکھتا رہا۔۔۔۔پھر نظریں جھکا گیا

"میں نہیں بتا سکتا کہ کیوں کہہ رہا میں یہ"

"لیکن مجھے جاننا ہے۔۔۔۔تم یوں مجھ سے شادی سے انکار کیوں کر رہے ہو شاہ ویز۔۔۔۔میں اس کے جتنی شاید خوبصورت نہیں ہوں لیکن پھر بھی شاہ ویز۔۔۔پھر بھی میں تم سے محبت کر بیٹھی ہوں"

وہ بے چارگی سے کہہ رہی تھی۔۔۔۔شاہ ویز خاموش رہا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں نہیں کر رہے مجھ سے شادی۔۔۔ تمہیں بتانا ہو گا شاہ ویز"

وہ اس سے پوچھ رہی تھی

"کیونکہ۔۔۔۔۔ کیونکہ میں کبھی تمہیں کبھی ماں بننے کی خوشی نہیں دے سکتا پلوشہ"

اس کے چہرے پہ کرب سا پھیلا تھا۔۔۔۔۔ اس کی آنکھیں بے چین تھی۔۔۔۔ پلوشہ اسے ہی دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔۔۔

"پھر بھی میں شادی کرنا چاہتی ہوں تم سے۔۔۔۔"

شاہ ویز حیرت سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔ وہ کیسے کہہ سکتی یہ۔۔۔۔۔

"جذبات میں کیے گئے فیصلے ہمیشہ دکھ ہی دیتے ہیں پلوشہ"۔

"میں سوچ سمجھ کے اپنا فیصلہ بتا رہی تمہیں شاہ ویز۔۔۔۔ میں تم سے شادی کرنا چاہتی ہوں کیونکہ مجھے تم سے محبت ہو گئی ہے۔۔۔ مجھے تم سے کوئی مطلب نہیں۔۔۔۔ بس مجھے تمہارا ساتھ چاہیئے"

وہ اس کی بے بس ہوتی آنکھوں میں دیکھ کے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔ جبکہ ان آنکھوں میں پلوشہ کے لئے کوئی جذبہ ۔۔۔ کوئی احساس نہیں تھا۔۔۔۔۔۔ ایک بے بسی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ پیچھے قدم اٹھانے لگا۔۔۔۔۔

"میں۔۔۔ میں نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔ ایم سوری پلوشہ"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یونہی چلتے چلتے وہ ایکدم مڑا اور وہاں سے بھاگتے ہوئے جانے لگا۔۔۔۔۔ بائیک کے پاس آ کے اس نے گہری سانسیں لی۔۔۔۔۔ وہ زاہنور کو نہیں بھول پا رہا تھا تو وہ پلوشہ کو کیا جگہ دے پاتا۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

جانے اُس شخص کو، یہ کیسا ہنر آتا ہے

رات ہوتی ہے تو آنکھوں میں اُتر آتا ہے

اُس کی چاہت کا تو انداز جُدا ہے سب سے

وہ تو خوشبُو کی طرح رُوح میں در آتا ہے

بات کرتا ہے تو الفاظ مہک اُٹھتے ہیں

جس طرح شاخِ محبت پہ ثمر آتا ہے

پُھول اُس کے لب و رُخسار پہ مر مٹتے ہیں

پیار شبنم کو، بہ اندازِ دِگر آتا ہے

ایسا تتلی سا وہ نازک ہے کہ چُھو لینے سے

رنگ اُس کا میرے ہاتھوں پہ اُتر آتا ہے

فاصلہ سات سمندر سے زیادہ ہے سلیمؔ

دِل تو مِلنے کے تصّور سے ہی بھَر آتا ہے 🖤🖤

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ آئینے کے سامنے کھڑا اپنا عکس دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظر گھڑی پہ پڑی۔۔۔رات کے تین بج رہے تھے ۔۔۔۔۔۔۔اور نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔۔۔۔۔وہ خود کا عکس دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔اسے اپنی آنکھوں میں زاہنور کا عکس ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ بے چینی رقم تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ہر سانس کے ساتھ اسے زاہنور کی یاد آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہی زاہنور جسے وہ کبھی خوشی۔۔۔سکھ اور محبت نہ دے پایا تھا اور آج اس کی محبت میں وہ تڑپ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اسے سکون نہیں مل رہا تھا۔۔۔۔۔

اس کے کانوں سے پلوشہ کی آواز ٹکرائی تو وہ نفی میں سر ہلانے لگا۔۔۔۔

"مجھے کیوں یاد آ رہی ہو زاہنور"

اس کے دل میں طوفان سا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔

"بہت یاد آتی ہو زاہنور بہت زیادہ"

وہ سرخ ہوتی آنکھوں کے ساتھ خود کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"مت آؤ یاد پلیز۔۔۔مت آؤ۔۔۔ تھوڑا رحم کر لو پلیز مت آؤ یاد۔۔۔۔پلیز زاہنور"

اس نے زور سے آنکھیں بند کر لیں۔۔۔۔

"جب پاس تھی تب کوئی قدر ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔درد ہی دیا تمہیں۔۔۔۔اذیت میں رکھا تمہیں۔۔۔۔اب کیوں یاد آ رہی ہو۔۔۔اب کیوں محبت میں پاگل ہو رہا ہوں میں۔۔۔۔اب جب میری نہیں ہو۔۔۔۔۔۔۔میری ہو بھی نہیں۔سکتی کبھی تو اب کیوں۔۔۔۔کیوں زاہنور کیوں؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ وہیں نیچے بیٹھ کے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی بے چینی بڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ پاگلوں کی طرح ادھر ادھر دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظر ڈریسنگ ٹیبل کے پاس پڑی جھمکوں پہ پڑی وہ انھیں دیکھنے لگا ۔۔۔ہاتھوں میں لے کے وہ دیر تک زاہنور کی خوشبو کو محسوس کرتا رہا۔۔۔۔۔۔

"تم آج بھی یہیں ہو زاہنور۔۔۔آج بھی اس کمرے میں موجود ہو۔۔۔۔۔تمہاری خوشبو آج بھی یہیں ہے ۔۔۔۔۔۔تم یہاں ہر طرف ہو۔۔۔۔۔۔پھر بھی کھو چکا ہوں تمہیں۔میں"

وہ خاموشی سے ٹانگوں کے گرد بازو حائل کیے یونہی بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی اپنے وجود میں پھیلے اس درد کو کیسے کم کرے۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

ایک آفیشل پارٹی میں حمین شاہ اور زاہنور شاہ کو دعوت دی گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کے ناں ناں کے باوجود بھی حمین شاہ نے اسے جانے کے لئے آمادہ کر لیا تھا اور ابھی دونوں اس پارٹی میں موجود تھے۔۔۔۔۔۔بہت سی ستائشی نظریں ان کی طرف اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہی نظروں میں ایک نظر شاہ ویز کی بھی تھی۔۔۔۔۔جو اس کی طرف اٹھ کے جھکنا بھول گئی تھی۔۔۔۔۔۔بلیک کلر کی ساڑھی میں۔۔۔ہلکے میک اپ کے ساتھ وہ اسے اپنے حواسوں پہ چھاتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ہر بار وہ اسے بھولنے کی کوشش کرتا اور ہر بار اس سے سامنا ہونے پہ شاہ ویز کا دل جیسے کچھ اور سوچنے کے لئے آمادہ ہی نہ ہوتا۔۔۔۔وہ ابھی ابھی وہاں عباس درانی کے ساتھ پہنچا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔۔۔۔اور سب سے مل رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔عباس درانی جیسے ہی حمین شاہ کے پاس پہنچا تو ان سے مل کے حمین شاہ نے اپنا ہاتھ شاہ ویز کی طرف بھی بڑھایا۔۔۔۔۔۔۔۔جسے شاہ ویز نے جلدی سے تھام لیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر اس کی نظر باوجود کوشش کے بھی زاہنور کی طرف اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے حال چال پوچھ کے وہ نظریں جھکاتا آگے بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

زاہنور کا پورا دھیان آیہان اور آیشان کی طرف تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ حمین شاہ کی طرف دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔پھر تھوڑا قریب ہو کے اس سے سرگوشی کرنے لگی

"میں سامیہ کو کال کر کے بچوں کا پوچھ لوں"

"شیور"

اس نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔تو وہاں سے ہوتی ہوئی لان میں چلی گئی۔۔۔۔۔۔اور قدرے پر سکون جگہ پہ جہاں شور کم تھا وہ وہیں سامیہ کو کال ملانے لگی۔۔۔۔

"ہاں سامیہ۔۔۔۔بچے کیسے ہیں؟"

کال ملتے ہی اس نے بچوں کا پوچھا

"میم دونوں سو رہے ہیں۔۔۔۔۔"

اس کا جواب سن کے اس نے پر سکون سانس کھینچی۔۔۔۔۔

"ٹھیک ہے ہم کچھ دیر میں آ رہے ہیں۔۔۔پلیز ان کے پاس ہی رہو"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اوکے میم۔۔۔"

کال ڈسکنیکٹ کر کے وہ جیسے ہی مڑی سامنے ہی شاہ ویز اس کے مقابل کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"میں بچوں کا پوچھ رہی تھی"

وہ کہنے لگی۔۔۔۔

"کیسے ہیں دونوں؟"

وہ مسکرا کے پوچھنے لگا

"ٹھیک ہے۔۔۔ تھینک یو"

مسکرا کے جواب دے کے وہ جانے لگی جب شاہ ویز نے اسے روکا

"کچھ دیر رکو گی پلیز؟"

زاہنور اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔ لیکن اس کی اداس آنکھوں میں عجیب سا دکھ تھا۔۔۔۔ وہ عجیب احساسات میں گھر گئی۔۔۔۔۔۔۔

"حمین شاہ ویٹ کر رہے ہو گیں"

وہ بات ٹالنے کے لئے کہنے لگی۔۔۔۔

"یاد آتی ہو بہت زاہنور"

شاہ ویز کی گھمبیر آواز پہ زاہنور ساکت سی ہو گئی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"بہت یاد آتی ہو۔۔۔۔۔ بھول نہیں پا رہا میں تمہیں"

وہ کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور دم سادھے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"مجھے تم سے محبت ہو گئی ہے زاہنور۔۔۔۔ یا شاید تھی محبت ہمیشہ سے۔۔۔۔ میں کبھی سمجھ نہیں سکا۔۔۔ یا جان نہیں پایا۔۔۔ لیکن سب تمہارے جانے کے بعد جیسے تم اب بھی وہیں موجود ہو۔۔۔۔۔۔ تمہاری خوشبو اب بھی اس کمرے کے کونے کونے میں پھیلی ہوئی ہے زاہنور"

"شاہ ویز اسٹاپ اٹ پلیز۔۔۔۔۔۔ ان سب باتوں کا اب کوئی فائدہ ہی نہیں رہا"

زاہنور کو عجیب لگ رہا تھا اس کا یوں بات کرنا۔۔۔۔۔۔

"تو میں کیا کروں زاہنور۔۔۔ تم ہی بتاؤ میں کیا کروں؟ کیسے اس درد کو کم کروں کیسے؟"

وہ بے بسی کی انتہا پہ تھا

"شاہ ویز پلیز۔۔۔۔ مجھے بد تمیزی کرنے پہ مجبور مت کرو"

وہ ناگواری سے کہتی آگے بڑھنے کو تھی

"بہت خوبصورت لگ رہی ہو زاہنور"

وہ پھر سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور کا دل کانپا تھا اسکی بات پہ۔۔۔۔۔۔۔ یہ کس انداز سے بات کر رہا تھا وہ۔۔۔۔ لیکن سر جھٹک کے وہ آگے بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسے ان باتوں سے کوئی مطلب تھا بھی نہیں۔۔۔۔ وہ حمین شاہ کی زاہنور تھی اب۔۔۔۔۔۔۔ اسے شاہ ویز کی محبت سے۔۔۔۔۔۔ اس کے احساسات سے کوئی لینا دینا نہیں تھا اب

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اندر جا کر نظریں ڈورا کے حمین شاہ کو ڈھونڈنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ جو اسے بلانے وہاں تک آیا تھا لیکن ان کی باتیں سن کے وہیں رک گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔خود کو نارمل کرتا وہ دوبارہ سے اندر آیا تو زاہنور مسکراتی ہوئی اس کے پہلو میں جا کے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

"کہاں تھے؟"

"کہیں نہیں۔۔۔یہیں تھا"

وہ کندھے اچکا کے بولا تو زاہنور مسکرا کے ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔۔۔۔ حمین شاہ کی نظریں اس کے چہرے کا طواف کر رہی تھی۔۔۔۔شاہ ویز پہ نظر پڑتے ہی اس کے چہرے کا رنگ بدلا تھا جسے حمین شاہ دیکھ چکا تھا۔۔۔اس کے نظروں کے تعاقب میں حمین شاہ نے دیکھا تو شاہ ویز کو دیکھ کے اس نے لب بھینچ لیے۔۔۔۔وہ ان کے بیچ آنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔اب کیوں چاہتا ہے وہ آنا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور اس پر سے نظریں ہٹا چکی تھی لیکن حمین شاہ اب بھی زاہنور کے چہرے کو دیکھتے ہوئے یہی سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔کہ شاہ ویز پھر سے کوئی گیم تو نہیں چلانے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ زاہنور کو کسی قیمت بھی کھونا نہیں چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

زاہنور چینج کر کے کمرے میں آئی۔۔۔۔۔۔۔اپنے بالوں پہ برش پھیر کے وہ آئینے سے حمین شاہ کے عکس کو دیکھ رہی تھی جو پر سوچ نظروں سے زاہنور کو ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اس کے یوں دیکھنے سے پریشان سی ہو گئی۔۔۔۔لیکن خود کو نارمل ظاہر کرتے وہ مسکراتے ہوئے اس کی طرف مڑی تھی

"ایسے کیوں دیکھ رہے ہو حمین"

حمین شاہ نے اپنا سر جھٹکا۔۔۔۔۔

"کیسے دیکھ رہا ہوں؟"

وہ مسکراتی ہوئی اس کے پاس آئی۔۔۔۔۔بیڈ پہ اس کے قریب لیٹ کے اس کے کندھے پہ اپنا سر رکھا۔۔۔۔۔

"پتہ نہیں۔۔۔۔۔"

حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔۔۔اس کے ماتھے پہ بوسہ دے کے وہ اب زاہنور کو خود سے لگائے کچھ سوچ رہا تھا

"کیا سوچ رہے ہو حمین؟"

اس کا دل بے طرح ڈھرک رہا تھا۔۔۔۔۔اسے لگا کہ حمین شاہ اس کی اور شاہ ویز کی باتیں سن چکا ہے۔۔۔۔۔

"سوچ رہا ہوں کہ کتنا چینج ہو گئی ہو تم"

حمین شاہ کی بات پہ زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کی آنکھوں میں اسے ڈر نظر آیا تھا۔۔۔۔

"میں تو وہی زاہنور ہوں۔۔۔۔ حمین شاہ کی زاہنور"

وہ دھیرے سے بولی تھی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام علیکم!

ہمارے ادر گرد بہت سے کردار ہیں جن کو ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو بخوبی لکھ سکتے ہیں تو اٹھائے قلم اور لکھ دیجئے ایک ایسی کہانی جو دلوں کو چھو لے اور ان کرداروں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اپنی صلاحیت کو بھی اجاگر کریں۔ ریڈرز چوائس

https://ezreaderschoice.com/ آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے کہ جہاں آپ اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ آج ہی ہمیں اپنی تحریر ارسال کریں جس کو ہم ایک ہفتے کے اندر اپنی ویب سائیٹ اور دیگر سوشل میڈیا گروپ میں شامل کریں گے۔

مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

واٹس ایپ نمبر کے لیے ابھی میل کیجئے

Facebook ID: https://www.facebook.com/mubarra1

Email address: mobimalik83@gmail.com

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لیکن پھر بھی چینج ہو گئی ہو"

وہ غور سے اس کا چہرہ دیکھتے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ جبکہ حمین شاہ کے لب مسکرا اٹھے

"پہلے سے بہت زیادہ خوبصورت ہو گئی ہو یار"

زاہنور کچھ دیر اسے دیکھتی رہی

"اتنا سیریس مذاق"

"مذاق تھوڑی ہے۔۔۔ سچ کہہ رہا ہوں"

حمین شاہ دلچسپی اسے دیکھتا کہہ رہا تھا۔۔۔۔ جبکہ زاہنور نے اپنا سر اس کے کندھے پہ رکھ دیا

"نیکسٹ ایسا مذاق نہ کرنا پلیز"

"جو حکم میری بیگم کا"

وہ مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ شاہ ویز کی باتوں کو سوچ رہا تھا۔۔۔۔ وہ زاہنور کو چاہنے لگا ہے۔۔۔ یہ بات اسے اشتعال دلا رہی تھی۔۔۔۔۔ لیکن وہ اب دو بچوں کا باپ تھا۔۔۔۔۔ وہ شاہ ویز کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتا تھا

اب۔۔۔۔۔۔۔اسے اب اس بات کا ڈر نہیں تھا کہ وہ زاہنور کو کوئی نقصان پہنچائے گا لیکن وہ زاہنور کو چاہنے لگا ہے یہ بات اسے پریشان کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے زاہنور اور اس کے بچوں کی زندگی بچائی تھی۔۔۔۔ جس کی وجہ سے زاہنور کے دل میں شاہ ویز کے لئے احترام بڑھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ یہ بھی جانتا تھا کہ زاہنور اس سے بے حد محبت کرتی ہے وہ کسی طور بھی زاہنور پہ شک نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگر زاہنور کے دل میں بھی شاہ ویز کے لئے محبت بڑھ گئی تو؟؟؟؟ شاہ ویز اس کا شوہر رہ چکا تھا اگر وہ پھر سے زاہنور کے دل میں اپنی محبت جگا پایا تو؟؟؟؟؟؟؟؟؟ مفلوج ہوتے ذہن کے ساتھ اس نے زاہنور کے سوئے وجود پہ نظر ڈالی۔۔۔۔۔۔کتنے سکوں سے سو رہی تھی وہ ابھی۔۔۔۔۔۔وہ اسے دیکھے گیا۔۔۔۔۔۔

زاہنور کے بنا تو وہ جینے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔انسان چاہے جتنا بھی طاقتور ہو۔۔۔۔۔۔۔اپنی طاقت سے جتنا بھی کسی انسان کو ڈرائے لیکن وہ طاقتور انسان اپنی محبت کو کھونے سے ڈرتا ضرور ہے۔۔۔۔۔۔یہاں وہ ڈر جاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اسے شاہ ویز کی آنکھیں یاد آئی جس طرح سے وہ زاہنور کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ کرب سا تھا۔۔۔۔

اس کی آنکھوں میں نارسائی کا دکھ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اور پھر اس کے الفاظ۔۔۔۔۔وہ ایکدم اٹھ بیٹھا۔۔۔۔۔۔۔۔سر جھٹک کے وہ زاہنور کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کو دیکھ کے اس کے چہرے کا رنگ بدلا تھا۔۔۔اسے وہ لمحہ یاد آیا تو سر پکڑ کے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اے میرے مالک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میری مدد فرما۔۔۔۔۔۔زاہنور سے الگ ہونے کا میں سوچ بھی نہیں سکتا ۔۔۔۔۔۔۔مجھے میری زاہنور سے الگ مت کرنا میرے رب"

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

بچوں کو دلاور شاہ کے پاس چھوڑ کے وہ اپنے کمرے میں آئی تھی جب اس کے موبائل پہ کال آئی۔۔۔۔۔۔کوئی نمبر تھا اس نے فون کان سے لگایا۔۔۔۔

"ہیلو۔۔۔۔"

"زاہنور۔۔۔۔۔"

دوسری جانب سے شاہ ویز کی آواز سن کے وہ ایک لمحے کے لئے چونک گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کیسی ہو زاہنور؟"

اس کی آواز میں لرزش تھی۔۔۔۔

"کیوں کال کی ہے؟"

زاہنور نے اپنی آواز نارمل رکھتے پوچھا۔۔۔

"یاد آرہی ہو"

اداس لہجہ تھا اس کا۔۔۔۔۔

زاہنور خاموش رہی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور۔۔۔۔۔بہت یاد آرہی ہو"

وہ دوبارہ سے بولا تھا

"شاہ ویز۔۔۔۔کال مت کیا کرو مجھے۔۔۔۔"

زاہنور کا لہجہ ناگواری لیے ہوئے تھا

"روک نہیں پاتا خود کو"

وہ بے بسی سے بولا۔۔۔۔

"دیکھو شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔۔میں اپنے شوہر سے محبت کرتی ہوں اور وہ مجھ پہ ٹرسٹ کرتا ہے۔۔۔۔۔پلیز ایسی باتیں کر کے تم مجھے ایریٹیٹ کر رہے ہو"

زاہنور نے دوٹوک انداز میں کہا۔۔۔

"میرے بس میں نہیں ہے زاہنور۔۔۔۔۔میں پاگل ہو رہا ہوں"

شاہ ویز کے منت بھرے لہجے پہ اسے کوفت ہی ہوئی تھی

"تو میں کیا کروں شاہ ویز۔۔۔۔کیوں مجھے بتا رہے ہو۔۔۔۔۔کیا مسلہ ہے تمہیں اب"

اس کی آواز اونچی ہو گئی تھی

"میں دل کے ہاتھوں مجبور ہو کے کال کر رہا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔پلیز ایسے نہیں بات کرو مجھ سے"

وہ بے چارگی سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آئندہ کال مت کرنا شاہ ویز۔۔۔۔۔۔میں حمین شاہ کی بیوی ہوں۔۔۔۔اور اس طرح مجھ سے بات کر کے پروف کیا کرنا چاہتے ہو تم۔۔۔۔۔ہمارے بیچ کوئی رشتہ نہیں ہے اب تو بار بار یہ فضولیات کس لئے۔۔۔"

اس کے سپاٹ لہجے پہ وہ ٹوٹ ہی گیا تھا۔۔۔۔

"میں۔۔۔میں بہت مجبور ہوں زاہنور۔۔۔۔مر جاؤں گا تمہارے بغیر۔۔۔۔"

"تو مر جاؤ"

کہہ کے اس نے کال بند کر دی۔۔۔۔۔۔موبائل ٹیبل پہ پھینک کے وہ اپنا غصہ کم کرنے کی کوشش کرنے لگی

"کس کی کال تھی؟"

اچانک حمین شاہ کی آواز پہ وہ چونکی تھی۔۔۔۔

"اوہ تم کب آئے؟"

وہ مسکرانے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔

"ابھی ابھی۔۔۔کس کی کال تھی؟"

اس نے پھر سے اپنا سوال دہرایا

"وہ۔۔۔رباب کی کال تھی"

حمین شاہ نے غور سے اس کا چہرہ دیکھا۔۔۔وہ جھوٹ بول رہی تھی۔۔۔وہ سن چکا تھا جب وہ شاہ ویز کا نام لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس نے کچھ نہیں کہا بس اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میں فریش ہو جاؤں"

کہہ کے وہ واشروم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔زاہنور گہرا سانس لے کے کمرے سے باہر جانے لگی جبکہ حمین شاہ یہی سوچے جا رہا تھا کہ وہ جھوٹ کیوں بول رہی۔۔۔وہ سچ بھی تو بول سکتی تھی۔۔۔۔جھوٹ کا سہارا لے کے وہ کیا کرنا چاہتی ہے۔۔۔کیا وہ پھر سے شاہ ویز کے پاس جانا چاہتی ہے؟لیکن وہ تو شاہ ویز کو کال کرنے سے منع کر رہی تھی۔۔۔وہ اس کے پاس نہیں جانا چاہتی تو جھوٹ کیوں بولا زاہنور نے۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

صبح وہ دلاور شاہ اور حمین۔شاہ کے ساتھ ناشتہ کر رہی تھی جب سامیہ اس کا موبائل لے کے اس کے پاس آئی

"میم آپ کے لئے کال ہے۔۔۔۔۔۔"

زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا پھر اپنا موبائل دیکھا تو نفیسہ کا نمبر جگمگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔سامیہ دوبارہ سے وہاں سے جا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔موبائل کان سے لگا کے وہ بھی وہاں سے اٹھ آئی۔۔۔۔۔۔۔

"ہیلو۔۔۔۔"

"زاہنور۔۔۔۔زاہنور میری بچی۔۔۔"

نفیسہ رو رہی تھی۔۔۔وہ گھبرا ہی گئی

"کیا ہوا ہے؟آپ رو کیوں رہی ہے؟"

"شاہ۔۔۔شاہ ویز نے خودکشی کی ہے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نفیسہ کی آواز جیسے ہی اس کے کان سے ٹکرائی اس کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔

"وہ۔۔۔وہ ہاسپٹل میں ہے ل۔۔۔لیکن"

وہ بات ادھوری چھوڑ کے رونے لگی۔۔

"تمہارے لئے اس نے ایک لیٹر لکھا ہے۔۔۔۔وہ بہت بہت محبت کرتا ہے تم سے۔۔۔پلیز میرے بیٹے کو بچالو ۔۔۔۔اسے کچھ ہو گیا تو میں کیا کروں گی۔۔۔۔پلیز اسے آ کے بچالو پلیز"

زاہنور نے اپنے لب بھینچ لیے۔۔۔۔۔۔۔

"کچھ نہیں۔ہو گا اسے۔۔۔ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔آپ پلیز ایسے کال کر کے مجھے شاہ ویز کا کچھ نہ بتایا کرے"

اس نے سرد لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔

"کیا کہہ رہی تم۔۔۔زاہنور اتنی سنگدل کیسے ہو سکتی ہو تم۔۔۔۔۔۔۔وہ تمہارا شوہر تھا۔۔۔۔۔محبت کرتا ہے تم سے۔۔"

وہ دوبارہ سے اپنی دھن میں شروع ہو چکی تھی

"اسٹاپ اٹ پلیز۔۔۔کیا محبت کرتا ہے۔۔۔محبت کرتا ہے لگا رکھا ہے آپ نے۔۔۔

وہ میرا شوہر تھا اب میرا کچھ نہیں ہے۔۔۔۔محبت کرتا ہے تو ایک ماں بن کے اسے سمجھائیے۔۔۔میں ایک شادی شدہ عورت ہوں اور ماں ہوں میں دو بچوں کی۔۔۔کیوں پریشان کر رہا ہے وہ مجھے"

وہ سپاٹ لہجے میں کہہ رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"مت بھولو تم بھی دو بیٹوں کی ماں ہو زاہنور"

نفیسہ نے ٹوٹے لہجے میں کہا تھا زاہنور نے کال ڈسکنیکٹ کر دی اور موبائل وہیں بیڈ پہ پٹخا تھا۔۔۔۔۔۔ سر دونوں ہاتھوں میں تھام کے وہ وہیں بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔"

حمین شاہ کی آواز پہ وہ ایکدم اچھلی تھی۔۔۔۔

"آڑیو اوکے ؟؟ کس کی کال تھی ؟"

وہ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

زاہنور اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی

"ناشتہ ہو گیا تمہارا؟"

وہ مسکرانے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ نے خاموشی سے اسے سر تا پا دیکھا۔۔۔۔۔۔

"بتانا نہیں چاہتی تو مت بتاؤ۔۔۔۔۔ فضول کے ڈرامے مجھے نہیں پسند"

سرد لہجے میں کہہ کے وہ لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ وہیں سر تھام کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

"یا اللہ۔۔۔۔۔اب کیا ہونا باقی ہے ؟؟ اب کیا دیکھنا باقی ہے ؟؟ کب میرے امتحان ختم ہو گیں کب"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کی آنکھیں بھر آئی تھی۔۔۔دل پہ بوجھ سا پڑا تھا۔۔۔۔کئی دنوں سے وہ حمین شاہ کی عجیب نظریں خود پہ محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔کئی دنوں سے وہ جھوٹ کا سہارا لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اسے اپنے رشتے کو بچانا تھا۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اگر اس سے محبت کرتا ہے تو وہ اس سے محبت نہیں کر سکتی۔۔۔وہ اب کسی اور کی بیوی ہے یہ بات شاہ ویز کو سمجھ جانی چاہیئے تھی۔۔۔۔۔۔۔اس نے دل ہی دل میں شاہ ویز سے بات کر کے سب کلئیر کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔۔۔۔

وہ جب ہاسپٹل روم میں آئی تو شاہ ویز بیڈ پہ بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور پہ نظر پڑتے ہی اس کی آنکھوں میں جیسے زندگی جاگنے لگی۔۔۔۔۔وہ مسکرا کے اسے دیکھنے لگا جبکہ زاہنور تذبذب کا شکار اسے دیکھ رہی تھی

"تم آگئی زاہنور"

وہ اٹھنے لگا تھا جب زاہنور نے اسے روک دیا اور خود اس کے قریب آئی۔۔۔

"بیٹھو نا پلیز"

وہ اپنی نظریں زاہنور کے چہرے سے نہیں ہٹا پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"میں یہاں بیٹھنے نہیں آئی شاہ ویز۔۔۔بات کرنے آئی ہوں"

وہ دوٹوک لہجے میں بولی تھی۔۔۔شاہ ویز کو اس کے لہجے سے دکھ ہوا تھا لیکن پھر بھی مسکرانے لگا

"بیٹھ کے بات کرتے ہیں"

"کیوں سوسائیڈ کیا تم نے؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے سپاٹ نظروں سے دیکھتی پوچھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"نہیں کیا۔۔۔۔"

وہ نظریں چرانے لگا۔۔۔۔۔۔

"کیوں مجھے جینے نہیں دے رہے شاہ ویز؟؟؟ کیوں میرا سکون برباد کر رہے ہو تم؟"

زاہنور کا لہجہ اب بھی سپاٹ تھا۔۔۔۔۔

"بے سکون تو میں ہوں زاہنور میں"

شاہ ویز شکایتی نظروں سے اسے دیکھتے کہہ رہا تھا

"تو مجھے سکون سے رہنے دو۔۔۔۔۔۔ جو تم چاہتے ہو وہ ممکن ہے ہی نہیں۔۔۔۔ تو کیوں بار بار میری زندگی کا سکون داؤ پہ لگا رہے ہو؟"

"محبت کرتا۔۔۔۔"

وہ کہنے والا تھا جب زاہنور نے چلا کے اس کی بات کاٹ دی

"شٹ اپ شاہ ویز۔۔۔۔ جسٹ شٹ اپ۔۔۔۔۔ تم جانتے ہو تم کیا کر رہے ہو؟؟؟ میں میرڈ ہوں۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ میرا شوہر ہے۔۔۔۔ میرے بچوں کا فادر ہے۔۔۔۔ تم کیسے ایک میرڈ عورت سے بار بار یہ کہہ سکتے ہو کہ محبت کرتے ہو؟؟ کیسے ایک شادی شدہ عورت سے محبت کا مرتکب ہو سکتے ہو؟ شاہ ویز خدا کا واسطہ ہے بچپنا چھوڑ دو اب ۔۔۔۔ مجھے میری زندگی سکون سے جینے دو۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ چلائی تھی۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔"

وہ منمنایا تھا

"بس۔۔۔۔"

کہہ کے وہ مڑی تھی جانے کے لئے جب شاہ ویز نے اس کی کلائی تھام لی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مت جاؤ پلیز"

وہ منت سے بولا تھا۔۔۔۔زاہنور نے بدک کے اپنی کلائی اس کے ہاتھ سے چھڑائی۔۔۔۔اور غصیلی نظروں سے اسے دیکھنے لگی

"ڈونٹ ڈیئر۔۔۔۔۔"

وہ اسے وارن کرنے لگی تھی۔۔۔۔۔شدت ضبط سے اس کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی جبکہ شاہ ویز نے اس کے اس روپ کو نظر بھر کے دیکھا۔۔۔۔۔اس کے لبوں پہ زخمی مسکراہٹ ابھری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہیں کھو کے ٹوٹ سا گیا ہوں میں زاہنور"

زاہنور لب بھینچے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اب نہیں کرتی نا تم مجھ سے محبت؟"

وہ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور کو سمجھ نہیں آئی کیسے اسے سمجھائے۔۔۔۔۔اور وہ اب بھی اسے ہی دیکھ رہا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"نہیں چاہتی اب مجھے ؟؟؟؟؟اس گھر کے در و دیوار آج بھی تمہاری خوشبو خود میں لیے ہوئے ہیں زاہنور ۔۔۔۔۔۔۔آج بھی تمہیں محسوس کرتا ہے خود کے بے حد پاس۔۔۔۔بہت قریب"

"اسٹاپ اٹ شاہ ویز۔۔۔۔"

وہ سرد لہجے میں بولی

"تمہیں میں یاد نہیں آتا زاہنور؟؟؟؟ بلکل بھی یاد نہیں آتا؟"

وہ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

"آتے ہو یاد۔۔۔۔۔شاہ ویز آتے ہو یاد"

وہ وہیں کرسی پہ بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔کئی دنوں سے دل پہ جو بوجھ پڑا تھا اب اسے آنسوؤں کے ذریعے بہنے کا موقع مل گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"جب حمین شاہ کی محبت دیکھتی ہوں تب تمہاری نفرت یاد آتی ہے مجھے۔۔۔۔۔جب اپنے مقابل اس کا احترام دیکھتی ہوں تب یاد اتا ہے کس کس طرح سے میری عزت مجروح ہوئی اس گھر میں۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارے ہر زخم کو سہا میں نے خود پہ۔۔۔۔۔میں یونیورسٹی سے جلدی گھر آتی تاکہ تمہیں شکایت کا موقع نہ ملے۔۔۔۔تمہارے ساتھ بیٹھ کے لنچ کر سکوں۔۔۔۔۔ہم ساتھ بیٹھ کے کچھ پل بٹائے لیکن ہر بار۔۔۔۔ہر بار میرا دل توڑ کے مجھے یہ باور کرایا کہ میں تمہارے لئے امپورٹنس نہیں رکھتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ سے میرا کوئی تعلق نہیں تھا۔۔۔۔میں تمہاری بیوی ہو کے اس سے کوئی رشتہ کیسے بنا سکتی تھی؟؟؟؟میں حرام رشتے کیوں بناؤں گی؟؟؟لیکن تم نے ہر بار

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میرا تعلق اس سے جوڑا تھا۔۔۔۔۔۔ مجھ پہ ہاتھ اٹھایا۔۔۔۔۔۔ مجھے مارا تم نے لیکن میں پھر بھی خاموش رہی کیونکہ میں چاہتی تھی کہ ہمارے بیچ سب ٹھیک ہو سکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجھے بانجھ پن کا طعنہ دیا۔۔۔۔۔۔۔ اگر ۔۔۔ اگر شاہ ویز تم سچ بتا دیتے مجھے میں تب بھی تمہارا ساتھ نہ چھوڑتی۔۔۔۔ لیکن تم نے سب ختم کر دیا۔۔۔ اتنے بے رحم ہو گئے تھے کہ تمہیں مجھ پہ اس ایک سال میں ایک لمحے کے لئے بھی رحم نہ آیا۔۔۔ کبھی انسان نہیں سمجھا مجھے۔۔۔۔۔ کبھی مجھے بیوی سمجھ کے مجھے میرے رائٹس نہیں دیے۔۔۔۔ تمہارا دیا ہر زخم میری روح چھلنی کر چکا ہے۔۔۔

تمہارا دیا ہر درد میری روح تک میں بس چکا ہے۔۔۔۔ شاہ ویز"

وہ اسے بھیگی آنکھوں سے دیکھنے لگی

"میں تمہارے پاس پناہ لینے آئی تھی۔۔۔۔۔۔ میں اس لئے آئی تھی کہ تم مجھے سمیٹ لو گے لیکن تم نے مزید توڑ دیا۔۔۔۔ اب کیا چاہتے ہو مجھ سے شاہ ویز؟؟؟ کیا چاہتے ہو؟؟؟ اب جب سب ٹھیک چل رہا۔۔۔ تو تم کیوں بار بار چلے آتے ہو؟؟؟ میں کئی ٹکڑوں میں بکھر چکی ہوں۔۔۔۔۔ جسے سمیٹنے میں مجھے بہت وقت لگا اب پھر سے کیا لینے آئے ہو؟؟؟؟ محبت؟؟؟"

شاہ ویز اپنے لب کاٹتا اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔ اس کی آنکھیں بھی نم تھی۔۔۔

"جاننے کی کوشش کی کبھی کہ محبت کیا ہے؟؟؟؟ کبھی محبت کی؟؟؟؟ اب کون سی محبت جاگ رہی ہے شاہ ویز؟؟؟ اب پھر سے محبت کے نام پہ کیوں برباد کرنے پہ تلے ہو مجھ؟؟؟ تم اب میرے کچھ نہیں لگتے شاہ ویز۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہمارے بیچ سب ختم ہو چکا ہے۔۔۔۔۔کچھ بھی باقی نہیں۔رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلیز دیکھو ہاتھ جوڑتی ہوں"

زاہنور نے اس کے آگے ہاتھ جوڑ دیے۔۔۔۔۔شاہ ویز نے جلدی سے آگے بڑھ کے اس کے ہاتھ تھام لیے۔۔۔۔۔

وہ رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"ن۔۔۔۔نہیں پلیز۔۔۔۔نہیں کرو ایسے"

"اب کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔۔کچھ بھی نہیں"

زاہنور روتے ہوئے اسے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

"مجھے جلن ہوتی ہے زاہنور۔۔۔۔۔حمین شاہ سے جلن ہوتی ہے تمہیں اس کے ساتھ سوچ کے جلتا ہوں میں"

وہ روتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز پلیز مت کرو ایسے پلیز مت کرو ایسے"

اس کا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا۔۔۔۔۔۔۔

"تمہیں کھو کے اب تمہیں پانے کا احساس میرے اندر بڑھ رہا ہے زاہنور۔۔۔۔۔۔۔میں تم پہ سب حق کھو چکا ہوں۔۔۔۔جانتا ہوں لیکن میں خود کو روک نہیں پا رہا۔۔۔۔

اس دل کو تمہیں چاہنے سے نہیں روک پا رہا۔۔۔۔خود کو تمہیں سوچتے رہنے سے نہیں روک پا رہا۔۔۔۔۔۔۔

میں اذیت میں ہوں۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے بے خودی میں اپنے لب رکھ دیے اس کے ہاتھوں پہ۔۔۔۔۔زاہنور نے تڑپ کے اپنے ہاتھ اس کے ہاتھوں کی قید سے آزاد کیے۔۔۔۔۔۔اور خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز پلیز۔۔۔۔۔۔"

وہ اپنے آنسو صاف کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز اسے بے بسی سے دیکھتا اپنی جگہ پہ بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دل میں ہوک سی اٹھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"میرے دل میں یہ باتیں عرصے سے دفن تھی۔۔۔۔آج نہ جانے کیوں کہہ دی۔۔۔خیر"

اس نے اپنا چہرہ ہاتھوں کی ہتھیلیوں سے صاف کیا اور سپاٹ نظروں سے اب اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

"میں چلتی ہوں۔۔۔۔۔"

وہ اٹھنے لگی۔۔۔جب شاہ ویز بے اختیار سے اس کے قدموں میں بیٹھ گیا۔۔۔۔۔زاہنور ایکدم گھبرا کے کرسی سمیٹ پیچھے ہونے لگی تھی۔۔۔جبکہ وہ بے بس نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"بہت چاہتا ہوں تمہیں۔۔۔۔"

زاہنور نے ایک گہری سانس کھینچی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"کوئی اچھی لڑکی ڈھونڈ کے اس سے شادی کر لو شاہ ویز۔۔۔تمہاری زندگی سنور جائے گی"

"نہیں سنور سکتی اب"

بے بس نظریں زاہنور کے چہرے کا طواف کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"دیکھو شاہ ویز۔۔۔۔۔۔اب جو ہونا تھا ہو چکا۔۔۔۔۔۔ہمارے بیچ اب کچھ نہیں بچا۔۔۔۔۔۔۔کچھ بھی نہیں"

زاہنور اسے سمجھانے کی کوشش کرتی بولی

"اور ہماری محبت؟"

وہ زاہنور کو نظروں کے حصار میں لیے کہہ رہا تھا

"کون سی محبت۔۔۔۔۔شاہ ویز کون سی محبت؟؟؟؟ بچے نہیں ہو تم۔۔۔۔۔۔۔"

وہ ناگواری سے اسے دیکھ رہی تھی لیکن دل کے کسی کونے میں شاہ ویز کی یہ حالت دیکھ کے دل میں ہوک سی اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ خاموش رہا۔۔۔۔کہنے کو تھا بہت کچھ لیکن وہ سن کب رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"شادی کر لو کسی سے شاہ ویز"

وہ اس کی اجڑی حالت دیکھ کے کہہ رہی تھی تو وہ وہیں بیٹھ کے ہنسنے لگا

"شادی۔۔۔۔۔۔۔"

وہ ہنسے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔پھر زاہنور کو دیکھنے لگا

"کر لوں گا شادی بھی۔۔۔۔۔"

اس کی ہنسی نہیں رکی تھی۔۔۔۔۔۔پھر لب بھینچ کے زاہنور کو دیکھنے لگا

"بہت یاد آؤ گی بہت"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے اس کی نظروں سے گھبرا کے نظریں چرالیں۔۔۔کرسی سے اٹھ کے کھڑی ہو چکی تھی وہ

"میں چلتی ہوں"

شاہ ویز کا دل جیسے کسی گہرے کنویں میں گرا ہو۔۔۔۔وہ خاموش یونہی نیچے بیٹھا رہا۔۔۔

زاہنور نے ایک نظر اسے دیکھا

"اپنا خیال رکھنا"

وہ اپنی جگہ سے ٹس سے مس نہ ہوا نہ اس نے زاہنور کو دیکھا۔۔۔۔وہ اس کے پہلو سے ہو کے جانے لگی۔۔۔

"سنو!!!"

اس کے قدم رک چکے تھے۔۔۔

"مجھے خاموش راہوں میں تمہارا ساتھ چاہیے

تنہا ہے میرا ہاتھ_____تمہارا ہاتھ چاہیئے

مجھ کو میرے مقدر____پر اتنا یقین تو ہے

کہ تم کو بھی میرے لفظ میری بات چاہیے"

زاہنور کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔وہ یونہی کھڑی تھی۔۔۔مڑ کے اسے دیکھا تک نہیں تھا۔۔۔

"میں خود اپنی شاعری_کو کیا اچھا کہوں

مجھ کو تمہاری تعریف_تمہری داد چاہیے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

احساسِ محبت تمہارے ہی واسطے ہے لیکن

جنونِ عشق کو تمہاری ___ ہر سوغات چاہیے

تم مجھ کو پانے کی خواہش رکھتی ہو شاید

اور مجھے جینے کیلئے تمہاری ہی ذات چاہیے۔۔۔"

اس کی گھمبیر آواز کمرے کے خاموش فضا میں ایک سوز بھر رہی تھی۔۔۔

وہ اب چپ تھا۔۔۔۔۔زاہنور کو لگا جیسے وہ ٹرانس ٹوٹ سا گیا ہو۔۔۔۔۔وہ پیچھے نہیں مڑی۔۔۔اسے پیچھے مڑ کے دیکھنا بھی نہیں تھا اب۔۔۔

دروازہ کھول کے وہ کمرے سے نکل چکی تھی۔۔۔۔ہاسپٹل کوریڈور میں چلتے اسے یہی محسوس ہو رہا تھا اس کے قدم لڑکھڑا رہے ہو۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں دھندلائی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز اسے کھو چکا تھا۔۔۔۔۔وہ چاہ کے بھی اسے اب اپنا مقدر نہیں بنا سکتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پل پل اس کمرے سے دور ہوتے ہوئے اسے ایسے لگ رہا تھا جیسے دل پہ بھاری بوجھ سا گر گیا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔جب اسے شاہ ویز کی محبت چاہیئے تھی تب وہ اسے بار بار اپنے الفاظ سے۔۔۔اپنی ذات سے اس کی دھجیاں بکھیر رہا تھا اور آج جب وقت اس کے ہاتھ سے نکل چکا۔۔۔۔۔دونوں بازی ہار چکے۔۔۔۔۔زاہنور اپنی زندگی بنا چکی حمین شاہ کے ساتھ ۔۔۔تو وہ پھر سے آیا ہے اس کے پاس۔۔۔۔۔اس کی سوئی محبت اب جاگی ہے۔۔۔۔وہ اب زاہنور سے محبت مانگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔وقت مٹی کے ڈھیر کی طرح اب ہاتھ سے نکل چکا ہے۔۔۔۔۔!!!!

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ گھر میں داخل ہوئی تو حمین شاہ جو کہ لاونج میں اس کا منتظر بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ تھک۔ تھی۔۔۔۔۔

"ہاسپٹل گئی تھی تم؟"

زاہنور چونک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بس اسے دیکھے گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جواب نہ ملنے پہ وہ اٹھ کے آس پاس آیا

"زاہنور۔۔۔کچھ پوچھا ہے تم سے"

وہ بے دھیانی میں اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔اسے یاد نہیں آرہا تھا کہ حمین نے کیا پوچھا ہے اس سے۔۔۔

"ہہ؟؟کیا پوچھ رہے تھے؟"

حمین شاہ اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔

"ہاسپٹل کیوں گئی تھی؟؟طبیعت تو ٹھیک ہے؟"

دوبارہ سے اس نے اپنا سوال دہرایا تو وہ کچھ سوچتے نظریں چرانے لگی

"ہاں۔۔۔ہاں وہ میری ایک دوست تھی وہ آئی تھی تو اس سے ملنے گئی تھی ء

وہ پھر سے جھوٹ بول رہی تھی

"ہاسپٹل میں؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حمین شاہ بے یقینی سے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ وہ نظریں چرا رہی تھی

"ہاں۔۔۔۔۔ڈاکٹر ہے ناوہ۔۔۔۔۔"

"ہمم اچھا۔۔۔۔۔۔"

وہ اسے غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"ایسے کیوں دیکھ رہے ہو؟؟"

زاہنور اپنے بال پیچھے کرتی بولی

"سوچ رہا وقت کتنا بدل گیا ہے"

وہ گھمبیر لہجے میں بولا تھا۔۔۔۔۔۔

"وہ کیسے؟"

وہ اب سوالیہ نظروں سے حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

"تم روئی ہو زاہنور؟"

وہ اس کی آنکھوں کو دیکھ رہا تھا

"ن۔۔۔۔نہ۔۔۔۔نہیں تو"

زاہنور کی سانس ہی جیسے اٹک گئی ہو۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور میں تمہاری آنکھوں کو پڑھ لیتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔چاہے تم جتنا بھی چھپاؤ خود کو لیکن حمین شاہ سے نہیں چھپ سکتی تم"

وہ دبے لفظوں میں گہری بات کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

زاہنور اسے دیکھے گئی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں اسے باور کرانے کے لئے کافی تھی کہ وہ اس کا جھوٹ پکڑ چکا ہے شاید۔۔۔۔۔

اپنا آپ چھڑا کے وہ سیڑھیوں کی طرف بڑھی۔۔۔۔۔۔

"میں دونوں بچوں کو دیکھ لوں"

وہ جلدی جلدی سیڑھیاں چڑھنے لگی جبکہ نیچے کھڑا حمین شاہ اس کے پل پل بدلتے روپ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔وہ ہر بار اس سے جھوٹ بول رہی تھی اور آج کے جھوٹ نے آخری کیل کا کام کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب ہر بار اس سے جھوٹ بولتی ہے۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں دیکھ دیکھ کے وہ جھوٹ بولتی ہے۔۔۔۔۔اور حمین شاہ کو یہ بات ہضم نہیں ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔کہ زاہنور اس سے جھوٹ کا سہارا لے کے شاہ ویز سے ملنے جاتی ہے۔۔۔۔۔۔نہ چاہتے ہوئے بھی اس کا دھیان زاہنور کی طرف جا رہا تھا کہ وہ اب بدلنے لگی ہے۔۔۔۔۔وہ اب اکتا رہی ہے حمین شاہ سے۔۔۔۔وہ پھر سے شاہ ویز کے پاس جانا چاہتی ہے۔۔۔۔پھر سے اس کا ساتھ چاہتی ہے۔۔۔۔وہ شک کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن دل و دماغ میں جنگ جاری تھی کہ جب وہ چاہتی ہے اس کے پاس جانا تو سیدھی طرح بول دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔یوں جھوٹ کا سہارا کیوں لے رہی ہے۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

غائب دماغی سے وہ سامنے پڑے میگزین کو دیکھ رہا تھا جس میں حمین شاہ اور زاہنور کی تصویر تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خوشی زاہنور کی آنکھوں سے جھلک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ کا ہاتھ تھامے وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کے دل میں ہوک سی اٹھی تھی۔۔۔۔۔۔ میگزین اٹھا کے اس نے پرے پھینک دیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے دماغ میں زاہنور کی باتیں گونج رہی تھی۔۔۔۔ایک جنگ سی چل رہی تھی اس کے اندر

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ٹھیک ہی تو کہہ رہی تھی وہ۔۔۔۔اب وہ چاہ کے بھی زاہنور کو اپنا مقدر نہیں بنا سکتا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔وقت اس کے ہاتھوں سے نکل چکا ہے۔۔۔۔۔۔۔اسے زاہنور کو اس کی زندگی جینے دینی چاہیئے

۔۔۔۔۔وہ پھر سے اس کی زندگی برباد کرنے کا باعث نہیں بننا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔اسے خاموشی سے راستے سے ہٹنا ہے۔۔۔۔۔زاہنور کی خوشی کے لئے۔۔۔۔ محبت تو صرف جیتنے کا نام نہیں ہے۔۔۔۔۔یا صرف پا لینے کا نام نہیں ہے۔۔۔ محبت تو قربانی مانگتی ہے۔۔۔۔۔۔مقابل کی خوشیاں مانگتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو کیا وہ نہیں چاہتا کہ زاہنور خوش رہے۔۔۔۔۔یہی تو وہ چاہتا ہے پس اس کے رستے کا پتھر بننے کی بجائے اسے اپنا رستہ بدل دینا چاہیئے

۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے موبائل اٹھایا اور کوئی نمبر ڈائل کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوسری طرف سے ہیلو کی آواز پہ اس نے بس اتنا کہا "ملنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔بات کرنی ہے تم سے وہیں بیچ پہ"

اور موبائل بند کر دیا۔۔۔۔۔۔وہ فیصلہ کر چکا تھا اور اسے اپنا یہ فیصلہ ابد تک نبھانا تھا۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور ابھی وہ بیچ پہ اس کے ساتھ بیٹھا پانی کی لہروں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔کچھ لمحے یونہی خاموشی سے سرکے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں نے سوسائیڈ کرنے کی کوشش کی تھی لیکن بچ گیا"

اس نے بات شروع کی پلوشہ حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"کیوں؟"

"کیونکہ مجھے زاہنور کے بنا جینا نہیں آیا تھا"

وہ سامنے دیکھتا کہہ رہا تھا۔۔۔۔

"اور اب؟"

وہ اس کا چہرہ پڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس نے اچانک اپنا چہرہ پلوشہ کی طرف کیا تھا

"شادی کرو گی مجھ سے؟"

پلوشہ کی آنکھوں میں حیرت نہیں۔ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بس خاموش آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کے آنکھوں کی بے بسی عیاں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن وہ محبت کر بیٹھی تھی اس سے۔۔۔۔۔۔اسے یوں تنہا

۔۔۔۔تڑپتا ہوا نہیں دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔۔وہ جانتی تھی شاہ ویز وقتی طور پہ جذباتی ہو کے یہ فیصلہ کر رہا ہے یا شاید

زاہنور سے دور ہونے کے لئے۔۔۔۔۔وہ اس سے محبت نہیں کرتا نہ کبھی کرے گا۔۔۔۔۔۔لیکن!!!!

"ہاں۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے مختصر جواب دیا۔۔۔۔۔۔

"تو ٹھیک ہے میں امی کے ساتھ آرہا ہوں تمہارے گھر"

وہ پھر سے سامنے دیکھ رہا تھا اب۔۔۔

"ٹھیک ہے"

پھر وہی مختصر جواب۔۔۔۔

سوال بہت تھے اس کے پاس پوچھنے کے لئے لیکن وہ جواب جانتی تھی تبھی خاموش رہی۔۔۔۔۔۔۔جن سوالوں کا جواب معلوم ہو آپ کو۔۔۔۔۔ان سوالوں کو پوچھنے کا کوئی مقصد نہیں ہوتا۔۔۔۔۔

"ایسکریم میں کون سا فلیور پسند تمہیں؟"

وہ پھر سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

"چاکلیٹ اینڈ اسٹرابیری"

اس نے جواب دیا تو وہ اسے دیکھنے لگا

"تو چلو۔۔۔"

"کہاں؟"

"آئسکریم کھانے۔۔۔۔۔"

وہ اٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔پلوشہ بھی کھڑی ہوئی اور اس کے ساتھ قدم سے قدم ملا کے چلنے لگی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پانی کا شور اب بھی تھا جو سمندر کے کناروں سے ٹکرا کے واپس جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

پلوشہ اس کے قدموں کے نشان پہ اپنے قدم رکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

"میں تیرے سنگ کیسے چلوں

سجنا۔۔۔۔

تو سمندر ہے میں۔۔۔۔

ساحلوں کی ہوا"

اس نے دھیرے سے سوچا۔۔۔۔۔۔ شاہ ویز نے مڑ کے اسے دیکھا۔۔۔ وہ اس کے پیچھے پیچھے آ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اس کا ہاتھ تھام کے اسے اپنے ساتھ چلنے کو کہا تو وہ اس کے ساتھ قدم سے قدم ملا کے چلنے لگی۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

اپنے بیٹے کی خواہش سن کے وہ بے حد خوش تھی۔۔۔۔۔۔۔ اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ شاہ ویز شادی کرنا چاہتا ہے وہ بھی اپنی پسند کی ہوئی لڑکی سے۔۔۔۔۔۔ پلوشہ کے گھر والے کافی سلجھے ہوئے لوگ تھے۔۔۔۔۔۔۔ پلوشہ گھر کی اکلوتی ہی تھی۔۔۔۔ شہناز اپنی دوست کے لئے خوش ہو رہی تھی لیکن پھر بھی اسے پلوشہ کی آنکھیں اداس تھی وہ بہ ظاہر مسکرا رہی تھی لیکن اس کی آنکھوں میں اداسی ٹھہری ہوئی تھی۔۔۔۔

"تم خوش ہو پلوشہ؟"

وہ پوچھ رہی تھی۔۔۔ پلوشہ مسکرا کے دیکھنے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آف کورس۔۔۔شاہ ویز کے ساتھ تو میں ہر حال میں خوش ہوں"

شہناز خاموش ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور یوں ان کی منگنی کی تیاریاں زور شور سے شروع ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

منگنی کی تقریب کا کارڈ زاہنور کو بھی دینے نفیسہ خود آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ کارڈ ہاتھ میں لیے خاموشی سے بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کے لئے اس کے دل سے ساری کدورتیں مٹ چکی تھی اور سچے دل سے شاہ ویز کے لئے خوشیاں چاہتی تھی اور اس کے فیصلے سے وہ بے حد خوش ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن وہ اس فنکشن میں جا سکے گی یا نہیں۔۔۔۔یہ اسے معلوم نہیں تھا کیونکہ حمین شاہ کا دل وہ توڑنا نہیں چاہتی تھی اس کے موبائل کی بپ بجی تھی

۔۔۔۔

اس نے موبائل کان سے لگایا تو دوسری طرف شاہ ویز تھا۔۔۔۔۔۔

"کیسی ہو زاہنور؟"

وہ گھمبیر لہجے میں پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"منگنی مبارک ہو تمہیں شاہ ویز۔۔۔۔"

اس نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔

"تم خوش ہو؟"

وہ الٹا زاہنور سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔زاہنور کو عجیب لگا اس کا سوال۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تمہاری خوشیوں کے لئے۔۔۔ تمہارے رستے سے ہمیشہ کے لئے ہٹنے کے لئے میں یہ ڈیسیژن لے رہا ہوں

۔۔۔۔۔۔۔"

وہ خاموش رہی۔۔۔۔

"زاہنور؟"

اس نے سرگوشی میں اس کا نام لیا تھا۔۔۔

"ہمممم؟؟"

"کبھی اگر سامنا ہوا تو ملو گی مجھ سے یا۔۔۔۔۔ کترا کے چلی جاؤ گی؟"

وہ سرگوشی میں اس سے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

زاہنور کو سمجھ نہیں آئی کیا جواب دے۔۔۔۔۔

"رک جانا پلیز۔۔۔۔۔۔مان مت توڑنا پلیز"

وہ خود ہی سوال کر رہا تھا خود ہی جواب دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"آؤ گی نا؟؟ میری اینگیجمنٹ پہ؟"

اس کا آنچ دیتا لہجہ۔۔۔۔۔۔اس کی امید بھری آواز۔۔۔۔

"دیکھوں گی۔۔۔۔۔"

اس نے مختصر جواب دیا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اگر میں چاہوں تب بھی نہیں آؤ گی؟"

وہ آس لیے پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"تمہارا چاہنا نہ چاہنا میٹر نہیں کرتا۔۔۔ میری دعا ہے تم خوش رہو ہمیشہ۔۔۔"

وہ سچے دل سے اسے دعا دے رہی تھی۔۔۔۔

"میری بھی یہی دعا ہے زاہنور کہ تمہیں زندگی کی ہر خوشی ملے۔۔۔۔۔ ہمیشہ خوش رہو۔۔۔"

اس کا گلا رندھا تھا۔۔۔۔ زاہنور خاموش رہی۔۔۔۔

اس کے لہجے کی نمی کو اس نے بھی محسوس کیا تھا۔۔۔

"اللہ حافظ۔۔۔"

اس نے آہستگی سے کہا۔۔۔۔ جواباً وہ خاموش رہا تھا۔۔۔۔۔ زاہنور منتظر رہی۔۔۔ پھر موبائل کان سے ہٹا کے اس نے بند کر دیا اور سائیڈ پہ رکھ دیا۔۔۔۔۔ کارڈ بھی اس نے سائیڈ ٹیبل پہ رکھ دیا تھا۔۔۔۔ وہ جانتی تھی کہ وہ جا نہیں پائے گی۔۔۔۔۔ اسکے دل میں کوئی خواہش بھی نہیں تھی جانے کی۔۔۔۔۔۔ وہ بس یہی چاہتی تھی کہ ہر انسان کو حق ہے کہ وہ خوش رہے اور یہی چاہتی تھی وہ کہ شاہ ویز اپنی نئی زندگی کے ساتھ خوش رہے ہمیشہ۔۔۔۔

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عصر کا وقت ہو رہا تھا۔۔۔زاہنور ابھی ابھی بچوں کے کمرے سے آئی تھی۔۔۔۔۔۔سامیہ ان کے پاس ہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔زاہنور آنکھیں موندے بیڈ پہ لیٹی اپنی تھکن اتار رہی تھی جب حمین شاہ کی انگلیوں کا لمس اسے اپنے چہرے پہ محسوس ہوا۔۔۔۔اس نے پٹ سے آنکھیں کھول دی۔۔۔۔۔۔

"سوری تم جاگ گئی"

حمین شاہ نے نرمی سے کہا۔۔۔تو وہ مسکرا کے بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

"کوئی بات نہیں"

اس نے دھیرے سے جواب دیا۔۔۔

"تیار نہیں ہوئی تم؟"

وہ وہیں بیٹھ کے پوچھنے لگا۔۔۔اس کے چہرے سے بالوں کو پیچھے کرتا وہ اس سے پوچھ رہا تھا

"کہیں جانا ہیں ہمیں؟"

وہ نا سمجھی سے پوچھنے لگی

"شاہ ویز کی اینگیجمنٹ ہیں۔۔۔ہم انوائیٹیڈ ہیں۔۔۔۔"

وہ کہہ رہا تھا جبکہ زاہنور حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

"تم جا رہے ہو؟"

"ہم۔جا رہے ہیں"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے تصحیح کی تو وہ دیکھ کے رہ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔۔۔وی آر گیٹنگ لیٹ"

وہ اٹھتے ہوئے بولا

"لیکن۔۔۔۔۔"

وہ کچھ کہتے کہتے رک گئی جبکہ حمین شاہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

"کوئی لیکن ویکن نہیں۔۔۔۔کم آن"

وہ اس کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے بولا تو وہ بھی اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے کے اٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے حیرت ہو رہی تھی کہ حمین شاہ وہاں کیسے جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

ہال میں وہ دونوں جیسے ہی پہنچے تو نفیسہ سے ان کا سامنا ہوا۔۔۔۔

اس نے پیار سے زاہنور کو ویلکم کیا۔۔۔۔۔اسے گلے لگا کے پیار کیا۔۔۔۔۔پھر حمین شاہ کو دیکھ کے اسے ویلکم کیا ۔۔۔۔۔تو دونوں مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔۔۔۔۔۔۔پلوشہ کے پہلو میں کھڑا اس کی آنکھیں کسی کو ڈھونڈ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیروزی رنگ کے ڈریس میں وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی اور اس کے ساتھ کھڑا شاہ ویز ملک بھی تھری پیس سوٹ میں ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلوشہ کئی بار اس کے چہرے پہ رقم بے چینی کو پڑھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔اور بلکل اچانک جیسے اس کی آنکھیں پر سکون ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔اس کی نظریں اس چہرے پہ ٹھہر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔سی گرین کلر کی ساڑھی میں۔۔۔۔۔۔۔وہ شہزادی ہی لگ رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کا بازو تھامے سہج سہج کے چلتی وہ انہیں کی طرف آرہی تھی اور شاہ ویز باوجود کوشش کے بھی اس کے سراپے سے نظریں نہیں ہٹا پا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کو یوں اپنی طرف تکتا پا کے اس کا دل ایک پل کو لرزا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس کا ہاتھ بھی کانپا تھا۔۔۔۔۔۔۔جسے حمین شاہ محسوس کر چکا تھا لیکن بنا جتائے اسے خود کے قریب کر کے وہ ان کے پاس آیا۔۔۔۔۔۔۔

"کانگریجولیشن۔۔۔۔۔"

شاہ ویز کی طرف ہاتھ بڑھائے وہ مسکرا رہا تھا۔۔۔جبکہ شاہ ویز نے بھی مسکرا کے اس کا ہاتھ تھاما

"تھینک یو۔۔۔۔۔۔۔"

وہ زاہنور کو دیکھنے لگا اب۔۔۔۔۔۔

"مبارک ہو۔۔۔"اس نے دھیرے سے کہا جبکہ شاہ ویز اپنی نظروں پہ کنٹرول کرتا پلوشہ کی طرف رخ موڑ گیا

۔۔۔۔۔۔

"یہ زاہنور ہے۔۔۔۔

اور یہ حمین شاہ ان کے ہزبینڈ"

پلوشہ رک کے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

ایک پل کے لئے اس کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ واقع بے حد خوبصورت تھی۔۔۔۔ تبھی شاہ ویز اس کا دیوانہ تھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے مسکرا کے اسے بھی مبارک باد دی تو دونوں نے مسکرا کے اسے تھینک یو کہا۔۔۔۔۔۔۔

وہ حمین۔شاہ کے ساتھ جانے لگی جب پلوشہ کی آواز اس کے کان سے ٹکرائی۔۔۔۔۔

"تم واقع بہت خوبصورت ہو۔۔۔ تبھی شاہ ویز تمہیں نہیں بھول پا رہا"

زاہنور نے چونک کے اسے دیکھا تھا جبکہ وہ آنکھوں میں حسرت لیے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔ پھر اس نے شاہ ویز کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔ جو اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

سر جھٹک کے وہ نیچے اتری اور حمین۔شاہ کے پاس جا کے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔ رسمیں شروع ہو چکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو انگوٹھی پہنا رہے تھے جب حمین شاہ نے اس کے کان میں سرگوشی کی

"اتنا خوش نہیں لگ رہا شاہ ویز"

زاہنور نے رک کے اسے دیکھا تو وہ کندھے اچکا گیا

"مجھے ایسا لگا۔۔۔ مے بی وہ خوش ہو"

وہ پھر سے اسٹیج کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ زاہنور بھی سامنے دیکھنے لگی۔۔۔۔

"تم تو خوش ہو ناں؟"

وہ پھر سے سرگوشی کر رہا تھا۔۔۔۔

اب کی بار زاہنور لب بھینچے اسے دیکھنے لگی تو وہ مسکرانے لگا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"نہیں مطلب تم سب کے لئے ہمیشہ خوش ہی ہوتی ہو تو اس لئے کہا۔۔۔"

جبکہ زاہنور نے ایک گہری سانس کھینچی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"گھر چلیں؟"

"ابھی کہاں۔۔۔۔۔مجھے نہیں جانا ابھی۔۔۔۔۔۔"

وہ اطمینان سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور اسے دیکھ کے رہ گئی بس۔۔۔۔

اب کیا چاہتا ہے وہ۔۔۔۔۔کیا چل رہا اس کے دماغ میں۔۔۔۔۔زاہنور کی سانس سینے میں۔ہی اٹک گئی۔۔۔تو کیا وہ شک کرنے لگا ہے اب زاہنور پہ؟؟؟؟؟ایسی زو معنی باتیں کیوں کر رہا ہے وہ اب؟؟؟جانتا تو ہے کہ زاہنور اس کی بیوی ہے اب۔۔۔۔۔۔اور وہ اسے کبھی دھوکا نہیں دے سکتی تو پھر یہ زو معنی باتیں کیوں؟؟؟؟؟

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

کمرے میں آ کے اس نے اپنا کلچ صوفے پہ پھینکا۔۔۔۔۔یونہی چلتی ہوئی وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے رکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور اپنی جیولری اتارنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے بال کھول کے وہ اب اپنا پاؤں سینڈل کی قید سے یونہی کھڑے کھڑے آزاد کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جیسے ہی سیدھی ہوئی تو حمین شاہ کا عکس اسے آئینے میں نظر آیا۔۔۔۔۔جو اس کے بال ہٹا کے اب اس کی گردن پہ اپنے لب رکھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور تھوڑا کسمسائی تھی جب حمین۔شاہ نے اس کی کمر پہ اپنے ہاتھ رکھ کے اسے پشت سے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔۔اس کے

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

گرم سانسوں کی تپش وہ اپنے گردن پہ محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جتنا کسمساتی حمین شاہ کی گرفت اتنی ہی سخت ہو رہی تھی اس کی کمر پہ۔۔۔۔اس کی ہلکی سی چیخ ابھری تھی۔۔۔۔۔۔

تو جھٹکے سے وہ اس کا رخ موڑ کے اپنی طرف کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔اور اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔

حمین شاہ کی آنکھوں میں آج محبت نہیں۔۔۔۔۔۔بلکہ جنون اور دیوانگی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کی آنکھوں کو دیکھے گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پریشان۔۔۔۔الجھی ہوئی آنکھوں سے ہوتے ہوئے اس کے نظر اس کے لبوں پہ رکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے وہ پیچھے ہوتی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اس کی پشت پہ اپنی انگلیاں گاڑ کے اسے اپنے قریب کر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کے لبوں کو اپنے لبوں سے قید کر کے وہ اپنا جنون اس کے وجود میں انڈیل رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور باوجود کوشش کے بھی خود کو اس سے الگ نہیں کر پا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"یو آر۔۔۔۔۔ہرٹنگ می"

وہ بمشکل بول پائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ اس کے لب چھوڑ کے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"لیو می۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آئی ڈونٹ وانٹ"

وہ دبی دبی آواز میں بولی تھی۔۔۔۔

"بٹ آئی وانٹ..."

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کی آنکھوں میں۔دیکھتا وہ سرگوشی میں بولا تھا۔۔۔زاہنور کو اس کی آنکھوں سے خوف آرہا تھا۔۔۔۔اس سے پہلے کہ وہ سنبھلتی۔۔۔۔

حمین شاہ اس کی گردن پہ جھک چکا تھا اور اب اس کی گردن پہ اپنے جنون کی داستاں لکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔زاہنور اس کی بانہوں میں مچل رہی تھی لیکن اسے ہوش کہاں تھا۔۔۔۔۔۔وہ بس جنونی سا اس کے ہر احساس کو کچل کے اس پہ حاوی ہوئے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"لیومی۔۔۔۔۔۔۔"

اٹکتی سانسوں کے بیچ اس کی آواز ابھری تھی۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ ایک ہاتھ سے اس کے بلاؤز کی ڈوری کھولتا اسے ان سنی کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی انگلیاں زاہنور کو اپنی پشت پہ پیوست ہوتی محسوس ہو رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسے اب بیڈ پہ دھکا دے چکا تھا۔۔۔۔اس سے پہلے زاہنور اٹھتی۔۔۔۔۔وہ اس پہ جھکتا گیا۔۔۔۔۔اس کے لبوں پہ اپنی انگلی رکھ کے وہ اسے خاموش رہنے کو کہہ رہا تھا

"ہسششششش"

زاہنور خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھے گئی۔۔۔جبکہ وہ اس کے ساڑھی کا پلو نیچے گرا چکا تھا۔۔۔۔۔اور اب اس پہ جھکا وہ انتہا دیوانگی اور جنون کی حدیں پار کر رہا تھا۔۔۔۔جبکہ زاہنور نے مزاحمت چھوڑ دی تھی۔۔۔۔اس کی آنکھیں بھیگ چکی تھی۔۔۔۔۔۔خاموش آنسو اس کی آنکھوں سے رواں تھے۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن حمین شاہ کو

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہاں ہوش تھا کہ اس کے آنسو دیکھنے کی زحمت کر لیتا۔۔۔۔۔اور زاہنور نے بھی چپ چاپ خود کو اس کی جنونیت کے حوالے کر دیا تھا۔۔۔وہ وحشت زدہ نہیں تھی۔۔۔۔۔بس مزاحمت کرنا چھوڑ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ویسے بھی مزاحمت کر کے اس نے کیا کر لینا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ طے کر چکا تھا۔۔۔نہ جانے کس بات کا بدلہ وہ ایسے اتار رہا تھا۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

صبح اس کی آنکھ کھلی تو زاہنور کو بیڈ پہ نا پا کے وہ ہڑ بڑا کے اٹھ بیٹھا تھا۔۔۔۔

رات کا لمحہ لمحہ کسی فلم کی طرح اس کی آنکھوں کے سامنے گھوم رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ جلدی سے بیڈ سے اترا اور باہر کی طرف لپکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔نیچے گیا لیکن وہ وہاں نہیں تھی تو اوپر آ کے وہ بچوں کے کمرے کی طرف گیا ۔۔۔۔دروازہ کھول کے وہ دیکھنے لگا۔۔۔زاہنور وہیں تھی۔۔۔۔آیشان اور آیہان کے ساتھ۔۔۔۔۔۔

اسے خود سے شرمندگی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ کیا کر بیٹھا تھا اس کے ساتھ۔۔۔۔۔وہ خاموشی سے اس کے پاس آ کے بیٹھ گیا اور دونوں بچوں کو پیار کر کے وہ اب زاہنور کے چہرے کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔وہ اسے نظر انداز کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔سنجیدگی سے وہ اپنے بچوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

READERS CHOICE

"زاہنور۔۔۔۔۔۔"

اس نے دھیرے سے اس کا نام لیا۔۔۔

"جی؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور نے اسے دیکھنے سے گریز ہی کیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھ کے جانے لگی۔۔۔۔

"کہاں جا رہی ہو؟"

وہیں بیٹھے بیٹھے وہ پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

"دیکھوں ناشتہ لگ چکا یا نہیں"

اچانک حمین شاہ نے کھڑے ہو کے اس کی کلائی پکڑی اور اسے اپنی طرف کھینچا۔۔۔۔۔وہ اس کے سینے سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ نے اسے بانہوں میں بھر کے اس کے باہر نکلنے کے سب راستے مسدود کر دیے تھے ۔۔۔۔وہ خود بھی مزاحمت نہیں کر رہی تھی۔۔۔۔

خاموشی سے اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اسے آج بھی ان آنکھوں میں محبت نظر نہ آئی۔۔۔۔بس شرمندگی روم تھی۔۔۔۔۔۔پشیمانی رقم تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دیکھتی رہی۔۔۔۔۔شاید محبت کی کوئی ایک جھلک۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن وہاں کچھ نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔ نظریں جھکا کے وہ یونہی کھڑی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی اداس آنکھیں حمین شاہ کو کرب دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تمہاری آنکھیں اداس رہنے لگی ہیں آج کل"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کی سرگوشی پہ زاہنور نے نظریں اٹھا کے اسے دیکھا۔۔۔۔وہ کچھ دیر ان آنکھوں میں۔دیکھتی رہی

۔۔۔۔۔۔۔۔

"اور تمہاری آنکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔تمہاری آنکھوں میں مجھے وحشت نظر آتی ہے۔۔۔۔محبت کہیں گم ہو چکی ہے"

اسی لمحے سامیہ کمرے میں آئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔انھیں یوں ایک دوسرے کے قریب دیکھ کے وہ جانے لگی تھی جب زاہنور نے خود کو اس کی بانہوں سے آزاد کر کے اسے آواز دی

"آؤ سامیہ۔۔۔۔میں بس جا ہی رہی تھی"

وہ سپاٹ نظروں سے حمین شاہ کی حیران آنکھوں میں دیکھتی بولی تھی۔۔۔۔۔۔وہ اندر آچکی تھی جبکہ حمین۔شاہ لب بھینچے نظریں چرا گیا۔۔۔۔۔۔زاہنور سر جھٹک کے کمرے سے باہر نکل گئی تو حمین شاہ بھی اس کے پیچھے باہر نکلا۔۔۔۔اور راستے میں ہی اسے جا لیا۔۔۔۔

اس کا بازو پکڑ کے اسے اپنے ساتھ کمرے میں لے گیا۔۔۔۔دروازہ بند کر کے وہ اسے دیوار سے لگا کے خود اس پہ جھکا اس کی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا

"کیا کہا تم۔نے۔۔۔۔تمہیں میری آنکھوں میں وحشت نظر آتی ہے۔۔۔محبت نہیں نظر آتی؟"

جبکہ زاہنور لبوں پہ زخمی مسکراہٹ سجائے اسے دیکھ رہی تھی

"مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہو حمین شاہ۔۔۔جا کے آئینے میں اپنا عکس دیکھ لو۔۔۔۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تم جھوٹ بول رہی ہو"

وہ اسے الزام دے رہا تھا۔۔۔۔۔

"تمہاری آنکھوں میں مجھے محبت کہیں نظر نہیں آتی حمین شاہ۔۔۔۔۔ایک وحشت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جنون ہے

۔۔۔۔۔

بدلہ ہے۔۔۔۔۔غرور ہے لیکن میں نہیں ہوں کہیں۔۔۔۔۔"

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی سرد لہجے میں کہہ رہی تھی جبکہ حمین شاہ اس کے قریب ہوا۔۔۔۔۔

"تم جھوٹ بول رہی ہو"

وہ سرد لہجے میں سرگوشی کر رہا تھا۔۔۔۔۔

اس نے دھیرے سے اپنی شرٹ کندھوں سے نیچے کی۔۔۔۔۔جہاں اس کی کل رات کے دیے ہوئے زخم تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"تو یہ کیا ہیں؟؟؟؟"

حمین شاہ نے نظریں چرائی۔۔۔۔

زاہنور نے بال سائیڈ پہ ڈال کے اپنی گردن دکھائی۔۔۔۔۔

۔پیچھے مڑ کے اس نے اپنی پشت دکھائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوبارہ سے مڑ کے اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میرے وجود پہ ایسے ہی گھاؤ ہیں حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تمہاری وحشت کے گھاؤ۔۔۔تمہارے وحشی پن کے گھاؤ۔۔۔۔۔۔"

"زاہنور میں۔۔۔۔"وہ شرمندہ سے لہجے میں کہتا آگے بڑھا تھا جب زاہنور نے اسے روک دیا۔۔۔۔

"قیمت ادا کر دی ہے میں نے کل رات ہی تمہارے سو کالڈ محبت کی۔۔۔۔۔۔اور جان گئی ہوں اپنی حیثیت بھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔مسٹر حمین شاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مجھے میری حیثیت۔۔۔۔میرا مقام یاد دلانے کا شکریہ۔۔۔۔۔۔۔"

وہ سرد لہجے میں کہتی اسے ایک نظر دیکھ کے دروازہ کھول کے کمرے سے جا چکی تھی جبکہ حمین شاہ لب بھینچے اس کے الفاظ کی تلخیص کو اپنے اندر تک محسوس کر رہا تھا۔۔۔۔لیکن اب کوئی فایدہ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔وہ اپنی ہی بیوی کی عزت کا لٹیرا بن چکا تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

اب جب نئی زندگی شروع کرنے جا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔تو اس کے لئے لازمی تھا کہ اس لڑکی کو اپنی بیوی کی حیثیت سے لانے سے پہلے اپنے ماضی کو کہیں دفن کر دے۔۔۔۔۔۔اس کی یادوں کو کہیں دفن کر دے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔باکس کمرے کے بیچ و بیچ رکھے وہ خاموشی سے ان یادوں کو اس میں دفن کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسے زاہنور کا فیورٹ دوپٹہ نظر آیا۔۔۔۔۔۔جس پہ اس نے بہت دل سے شیشوں کا کام کروایا تھا۔۔۔۔۔بھاری سا دوپٹہ اسے بہت پسند تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے وہ دوپٹہ اٹھایا اور اس میں بسی زاہنور کی خوشبو اپنی سانسوں میں انڈیلی۔۔۔۔۔۔۔۔اسے وہ لمحہ یاد آیا جب وہ یہ دوپٹہ اوڑھ کے آئی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"شاہ ویز دیکھو نا۔۔۔میرا دوپٹہ کتنا خوبصورت ہے"

اور وہ موبائل میں ہی گم تھا۔۔۔۔جب زاہنور نے دوبارہ آواز دی۔۔۔

"شاہ ویز دیکھو نا"

وہ منہ پھلا کے اسے آواز دے رہی تھی اس نے ایک نظر زاہنور کو دیکھا تھا اور پھر سے نظریں جھکا گیا

"ہاں اچھی ہے"

جبکہ زاہنور کا دل ہی ٹوٹ گیا تھا۔۔۔اس کا چہرہ مرجھا گیا تھا۔۔۔۔۔بے دلی سے دوپٹہ اتار کے اس نے صوفے پہ رکھ دیا تھا اور خود ایک نظر شاہ ویز کے ڈال کے کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔

اور اب۔۔۔۔شاہ ویز کے دل میں ایک ہوک سی اٹھی۔۔۔۔۔اس نے دوپٹہ نرمی سے فولڈ کر کے باکس میں رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی نظر زاہنور کے یلو ڈریس پہ پڑی۔۔۔جس پہ بھاری کام ہوا تھا وہ بس دیکھے گیا۔۔۔۔

جب پہلی بار اس نے وہ ڈریس پہنا تھا۔۔۔۔۔۔تو ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے شاہ ویز کے بازو میں اپنا ہاتھ ڈالے کھڑی ہو گئی اور مسکرا کے اپنا اور اس کا عکس دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں محبت کا جہان آباد تھا

۔۔۔۔۔۔۔

READERS CHOICE

"کتنے گڈ لوکنگ لگ رہے ہم ساتھ میں"

شاہ ویز نے ایک عام سی نظر اس پہ ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے زاہنور کی ان باتوں میں۔۔۔اس کی ہنسی میں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔۔۔۔۔اپنا بازو چھڑا کے وہ پرفیوم خود پہ چھڑکنے لگا۔۔۔

"عجیب حرکتیں ہیں تمہاری"

اور اب۔۔۔۔۔۔۔وہ زاہنور کی ایک محبت بھری نظر کے لئے ترس گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ ڈریس بھی باکس میں رکھ چکا تھا وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے جھمکے بہت پسند ہیں شاہ ویز۔۔۔۔مجھے ہر منتھ جھمکے گفٹ دیا کرو گے"

اس کی نظر جھمکوں پہ پڑی۔۔۔۔۔۔دور کہیں سے زاہنور کی آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"مجھے کچھ خاص پسند نہیں۔۔۔"

اسے اپنی سرد آواز بھی سنائی دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے بے دردی سے اپنے لب کچلے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اس نے ایک مخملی ڈبے میں رکھے زاہنور کے جھمکوں کو باکس کے حوالے کر دیا۔۔۔۔۔۔۔

"یہ لو۔۔۔اور اچھے شوہر بن کے مجھے لپ اسٹک لگا کے دو"

وہ پیار سے اس کے پاس بیٹھتی بولی تھی۔۔۔۔۔اس کی معصوم سی آنکھوں میں محبت کا الاؤ تھا لیکن وہ اس کا ہاتھ پرے کر چکا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"عجیب چونچلے ہیں تمہارے بھی"

اور زاہنور کی آنکھوں کی جوت بجھ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز کا دل تڑپ اٹھا تھا وہ لمحہ یاد کر کے۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی ہر چیز سے زاہنور کی کوئی نہ کوئی یاد وابستہ تھی۔۔۔۔ جس یاد کر کر کے وہ تڑپ رہا تھا۔۔۔۔۔ان لمحوں کی کم مائیگی کا احساس اسے دکھ دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔ کوئی یاد ایسی نہیں جس میں اس نے کبھی زاہنور کا دل نہ توڑا ہو ۔۔۔۔۔زاہنور کی محبت کو نہ ٹھکرایا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور وہ تو مکمل محبت تھی اس کے لئے۔۔۔۔وہ قدر ہی نہ کر پایا ۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔۔۔۔ مجھ سے کس لمحے محبت ہوئی تھی تمہیں؟"

وہ آنکھوں میں آس لیے اسے دیکھ رہی تھی اور وہ ہنسا تھا۔۔۔۔بہت زور کا ہنسا تھا۔۔۔۔ جبکہ زاہنور گھبرائی ہوئی سی اسے دیکھ رہی تھی

"محبت اور تم سے"

وہ تمسخر اڑا رہا تھا اور آج مقدر اس کا تمسخر اڑا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اس نے اپنی آنکھیں سختی سے بند کی تھی لیکن وہ ان یادوں سے چھٹکارا نہ پا سکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں کھول کے وہ اس کے برسلٹ کو دیکھنے لگا جسے زاہنور ہمیشہ اپنی کلائی میں رکھتی۔۔۔۔۔۔

"یہ تمہارا سرپرائز گفٹ ہے شاہ ویز۔۔۔۔اسے میں کبھی نہیں اتاروں گی"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس کی کھنکتی آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

'آہ یادیں۔۔۔۔۔۔یادوں سے جتنا بھی پیچھا چھڑاؤ وہ پھر بھی پیچھا نہیں چھوڑتی۔۔۔۔۔۔۔۔تمہاری یادیں بھی میرے جسم و روح سے چمٹ چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو تا عمر ساتھ رہے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس باکس میں تمہاری یادوں کو قید کر کے میں یہ سمجھ رہا کہ تمہاری یادیں دفن ہو چکی ہے اب۔۔۔۔۔۔۔لیکن یادیں سمندر کی منہ زور لہروں کی طرح میرے اندر اپنا سر پٹخ رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکون نہیں ہے کہیں بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔'

وہ سب سمیٹ چکا تھا اور اب خاموشی سے بیٹھا وہ خود سے لڑ رہا تھا۔۔۔۔۔اس کے وجود میں جنگ جاری تھی ابھی ۔۔۔۔۔۔جو کسی طور ختم نہیں ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!!!

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

پلوشہ کے ساتھ وہ بیٹھا لنچ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریسٹورانٹ میں ہر طرف گہما گہمی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہیں زاہنور سامیہ اور اپنے دونوں بچوں کے ساتھ آئی تھی اور ان کے ساتھ والی ٹیبل پہ بیٹھی وہ آیہان کو دیکھ رہی تھی جو رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بچے کے رونے کی آواز پہ اس نے مڑ کے دیکھا تھا اس کے بلکل پیچھے زاہنور تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو آیہان کو چپ کرا رہی تھی۔۔۔۔اس کا دل جیسے سینے سے نکل کے باہر آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اپنا منہ موڑ لیا اور سیدھا بیٹھ کے وہ خود کو اسے دوبارہ دیکھنے سے منع کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔جبکہ اس کے سامنے بیٹھی پلوشہ کہنے لگی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ارے یہ تو زاہنور ہے۔۔۔۔۔ چلو مل کے آتے ہیں"

آیہان خاموش ہو چکا تھا۔۔۔۔ سامیہ اس کے لئے فیڈر بنا چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

شاہ ویز لب بھینچے پلوشہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

لیکن پلوشہ اسے نظر انداز کر کے اٹھ چکی تھی اور اب زاہنور کے پاس گئی تھی۔۔۔۔

جبکہ شاہ ویز خود پہ کڑے پہرے لگائے بیٹھا ہوا تھا

"اسلام علیکم۔۔۔۔۔"

ان دونوں نے چونک کے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

"وعلیکم السلام پلوشہ کیسی ہو؟"

زاہنور مسکرا کے اس سے مل رہی تھی۔۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں تم کیسی ہو؟"

وہ مسکرا کے جواب میں پوچھنے لگی

"میں بھی ٹھیک ہوں۔۔۔ بیٹھو پلیز"

زاہنور پاس پڑی کرسی کی طرف اشارہ کر کے بولی تھی

"ارے نہیں۔۔۔۔ میں شاہ ویز کے ساتھ آئی ہوں"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے اشارے سے بتایا تو بے اختیار اس کی نظر اسی طرف اٹھی تھی۔۔۔شاہ ویز کی پشت سے نظریں ٹکرا کے واپس لوٹ آئی تھی۔۔۔

"تمہیں دیکھا سوچا مل ہی لوں۔۔۔ارے کتنے پیارے بچے ہیں ماشاءاللہ"

وہ اب آیہان اور آیشان کو دیکھنے لگی تھی۔۔۔۔دونوں ہی مزے سے سو رہے تھے اب۔۔۔۔۔۔

زاہنور مسکرا پڑی۔۔۔۔۔

پلوشہ نے ہلکا سا انھیں پیار کیا تو وہ دونوں کسمسا ہی گئے۔۔۔۔۔۔

"اب میری وجہ سے جاگ ہی نہ جائے"

پلوشہ نے سرگوشی کی تو وہ مسکرا پڑی

"اٹس اوکے۔۔۔۔۔"

"کم۔۔۔جوائن از"

پلوشہ اسے آفر دے رہی تھی لیکن وہ مسکرا کے نفی میں سر ہلانے لگی

"ارے نہیں۔۔۔۔۔۔میں یہیں ٹھیک ہوں"

شاہ ویز مٹھیاں بھینچے انھیں ہی سن رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا دل چاہ رہا تھا وہ پھر سے مڑ کے زاہنور کو دیکھ لیں ۔۔۔اپنی آنکھوں کو سکون پہنچا دے۔۔۔۔لیکن وہ خاموش بیٹھا ہوا تھا اور اس کے اندر جیسے ڈھر کنوں کا شور تھا

"شاہ ویز۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلوشہ کی آواز پہ اس نے بے اختیار مڑ کے دیکھا۔۔۔۔۔وہ اسے بلا رہی تھی۔۔۔۔۔زاہنور سے اس کی نظریں ایک پل کو ملی تھی اور دوسرے ہی پل مقابل نے نظریں چرالی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اٹھ کے ان کے پاس آیا

"اسلام علیکم"

زاہنور اور سامیہ کو دیکھتا اس نے سلام کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دونوں نے اسے جواب دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"شاہ ویز دیکھو نا۔۔۔۔کتنے کیوٹ ہیں دونوں"

پلوشہ جانتی تھی کہ اس کی بڑی خواہش تھی کہ وہ پھر سے ان دو ننھے فرشتوں کو دیکھ سکے۔۔۔۔۔ تبھی اس نے شاہ ویز کو آواز دی تھی اور اب شاہ ویز کے چہرے پہ لکھی تحریر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کے چہرے پہ عجیب خوشی رقص کر رہی تھی جسے پلوشہ نے نظر بھر کے دیکھا۔۔۔۔۔۔زاہنور بھی اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں نمی در آئی تھی ان بچوں کو دیکھ کے۔۔۔۔۔۔

وہ قریب گیا تھا ان کے اور انھیں محویت سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اس کا دل انھیں بازوؤں میں بھرنے کو مچل رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

"اگر تم انھیں گود میں لینا چاہو تو یو کین شاہ ویز"

شاہ ویز نے چونک کے اسے دیکھا وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز نے ہاتھ بڑھا کے ننھے وجود کو آہستگی سے اٹھایا اور اسے سینے سے لگائے اس کے ماتھے پہ پیار کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور نے اس کے چہرے سے نظریں چرائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے دھیرے سے آیہان کو اس کی جگہ پہ لٹایا۔۔۔۔۔۔۔اس کی نظریں زاہنور سے ملی تھی۔۔۔۔۔۔۔لیکن نظریں چرا کے وہ اپنی آنکھیں صاف کرنے لگا۔۔۔۔

"بہت پیارے ہیں ماشاءاللہ"

وہ ان دونوں کو دیکھ کے کہہ رہا تھا۔۔۔

زاہنور کو دیکھنے سے کترانے کی کوشش کر رہا تھا وہ۔۔۔۔۔۔۔۔

"تھینک یو۔۔۔"اس نے آہستگی سے جواب دیا۔۔۔۔جبکہ شاہ ویز پلوشہ کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

"چلیں؟"

"شیور"

وہ جلدی سے اپنی ٹیبل پہ آگیا زاہنور کو بنا دیکھے۔۔۔۔جبکہ پلوشہ اسے الوداعی کلمات کہنے لگی۔۔۔۔۔۔پلوشہ اس کے پاس آئی تب تک وہ اپنا والٹ موبائل اٹھا چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ضبط کے باوجود بھی جاتے جاتے وہ ایک نظر زاہنور پہ ڈال چکا تھا جو مینیو کارڈ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔پھر پلوشہ کے ساتھ آگے بڑھ گیا۔۔۔۔اور ریسیپشن پہ وہ پے منٹ کرنے لگا۔۔۔۔۔۔پلوشہ اسے ہی دیکھ رہی تھی وہ لب بھینچے ہوئے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ محسوس کر سکتی تھی کہ شاہ ویز ضبط کے کن مراحل سے گزر رہا تھا۔۔۔۔۔۔پلوشہ کو لیے وہ باہر نکلا تو کھلی فضا میں اس نے آ کے لمبے کش لے کے اپنی سانسیں بحال کیں۔۔۔۔پلوشہ اس کے چہرے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس نے آہستگی سے اسے آواز دی۔۔۔۔۔وہ رک کے پلوشہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر سر جھٹک کے وہ آگے بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔اس کے قدم لڑکھڑا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلوشہ اس کی پشت کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ وہ اس کا ساتھ دینے اس کی زندگی میں آئی تھی۔۔۔اس کے دکھ بانٹنے۔۔۔اسے یوں اکیلا چھوڑنے نہیں تبھی بھاگتی ہوئی اس کے پاس آئی تھی اور اس کا بازو تھامے وہ اس کے ساتھ چلنے لگی۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

سامیہ کو اس کے کمرے میں جا کے آرام کرنے کا کہہ کے وہ ابھی آیہان اور آیشان کے پاس بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دونوں ابھی ابھی سوئے تھے اور وہ بے اختیاری میں اُنھیں دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔جب دروازہ کھلا اور حمین شاہ اندر آیا۔۔۔۔

زاہنور نے ایک نظر مڑ کے اسے دیکھا پھر دوبارہ سے ان دونوں کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔ حمین شاہ بھی اس کے قریب آ کے بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ان دونوں کو دیکھ کے وہ اب زاہنور کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔انگلی کی پور سے اس کے چہرے کو ہلکا سا چھوا تو وہ اسے دیکھے بنا ہی وہاں اٹھ گئی۔۔۔۔۔۔ حمین شاہ اسے ہی دیکھ رہا تھا

"ایم سوری زاہنور۔۔۔۔۔۔"

وہ شرمندہ سا ہو رہا تھا۔۔۔زاہنور نے کچھ نہیں کہا بس خاموشی سے وہ بکھری چیزیں سمیٹنے لگی۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایکدم سے اٹھ کے زاہنور کے پاس آیا تھا اور اس کا بازو تھام کے اسے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔۔

"شرمندہ ہوں میں اس رات کے لئے۔۔۔ایم سوری"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زاہنور اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔

"اٹس اوکے" کہہ کے وہ اپنا بازو چھڑانے لگی۔۔۔۔۔۔۔ لیکن حمین شاہ کی گرفت سخت تھی۔۔۔۔ وہ بس لب ہی بھینچ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"چھڑانے کی کوشش کیوں کرتی ہو خود کو مجھ سے زاہنور؟"

وہ سرگوشی میں پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

زاہنور اسے دیکھنے سے کترا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور میری طرف دیکھو"

"زور زبردستی سے کیا ہوگا؟"

وہ اب اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

"میں سوری کر تو رہا ہوں"

"میں وقت ہی مانگ رہی ہوں تم سے حمین شاہ۔۔۔ تھوڑا سا وقت سنبھلنے کے لئے پلیز"

حمین شاہ اسے چھوڑ چکا تھا اب۔۔۔۔

زاہنور نے اپنا بازو سہلایا۔۔۔۔۔۔ اور پھر سے بکھری چیزیں سمیٹنے لگی۔۔۔۔۔

"کتنا وقت؟"

وہ اب پینٹ کی جیب ہاتھ ڈالے کھڑا تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جب تک میں اپنی تذلیل بھول پاؤں"

وہ یونہی مصروف سے انداز میں بولی۔۔۔

"وہ تمہاری تذلیل نہیں تھی زاہنور"

وہ وضاحت دے رہا تھا۔۔۔۔زاہنور نے رک کے اسے دیکھا

"جن آنکھوں میں میرے لئے محبت نہ ہو۔۔۔بلکہ بدلہ۔۔۔۔جنون۔۔۔۔اور طاقت کا نشہ ہو۔۔۔۔۔اسے میں اپنی تذلیل ہی سمجھوں گی۔۔۔۔تم نے طاقت کے نشے میں درندگی دکھائی ہے اپنی"

حمین شاہ نظریں چرا گیا۔۔۔۔زاہنور سر جھٹک کے کمرے سے نکل چکی تھی۔۔۔۔سچ ہی تو کہہ رہی تھی وہ ۔۔۔۔۔۔شاہ ویز سے بدلے کی آگ اسے اتنا جھلسا رہی تھی کہ وہ اپنے ہی رشتوں کو آگ لگانے چل پڑا تھا ۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"بند کرو اپنا زاہنور نامہ"

شاہ ویز ایکدم سے چلایا تھا جبکہ پلوشہ حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"جب سے آئی ہو زاہنور۔۔۔۔زاہنور لگا کے رکھا ہوا ہے۔۔۔۔چاہتی کیا ہو تم؟؟؟؟بتانا کیا چاہتی ہو مجھے تم ۔۔۔۔۔کیوں زخم اڈھیر رہی ہو میرے؟؟؟؟کون سا سکون پانا چاہ رہی ہو تم"

پلوشہ اپنی جگہ سے کھڑی ہو کے اس کے پاس آئی۔۔۔۔اس کے کندھے پہ اپنا ہاتھ رکھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"میرا مقصد تمہیں ہرٹ کرنا نہیں۔ تھا شاہ ویز۔۔۔ایم سوری"

وہ دھیمے لہجے میں کہہ رہی تھی۔۔۔وہ یونہی کھڑا اپنی کنپٹی سہلا رہا تھا جب وہ اس کے سامنے آئی۔۔۔۔۔اس کی ٹھوڑی پہ ہاتھ رکھ کے اس کا چہرہ اونچا کیا۔۔۔

"اب نہیں ہوگا ایسا۔۔۔۔"

شاہ ویز اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔اسے کندھوں سے تھام کے اپنے قریب کیا۔۔۔۔پلوشہ اس کے سینے سے جا لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ نظریں اٹھا کے اس کی بے بس آنکھوں میں دیکھ رہی تھی

"مجھے سکون چاہیئے۔۔۔تم سے سکون چاہیئے لیکن تم میرے زخم اڈھیرے جا رہی ہو۔۔۔"

وہ بے بسی سے کہہ رہا تھا۔۔۔

"اب نہیں ہوگا شاہ ویز"

شاہ ویز نے اسے اپنے بے حد قریب کیا۔۔۔پلوشہ اپنی آنکھیں بند کر چکی تھی۔۔۔۔۔۔وہ اس کے چہرے پہ نظریں جمائے پر سکون ہونے کی کوشش کر رہا تھا لیکن اس کی بے چینی بڑھتی گئی۔۔۔۔جب بلکل اچانک وہ کرنٹ کھا کے پلوشہ سے دور ہو چکا تھا اور رخ موڑے کھڑا تھا۔۔۔پلوشہ حیرت سے اس کی پشت دیکھ رہی تھی

"نیکسٹ ویک ہم شادی کر رہے"

شاہ ویز نے اپنا فیصلہ سنایا تھا۔۔۔

"اتنی جلدی؟"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلوشہ حیران تھی۔۔۔شاہ ویز مڑ کے اسے دیکھا

"شادی نہیں کرنا چاہتی کیا تم مجھ سے؟"

"کرنا چاہتی ہوں تبھی یہاں ہوں تمہارے ساتھ"

پلوشہ اس کے پاس آتے بولی

"تو بس پھر تیار رہنا"

کہہ کے وہ وہاں سے نکلتا چلا گیا جبکہ پلوشہ وہیں کھڑی رہی۔۔۔۔۔۔وہ یہ فیصلہ کر تو چکی تھی لیکن اس راستے کی مشکلات کا سوچ کے اس کا دل لرزا تھا

"اے اللہ میری مدد فرمائے۔۔۔کہیں میرے قدم نہ ڈگمگا جائے"

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"بس ایک بار مل لو پلیز زاہنور"

وہ کال پہ زاہنور سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

"بس آخری بار دیکھنا چاہتا ہوں تمہیں۔۔۔پھر کبھی بھی تمہیں تنگ نہیں کروں گا"

وہ منت کر رہا تھا۔۔۔

"شاہ ویز پلیز۔۔۔کیوں تنگ کر رہے ہو زندگی کا دائرہ مجھ پہ"

زاہنور اسے منع کر رہی تھی

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"آئی پرامس زاہنور بس لاسٹ ٹائم۔۔۔۔۔نیکسٹ ویک میری شادی ہے۔۔۔۔۔بس کچھ باتیں بتانی ہیں پھر موقع مل پائے یا نہیں"

اس کی دھیمی آواز میں کرب تھا۔۔۔۔۔

وہ خاموش رہی

"آؤ گی نا؟"

پھر سے اس نے پوچھا تھا۔۔۔۔۔

"پلیز زاہنور۔۔۔۔۔"

"ٹھیک ہے"

اتنا کہہ کے اس نے کال بند کر دی۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی سانسیں بے ترتیب ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔سامیہ کو ہدایات دے کے وہ اپنے کمرے میں آئی۔۔۔اپنا بیگ اٹھاتے اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ آخری نظر کمرے پہ ایسے ڈالی جیسے یہ آخری نظر ہو۔۔۔۔۔۔۔وہ سیڑھیاں اتر کے باہر کی طرف جانے لگی۔۔۔۔۔۔گاڑی وہ خود ڈرائیو کرنے کا سوچ کے اس نے کیز اٹھائی۔۔۔۔

جب گاڑی نکل چکی تو ڈرائیور نے حمین شاہ کو کال کی۔۔۔

"چھوٹی بی بی جا چکی ہے"

حمین شاہ اب کسی اور کو کال ملا رہا تھا۔۔۔۔۔موبائل کان سے لگائے وہ دوسری طرف کا منتظر تھا

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہیلو سر۔۔۔۔۔"

"گاڑی کو فالو کر رہے ؟؟"

"یس سر۔۔۔۔۔ہم وہیں ہیں"

دوسری طرف سے جواب دیا گیا۔۔۔

"ویری گڈ۔۔۔۔۔۔۔موقع ملتے ہی گولیوں سے بھون ڈالو اس حرامزادے کو"

اس کا لہجہ سرد تھا۔۔۔۔۔۔۔

"جو حکم آپ کا"

موبائل بند کر کے اس نے ٹیبل پہ رکھ دی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب اس بات کا منتظر تھا کہ کب شاہ ویز کے موت کی خبر ملنے والی ہے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔س نے گھڑی پہ نظر ڈالی اور اب آرام دہ کرسی پہ بیٹھا وہ انتظار کرنے لگا۔۔۔ منفی سوچیں اس کے دماغ میں اپنی جگہ بنانے لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔زاہنور پھر سے شاہ ویز کے پاس نہ چلی جائے ۔۔۔۔۔کہیں زاہنور اس سے طلاق کا مطالبہ نہ کر دیں۔۔۔۔۔۔۔کہیں زاہنور اس سے بھاگ نہ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کا غرور اسے اس بات کی اجازت کیسے دے سکتا تھا کہ زاہنور شاہ ویز کو اس پہ ترجیح دے ۔۔۔۔۔۔۔۔ایک بار نہیں۔۔۔دو بار نہیں۔۔۔وہ کئی بار اس سے جھوٹ بول چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کے اندر وحشت سی پھیلنے لگی تھی۔۔۔۔۔زاہنور شاہ ویز کے لئے اس سے جھوٹ بول رہی ہے۔۔۔۔مطلب وہ شاہ ویز کو

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بھول نہیں پائی یا اس کی سوئی محبت پھر سے جاگنے لگی ہے۔۔۔آخر کو وہ شاہ ویز کی بیوی رہ چکی ہے۔۔۔۔۔۔وہ شاہ ویز کو اس پہ ایک بار ترجیح دے تو چکی ہے۔۔۔

تو کیا پھر سے ایسا نہیں ہو گا کیا؟

پھر سے وہ شاہ ویز کے پاس نہیں جائے گی؟؟؟

اس کے دل و دماغ میں جنگ جاری تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زاہنور سے وہ شدید محبت کرتا ہے۔۔۔۔بے حد محبت ۔۔۔ایسا کیسے ممکن ہے کہ وہ زاہنور کو کوئی نقصان پہنچائے۔۔۔۔۔۔وہ یونہی ٹہلتے ٹہلتے ایک جھٹکے سے رکا ۔۔۔۔۔۔۔

اس کی آنکھوں میں وحشت تھی۔۔۔۔

"شاہ ویز کو مرنا ہی ہو گا"

اس کی آواز سرد تھی۔۔۔۔۔۔۔

"اسے مرنا ہی ہو گا۔۔۔۔۔۔میں زاہنور کو اس کا ہونے نہیں دوں گا۔۔۔زاہنور میری ہے صرف میری۔۔۔۔ حمین شاہ کی تھی اور ہمیشہ رہے گی"

وہ اب اسے ختم کرنے کے پلان بنانے لگا اپنے مائنڈ میں۔۔۔۔۔۔

"تمہیں ایسی موت ماروں گا شاہ ویز ملک۔۔۔۔۔کہ عبرت کا نشان بنو گے دنیا والوں کے لئے تم۔۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ سے اس کی زاہنور چھین نہیں سکتے تم۔۔۔میں یہ ہونے نہیں دوں گا"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ آنکھوں میں نفرت لیے خود سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

"کیا بتانا چاہتے تھے تم مجھے شاہ ویز"

شہر سے قدرے دور پر سکون جگہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اس کے چہرے کو یونہی کھڑا دیکھ رہا تھا۔۔۔۔زاہنور کو اس کے یوں دیکھنے سے کوفت ہونے لگی

"شاہ ویز پلیز۔۔۔۔ایسے مت دیکھو۔۔۔۔کیا بات کرنی تھی"

"محبت کرتا ہوں تم سے زاہنور"

اس نے اچانک سے کہا تھا زاہنور کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"چاہتا ہوں تمہیں بے حد۔۔۔۔بے شمار"

وہ گھمبیر لہجے میں کہہ رہا تھا

"یہی بات بتانے کے لئے یہاں تک بلایا مجھے شاہ ویز؟"

اس کے چہرے پہ ناگواری جھلک رہی تھی

"کچھ یادیں تھی تمہاری میرے پاس۔۔۔۔انھیں تمہیں سونپنے آیا تھا"

وہ اب بھی اسے نظروں کے حصار میں لیے ہوئے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایسے دیکھنا بند کرو شاہ ویز پلیز"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ چلائی تھی۔۔۔۔۔۔۔تو شاہ ویز کے لبوں پہ زخمی مسکراہٹ ٹھہر گئی۔۔۔

"نیکسٹ ویک شادی کر رہا میں پلوشہ سے۔۔۔۔۔۔۔"

وہ خاموش رہی۔۔۔۔۔

"بہت کھٹن ہے زاہنور۔۔۔۔بہت کھٹن ہے یہ فیصلہ کرنا میرے لئے۔۔۔۔۔تمہاری یادوں کو اپنے کمرے کے در و دیوار سے الگ کرنا بہت کھٹن ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیکن"

وہ ذرا سا ہنسا تھا۔۔۔۔

"تمہارے ائیر رنگز۔۔۔۔تمہارا بریسلٹ۔۔۔۔۔۔۔۔تمہارے ڈریسز۔۔۔۔۔تمہارے پائل۔۔۔۔۔۔۔۔"

"اسٹاپ اٹ شاہ ویز"

وہ چلائی تھی۔۔۔۔

"کیوں بلایا ہے مجھے یہاں؟"

وہ چپ کر گیا۔۔۔۔بے اختیار اس کے قریب آیا تھا۔۔۔۔زاہنور دو قدم پیچھے ہٹی تھی۔۔۔۔اس نے زاہنور کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔۔۔۔۔وہ چھڑانے لگی تو اس کی کلائی پکڑ لی۔۔۔۔۔۔اور بریسلٹ پاکٹ میں سے نکال کے اسے پہنانے لگا۔۔۔

زاہنور ہاتھ چھڑانا چھوڑ کے اب اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے پہنا کے اب اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس نے جلدی سے اپنا ہاتھ چھڑایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز کے لب مسکرا اٹھے۔۔۔۔۔۔

"اچھا نہیں دیکھتا تمہیں۔۔۔خوش؟"

وہ منہ موڑ کے ہی کھڑا ہو گیا۔۔۔۔زاہنور کی طرف اب اس کی پشت تھی۔۔۔۔۔۔

"بس یہ تمہیں لوٹانے آیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دل کر رہا تھا کیا کروں۔۔۔۔دل پہ زور نہیں چلا میرا"

زاہنور کی نظر سامنے پڑی تھی۔۔۔۔جہاں سے دو تین آدمی ہاتھوں میں۔ گن لیے ان کی طرف آ رہے تھے ۔۔۔۔۔ان کا نشانہ شاہ ویز تھا۔۔۔جبکہ شاہ ویز سر جھکائے اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بولے جا رہا تھا۔۔۔لیکن زاہنور کہاں سن رہی تھی وہ بس ان مسلح افراد کو دیکھ رہی تھی۔۔۔جنہیں شاید حمین شاہ نے بھیجا تھا شاہ ویز کو مارنے کے لئے۔۔۔۔وہ اپنے گن تھامے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ انھیں دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔وہ رک چکے تھے کچھ فاصلے پہ اور اب شاہ ویز کے باڈی کو نشانہ لے رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔جب اچانک زاہنور شاہ ویز کے قریب آ کے اس کے سینے سے جا لگی تھی۔۔۔۔

"شاہ ویز۔۔۔۔"

بس ایک لمحہ لگا تھا گولیاں چلی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔تیز رفتاری سے۔۔۔۔ساری گولیاں زاہنور کے وجود پہ لگتی گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی پشت پہ جیسے گرم سیسہ انڈیلا گیا ہو۔۔۔۔۔۔۔اس کا جسم بار بار جھٹکے کھا رہا تھا۔۔۔خوں کی بوچھاڑ سی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز اسے بانہوں میں بھر چکا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"زاہنور۔۔۔۔"

وہ چلایا تھا۔۔۔۔۔۔وہ لوگ بھاگتے ہوئے جا رہے تھے۔۔۔۔زاہنور کو نیچے لٹا کے وہ اس کا چہرہ تھپتھپانے لگا ۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔زاہنور"

اس نے سامنے دیکھا وہ لوگ بھاگ رہے تھے۔۔وہ ایکدم اٹھا اور ان کے پیچھے بھاگنے لگا لیکن وہ لوگ گاڑی میں بیٹھ کے جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔

وہ پھر سے زاہنور کی طرف بھاگا تھا۔۔۔۔۔وہیں بیٹھ کے زاہنور کو بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔اس کی آنکھیں بند ہو رہی تھی۔۔۔۔اس کی سانسیں اٹک اٹک کے آ رہی تھی۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔یہ کیا کر دیا تم نے۔۔۔۔زاہنور یہ کر دیا۔۔۔۔یہ کیا ہو گیا یا اللہ یہ کیا ہو گیا۔۔۔۔"

اس کے خون آلود چہرے پہ نرم سی مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔۔۔اس کا پورا وجود خون میں لٹ پٹ ہو چکا تھا۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

وہ تیزی سے گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔۔اس کا چہرہ۔۔۔۔اس کے ہاتھوں پہ۔۔۔۔اس کی شرٹ پہ زاہنور کے خون کے دھبے تھے۔۔۔۔۔۔۔وہ بار بار زاہنور کی طرف بھی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔جو غنودگی میں تھی

"تمہیں کچھ ہونے نہیں دوں گا میں زاہنور"

وہ رونے ہی لگ گیا تھا۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایک ہاتھ سے ڈرائیو کرتے دوسرے ہاتھ سے زاہنور کا ہاتھ تھامے وہ اس کے چہرے پہ نظر ڈال کے اب سامنے دیکھ رہا تھا۔۔۔اس کی آنکھیں دھندلا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔وہ رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاسپٹل پہنچنے کی جلدی تھی اسے۔۔۔وہ کسی بھی قیمت پہ زاہنور کو یوں نہیں کھونا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گاڑی روک کے وہ نیچے اترا۔۔۔

"ہیلپ۔۔۔ہیلپ۔۔۔۔"وہ زاہنور کی طرف آ کے اسے گاڑی سے نکالتے چلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔اسٹریچر لایا گیا جلدی سے اور اسے بھاگتے ہوئے اندر لے جانے لگیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شاہ ویز بے جان قدموں سے ان کے ساتھ چلا جا رہا تھا۔۔۔دھندلائی آنکھوں سے وہ زاہنور کو پل پل خود سے دور ہوتا دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

کال ابھی تک نہیں آئی تھی۔۔۔انتظار کر کر کے وہ تھک چکا تھا۔۔۔اب تو اس کا اشتعال بڑھنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔اسے شاہ ویز کے موت کی خبر سننے کا انتظار تھا۔۔۔۔۔۔۔کچھ سوچ کے جب اس نے اپنے خاص آدمی کو کال کیا ۔۔۔

"کہاں مر گئے ہیں وہ چاروں؟کال کیوں نہیں اٹھا رہے ہیں میرا؟"

وہ ڈھارا تھا

"سر وہ۔۔۔بیڈ نیوز ہے"

"کیا بیڈ نیوز ہے۔۔۔وہ پھر سے بچ گیا؟"

وہ چلایا تھا۔۔۔۔دوسری طرف خاموشی چھا گئی تھی

"بھونکو کچھ"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ڈھارا تھا۔۔۔

"زاہنور میم کو گولیاں لگی ہے۔۔۔اور وہ لوگ بھاگ گئے ہیں آپ کے غصے کا سوچ کے ہی وہ آپ کے پاس نہیں۔ آئے"

موبائل حمین شاہ کے ہاتھ سے گر چکا تھا۔۔۔وہ پھٹی آنکھوں سے سامنے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔زاہنور کو گولیاں ۔۔۔۔یہ کیسے ہو سکتا ہے؟؟؟؟وہ لوگ تو شاہ ویز کو مارنے گئے تھے زاہنور کو کیسے لگی گولیاں؟؟؟؟؟

ایکدم اپنی جگہ سے اٹھ کے وہ تقریباً بھاگتے ہوئے وہاں سے نکلا تھا۔۔۔۔۔اس کا پورا اسٹاف اسے دیکھ کے اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔۔۔اپنے باس کو پاگلوں کی طرح ادھر ادھر بھاگتے دیکھ کر وہ حیران ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

وہ بہ مشکل اپنے چکراتے سر کو سنبھالتا آگے بڑھ رہا تھا۔۔۔

"سر۔۔۔سر کیا ہوا؟"

کوئی آگے بڑھا تھا۔۔۔اسے سمجھ نہیں۔آئی کون تھا۔۔۔۔۔لیکن اس کا ہاتھ تھامے وہ اس کی منت کرنے لگا تھا ۔۔۔۔

"م۔۔۔مجھے ہاسپٹل لے چلو۔۔۔۔۔۔ز۔۔۔زاہنور کے پاس"

اس نے حمین شاہ کو تھاما تھا۔۔۔۔۔

"سر۔۔۔۔۔ریلیکس کیجئیے۔۔۔ہم چلتے ہیں"

"جلدی کرو۔۔۔جلدی۔۔۔۔میری زاہنور کو گولیاں لگی ہے۔۔۔اسے گولیاں کیسے لگ سکتی ہے"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ رونے والا ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

سب حیرت سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔زاہنور کو گولیاں لگی ہیں۔۔۔یہ کیسے ؟؟؟؟؟

ہاسپٹل کوریڈور میں بھاگتے ہوئے وہ جا رہا تھا۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔۔"

وہ چلایا تھا۔۔۔۔۔شاہ ویز دیوار سے ٹیک لگائے کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کی آواز اس ک کانوں سے ٹکرائی تھی۔۔۔وہ خاموش آنکھوں سے اسے اپنی طرف آتا دیکھ رہا تھا وہ پاگلوں کی طرح لڑکھڑاتا ہوا چل رہا تھا۔۔۔

وہ اس کے قریب آچکا تھا۔۔۔۔شاہ ویز کے کپڑوں پہ زاہنور کے لگے خون کو وہ کچھ دیر دیکھتا رہا۔۔۔اس کا دل ڈوب کے ابھرا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر اسے کندھوں سے ہلایا

"زاہنور کہاں ہے؟"

وہ کچھ نہیں کہہ رہا تھا۔۔

ساکت آنکھوں سے اپنے سامنے کھڑے حمین شاہ کو ٹوٹتے بکھرتے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اسے چھوڑ کے وہ آئی سی یو کی طرف بھاگا تھا۔۔

جہاں زاہنور کی ہارٹ ریٹ کو معمول پہ لانے کی کوشش ہو رہی تھی۔۔۔

وہ ان کے پاس آیا تھا۔۔۔نرسز اسے روکنے کے لئے آگے بڑھے تھے۔۔۔۔۔۔لیکن وہ چلا رہا تھا۔۔۔زاہنور کا بے جان وجود اس کے سامنے تھا۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اس کے پاس جانے کی تگ ودو کر رہا تھا۔۔۔

"زاہنور۔۔۔زاہنور"

"آپ باہر جایئے پلیز۔۔۔"

نرسز کہہ رہے تھے۔۔۔۔لیکن اسکی آنکھیں زاہنور پہ تھی۔۔۔

"سر ہارٹ رک چکی ہے پیشنٹ کی"

ڈاکٹر کی آواز جیسے بم کی طرح اس کے کانوں میں گونجی تھی۔۔۔ سینئر ڈاکٹر بھی سر اثبات میں ہلانے لگے۔۔۔۔

"ہمممم"

وہ اب کوشش کرنا چھوڑ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اپنا ماسک اتار کے وہ آگے بڑھ رہے تھے۔۔۔

"نہیں۔۔۔نہیں"

وہ چلا رہا تھا۔۔۔زاہنور کے بے جان وجود کے پاس جا کے وہ اسے اٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

"زاہنور اٹھو۔۔۔اٹھو زاہنور۔۔۔۔دیکھو تمہارا حمین آیا ہے۔۔۔۔اٹھو"

وہ ایکدم چلایا تھا۔۔۔۔اور وہیں گر گیا۔۔۔۔۔اس کے بدلے کی جیت ہو چکی تھی۔۔۔۔اس کے غرور کی جیت ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور باہر کھڑا شاہ ویز ڈاکٹرز کو سر جھکائے باہر نکلتے دیکھ چکا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی دھڑکنیں جیسے رک سی گئی تھی وہ وہیں دیوار سے ٹیک لگائے نیچے بیٹھتا گیا۔۔۔۔۔۔

اس کے ضد کی جیت ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

حمین شاہ یونہی بیٹھا سامنے دیکھ رہا تھا۔۔۔آیشان اور آیہان رو رہے تھے۔۔۔سامیہ ان کا رونا سن کے کمرے میں آئی تھی۔۔۔۔۔۔حمین شاہ کو یوں بیٹھا دیکھ کے وہ اسے پکارنے لگی

"سر۔۔۔۔حمین سر"

لیکن وہ بت بنا بیٹھا ہوا تھا۔۔۔سامیہ نے آگے بڑھ کے دونوں بچوں کو بانہوں میں بھر لیا۔۔۔۔۔وہ ان کو روتا دیکھ کے پریشان ہو گئی کہ پہلے کسے چپ کرائے۔۔۔۔۔۔۔

وہ حمین شاہ کو دیکھ رہی تھی جسکی نظریں اسی پہ تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

محبت کو ضد بننے میں دیر ہی کتنی لگتی ہے اور جب محبت ضد بن جائے تو وہ برباد ہو جاتی ہے۔۔۔۔اپنے ساتھ ومقابل کو بھی برباد کر دیتی ہے۔۔۔۔۔زاہنور کے چھن جانے کا خوف اس پہ اتنا حاوی ہو چکا تھا کہ وہ زاہنور کو خود کے قریب کرنے کی بجائے۔۔۔۔۔وہ ضد اور انا کے بیچ میں۔پھنسا شیطان بننے چل نکلا تھا۔۔۔

وہ ایک ایسا طوفان بن چلا تھا جو اپنے راستے آئی ہر چیز کو روندتا چلا جاتا ہے۔۔۔وہ شاہ ویز کو راستے سے ہٹانا چاہتا تھا لیکن وہ اپنے زاہنور کو کھو بیٹھا۔۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام علیکم!

ہمارے ادر گرد بہت سے کردار ہیں جن کو ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو بخوبی لکھ سکتے ہیں تو اٹھائے قلم اور لکھ دیجئے ایک ایسی کہانی جو دلوں کو چھو لے اور ان کرداروں کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اپنی صلاحیت کو بھی اجاگر کریں۔ ریڈرز چوائس

https://ezreaderschoice.com/ آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے کہ جہاں آپ اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ آج ہی ہمیں اپنی تحریر ارسال کریں جس کو ہم ایک ہفتے کے اندر اپنی ویب سائیٹ اور دیگر سوشل میڈیا گروپ میں شامل کریں گے۔

مزید تفصیلات کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

واٹس ایپ نمبر کے لیے ابھی میل کیجئے

Facebook ID: https://www.facebook.com/mubarra1

Email address: mobimalik83@gmail.com

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"لاو مجھے دو"

سر جھٹک کے اس نے سامیہ سے کہا تو سامیہ نے جھجھک کے آیہان کو اس کی گود میں دے دیا۔۔۔۔

وہ اپنے بیٹے کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

بن ماں کے پلی بڑھی تھی زاہنور اور اب اس کے بچے بھی بن ماں کے ہی پلے گیں۔۔۔ہوک سی اٹھی تھی اس کے دل میں۔۔۔!!

خاموش نظروں سے وہ اس کی قبر کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔دل میں ایک طوفان سا امڈ اپڑا تھا۔۔۔لیکن باہر سے وہ پر سکون تھا۔۔۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھوں میں عجیب وحشت تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔کھو دینے کا احساس اس کے چہرے پہ عیاں تھا۔۔۔۔۔پلوشہ اس کے پاس آئی تھی۔۔۔۔۔اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔۔شاہ ویز نے چونک کے اسے دیکھا۔۔۔اور یونہی دیکھتا رہا۔۔۔۔۔پلوشہ کو اس پہ ترس آیا تھا۔۔۔۔وہ کئی دنوں سے اسی حالت میں یہیں بیٹھا تھا۔۔۔

"چلو شاہ ویز۔۔"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"ہششششش"

اس نے اپنے لبوں پہ انگلی رکھ کے اسے چپ رہنے کو کہا۔۔۔

"زاہنور سو رہی ہے۔۔۔ باتیں نہیں کرو وہ ڈسٹرب ہو جائے گی"

اس کی آنکھوں میں عجیب وحشت تھی۔۔۔۔۔۔پلوشہ کا دل ہی تڑپ اٹھا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی آنکھیں بھیگ گئی تھی۔۔۔اس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ زاہنور یوں انھیں ایک دن چھوڑ کے چلی جائے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میری زاہنور سو رہی ہے۔۔۔۔۔میں یہیں ہوں اس کے پاس۔۔۔اگر وہ جاگ گئی اور میں اس کے پاس نہ ہوا تو وہ ناراض ہو جائے گی۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں کیسے اس کی ناراضگی برداشت کر سکتا"

اس کی آواز میں نمی گھل چکی تھی۔۔۔پلوشہ وہیں اس کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

"گھر چلتے ہیں تھوڑا ریسٹ کر لو پلیز۔۔۔۔"

"نہیں"۔

وہ تیز نظروں سے اسے دیکھنے لگا

"جاؤ تم یہاں سے۔۔۔۔میں اپنی زاہنور کے پاس ہی رہوں گا۔۔۔میری زاہنور سو رہی ہے"

وہ پھر سے قبر کی طرف دیکھنے لگا اور پلوشہ خاموش آنسو بہاتی اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔!!!! وہ حال سے بے حال ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔اسے اپنی کوئی خبر نہ تھی۔۔۔۔۔۔وہ کسی ہارے جواری کی طرح اجڑا بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"زاہنور۔۔۔۔زاہنور"

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ بڑبڑانے لگا

"اٹھو زاہنور۔۔۔۔۔۔اٹھو پلیز۔۔۔۔۔۔۔اچھا سوری۔۔۔۔۔۔۔اب نہیں دیکھتا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔آنکھیں بند کر کے باتیں کروں گا تم سے۔۔۔

لیکن تم اٹھو تو۔۔۔۔"

پلوشہ اس کے اجڑے چہرے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

"تمہیں۔غصہ آیا ہے نا؟؟ناراض ہو گئی ہو جب میں نے کہا کہ۔۔۔۔۔۔۔تمہاری یادوں کو میں ختم کر رہا اپنے کمرے کے در و دیوار سے۔۔۔۔۔اس لئے ناراض ہو۔۔۔۔۔اچھا بابا نہیں کرتا دفن ان یادوں کو۔۔۔۔اب تو ناراضگی ختم کر دو پلیز۔۔۔۔۔"

وہ ایکدم رو پڑا۔۔۔۔۔

"اتنی لمبی ناراضگی تمہاری میری جان لے لیں گی زاہنور اٹھو پلیز۔۔۔۔۔۔"

وہ پلوشہ کو دیکھنے لگا

"کیسے مناؤں زاہنور کو میں ؟؟؟تم ہی ہیلپ کر دو پلیز۔۔۔۔۔اسے بولو شاہ ویز تم سے بے حد محبت کرتا ہے۔۔۔۔۔کوئی دل نہیں۔توڑتے۔۔۔۔منہ نہیں موڑتے محبتوں سے۔۔۔۔بولو اسے"

وہ گھٹنوں میں سر دیے رو رہا تھا اور پلوشہ اسے بھیگی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"کیوں کیا زاہنور ایسے کیوں کیا؟ میرے حصے کی گولیاں کھا کے تم نے میرے ساتھ زیادتی کی ہے زاہنور۔۔۔۔ بہت بڑی زیادتی۔۔۔۔۔۔۔اتنی بڑی سزا کا میں حقدار تو نہیں تھا زاہنور"

کون سزاوار ہے۔۔۔ کون بے گناہ ہے۔۔۔۔۔۔۔ کس کو آخر کس گناہ کی سزا ملے!!!!!!

نکاح۔۔۔ طلاق۔۔۔ حلالہ۔۔۔ یہ کوئی کھیل نہیں۔ہیں۔۔۔ عورت کوئی کھلونا نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔ عورت بھی احساسات رکھتی ہے۔۔۔ جیتی جاگتی انسان ہے۔۔۔۔ کوئی شو پیس نہیں ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مرد کے لئے حکم ہے کہ اپنی بیوی سے محبت سے پیش آؤ۔۔۔۔۔۔اس کے لئے ذلت بھری زندگی کا انتخاب نہ کرو ۔۔۔۔وہ تمہاری محبت۔۔۔ تمہاری عزت کی حقدار ہے۔۔۔۔

اس کے لئے طلاق کا لفظ استعمال نہ کرو۔۔۔۔۔۔۔۔اسے حلالہ کے نام پہ کسی دوسرے مرد کے حوالے کر کے اس کی زندگی کو کٹھ پتلی نہ بناؤ۔۔۔۔۔۔۔۔

مرد طلاق دے تو دیتا ہے۔۔۔ پھر ساری زندگی پچھتاؤں میں گھر کے وہ پھر سے اسے اپنانے کی تگ و دو کرتا ہے اور وہ عورت جسے طلاق ہو چکی ہے۔۔۔ دوسرے مرد کے ساتھ نکاح کر کے اپنی زندگی بنانے چلی ہوتی ہے لیکن وہ دو حصوں میں بٹ جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

طاقت کے نشے میں انسان اپنا آپ بھول جاتا ہے۔۔۔ اپنا خدا بھول جاتا ہے۔۔۔۔ انسان کو طاقت کے بل بوتے پہ ختم کرتے وقت وہ بھول جاتا ہے۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہ اوپر اللہ کی ذات ہے۔۔۔۔۔۔جس نے مقدر میں کیا لکھا ہے یہ ہم میں سے کوئی نہیں جانتا۔۔۔۔۔۔۔دو مردوں کی ضد نے ایک عورت کو ختم کر دیا۔۔۔۔دو بچوں سے اس کے ماں کی ممتا چھین لی۔۔۔۔۔اگر انسان اللہ کے تعین کردہ احکامات کے مطابق اپنی زندگی گزارے تو زندگی کبھی مشکل نہ بنے۔۔۔

کسی ایسے دوراہے پہ کبھی آنے کی نوبت ہی نہ آئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وقت پہ احساس کر کے اپنی غلطی سدھار لو ورنہ بعد میں پچھتاؤں کے علاوہ زندگی میں کچھ نہیں بچتا۔۔۔۔

اور رہی بات عورت کی۔۔۔تو عورت کو اپنے شوہر کے اتنے قریب ہونا چاہئے کہ وہ کوئی بھی چھوٹی سے چھوٹی بات اپنے شوہر سے نہ چھپائے۔۔۔

مرد کا اعتبار جیتنے میں وقت لگتا ہے لیکن چھن سے ٹوٹ جانے میں ایک لمحہ لگتا ہے۔۔۔اپنی زندگیوں میں اس لمحے کے آنے سے پہلے ہی سنبھل جانا چاہیئے۔۔۔۔جھوٹ کا سہارا لے کے آپ بچتے نہیں ہیں بلکہ ایک ایسے دلدل میں پھنستے جاتے ہیں جہاں سے نکلنا آسان نہیں۔رہتا۔۔۔۔۔

اس ناول سے آپ کو کیا ملا؟؟؟

اپنی رائے ضرور دیجئے گا؟؟؟؟

ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے کچھ اچھا لکھنے کی۔۔۔۔۔

اپنی قیمتی رائے سے آگاہ کر کے مجھے ضرور بتایئے گا کہ آوور آل ناول کیسی لگی آپ کو۔۔۔۔

آپ کی کیوٹ سے رائٹر۔۔۔۔

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شکریہ...

READERS CHOICE

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com